☆**کسوت** ...... لباس ۱۲ ...... پہناوا (جامہ۔ کپڑے) ...... ☆**نساء** ...... زنان ۱۲ ...... خواتین، عورتیں ☆**منقاد** ...... رام وکشیدہ شدہ ۱۲ ...... مطیع، کھنچا ہوا ☆**مضطر** ...... بے اختیار ۱۲ ...... بے قرار ...... ☆**کسوت** ...... لباس ۱۲ ...... پہناوا (جامہ، کپڑے بدن ڈھانپنے کے) ...... ☆**ماوراءِ** ...... غیر ۱۲ ...... بجز، سوا، علاوہ ...... ☆**ملتفت** ...... متوجہ ۱۲ ...... رغبت کرنے والا، دھیان دینے والا ...... ☆**جنگ** ...... مخالفت ۱۲ ...... اختلاف کرنا، لڑائی، جھگڑا ...... ☆**نسبت** ...... تنزیہی ۱۲ ...... بری چیزوں سے اور مخلوق کے اوصاف سے پاک ومنزہ حق تعالیٰ جل شانہ ......

Marfat.com

کہ باطن ہرگز کجی نظر میں مبتلا نہیں ہے اور وہ تمام معلومات وظہورات سے منہ پھیرے ہوئے ہے اور ظاہر جو کہ کثرت اور دُوئی کی طرف متوجہ تھا ان تجلیات کے ساتھ سعادت مندی کا طالب ہوا ہے۔ کچھ مدت بعد یہ تجلیات پوشیدہ ہوگئیں اور وہی (سابقہ) حیرت ونادانی (جہل) کی نسبت اپنی حالت پر قائم رہ گئی اور یہ سب تجلیات اس طرح پوشیدہ ہوگئیں گویا کہ یہ کبھی تھی ہی نہیں۔ اور اس کے بعد ایک خاص قسم کی فنا ظاہر ہوئی اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ تعیّنِ علمی جو کہ تعیّن (ذاتی) سے واپس لوٹنے کے بعد ظاہر ہوا تھا وہ اس فنا میں گم ہوگیا اور کوئی اثر باقی نہیں رہا کہ جس پر انانیت ونفسانیت کا گمان ہوسکے اس وقت حقیقی اسلام کے آثار رونما ہونے لگے اور شرکِ خفی (یعنی ریاکاری ونفسانی خواہشات کی پیروی) کے نشانات مٹ جانے کی علامات ظاہر ہونے لگیں، اور اس طرح اپنے اعمال کو ناقص سمجھنا اور اپنی نیتوں اور ارادوں کو تہمت زدہ جاننا ظہور میں آنے لگا غرضکہ عبودیت (بندگی) اور نیستی (فنائیت) کی بعض علامات پھر سے (دوبارہ) ظاہر ہوئی ہیں، حق تعالیٰ سبحانہٗ آنجناب کی توجہ کی برکت سے بندگی کی حقیقت تک پہنچائے ——— اور محدّد (عرش) پر بہت دفعہ عروج واقع ہوتے ہیں۔

پہلی مرتبہ جو عروج واقع ہوا اور مسافت طے کرنے کے بعد جب عرش کے اوپر پہنچا تو دارالخلد (یعنی بہشت) اپنے متعلقات کے ساتھ مشہود ہوا اس وقت خیال آیا کہ وہاں (بہشت میں) بعض اشخاص کے مقامات کا مشاہدہ کروں، جب میں اس امر کی طرف متوجہ ہوا تو اُن اشخاص کے مقامات نظر آئے اور ان اشخاص کو بھی ان کے مقام ومرتبہ اور شوق وذوق کے اعتبار سے اپنے اپنے مرتبہ کے مطابق ان مقامات میں دیکھا۔

(صہ۴) ١ عروج سے مراد ہے صوفی کا ذاتِ باری تعالیٰ اور صفاتِ عالیہ میں مستغرق ہوجانا اور مخلوق سے اپنے دل کو جدا رکھنا۔ (قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ)

٢... قولہٗ معروف کرخی پہلے طبقہ کے شیخ ہیں اور قدیم مشائخ میں سے ہیں، حضرت سری سقطیؒ وغیرہ کے استاد ہیں، آپ کی کنیت ابومحفوظ اور آپ کے والد کا نام فیروز یا فیروزان ہے، معروف کرخی، داؤد طائی رحمہما اللہ کی صحبت میں رہے ہیں اور معروف کرخی ٢٠٠ھ میں دنیا سے رحلت فرماگئے، انہوں نے فرمایا کہ صوفی یہاں پر مہمان ہے، اب مہمان کا میزبان پر تقاضا (مطالبہ) کرنا جفا ہے جو مہمان باادب ہوتا ہے وہ منتظر رہتا ہے نہ کہ تقاضا کرتا ہے، ایک شخص نے معروف کرخیؒ سے کہا مجھ کو وصیت فرمایئے۔ آپ نے فرمایا: اِحْذَر اَنْ لَا یَراکَ اللّٰہُ فِیْ زِیِّ الْمَساکِیْنِ۔ اس بات سے ڈر کہ اللہ تعالیٰ تجھے مساکین کی حالت میں نہ دیکھے، وَ سُئِلَ عَنِ الْمُحَبَّۃِ، فَقَالَ: اَلْمُحَبَّۃُ لَیْسَتْ مِنْ تَعْلِیْمِ الْخَلْقِ اِنَّما ھِیَ مِنْ مَّوَاھِبِ الرَّحْمٰنِ۔ آپ سے محبت کے بارے میں سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا: محبت لوگوں کے سکھانے سے نہیں آتی بلکہ وہ تو رحمٰن کی عنایات اور اس کا فضل ہے۔ معروف کرخی رحمہ اللہ کی قبر انور بغداد میں ہے۔ ١٢ (از نفحات)

٣... قولہ شیخ ابو سعید خرّاز: ابو سعید خراز قدس سرہ ورضی اللہ عنہ دوسرے طبقہ کے مشائخ میں سے ہیں ان کا نام احمد بن عیسیٰ اور لقب خراز ہے۔ کہتے ہیں ایک دن آپ موزہ سیتے تھے پھر کھول دیتے تھے، لوگوں نے کہا کہ یہ کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا کہ اپنے نفس کو مشغول کرتا ہوں پہلے اس سے کہ وہ مجھ کو مشغول کرے۔

آپ بغدادی الاصل ہیں آپ صوفیوں کی محبت میں مصر گئے تھے، اور مکہ مکرمہ میں مجاور رہے ہیں، آپ قوم کے اماموں میں سے ہیں اور اجلّ مشائخ میں سے۔ آپ محمد بن منصور طوسی کے منفرد اور بےنظیر شاگرد ہیں اور ذوالنون مصری، ابو عبید بصری، سری سقطی اور بشر حافی وغیرھم کی صحبت میں رہے ہیں آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے فنا اور بقا کے علم میں کلام کیا ہے آپ جنید بغدادی کے دوست اور احباب میں سے تھے اور ان سے بڑھے ہوئے تھے اور ان سے پہلے ہی ٢٨٦ھ میں رخصت ہوگئے۔

ابو سعید خراز نے کہا میں ایک زمانہ تک اس کو ڈھونڈتا رہا تو اپنے آپ کو پاتا رہا، اب جو میں اپنے آپ کو ڈھونڈتا ہوں تو اس کو پاتا ہوں، یہ بھی کہا تو چھوٹ جائے گا (خلاصی پائے گا) اور جب چھوٹ جائے گا تو پائے گا اب یہ معلوم نہیں کہ ان میں سے کونسی بات بڑھ کر ہے یہ وہی جانتا ہے۔ نیز فرمایا: جب وہ نمودار ہوتا ہے تو تو نہیں ہوتا ہے اور تو نہیں رہتا تو وہ ظاہر ہوتا ہے، اب ان میں سے کونسی بات بڑھ کر ہے وہی جانتا ہے۔

Marfat.com

دوسری مرتبہ پھر عروج واقع ہوا۔ بڑے بڑے مشائخ، آئمہ اہل بیت وخلفائے راشدین کے مقامات اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کا خاص مقام اور اسی طرح باقی تمام انبیاء و رُسل (علیہم السلام) کے مقامات، ان کے مرتبوں کے فرق کے مطابق اور فرشتوں کی بلند ترین جماعت کے مقامات عرش کے اوپر مشاہدہ میں آئے اور اس قدر عروج واقع ہوا کہ مرکز زمین سے عرش تک یا اس سے کچھ کم، اور حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس (اللہ تعالیٰ ان کے پاکیزہ ترین اسرار کو اور بھی پاکیزہ بنائے) تک پہنچ کر ختم ہوا۔ اور اس مقام کے اوپر بلکہ معمولی سی بلندی کے ساتھ اسی مقام میں چند مشائخ مثلاً شیخ معروف کرخی اور شیخ بوسعید خراز (رحمہما اللہ) تھے۔ اور باقی مشائخ میں سے بعض حضرات اس مقام سے نیچے اپنے مقامات رکھتے تھے اور بعض مشائخ اسی مقام میں تھے لیکن ذرا نیچے تھے مثلاً شیخ علاؤالدولہ، شیخ نجم الدین کبریٰ (رحمہما اللہ) اور اس مقام سے

حضرت بایزید قدس سرہ کہتے ہیں جب تک میں اپنے آپ سے نہیں چھوٹا اس تک نہیں پہنچا اور جب تک اس سے ملا نہیں ہوں اپنے آپ سے نہیں چھوٹا، ان میں کونسا امر بڑھ کر ہے وہی جانتا ہے۔

شیخ بوعلی سیاہ کہتے ہیں کہ ماوراء النہری صوفی فرماتے ہیں کہ جب تک نہ چھوٹے گا نہ پائے گا اور عراقی صوفی فرماتے ہیں کہ جب تک نہ پائے گا نہ چھوٹے گا دونوں دراصل ایک ہی ہیں یعنی گھڑے کو پتھر پر مارو یا پتھر کو گھڑے پر۔ لیکن میں عراقیوں کے ساتھ ہوں کیونکہ اس سے سبق بہت اچھا ملتا ہے، اور وہ یہ بھی (شیخ ابوسعید خراز) فرماتے ہیں مَن ظَنَّ اَنَّہٗ بِبَذلِ الْمَجْھُوْدِ یَصِلُ فَمُتَعَنٍّ، وَ مَنْ ظَنَّ اَنَّہٗ بِغَیْرِ بَذْلِ الْمَجْھُوْدِ یَصِلُ فَمُتَمَنٍّ۔ یعنی جو شخص گمان کرتا ہے کہ خدا تک وہ سعی وکوشش سے پہنچ سکتا ہے وہ بیکار زحمت برداشت کرتا ہے اور جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ بغیر مشقت اور رنج اٹھائے وہ اس تک پہنچ سکتا ہے تو وہ ایک بے فائدہ آرزو کرتا ہے۔ اور یہ بھی فرمایا ہے۔ رِیَاءُ الْعَارِفِیْنَ خَیْرٌ مِّنْ اِخْلَاصِ الْمُرِیْدِیْنَ۔ (عارفین کا ریا مریدین کے اخلاص سے بہتر ہے)۔ آپؒ کے اشعار میں سے ہے۔

؎ اَلْوَجْدُ یُطْرِبُ مَنْ فِی الْوَجْدِ رَاحَتُہٗ　　وَ الْوَجْدُ عِنْدَ وُجُوْدِ الْحَقِّ مَفْقُوْدٌ

قَدْ کَانَ یُطْرِبُنِیْ وَجْدِیْ فَاَذْھَلَنِیْ　　عَنْ رُؤْیَۃِ الْوَجْدِ مَنْ بِالْوَجْدِ مَقْصُوْدٌ

ترجمہ:۔ وجد اس شخص کو خوش کرتا ہے جس کو وجد میں راحت ہوتی ہے، لیکن جب حق مل جائے تو وجد جاتا رہتا ہے، یقیناً میرا وجد مجھ کو خوش کیا کرتا تھا، لیکن جو وجد سے مقصود تھا (یعنی حق تعالیٰ) اس نے وجد کے شوق سے غافل کر دیا ہے۔

؎... قولہٗ شیخ علاء الدولۃ: آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ شیخ ابوالمکارم رکن الدین علاؤالدولہ احمد بن محمد البیابانی رحمۃ اللہ علیہ دراصل سمنان کے بادشاہوں میں سے ہیں، آپ پندرہ سال کی عمر میں بادشاہ وقت کے دربار سے وابستہ ہوگئے، ایک جنگ میں جب کہ سلطان اپنے دشمن سے نبرد آزما تھا، آپ میں جذبہ الٰہیہ کی کیفیت پیدا ہوگئی، آپ تمام تعلقات ترک کر کے ۶۸۷ھ میں بغداد گئے اور وہاں شیخ نورالدین عبدالرحمٰن کسرقی کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور دو سال بعد ان سے اجازت پائی۔ کہتے ہیں انھوں نے اپنی عمر شریف میں دو سو سے زائد چلّے کاٹے۔ آپ ۷۷ برس کی عمر میں شب جمعہ دوم رجب ۷۳۶ھ برج احرار صوفی آباد میں جوار رحمت میں جا پہنچے قطب الزمان عمادالدین عبدالوہاب کی خانقاہ میں دفن ہوئے۔

ایک دن چوپان کے بادشاہ نے شیخ کے پاس ایک ہرن بھیجا اور سلام پیش کیا اور نیازمندی سے کہا یہ گوشت شکار کا ہے تناول فرمایئے کہ حلال ہے، شیخ نے بادشاہ کو فرمایا: تمہارے گھوڑے نے ممکن ہے کہ کل تک کسی مظلوم کے جو کھائے ہوں کہ آج اس میں دوڑنے کی اتنی قوت آگئی کہ تم نے اس پر سوار ہو کر ہرن کو شکار کر لیا، قصہ مختصر کہ مجھ کو اس کا کھانا جائز نہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ تمام انبیاء علیہم السلام اس لئے تشریف لائے ہیں کہ وہ مخلوق کی آنکھیں کھولیں تاکہ وہ اپنے عیب اور خدا کے کمال پر، اپنے عجز اور حق تعالیٰ کی قدرت پر، اپنے ظلم اور اللہ تعالیٰ کے عدل پر، اپنے جہل اور خدا تعالیٰ کے علم پر، اپنی ذلت اور رب کریم کی عزت پر اپنی بندگی اور رب تعالیٰ کی مالکیت پر، اپنے فقر اور خدا کے غنا پر، اپنی تقصیر اور منعمِ حقیقی کی نعمتوں پر اور اپنی فنا اور اللہ تعالیٰ کی بقا پر غور کریں۔ علیٰ ہذاالقیاس شیخ بھی اس لئے ہے کہ وہ مریدوں کی آنکھیں ان باتوں پر کھولے (یعنی ان کو ان باتوں سے آگاہ کرے) بس جس قدر مرید اپنے اثبات وکمال میں زیادہ سعی اور زیادہ عمل کرے تاکہ اس کا کمال ظاہر ہو، شیخ اتنا ہی اس سے رنجیدہ اور آزردہ ہوگا، کیونکہ شیخ (تربیت کرتے وقت) تمام تکالیف اسی لئے

Marfat.com

اوپر آئمہ اہل بیت کے مقامات تھے اور ان کے اوپر خلفائے راشدین کے مقامات تھے، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین (اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہو)۔ اور باقی تمام انبیائے کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوۃ السلام کے مقامات آنسرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام سے ایک طرف علیحدہ تھے، اور اسی طرح ملائکہ مقربین صلوات اللہ وسلامہ علیٰ نبینا وعلیہم اجمعین کے مقامات اس مقام کے دوسری طرف علیحدہ تھے، لیکن آنحضرت ﷺ کا مقام تمام مقامات سے بلند و برتر تھا۔ اور اللہ تعالیٰ ہی تمام امور کے حقائق کو پوری طرح جانتا ہے۔ اور جس وقت میں چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ کی عنایت سے عروج واقع ہو جاتا ہے اور بعض اوقات بلا ارادہ بھی عروج واقع ہو جاتا ہے اور کوئی دوسری چیز بھی مشاہدہ میں آجاتی ہے اور بعض عروجوں کے نتائج و احکام بھی ظاہر ہو جاتے ہیں اور اکثر چیزیں بھول جاتی ہیں اور میں بہت چاہتا ہوں کہ بعض حالات کو لکھ لوں (نوٹ کرلوں) تاکہ آنجناب کی خدمت میں عرضداشت لکھتے وقت یاد آجائیں لیکن یہ بات حاصل نہیں ہوتی کیونکہ یہ امور حقیر اور ہیچ نظر آتے ہیں کہ ان سے توبہ استغفار کرنا ہی مناسب ہے چہ جائیکہ ان کو لکھا جائے اس عریضے کے لکھتے وقت بھی بعض

برداشت کرتا ہے کہ وہ اپنے مرید کی ان آنکھوں کو سی دے جن سے وہ اپنا کمالِ نفس دیکھتا ہے اور اس آنکھ کو کھول دے جو کمالِ حق کا مشاہدہ کرے۔

آپ فرماتے تھے کہ جو شخص ولایت کے مرتبہ تک پہنچے ممکن نہیں کہ خداوند تعالیٰ اس کے سر پر پردہ نہ ڈالے اور اس کو لوگوں کی آنکھوں سے نہ چھپائے اور اَوْلِیَائِی تَحْتَ قَبَائِی (میرے اولیاء میری قبا کے نیچے ہیں) اور لَا یَعْرِفُهُمْ غَیْرِی (میرے سوا ان کو کوئی نہیں پہچانتا)۔ کے معنی یہ ہیں کہ جب تک ارادت وعقیدت کے نور سے کسی کی آنکھیں روشن نہ کی جائیں تب تک وہ اس ولی کو نہ پہچان سکے گا پس وہ نور کو پہنچانتا ہے وہ شخص نہیں پہنچانتا۔

(نفحات الانس)۔

ﻙ قولہٗ شیخ نجم الدین کبریٰ: آپ کی کنیت ابوالجناب ہے اور نام احمد بن عمر اور لقب کبریٰ ہے۔ کہتے ہیں آپ کو کبریٰ اس لئے کہا گیا ہے کہ جوانی کے دور میں جب آپ علوم دینیہ کی تحصیل میں مشغول تھے جس کسی سے بھی آپ مباحثہ ومناظرہ کرتے اس پر غالب آجاتے تھے پس آپ کو الطامۃ الکبریٰ کہا جانے لگا یعنی بڑی بلا اور عظیم آفت، اس کے بعد لفظ طامہ ساقط ہو گیا اور کبریٰ رہنے دیا گیا، اور یہ لقب آپ کو ایک معتبر جماعت نے دیا ہے، بعض لوگ کبریٰ کو کبراء مد کے ساتھ پڑھتے ہیں علما کے وزن پر کبیر کی جمع لیکن پہلی بات صحیح ہے یعنی کبریٰ درست ہے۔ آپ کو شیخ ولی تراش بھی کہا جاتا تھا اس لئے کہ وجد اور جذب کے غلبہ کے وقت جس پر بھی آپ کی نظر پڑ جاتی وہ ولایت کے درجہ تک پہنچ جاتا تھا۔ آپ ﷫ نے تاتاریوں کے فتنہ میں جہاد کرتے ہوئے خوارزم میں ٦١٨ھ کو شہادت پائی، حضرت شیخ کے مریدوں کی تعداد بہت ہے لیکن ان میں یگانہ روزگار حضرات میں چند کے نام یہ ہیں ا۔ شیخ نجم الدین بغدادی، ٢۔ شیخ سعد الدین حموی وغیرھم۔ (نفحات بادنیٰ تغیر) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ بزیغِ بصر مبتلا ...... کجی چشم گرفتار ١٢ ...... ہر چیز کا ٹیڑھا نظر آنا، نقائص تلاش کرنا ...... ☆ معرض ...... روگردانندہ ١٢ ...... روگردانی کرنے والا، منہ پھیرنے والا ...... ☆ کثرت ...... بالفتح بسیاری و متعدد ١٢ ...... ک کی زبر سے۔ زیادہ، کثیر، کئی ...... ☆ اثنینیۃ ...... بکسر ہمزہ دوئی ١٢ ...... (ء) ا کی زیر سے۔ دوسرا، مدِ مقابل ...... ☆ مستسعد ...... سعادتمند۔ از استسعاد بمعنی نیک بختی جستن ویاری ونیک بخت شمردن ١٢ ...... نیک، سعادتمندی چاہنا، معنی نیک بختی کی خواہش کرنا، خوش نصیب شمار ہونا ...... ☆ بخفا ...... بفتح خائے معجمہ۔ پوشیدگی ١٢ ...... نقطہ والی خا (خ) کی زبر سے۔ پردہ میں ...... ☆ وَصَارَت ...... مَذْکُورًا ...... یعنی وگردید آنہمہ تجلیات گویا چیزے نبود ١٢ ...... اور یہ سب تجلیات اسطرح پوشید ہو گئیں گویا کبھی تھی ہی نہیں ...... ☆ ھمانا ...... بالفتح، گمان غالب وپنداری وگویا شاید وبالیقین ١٢ ...... زبر سے۔ غالب خیال، سمجھ، بات کرنا، لائق اور یقین کے ساتھ، وثوق۔ ☆ تعین ...... تشدید وضم یا مثناۃ مصدر باب تفعل مقابل اطلاق ١٢ ...... شد (ّ) اور پیش (ُ) یا کے نیچے دو نقطے، مصدر باب تفعل یہ لفظ اطلاق کے مقابل استعمال ہوتا ہے ...... ☆ بعد از عود ...... بالفتح بازگشتن ...... ب پر زبر، واپس لوٹنا ......

مکتوبات امام ربانی (اردو) پہلا حصہ

Marfat.com

چیزیں یاد تھیں لیکن عرضداشت ختم کرنے تک یاد نہیں رہیں ورنہ لکھی جاتیں اس لئے زیادہ گستاخی نہیں کی۔

ملّا قاسم علی کی حالت بہتر ہے اس پر استہلاک اور استغراق (فنا ومحویت) کا غلبہ ہے اور اس نے جذبہ (سیر انفسی) کے تمام مقامات سے اوپر قدم رکھا ہے پہلے وہ صفات کو اصل (اپنی ذات) سے دیکھتا تھا اب اس کے باوجود صفات کو اپنے آپ سے جدا دیکھتا ہے اور اپنے آپ کو بالکل خالی پاتا ہے بلکہ اُس نور کو بھی جس کے ساتھ صفات قائم ہیں اپنے آپ سے جدا دیکھتا ہے اور خود کو اُس نور سے ایک طرف (الگ) پاتا ہے اور دوسرے دوستوں کے حالات بھی روز بروز بہتری و ترقی پر ہیں، انشاء اللہ العزیز دوسرے عریضہ میں یہ خادم مفصّل عرض کرے گا۔

☆ **از مظانّ**...... بہ تشدید نون جائے ظن وگمان ۱۲...... ن کی شد (ّ) سے، خیال اور دھیان کی جگہ۔...... ☆ **انا**...... ضمیر متکلم مراد از اں نفسانیت وانانیت ۱۲...... ضمیر متکلم ہے اس سے مراد خودغرضی اور خودستائی وغرور ہے ☆ **آثار اسلام**...... یعنی نشانہائے اسلام حقیقی ۱۲...... معنی اسلام حقیقی کے نشانات۔...... ☆ **انہدام**...... مصدر باب انفعال بمعنی سقوط ۱۲...... مصدر باب انفعال، گر پڑنا۔...... ☆ **معالمِ شرکِ خفی** یعنی نشانہائے ریاکاری واتباع ہوائے نفسانی ۱۲...... یعنی ریاکاری اور نفسانی خواہشات کی پیروی کے نشانات...... ☆ **امارات**...... بفتح ہمزہ جمع مارۃ بمعنی علامت ۱۲...... ء (ا) کی زبر سے، جمع امارہ معنی نشانی۔ ☆ **عروجات**...... بالضم جمع عروج بمعنی برآمدن وبالا برشدن ۱۲...... (ع پر پیش) جمع عروج، ترقی پانا اور چڑھنا۔ بلندیوں پر جانا مقامات اعلیٰ (سلوک) حاصل کرنا۔ ...... ☆ **دارِ خلد**...... خانۂ دوام وہمیشگی مراد از اں بہشت است ۱۲...... دوام وہمیشگی کا گھر اس سے مراد بہشت ہے۔...... ☆ **محالّ**...... بتشدید لام جمع محل بمعنی جائے ۱۲...... لام (لّ) کی شد سے، جمع محل معنی جگہ، مقام۔...... ☆ **علیٰ تفاوت درجاتھم مکاناً و مکانۃً وشوقاً وذوقاً**...... یعنی حسب مراتب مختلفہ ایشاں باعتبار مکان ومرتبہ وشوق وذوق ۱۲...... یعنی ان مختلف مراتب کے مناسب مکان ومرتبہ اور ذوق وشوق کے اعتبار سے...... ☆ **سائر**...... بمعنی باقی وگاہے بمعنی تمام وہمہ استعمال کردہ میشود ۱۲...... معنی باقی اور کبھی تمام اور سب کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے ☆ **ملائکہ ملاءِ اعلیٰ**...... جماعت وگروہ بلندتر از فرشتگان ۱۲...... فرشتوں میں سے زیادہ بلند جماعت اور گروہ ☆ **مرکز خاک**...... یعنی عین میانہ زمین ۱۲...... یعنی بالکل زمین کا درمیان، مرکز۔...... ☆ **شیخ ابوسعید خرّاز**...... بفتح خائے معجمہ وتشدید رائے مہملہ ودر آخر زائے معجمہ است درمیان الف است بمعنی مشک دوز و موزہ دوز وجز آں ۱۲...... خا (خ) نقطہ والی زبر سے۔ اور رائے بےنقطہ (ر) پر شد (ّ) آخر میں زائے (ز) نقطہ والی، درمیان میں الف (ا) ہے یعنی مشک سینے والے اور موزے سینے والے وغیرہ...... ☆ **مثل**...... مثال باقی مشائخ است بغیر تفصیل ۱۲...... باقی مشائخ کی طرح کسی تفصیل کے بغیر ☆ **رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین**...... یعنی خوشنودی خدا تعالیٰ برہمہ ایشاں ۱۲...... یعنی اللہ تعالیٰ کی رضامندی ان سب پر۔

﴿صہ ۵﴾ ☆ **سائر**...... باقی ۱۲...... باقی، تمام۔...... ☆ **بیخواست**...... بغیر ارادہ ۱۲...... ارادہ کے بغیر (غیر ارادی طور پر)...... ☆ **آثار**...... جمع اثر بفتحتین بمعنی نتائج واحکام ۱۲...... جمع اثر دو زبر سے معنی نتائج اور احکام۔...... ☆ **محقّر**...... حقیر ۱۲...... حقیر، کمتر، گھٹیا، ذلیل ☆ **استہلاک** فنا ۱۲...... فنا (حالِ سالک)۔...... ☆ **استغراق**...... یعنی برملّا قاسم علی ۱۲...... ملّا قاسم علی (ایک سالک کا حال)۔...... ☆ **جذبہ**...... سیر انفسی ۱۲ اس کی وضاحت مکتوب ۵ کے حاشیہ میں ملاحظہ کریں۔...... ☆ **نہادہ**...... بالکلیہ ۱۲...... پورے طور پر، کسی مقام کا حاصل ہونا۔ ☆ **صفات** مفعول ۱۲ اپنی ذات (سالک خود)۔...... ☆ **محض**...... صرف ۱۲...... صرف، خالص۔...... ☆ **بہی**...... بہتری وترقی ۱۲ ...... بہتری وترقی۔

Marfat.com

دوسرا مکتوب

ترقیات کے حاصل ہونے اور اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کی عنایات پر فخر کرنے کے بیان میں اپنے بزرگوار پیر و مرشد قدس سرہ العزیز کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت : آنجناب کا کمترین غلام و خادم **احمد** آپ کی بلند بارگاہ میں عرض کرتا ہے کہ مولانا شاہ محمد نے رمضان شریف کے مبارک مہینے کے قریب آنجناب کی جانب سے استخارہ کا حکم پہنچایا، استقدر فرصت نہ ملی کہ ماہِ مبارک رمضان شریف تک آنجناب کی آستانہ بوسی سے مشرف ہوسکتا، ناچار رمضان المبارک کے گزرنے پر (حاضری کے ارادہ سے) اپنے آپ کو تسلی دی، حضور کی بلند توجہات کی برکت سے اللہ تعالیٰ جل شانہ کی جو مہربانیاں اور عنایتیں ہر وقت اس خاکسار پر مسلسل اور پے در پے وارد ہو رہی ہیں ان کے متعلق کیا عرض کرے۔

مثنوی
من آں خاکم کہ ابرِ نو بہاری — کند از لطف بر من قطرہ باری
اگر بر روید از تن صد زبانم — چو سبزہ شکرِ لطفش کے توانم

ترجمہ:۔
میں وہ مٹی ہوں جس پہ ابرِ کرم — گوہر افشاں ہے اپنی بارش کا
مثل سبزہ ہوں سو زبانیں بھی — کس طرح اس کا شکر ہوگا ادا

اگرچہ اس قسم کے احوال کا ظاہر کرنا جرات و گستاخی کا وہم پیدا کرتا ہے اور فخر و مباہات کی خبر دیتا ہے۔

ولے چوں شہ مرا برداشت از خاک — سزد گر بگذرانم سر ز افلاک

ترجمہ:۔
اٹھایا شہ نے جب مٹی سے مجھ کو — بجا ہے سر کروں اونچا فلک سے

حاشیہ متن

۱ دویم جو لفظ ثانی کے معنیٰ میں ہے، نیچے دو نقطے والی یا کے اضافے کے ساتھ خلاف قاعدہ ہے کیونکہ دوسرے اس کے ساتھی عدد (سوم و چہارم وغیرہ) کے ناموں میں نہیں ہے لیکن اس کے باوجود بعض استادوں کی نظم میں آیا ہے مگر صحیح دوم ہے بغیر یائے تحتانی، اور بہارعجم میں لکھا ہے دوام ہمزہ کے زبر سے بھی آیا ہے۔

۲ قولہٗ استخارہ: یعنی اللہ تعالیٰ سے خیر طلب کرنا اس طریقے سے کہ دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد یہ مسنون دعا پڑھے جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ، وَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ و معاشِیْ و عَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَ اٰجِلِہٖ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاَصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاَقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ

ترجمہ:۔ اے اللہ میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے خیر مانگتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے قدرت طلب کرتا ہوں۔ اور تیرے عظیم فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ کیونکہ تجھے بے شک قدرت ہے اور مجھے قدرت نہیں، اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا۔ اور تو غیبوں کا خوب جاننے والا ہے، اے اللہ! اگر تیرے علم میں میرے لئے یہ کام میرے دین، میری دنیا اور آخرت میں بہتر ہے تو اس کو میرے لیے مقدر فرما اور اسے میرے لئے آسان فرما پھر میرے لئے اس میں برکت فرما۔ اور اگر تیرے علم میں یہ کام میرے دین اور میری دنیا و آخرت میں شر (برا) ہے۔ تو اس کو مجھ سے اور اس سے مجھ کو دور فرما اور میرے لئے خیر فرما جہاں کہیں بھی ہوں، پھر اس پر مجھے راضی فرما۔ (حصن حصین)

Marfat.com

اس خادم کو عالم صحو و بقا کی ابتدا ماہ ربیع الآخر کے آخری دنوں سے حاصل ہے اور ابتک ہر ایک مدت میں کسی خاص بقا کے ساتھ مشرف فرماتے ہیں۔ ابتدا حضرت شیخ محی الدینؒ کی تجلی ذات سے ہوئی ہے کبھی صحو میں لاتے ہیں کبھی پھر سکر میں لے جاتے ہیں اور اس نزول وعروج میں عمدہ اور نئے نئے علوم اور عجیب وغریب معارف کا فیضان و ورود فرماتے ہیں اور ہر مرتبہ میں خاص مشاہدہ و احسان (اخلاص) کے ساتھ مشرف فرماتے ہیں جو کہ اسی مقام کی بقا کے مناسب ہے۔

رمضان المبارک کی چھٹی تاریخ کو ایسے بقا سے مشرف فرمایا اور ایسا احسان و اخلاص میسر ہوا کہ یہ خادم کیا عرض کرے۔ جانتا ہے کہ استعداد کی انتہا وہیں تک ہے اور وہ وصل بھی جو کہ اس خادم کے حال کے مناسب تھا۔ اس مقام میں حاصل ہو گیا ہے اور مقامِ جذبہ کی جہت اب پوری ہوگئی ہے اور سیر فی اللہ میں جو کہ مقامِ جذبہ کے مناسب ہے اس خادم کی سیر شروع ہوگئی ہے، فنا جتنی زیادہ کامل ہوگی اس پر قائم ہونے والی بقا بھی اسی قدر زیادہ کامل تر ہوگی اور بقا جس قدر زیادہ کامل ہوگی صحو بھی اسی قدر زیادہ ہوگا اور جس قدر صحو حاصل ہوگا علومِ باطنی کا فیضان و ورود بھی شریعتِ حقہ کے موافق زیادہ ہوگا کیونکہ کمال درجہ کا صحو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو حاصل تھا اور جو معارف وعلوم انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے ظاہر ہوئے ہیں وہ شریعت کے احکام اور وہ عقائد ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے بارے میں انھوں نے بیان فرمائے ہیں اور ان احکام وعقائد کے ظاہر کی مخالفت بقیۂ سکر کی وجہ سے ہے۔ اس وقت جو معارف وعلوم اس خاکسار پر جاری ہوئے وہ

آنحضرت علیہ و علیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات اس دعا کی تعلیم میں بڑا اہتمام فرماتے تھے، قال صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ آدمَ اِسْتِخَارَتُهُ اللّٰهَ ، وَ مِنْ شِقَاوَتِهٖ تَرْكُهُ اِسْتِخَارَةَ اللّٰهِ۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ آدمی کی سعادت اللہ سے استخارہ کرنا ہے اور اس کی بدبختی اللہ سے استخارہ ترک کرنے میں ہے۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے مستدرک میں۔
(حصن حصین) المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن .... بین السطور .... معانی ....

☆فرجہ...... بالضم شگاف وکشادگی یعنی فرصت ووسعت وگنجائش ۱۲ ... پیش (ُ) سے، شگاف، کھلا ہونا (وسیع) یعنی فرصت وسعت وگنجائش۔...... ☆مضیِ ....گذشتن ۱۲....گزرنا۔ ....☆جلّ ...... بزرگ ۱۲ بزرگ۔ ☆عَلا بلند۱۲ بلند۔

﴿صہ۶﴾ ۱ مُوهِم: ایهام مصدر سے اسم فاعل ہے یعنی وہم میں ڈالنے والا۔ جُرْءَت: جیم کے پیش سے اس کے معنی دلیری کے ہیں۔ مُشْعِر اسم فاعل ہے۔ اِشعار مصدر سے، شعور و آگاہی دینے والا۔ اِفتخار: فخر کے معنی میں ہے۔ مُباهات: حسن و جمال اور خوبی میں دوسرے پر سبقت وغلبہ چاہنا۔ صَحو: صاد کی زبر سے، ہوشیاری اور ہوشیار ہونا۔ سُکر: سین کے پیش سے، مستی اور مست ہونا۔

۲ ... قولہ نُزول: اس کا مطلب ہے مخلوق کی تکمیل وارشاد کے لئے مخلوق کی طرف متوجہ ہونا۔ قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ قولہ نزول: اصطلاح میں اس کو سَیر عَنِ اللّٰه بِاللّٰه کہتے ہیں، مراتب نزول کی انتہا مقام قلب تک ہے اور ارشاد وتکمیل اس مقام تک واپس آنے سے تعلق رکھتا ہے۔
(از مبدأ و معاد)

۳ ... قولہ عُرُوج: دو پیش سے ہے، اوپر کے مقام میں ترقی کرنا۔ اِفاضہ: فیضان دینا، فیض پہنچانا۔

۴ ... جان لو کہ سَیر فِی اللّٰه سے مراد اسماء وصفات اور شئون واعتبارات وتقدیسات اور تنزیہات کے مراتبِ وجوب میں حرکتِ علمیہ ہے اس سیر کو بقا باللہ بھی کہتے ہیں۔ (مخلص)

۵ ... قولہ علم استدلالی: یعنی وہ علم جو دلیل کے ذریعے سے حاصل ہوتا ہے اور کشفی وہ علم ہے جو کشف کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔ ضروری منسوب بہ ضرورت ہے یعنی وہ علم جو بداہت کے طور پر حاصل ہو اور دلیل وفکر کا محتاج نہ ہو۔ مجمل سے مفصل ہونا، یعنی وہ علم جو پہلے اجمال واختصار کے طور پر ہو پھر تفصیل کے ساتھ حاصل ہو جائے۔ المصحح سلمہ اللہ واسبغ نعمہ علیہ

Marfat.com

زیادہ تر معارف وعلومِ شرعیہ کی تفصیل اوران کا بیان ہے اوراستدلالی علم کشفی وضروری علم بنتا جاتا ہے اور مجمل علم مفصل ہوتا جاتا ہے۔ ع۔ گر بگویم شرح ایں بیحد شود ترجمہ:۔گرکروں شرح حد سے باہر ہے۔

ڈرتا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ گستاخی تک نوبت پہنچ جائے۔

ع۔ بندہ باید کہ حدِ خود داند ترجمہ:۔چاہئے بندہ اپنی حد میں رہے۔

☆علی التواتر والتوالی...... پے در پے ۱۲......لگا تار، متواتر۔...... ☆چو...... مانند ۱۲...... مثل، طرح...... ☆نزول...... بضمتین فرود آمدن ۱۲......دو پیش (ُ ُ) سے نیچے آنا (حالت سلوک)۔...... ☆غریبہ...... نادرہ ۱۲...... عجوبہ، انوکھا...... ☆احسانے...... اخلاصے ۱۲...... اخلاص، نعمت، نیکی ☆مقام جذبہ...... عبارت از سیر انفسی ۱۲......جذبہ سے مراد سیر انفسی ہے۔☆فناء اتم...... بمعنی تمام تر کامل تر ۱۲......مکمل فنائیت۔......☆اکمل...... کامل تر ۱۲......مکمل ترین، سب سے زیادہ کامل...... ☆غرّا...... بفتح غین معجمہ وتشدید رائے مہملہ وبمد بمعنی روشن ۱۲......غ (نقطہ والی) زبر سے اور را بے نقطہ شد (ّ) والی اور مد (ٓ) سے معنی روشن، سفید۔...... ☆معارفیکہ...... علوے ۱۲...... معارف۔...... ☆شرائع...... احکام شرعیہ ۱۲......شریعت کے احکام۔...... ☆عقائد...... جمع عقیدہ ۱۲ عقائد دین کے وہ احکام (ارکان) جن کا دل سے تسلیم کرنا ضروری ہے۔...... ☆مُنجرّ...... بالضم وتشدید رائے مہملہ آخر یعنی کشیدہ شدہ ۱۲...... میم پر پیش (ُ) اور آخر میں را بے نقطہ (ر) پر شد (ّ) یعنی کھینچا ہوا، کھنچا گیا......

تیسرا مکتوب

بعض دوستوں کے ایک خاص مقام پر رک جانے اور بعض دوستوں کے اس مقام سے گزر کر تجلّی ذاتی کے مقامات میں پہنچ جانے کے بارے میں، یہ عریضہ بھی اپنے پیرو مرشد بزرگوار کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت: (گذارش) یہ ہے کہ سلسلہ طریقت کے جو دوست یہاں ہیں اور اسی طرح جو دوست وہاں ہیں، ہر ایک کسی نہ کسی مقام میں رکا ہوا ہے اُن کو ان مقامات سے نکالنے کا معاملہ سخت مشکل ہے، یہ خادم اس قدر طاقت اپنے اندر نہیں پاتا جو اس مقام کے مناسب ہے، حق سبحانہ وتعالیٰ آنجناب کی توجہاتِ عالیہ کی برکت سے ترقی عطا فرمائے۔اس خادم

حاشیہ متن

﴿صہ۷﴾ ۱؎ قولہ سِوُم:۔ بکسر اول یعنی 'س' کے نیچے زیر (ِ) حرف واؤ پر ہمزہ اور ہمزہ پر پیش (ُ) اور حرف 'م' ساکن ہے، ترجمہ تیسرا۔ 'س' کی زیر (ِ) اور ہمزہ پر شد اور پیش (ّ ُ) اور 'م' ساکن بھی آیا ہے۔

والہ ہروی (ایک فارسی شاعر) کہتا ہے۔ بیت

ے در صورت و معنی از تعظم خوانندش دو جہاں جہان سِوُم

ترجمہ:۔احترام وعزت کے لحاظ سے ظاہراور حقیقی طور پر دونوں جہان والے تیسرا جہان کہتے ہیں یعنی دو کے بعد گنتی کے اعتبار سے "تیسرا" لکھا پڑھا جاتا ہے۔ فارسی لغات بہار عجم وخان آرزو (فارسی دان) اور سراج میں (فارسی لغات) میں لکھا ہے: بعض کہتے ہیں س پر پیش (ُ) اور واؤ پر شد (ّ) پڑھا جائے تو عدد تیسرا بنتا ہے جس کو عربی زبان میں ثالث یعنی تیسرا کہتے ہیں۔ والہ ہروی قطب نامی آدمی کی تعریف میں کہتے ہیں۔

ے قطب است سہ حرف در تعلم زاں یافت دو قطب چرخ سِوُم

ترجمہ:۔قطب پڑھنے میں تین حرف ہیں۔اس طرح معلوم ہوا کہ دو قطب (قطب شمالی اور قطب جنوبی) اور تیسرا قطب چرخ (گھومنے والا) آسمان ہے۔

Marfat.com

کے متعلقین میں سے ایک شخص اس مقام سے ترقی حاصل کر کے تجلیاتِ ذاتی کی ابتدا تک پہنچ گیا ہے اس کی حالت بہت اچھی ہے اس خادم کے قدم پر قدم رکھتا ہے، دوسرے متعلقین کے بارے میں بھی یہ خادم امیدوار ہے—— وہاں کے بعض دوسرے دوست مقربین کے طریقہ سے مناسبت نہیں رکھتے اُن کے حال کے موافق ابرار کا طریقہ ہے، مختصر یہ کہ جو یقین انہوں نے حاصل کیا ہے وہ بھی غنیمت ہے، ان کو اسی طریقۂ ابرار کے ساتھ حکم فرمانا چاہیے۔

ع ۔ ہر کسے را بہر کارے ساختن   ترجمہ:۔ ہر کسی کے واسطے ایک کام ہے۔

ان احباب کے نام مفصل طور پر لکھنے کی جرات نہیں کی، کیونکہ آنجناب سے پوشیدہ نہیں ہوں گے اس لئے زیادہ گستاخی

مؤلف:۔ (صاحب غیاث اللغات کہتا ہے) فارسی زبان میں اعداد کے آخر میں حرف 'میم' تعداد کے شمار کے لئے آتا ہے جیسا کہ دوم، سوم، چہارم اور ماقبل 'میم' یعنی لفظ عدد کے آخری حرف میم سے پہلے حرف پر پیش (ُ) بر فتح (َ) دونوں طرح آیا ہے۔ جیسا کہ تفصیلاً دوم کے حاشیے میں گزرا ہے، اور زبر (َ) سے جیسا کہ ملا نظیری مرحوم قصیدۂ نظیری میں قافیہ در دیفش کو مضموم اور کرم کو دوم کے ساتھ وابستہ کیا ہے۔ ہندی زبان (ہندی غالباً اردو زبان کو کہا گیا ہے) میں بھی اسی طرح آیا ہے چنانچہ یکم بمعنی یکم (پہلا) وپنجم (پانچواں) ان دونوں زبانوں میں زیادہ سے زیادہ مطابقت ہے یہ قسم بھی زبر (َ) پر دلالت کرتی ہے۔

بہر حال لفظ سہ میں ہا صرف لکھی جاتی ہے شمار میں نہیں آتی جس طرح کہ اور چہ میں ہے جس کے شمار کی کوئی حیثیت نہیں۔ پس سہ کو ترکیب میں 'م' معدود کے ساتھ ملائیں تو اسکی حالت بھی کہ اور چہ کی ہوگی۔ اور ہا کہ اور چہ کی ہا ترکیب کی حالت میں کاف اور چ کی زیر کی وجہ سے ی سے بدل جاتی ہیں جیسا کہ کیم (کہ ام) وچیم (چہ ام) ہے اسی صورت میں سیم یعنی (سی ام) میں ہا کو یا سے بدل دیا جاتا ہے کسرہ کی وجہ سے جب اس حال میں سیم (سہ ام) کے ساتھ اشتباہ پایا جائے تو اس سے لفظ ثَلٰثِین (تیس) ظاہر ہوتا ہے لہذا کتابت (لکھنے میں) سہ کو معدود کی صورت میں لکھتے وقت واؤ زیادہ کرتے ہیں۔ پس وہ حضرات جو میم سے پہلے حرف پر پیش پڑھتے ہیں وہ بھی اس کو (ؤ کو) اسی طرح پڑھتے ہیں اور جو زبر (َ) کے ساتھ پڑھتے ہیں وہ شد (ّ) کو حساب میں نہیں کرتے ۱۲ (غیاث اللغات)

۲... قولہ محبوس:۔ اسم مفعول از حَبس بمعنے قید یعنی محبوس قید کیا ہوا، قیدی۔ مُتَعَسِّر:۔ اسم فاعل از تَعَسُّر یعنی دشوار ومشکل۔

۳... قولہ مُقَرَّبِین:۔ مقرب کی جمع ہے تقریب مصدر سے اسم مفعول ہے تقریب کے معنی نزدیک کرنا اور مقربین کے معنی حق تعالیٰ کے قریب کئے ہوئے ان کا طریقہ محبت وعشق، ذکر وفکر مراقبہ فنا ومحویت، باطنی اعمال میں مشغول رہنا۔ استہلاک واستغراق ونگاہداشت ویادداشت، فنا وبقا اور اپنے باطن کو غیرِ حق تعالیٰ کے خیال سے کلیۃً صاف/خالی رکھنا ہے۔

۴... قولہ ابرار:۔ الف کی زبر سے بَارٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں نیکوکار۔ ان لوگوں کا طریقہ نماز وروزہ جیسی عبادات میں کثرت کرنا ہے۔ قولہ در مشغولی:۔ یعنی اپنے مراقبہ میں۔ قولہ حضرت ایشاں:۔ یعنی خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ۔ قولہ وترا:۔ یعنی حضرت امام ربانی قدس سرہٗ۔ قولہ سعی میکنم:۔ یعنی سید شاہ حسین نے کہا کہ میں کوشش کرونگا۔ ۱۲ منہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆**متن**............ بین السطور............ معانی............

☆**متعسّر**...... دشوار، مشکل ۱۲...... مشکل...... ☆**علیہ**...... بلند ۱۲...... بالا، اعلیٰ...... ☆**ایشاں**...... یعنی پیر خود ۱۲ حضرت خواجہ باقی باللہ...... ☆**بہماں طریق**...... یعنی طریق ابرار ۱۲...... نیک لوگوں کا راستہ (طریق)۔ ☆**اسامی آنہا** نامہائے شاں ۱۲...... ان (لوگوں) کے نام۔ ☆**جرأت**...... دلیری ۱۲...... بہادری...... ☆**ایشاں**...... یعنی حضرت پیر ۱۲...... حضور خواجہ باقی باللہ...... ☆**میگویند**...... سید شاہ حسین ۱۲...... کسی سالک کا نام۔ ☆**نظر میکنم**...... مقولہ سید شاہ حسین است...... یہ کہنا سید شاہ حسین کا ہے/یہ مقولہ سید شاہ حسین کا ہے۔......

Marfat.com

نہ کی۔۔۔اس عریضے کے لکھنے کے دن میر سیّد شاہ حسین نے اپنے مراقبہ کی حالت میں ایسا دیکھا کہ گویا وہ ایک بڑے دروازے پر پہنچا ہے اس کو بتایا گیا ہے کہ یہ دروازۂ حیرت ہے (سید شاہ حسین کہتا ہے کہ) جب میں اس کے اندر کی طرف نظر کرتا ہوں تو آنجناب (حضرت خواجہ باقی باللہؒ) کو اور آپ (حضرت مجدد صاحبؒ) کو دیکھتا ہوں اور بہت ہی کوشش کرتا ہوں کہ اپنے آپ کو اس کے اندر داخل کروں لیکن میرے پاؤں ساتھ نہیں دیتے۔

چوتھا مکتوب

بڑی قدر و شان والے ماہِ مبارک ماہِ رمضان کی فضیلتوں کے بیان میں اور حقیقتِ محمدیہ علیہ و علیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے بیان میں یہ عریضہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت: آنجناب کا کمترین خادم گذارش کرتا ہے کہ مدت سے حضور کا کوئی گرامی نامہ صادر نہیں ہوا جس کی وجہ سے اس بلند بارگاہ کے خادموں کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی، ہر وقت انتظار ہے۔ ماہِ مبارک رمضان شریف کا آنا مبارک ہو، اس مبارک مہینے کو قرآن مجید کے ساتھ جو کہ تمام ذاتی و شیونی کمالات کا جامع ہے اور اس دائرہ اصل میں داخل ہے جس میں کسی ظلّیت و فرعیّت کو دخل نہیں ہے اور قابلیتِ اولیٰ یعنی حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا ظلّ ہے جس کو کامل مناسبت حاصل ہے اور اسی مناسبت کی وجہ سے قرآن مجید کا نزول اسی ماہ مبارک میں واقع ہوا ہے۔ آیۂ کریمہ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ (بقرہ آیت ۱۸۵: رمضان المبارک وہ مہینہ ہے جس میں قرآن مجید نازل ہوا) میں اسی بات کا بیان ہے، اور اسی مناسبت کی وجہ سے یہ مہینہ بھی تمام بھلائیوں اور برکتوں کا جامع ہے، جو برکت اور بھلائی تمام سال میں جس کسی شخص کو اور جس راستہ سے بھی پہنچتی ہے وہ اس عظیم الشان ماہِ مبارک کی برکتوں کے بے پایاں سمندر کا ایک قطرہ ہے، اور اس ماہ مبارک

پہلا دفتر مکتوباتِ امامِ ربانی، پہلا حصہ

حاشیہ متن

﴿صہ۷﴾ ۵ قولہ اَحْقَرُ الْخَدَمہ :۔ خادموں میں سب سے کمتر۔ مفاوضہ :۔ واو کے زبر سے۔ یعنی خط، مکتوب، گرامی نامہ۔ عَتَبہ: پہلے دونوں حروف پر زبر ہے، دروازے کے نیچے کی لکڑی یا دروازے کے اوپر کی (دہلیز، چوکھٹ)۔ قُدُوم:۔ پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، اسکے معنی ہیں آنا۔

☆متن............ بین السطور............ معانی............

☆احقر الخدمہ...... ذلیل ترین خادماں ۱۲......کمترین خادمان، اظہار انکساری۔ ☆خدمہ......جمع خادم ۱۲......خادم کی جمع۔......

﴿صہ۸﴾ ۱ قولہ مناسبت تمام است ...الخ:۔ یعنی اس ماہ (رمضان) کو قرآن مجید سے مکمل مناسبت اور کامل موافقت حاصل ہے۔

۲... قولہ شهر رمضان ...الخ:۔ اس میں اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو دوسرے پارہ میں ہے یعنی ماہ رمضان وہ ہے جس میں قرآن پاک نازل کیا گیا۔ قولہ فَطُوْبٰی ...الخ :۔ یعنی اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جس پر یہ مہینہ اس حالت میں گذر گیا کہ وہ اس سے راضی و خوش ہوا، اور اس شخص کے لئے ہلاکت (افسوس) ہے جس پر یہ مہینہ ناراض گیا اور وہ آدمی اس ماہ مبارک کی خیر و برکت سے محروم رہا۔

۳... قولہ جمیع کمالاتِ اصلی ...الخ :۔ یعنی وہ تمام کمالات جو قرآن میں ہیں۔ قولہ وبرکات ظِلّی:۔ یعنی وہ برکات جو قرآن مجید کے اس ماہ مبارک میں نازل ہونے سے تعلق رکھتے ہیں۔

۴... فَمَن جَمَع بَینهما...الخ :۔ یعنی مطلب یہ کہ وہ شخص اس ماہ کی دونوں یعنی کمالاتِ اصلی اور برکات ظلی جمع کر لے تو امید ہے کہ وہ اس ماہ مبارک کی برکات سے محروم نہیں رہے گا اور نہ ہی اس کی خیرات میں کوئی رکاوٹ ہوگی۔

Marfat.com

میں دل جمعی کا حاصل ہونا تمام سال کی جمعیت حاصل ہونے کا سبب ہے۔ اور اس ماہ مبارک کا تفرقہ (انتشار و پراگندگی) تمام سال کے تفرقہ کا سبب ہے۔ ''پس اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جس پر یہ مہینہ اس حالت میں گزر گیا کہ وہ اس سے راضی و خوش ہوا اور اس شخص کے لئے ہلاکت ہے جس پر یہ مہینہ ناراض ہوا اور وہ شخص اس ماہ مبارک کی خیرات و برکات سے محروم رہا'' اور ہوسکتا ہے کہ قرآن مجید کا ختم کرنا اس ماہ مبارک میں اسی لیے سنت ہوا ہو تاکہ تمام اصلی کمالات اور ظلی برکات حاصل ہوجائیں پس جس نے ان دونوں (یعنی کمالاتِ اصلی و برکاتِ ظلی) کو جمع کیا امید ہے کہ وہ اس ماہ مبارک کی برکتوں اور نیکیوں سے محروم نہیں رہے گا —— جو برکتیں اس ماہ مبارک کے دنوں سے وابستہ ہیں وہ اور ہیں اور جو برکتیں اس ماہ مبارک کی راتوں سے تعلق رکھتی ہیں وہ اور ہیں۔ اور ہوسکتا ہے کہ روزہ کے افطار میں جلدی کرنا اور سحری کھانے میں تاخیر کرنا افضل و اولیٰ ہونے کا حکم اسی حکمت کی وجہ سے ہو، تاکہ دونوں وقتوں کے اجزا کے درمیان پوری طرح امتیاز حاصل ہوجائے۔ قابلیتِ اولیٰ جس کا اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ اور جس کو حقیقتِ محمدیؐ بھی کہتے ہیں (اس کے مظہر یعنی حضرت محمد ﷺ پر صلوات وتسلیمات ہوں) اس سے مراد ذات کی قابلیت تمام صفات کے ساتھ متصف ہونے کی وجہ سے نہیں ہے جیسا کہ بعض صوفیائے کرام نے یہ حکم بیان کیا

۵... قوله حكم بَاَوْلَوِيَّتِ تعجيل افطار ...الخ: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَّا عَجَّلُو الْفِطْرَ۔ متفق علیہ۔ از مشکوٰۃ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ خیر پر رہیں گے جب تک وہ روزہ جلدی افطار کرتے رہیں گے۔ (بخاری ومسلم بحوالہ مشکوٰۃ) یعنی وقت کے داخل ہونے کے یقین کے ساتھ اس کی تحقیق اور اس میں احتیاط کے بعد نہ کہ تردد اور ظن وگمان کی حالت میں جلدی کریں۔ جیسا کہ بعض اربابِ تکلف سنت سمجھ کر ایسا کرتے ہیں۔

۶... قوله وتاخير تسحر ...الخ:۔ بخاری شریف میں حضرت انس، زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں کہ تَسَحَّرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قُلْتُ : كَمْ كَانَ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالسَّحُوْرِ ؟ قَالَ: قَدْرُ خَمْسِيْنَ اٰيَةً ۔ (بخاری ۱۸۲۱) حضرت زید بن ثابت ﷺ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم نے سحری کی، پھر آپ نے نماز کا قصد فرمایا، میں نے ان سے کہا اذانِ فجر اور سحری میں کتنا فاصلہ تھا؟ انہوں نے فرمایا: پچاس آیتیں پڑھنے کی مقدار۔

۷... كَمَا حَكَم بعض ...الخ:۔ یعنی جس طرح صوفیائے کرام میں سے بعض حضرات نے حکم لگایا ہے کہ قابلیتِ اولیٰ اور حقیقتِ محمدیہ سے مراد قابلیت ذات ہے خصوصی طور پر تمام صفات سے متصف ہونے کو یہ قول منفی سے متعلق ہے نفی سے نہیں۔

۸... قوله كه متعلق شود ...الخ:۔ یعنی ذات کی قابلیت خاص علم کے اعتبار سے ہے۔

۹... جان لو کہ صفات اور شیونات کے درمیان دقیق (باریک) فرق ہے بالجملہ صفات خارج میں موجود ہیں ذات تعالیٰ وتقدس پر زائد وجود کے طور پر اور شیونات صرف ذات عزّ سلطانہ میں اعتبارات ہیں۔

خود حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے مکتوب دوسوستاسی (۲۸۷) جلد اول میں اس فرق کو ایک مثال سے واضح فرمایا ہے، اس مکتوب کو جو تتمہ مکتوب کی شرح کے طور پر تحریر کیا ہے اس مضمون کو وہاں سے مطالعہ کرنا چاہیے۔

۱۰... قوله برزخ ...الخ:۔ با اور زا پر زبر ہے، برزخ کے معنی دو چیزوں کے درمیان حائل اور روک دوسرے معنی برزخ کے ہیں موت کے بعد قیامت تک کا زمانہ، اور عربی میں کہتے ہیں بَرَازِخُ الْاِيْمَانِ:۔ یعنی ایمان کی ابتدا وانتہا کے درمیان کی حالت اور شک ویقین کی درمیانی حالت۔ یہاں اول معنی مراد ہیں۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ جمیع...... جامع ۱۲ ...... جمع کرنے والا۔ ☆ ہیچ ظلیّتے ...... فرعیتے ۱۲ ...... فرعیت، انوار الٰہیہ کی نوعیت۔ ☆ قابلیت اولیٰ ...... حقیقتِ محمدیہ ۱۲ ...... حقیقت محمدیہ ﷺ۔ ☆ نزولِ آن ...... قرآن ۱۲ ...... قرآن مجید۔ ☆ ماہ ...... رمضان ۱۲ ...... رمضان المبارک۔

☆ جمیع کمالاتِ اصلی وبرکاتِ ظلّی ...... قاری وسامع را ۱۲ ...... پڑھنے والے اور سننے والے کو کمالات اصلی وبرکاتِ ظلّی حاصل ہوتے ہیں

Marfat.com

ہے، بلکہ ذاتِ عزشانہ کی قابلیت اس علم کے اعتبار سے ہے جو کہ اُن تمام ذاتی وشیونی کمالات سے تعلق رکھتا ہے جو قرآن مجید کی حقیقت کا حاصل ہیں اور قابلیتِ اتصاف جو کہ خانہ صفات کے مناسب ہے اور اللہ تعالیٰ جلّ شانہ کی ذات اور صفات کے درمیان برزخ ہے وہ دوسرے انبیا علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات کے حقائق ہیں، یہی قابلیت ان اعتبارات کے لحاظ سے جو اس میں مندرج (شامل) ہیں بہت سے حقائق بن گئی ہے۔ وہ قابلیت جس کو حقیقتِ محمدی علیہ الصلوٰۃ و التحیہ کہتے ہیں۔ اگر چہ ظلّیت رکھتی ہے (ظل آمیز ہے) لیکن صفات کا رنگ اس کے ساتھ ملا ہوا نہیں ہے اور کوئی پردہ وواسطہ درمیان میں حائل نہیں ہے اور محمدی المشرب جماعت کے حقائق خاص اس علم کے اعتبار سے جو بعض اُن کمالات کے ساتھ تعلق رکھتا ہے (اللہ تعالیٰ کی) ذات کی قابلیتیں ہیں، اور وہ قابلیتِ محمدیہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی ذات پاک اور اُن متعدد قابلیتوں کے درمیان برزخ ہے اور اُن بعض صوفیائے کرام کا یہ حکم لگانا (کہ حقیقتِ محمدی ذات کی قابلیت ہے جو کہ تمام صفات کے ساتھ متصف ہے) اس وجہ سے ہے کہ خانہ صفات میں قابلیتِ محمدیہؐ کی قدم گاہ ہے اور بس، اور خانہ صفات کے عروج کی انتہا اس قابلیت تک ہے اسی لئے ضروری طور پر اس قابلیت کو آنسرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہے، اور چونکہ یہ قابلیتِ اتصاف ہرگز دور نہیں ہوتی اسی وجہ سے ان بعض صوفیائے کرام نے بھی یہ حکم لگایا ہے کہ حقیقتِ محمدیؐ ہمیشہ حائل ہے ورنہ قابلیتِ محمدیہ علیٰ مظہر ہا الصلوٰۃ والتحیہ (اس کے مظہر پر صلوٰۃ وسلام ہو) جو کہ ذات باری جل شانہ میں مجرد اعتبار ہے

☆ بایّام ...... روزہائے ۱۲...... دنوں میں۔...... ☆ بلَیَالی ...... بشبہائے ۱۲...... راتوں میں۔...... ☆ سِرّ ...... راز ۱۲...... بھید۔
☆ اولیٰ ...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے اور خبر آگے ہے۔...... ☆ علیٰ ...... بر ۱۲...... پر۔...... ☆ مظہر ھا ...... محمد ﷺ ۱۲...... حضرت محمد ﷺ۔ ☆ قابلیت ...... خبر ۱۲...... خبر ہے مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوئے۔ ☆ حقیقت قرآن مجید ...... یعنی جمیع کمالات ذاتی وشیونی ۱۲...... تمام کمالات ذاتی وشیونی۔...... ☆ قابلیت ...... مبتدا ۱۲...... اول، شروع۔...... ☆ حائلی ...... واسطہ ۱۲...... ذریعہ۔......

﴿صہ۹﴾ لے قولہ مقام قطبیت و مرتبہ فردیت:۔ کے متعلق جاننا چاہیے کہ ابدال واقطاب اغواث وافراد واوتاد واخیار وابرار اور نقباء اولیاء اللہ کے اقسام ہیں ان میں سے بعض مخلوق سے پوشیدہ ہوتے ہیں اور آپس میں بھی ایک دوسرے کو نہیں پہچانتے اور اپنے حال کی عمدگی (جمال) کو بھی نہیں جانتے، اور وہ چار ہزار (۴۰۰۰) ہیں، اور ان میں سے بعض اہل حل وعقد ہیں اور بارگاہِ حق جل مجدہٗ کی طرف سے سردار تین سو (۳۰۰) ہیں جیسا کہ نفحات الانس میں لکھا ہے۔ (دیکھو دیباچہ نفحات)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ نے فرمایا کہ ابدال شام میں رہتے ہیں اور وہ چالیس (۴۰) مرد ہیں، جب ان میں سے کوئی مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں کسی دوسرے آدمی کو مقرر فرمادیتا ہے، ان کے وجود کی برکت سے بارش برستی ہے اور انصاف حاصل کیا جاتا ہے، اور ان کی مدد سے دشمنوں سے انتقام لیا جاتا ہے، ان کی برکت سے اہل شام سے عذاب لوٹا دیا جاتا ہے۔ اہل شام کی تخصیص قرب وجوار کی وجہ سے ہے ورنہ ان کی برکت وامداد تمام دنیا کے لئے ہے، خاص طور پر اس شخص کے لئے جو ان سے مدد واعانت طلب کرے۔ ازترجمہ مشکوٰۃ (۷۵۰۴)

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ہے: ابن عساکر نے عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تین سو (۳۰۰) اشخاص کے قلوب حضرت آدم علیہ السلام کے دل کے موافق پیدا فرمائے ہیں۔ اور اللہ نے چالیس آدمی پیدا کئے ہیں جن کے دل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل کے موافق ہیں اور پانچ آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت جبرائیل علیہ السلام کے دل کے موافق ہیں اور تین ایسے ہیں جن کے دل میکائیل علیہ السلام کے دل کے موافق ہیں اور اس کا ایک بندہ وہ ہے جس کا دل حضرت اسرافیل علیہ السلام کے دل کے موافق ہے۔ جب وہ ایک مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان تین سے ایک کو اسکی جگہ بدل دیتا ہے اور جب تین میں سے ایک مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی جگہ پانچ میں سے ایک کو بدل دیتا ہے، اور جب پانچ میں سے

Marfat.com

جس کا نظر سے دور ہونا ممکن بلکہ واقع ہے اور قابلیتِ اتصاف بھی اگر چہ اعتباری ہے لیکن برزخ ہونے کی وجہ سے اس نے ان صفات کا رنگ اختیار کرلیا ہے جو وجودِ زائد کے ساتھ خارج میں موجود ہیں اور اس کا دور ہونا ممکن نہیں ہے۔ اسی لئے اس حائل کے ہمیشہ موجود ہونے کا حکم کرتے ہیں ــــ اس قسم کے علوم جو اصالت وظلّیت کی جامعیت سے پیدا ہوتے ہیں بہت وارد ہوتے ہیں ان میں سے اکثر کاغذ کے پرچوں پر لکھے جاتے ہیں۔

مقامِ قطبیت مقامِ ظلّیت کے علوم کے دقائق کے پیدا ہونے کا مقام ہے اور فردیت کا مرتبہ دائرہ اصل کی معرفتوں کے وارد ہونے کا ذریعہ ہے۔ ان دو دولتوں یعنی مقامِ قطبیت اور مرتبہ فردیت کے جمع ہونے کے بغیر ظل اور اصل کے درمیان تمیز کرنا حاصل نہیں ہوتا، اسلئے بعض مشائخ قابلیتِ اولیٰ کو جسے تعینِ اول کہتے ہیں ذات پر زائد نہیں جانتے اور اس قابلیت کے شہود (مشاہدہ میں آنے) کو تجلّی ذاتی خیال کرتے ہیں اور حق وہی ہے جو میں نے تحقیق کیا ہے اور حقیقتِ امر وہی ہے جس کو میں نے واضح طور پر بیان کیا ہے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی حق کو ظاہر فرماتا ہے اور وہی سیدھے راستے کی طرف ہدایت بخشتا ہے ــــ وہ رسالہ جس کے لکھنے کے لئے اس خاکسار کو حکم ہوا تھا اس کے پورا کرنے کی توفیق حاصل نہیں ہو رہی ہے اور مسوّدے (تحریرات) اسی طرح پڑے ہوئے ہیں، معلوم نہیں اس توقف (رکاوٹ) میں اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی کیا حکمت ہے۔ زیادہ لکھنے کی جرأت کرنا ادب کے خلاف ہے۔

ایک مرجاتا ہے تو سات میں سے ایک کو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ بدل دیتا ہے اور جب سات میں سے ایک مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ چالیس میں سے ایک کو اس کی جگہ بدل دیتا ہے اور جب چالیس میں سے ایک مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی جگہ تین سو میں سے ایک کی جگہ اس سے بدل دیتا ہے اور جب تین سو میں سے ایک مرجاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ عام لوگوں میں سے ایک کو اسکی جگہ بدل دیتا ہے۔

ان مذکورہ اللہ کے بندوں کے سبب اس امت کی بلائیں دور ہوتی ہیں۔ بعض عارفین نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ذکر نہیں فرمایا کہ آپ کے دل کے مطابق بھی کسی کا دل ہوگا، جبکہ اللہ تعالیٰ عالم خلق وامر میں کسی کا دل آپ سے زیادہ عزت والا زیادہ بزرگی والا اور زیادہ لطیف نہیں پیدا فرمایا۔ اس لئے اولیاء اللہ میں کسی کا دل آپ کے برابر اور موافق نہیں ہے، برابر ہے کہ وہ ابدال ہوں یا اقطاب۔

امام یافعیؒ نے فرمایا ہے کہ قطبوں کے حالات پر پردہ ڈالا گیا ہے عام اور خاص لوگوں سے حق تعالیٰ کی غیرت کی وجہ سے۔ انتھی

۲... قولہ والحق ماحققت ... الخ:۔ یعنی اس بارے میں حق وہ ہے جو میں نے تحقیق کیا ہے اور صحیح امر وہ ہے جسکی میں نے وضاحت کردی ہے خدائے پاک حق ظاہر فرماتا ہے اور وہی ہدایت دیتا ہے۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ **اورا درخانہ صفات قدم گاہ است**...... یعنی قابلیت محمدیہ را کہ برزخ است ۱۲...... قابلیت محمدیہ کمالات ذات اور صفات (جل شانہ) میں برزخ کی حیثیت رکھتی ہے...... ☆ **تا آں**...... صفات ۱۲...... کمالات (صفاتی) جب تک وہ کمالات حاصل نہ ہوں۔...... ☆ لا جرم لابد ضرور ۱۲...... ضرور یقینی۔...... ☆ **نسبت کردہ**...... آں بعض...... وہ بعض۔ ۱۲...... ☆ اِلّا...... ورنہ ۱۲...... مگر۔...... ☆ **ارتفاع**...... دور شدن ۱۲...... جس کا نظر سے دور ہونا ممکن ہے۔...... ☆ **ایں دولت**...... مقام قطبیت مرتبہ فردیت ۱۲...... مقام قطبیت اور مرتبہ فردیت۔ ☆ **بتسوید**...... بتحریر ۱۲...... لکھنے کے لئے، لکھنے میں۔ ☆ **مسوّدہا**...... تحریرات ۱۲...... لکھی ہوئی عبارت یا مباحث۔......

Marfat.com

پانچواں مکتوب

ایک مخلص دوست خواجہ برہان الدین کی سفارش اور اُن کے بعض حالات کے بیان میں۔ یہ بھی اپنے پیرومرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ حضور کا ادنیٰ ترین خادم عرض کرتا ہے کہ ایک رسالہ حضرات خواجگان نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ کے بیان میں لکھ کر ارسال خدمت کیا ہے حضور کے ملاحظہ سے گذرے گا ابھی مسّودہ ہے، چونکہ خواجہ برہان جلدی روانہ ہو گئے اس لئے اس کو صاف نقل کرنے کا وقت نہ ملا، خیال ہے کہ بعض دوسرے علوم بھی اس کے ساتھ ملائے جائیں۔ ایک روز رسالہ ''سلسلۃ الاحرار'' نظر سے گذرا۔ اس وقت دل میں خیال آیا کہ حضور سے درخواست کروں کہ آنجناب خود اس رسالہ کے بعض علوم کے بارے میں کچھ تحریر فرمائیں یا اس فقیر کو حکم دیں تاکہ اس کے بارے میں کچھ لکھے۔ یہ خیال بہت پختہ ہو گیا تھا کہ اسی اثناء میں اس مسودے کے بعض علوم کا فیضان ہوا اور اس رسالہ ''سلسلۃ الاحرار'' کے بعض علوم مجمل طور پر اس رسالہ کے ضمن میں بیان ہو گئے ہیں، اگر اسی مسودے کو اُس رسالہ کا تکملہ بنالیں تو اس کی بھی گنجائش ہے، اور اگر بعض مناسب علوم کو اس مسودے میں سے انتخاب کر کے اس رسالہ کے ساتھ ملالیں تو یہ بھی ایک صورت ہے اس سے زیادہ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی پہلا حصہ

حاشیہ متن

﴿صہ۱۰﴾ ۱ قولہ رسالہ سلسلۃ الاحرار ...الخ:۔ جاننا چاہیے کہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ نے اپنی رباعیات کی جو کہ آپ کی بڑی دقیق اور نفیس تصنیفات میں سے ہے، شرح فرمائی ہے، اور اس کا نام سلسلۃ الاحرار رکھا ہے۔ ۱۲

۲... قولہ این خاطر ...الخ:۔ یہ بات دل میں گزری یعنی دوسری رائے یہ تھی کہ آپ (خواجہ باقی باللہ) فقیر (مجدد الف ثانی) کو حکم فرمائیں تاکہ اس بارے میں کچھ تحریر کرے۔۱۲

۳... قولہ خیلے ...الخ:۔ خا کے زبر سے، اس کے معنی سواروں اور آدمیوں کے گروہ وغیرہ اور گھوڑوں کے گلے کے ہیں اور کم اور زیادہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اس جگہ زیادہ کے معنی میں ہے۔ ۱۲

۴... قولہ ایں مسودہ ...الخ:۔ یعنی یہ رسالہ حضرات خواجگانِ نقشبند کی طریقت کے بیان میں ہو۔ ۱۲

۵... قولہ معذرت:۔ یعنی اس رسالہ کے بعض علوم یعنی رسالہ سلسلۃ الاحرار، کے ضمن میں واضح ہیں، مطلب یہ کہ رسالہ سلسلۃ الاحرار کے علوم سے بعض اس مسودہ میں مَیں نے بیان کر دیئے ہیں۔۱۲

۶... تیسری سیر سے مراد سیر عن اللّٰہ باللّٰہ ہے اس سے مراد حرکتِ علمیہ ہے جو کہ علم اعلیٰ سے علم اسفل کی طرف، اور پھر اس اسفل سے دوسرے اسفل کی طرف ... الخ) علیٰ ھٰذا لقیاس۔

☆**متن**............ بین السطور............ معانی............

☆**الخدمہ**...... بفتحسین جمع خادم ۱۲...... دوزبر سے خادم کی جمع۔☆**خواجگان**......نقشبندیہ ۱۲......حضرات نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

☆**فرجہ بیاضِ آں**......یعنی فرصت نقل مسودہ ۱۲......یعنی مسودہ نقل کرنے کا موقع۔......☆**اثناء**......میان ۱۲......دوران۔......

☆**فاتر**...... ست ۱۲......تساہل۔......☆**متصلِ آں**......دریں اثناء۱۲......اس عرصہ میں۔......☆**انتخاب**......برگزیدن ۱۲......چننا۔......☆**مشوّش**......پریشان کنندہ ۱۲......پریشان کیا ہوا۔......

Marfat.com

لکھنے کی جرأت کرنا ادب کے خلاف ہے۔خواجہ برہان نے اس عرصہ میں خوب محنت کی ہے اور تیسری سیر سے بھی جو کہ مقامِ جذبہ کے مناسب ہے کچھ حصہ پالیا ہے۔خواجہ برہان کا دل صوبۂ مالوہ میں معاش کے لحاظ سے پراگندہ رہتا ہے وہ آپ کی خدمتِ مبارک میں حاضر ہو رہے ہیں، حضور ان کے لیے جو حکم فرمائیں گے وہ مبارک ہوگا۔

چھٹا مکتوب

جذبہ وسلوک کے حاصل ہونے اور جمالی وجلالی دونوں صفتوں کے ساتھ تربیت پانے اور فنا وبقا اور ان کے متعلقات کے بیان میں اور نسبتِ نقشبندیہ کی فوقیت کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیرومرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ حضور کا کمترین خادم **احمد** عرض کرتا ہے کہ مطلق طور پر ہدایت کرنے والے یعنی اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آنجناب کی توجہ عالیہ کی برکت سے جذبہ وسلوک کے دونوں طریقوں اور جمال وجلال کی دونوں صفتوں سے اس حقیر کی تربیت فرمائی ہے۔اب جمال عین جلال ہے اور جلال عین جمال ہے۔

''رسالہ قدسیہ'' (مصنفہ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بزرگوار نقشبند قدس سرہ العزیز) کے بعض حاشیوں میں اس عبارت کو اپنے ظاہری مفہوم سے پھیر کر اپنے موہوم مطلب پر حمل کیا ہے، حالانکہ یہ عبارت اپنے ظاہری معنی پر محمول ہے اور ظاہری معنی سے ہٹانے اور تاویل کے قابل نہیں ہے، اور اس تربیت کی علامت محبتِ ذاتی کے ساتھ متحقق ہونا ہے اس کے تحقق سے پہلے ممکن نہیں ہے، اور محبتِ ذاتی فنا کی علامت ہے اور فنا سے مراد اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز کا فراموش ہو جانا ہے—— پس جب تک تمام علوم پورے طور پر سینے کے میدان سے صاف نہ ہو جائیں اور سالک جہل مطلق کے ساتھ متحقق نہ ہو جائے وہ فنا سے بہرہ ور نہیں ہو سکتا، اور یہ حیرت وجہل دائمی ہے اس کا زائل ہونا ممکن نہیں اور ایسا نہیں ہے کہ کبھی حاصل ہو جائے اور کبھی

حاشیہ متن

﴿صہ۱۰﴾ ۓ جذبہ:۔ سے مراد سیرِ انفسی ہے۔اور سلوک سے مراد سیرِ آفاقی ہے۔بالفاظ دیگر تصفیہ (قلب) وتزکیہ (نفس)۔معلوم ہونا چاہیے کہ پیر کامل مکمل جناب پیغمبر علیہ الصلوٰت والسلام کا نائب ہوتا ہے جب اپنی توجہ مرید کے کام میں لاتا ہے اور مرید کو اس میں کوئی عمل نہیں کرنا پڑتا اور اس کی برکت ہی سے اس (مرید) کے عالم امر کے لطائف پستی (نزول) سے ترقی کر کے اصلاً خود بخود فانی ہو جاتے ہیں۔اور اس کے عالم امر کے لطائف کا تزکیہ اور فنا ہر ایک اس سے اس اصول میں حاصل ہو جاتے ہیں اسے سیرِ انفسی کہتے ہیں۔اور یہ ''جذب'' ہے۔جس مرید کی اس طریقہ سے تربیت کی جائے، اسے ''مجذوب'' کہتے ہیں۔اور جب پیرِ کامل، مرید کو ریاضت (مجاہدہ) اور چلہ کشی اور اس قسم کے طریقوں کی رہنمائی فرمائے۔اور پیر کامل کی صحبت کی تاثیر اس کی ریاضت (مجاہدہ) میں ممد ہو اور مرید کو اپنے نفس اور عناصر کی پاکیزگی حاصل ہو جائے یہ سلوک ہے اور اسے سیرِ آفاقی کہتے ہیں۔اور اس قسم کے مرید کو ''سالک'' کہتے ہیں اور جب جذب سلوک سے مقدم (پہلے) ہو۔جیسا کہ حضرات نقشبندیہ کا معمول (طریقہ) ہے (ایسے) مرید کو ''مجذوبِ سالک'' سے موسوم کیا جاتا ہے۔اور اگر سلوک مقدم (پہلے) ہو جیسا کہ دوسرے سلاسل کے حضرات میں مروّج (دستور) ہے ایسے مرید کو ''سالک مجذوب'' کہتے ہیں۔ ۱۲ (ملخص)

☆متن............ بین السطور............ معانی............

☆ آنکہ مرشد علی الاطلاق جل شانہ...... حق سبحانہ وتعالیٰ ہادی علی الاطلاق ۱۲......اللہ تعالیٰ جل شانہ مطلق طور پر ہدایت عطا کرنے والے ہیں۔......

Marfat.com

زائل ہو جائے — حاصل کلام یہ ہے کہ مقام بقاباللہ سے پہلے جہالت محض ہے اور مقام بقاباللہ حاصل ہونے کے بعد جہالت اور علم دونوں جمع ہو جاتے ہیں، سالک عین نادانی کی حالت میں شعور کے ساتھ ہوتا ہے اور عین حیرت کے وقت میں حضور کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور یہ مقام حق الیقین کا مقام ہے کہ اس میں علم اور عین ایک دوسرے کے لیے حجاب نہیں ہیں اور وہ علم جو اس قسم کی جہالت سے پہلے حاصل ہوتا ہے وہ احاطہ اعتبار سے خارج ہے، (یعنی اعتبار کے لائق نہیں ہے) اس حالت کے باوجود اگر علم ہے تو اپنے آپ میں ہے اور اگر شہود ہے تو وہ بھی اپنے آپ میں ہے اور اگر معرفت یا حیرت ہے تو وہ بھی اپنے آپ میں ہی ہے جب تک کہ نظر باہر کی اشیاء میں ہے بے حاصل (بے کار) ہے اگر چہ اپنے آپ میں بھی نظر رکھتا ہو، بیرونی اشیاء سے نظر بالکل منقطع ہو جانی چاہیے — حضرت خواجہ بزرگ (یعنی خواجہ بہاالدین نقشبند) قدس سرہ فرماتے ہیں کہ ''اہل اللہ فنا و بقا کے بعد جو کچھ دیکھتے ہیں اپنے آپ میں دیکھتے ہیں اور جو کچھ پہچانتے ہیں اپنے آپ میں ہی پہچانتے ہیں اور ان کی حیرت اپنے وجود ہی میں ہے''۔ اس عبارت سے بھی صاف طور پر مفہوم ہوتا ہے کہ شہود اور معرفت اور حیرت اپنے نفس میں ہی ہے اور بس، اپنے آپ سے باہر کی اشیاء میں ان میں سے کوئی بھی نہیں ہے جب تک ان تینوں میں سے کوئی ایک امر بھی اپنے نفس سے باہر میں ہے اگر چہ اپنے آپ میں بھی رکھتا ہو اس کو فنا حاصل نہیں ہے تو بقا اس کو کس طرح حاصل ہو جائے گی (کیونکہ) فنا و بقا میں مرتبہ کی انتہا یہی ہے اور یہ فنا مطلق ہے اور مطلق فنا عام ہے، اور بقا فنا کے اندازہ کے مطابق ہوتی ہے (یعنی جس قدر فنا کامل ہوگی اسی قدر بقا بھی کامل ہوگی) اس لیے بعض اولیاء اللہ فنا و بقا کے ساتھ متحقق ہونے کے بعد اپنے باہر میں بھی شہود رکھتے ہیں، لیکن ان بزرگواروں (یعنی مشائخ نقشبندیہ قدس اسرارہم) کی نسبت تمام نسبتوں سے بلند تر ہے۔

نہ ہر کہ آئینہ دارد سکندری داند	نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند
ترجمہ:- محض آئینہ رکھنے سے سکندر بن نہیں سکتا	فقط سر کے منڈوانے سے قلندر بن نہیں سکتا

جب بہت سے قرن (کئی صدیاں) گذرنے کے بعد اس سلسلۂ عالیہ کے بڑے بڑے مشائخ میں سے ایک یا دو کو اس نسبت

(صہ۱۱) ۱ قولہ جمال عین جلال است :-جَمال ج کی زبر سے معنی اچھا ہونا۔ خوب صورت و خوب سیرت ہونا۔ یہاں انعام واکرام مراد ہے۔

۲ ... قولہ جلال بالفتح:- یعنی ''ج'' کی زبر سے، اس کے معنی بزرگی اور بڑائی ہے اس جگہ مراد مصائب کا ظاہر ہونا جو غصہ و غضب کی صورت ہے۔

۳ ... قولہ رسالہ قدسیہ :- رسالہ قدسیہ سے مراد خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ نقشبند بخاری قدس سرہ کی ایک تصنیف ہے۔

۴ ... قولہ رفتہ:- ر کی پیش سے، رُفتن- جھاڑ دینا- صاف ہونا- مراد سینہ صاف ہونا (تصفیہ و تزکیہ قلب)۔

۵ ... قولہ غائتہ مافی الباب:- اس باب کا مطلوب و مقصود حقیقی۔

۶ ... قولہ الحق الیقین ...الخ:- جاننا چاہیے کہ حق الیقین، عین الیقین اور علم الیقین اور اپنے سے باہر میں نظر کرنا، اور اپنے آپ میں نظر کرنا اور ان کے ایک دوسرے کے لئے حجاب ہونے یا نہ ہونے کی تفصیل، ان سب کو حضرت مجدد علیہ الرحمہ نے جلد اول میں مکتوب نمبر دو سو ستر (۲۷۰) میں ذکر فرمایا ہے اس کا مطالعہ وہاں سے کرنا چاہیے۔ ۱۲

۷ ... در وجود خود است:- ایسا نہ ہو کہ نادان اور سادہ لوح اس جگہ حلول یعنی باہم مل جانا اور اتحاد یعنی اکھٹے ہو جانا سمجھ بیٹھے اور گمراہی کے گڑھے میں جا گرے۔

ع۔ اینجا حلول کفر بود اتحاد ہم — ترجمہ:- یہاں حلول کفر ہے اور اتحاد بھی (کفر ہے)

بیت — می فتد ایں عقلہاء اعتقاد — در مغا کی حلول و اتحاد

ترجمہ:- حلول واتحاد کا یہ عقیدہ عقل واعتقاد کو (گمراہی کے) گڑھے میں پھینک دیتا ہے۔

Marfat.com

کے ساتھ شرف بخشتی ہیں تو دوسرے سلسلوں کے بارے میں کیا بیان کیا جائے ، یہ نسبت حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ کی نسبت ہے اور اس نسبت کو پورا اور کامل کرنے والے حضرت خواجہ خواجگان یعنی حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہم ہیں اور آپ کے خلفاء میں سے حضرت خواجہ علاؤالدینؒ اس دولت میں مشرف ہوئے تھے۔

ع۔ ایں کار دولت ست کنوں تا کرا دہند ترجمہ:۔ یہ ہے عظیم کام، ملے دیکھئے کسے

یہ عجیب معاملہ ہے کہ پہلے جو بلاؤ مصیبت بھی واقع ہوتی تھی وہ فرحت وخوشی کا باعث ہوتی تھی اور یہ فقیر هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ (ق۔۳۰ ترجمہ: کیا اور زیادہ بھی ہے) کہتا تھا اور دنیاوی ساز وسامان میں سے جو کچھ کم ہو جاتا تھا اچھا معلوم ہوتا تھا، اور یہ فقیر اسی قسم کی خواہش کرتا تھا اور اب جبکہ عالم اسباب میں نزول واقع ہوا ہے اور اپنی عاجزی ومحتاجی پر نگاہ پڑی ہے، اگر تھوڑا سا بھی نقصان لاحق ہو جاتا ہے تو پہلے ہی جھٹکے میں ایک قسم کا رنج وغم پیدا ہو جاتا ہے اگرچہ وہ جلد ہی دور ہو جاتا ہے۔اور کچھ باقی نہیں رہتا۔اور اسی طرح اگر پہلے یہ عاجز بلا ومصیبت کے دور ہونے کے لیے دعا کرتا تھا تو اس سے اس بلا ومصیبت کو دور کرنا مقصود

دیگر
تا بندہ ز خود فانی مطلق نشود توحید بزد او محقق نشود
توحید حلول نیست نابودن تست عارف بگذاف آدمی حق نشود

ترجمہ:۔ جب تک بندہ اپنے آپ سے مطلقاً فانی نہ ہو جائے۔توحید خالص اس کے نزدیک متحقق نہیں ہو سکتی۔توحید حلول نہیں ہے (بلکہ تیرے وجود کا فنا ہونا ہے—ایسے اعتقاد وعمل (حلول واتحاد) کے عارف کو چھوڑ دو کیونکہ اس نظریئے والے آدمی کا وجود حق نہیں ہے۔

۸... قولہ یکے از ثلثہ:۔شہود ومعرفت وحیرت۔ان تینوں میں سے ایک۔ (کا ظاہر ہونا)

۹... قولہ فکیف البقاء:۔یعنی پس از بقا چگونہ بہرہ وردارد (ترجمہ:۔تو بقا سے کیسے بہرہ ور ہوگا۔)

۱۰... قولہ قلندری:۔قلندر دراصل بمعنی کندہ ناتراشیدہ۔قلندر کے اصل معنی یہ ہیں ایسی چیز جس کی کانٹ چھانٹ نہ کی گئی ہو کہ اسے دروازے کے پس پشت پھینک دیتے ہیں۔جو جلدی نہ کھولا جائے۔(مرشد کامل سے تربیت یافتہ نہ ہونا۔جس کی یہ حالت ہو وہ جلد کسی بھی منزلِ سلوک کو نہیں پا سکتا)۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆مفہوم...... معنی ۱۲...... مطلب۔......☆صریح...... ظاہر ۱۲...... واضح۔......☆انحراف...... برگشتن ۱۲...... بدلنا۔......

☆نسیان...... فراموشی ۱۲...... بھول جانا۔......☆ماسوا...... غیرحق تعالیٰ ۱۲......اللہ کے سوا۔......☆ساحت...... میدان ۱۲......

کھلا میدان۔......☆موطن...... مقام ۱۲...... جگہ۔......☆خواجہ بزرگ قدس اللہ سرہٗ...... خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہٗ ۱۲

مراد سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری علیہ الرحمۃ ہیں۔......☆عزیزان...... حضراتِ نقشبندیہ ۱۲...... یعنی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بزرگ حضرات۔......

﴿صہ ۱۲﴾ ۱ قولہ قرون جمع قرن:۔ترجمہ:۔قرون، قرن کی جمع ہے (ق کی زبر سے) قرن ایک سو سالہ مدت کو کہتے ہیں۔بعض حضرات سو سال سے کم اور زیادہ کو بھی قرن ہی میں شمار کرتے ہیں۔

۲... قولہ خواجہ عبدالخالق غجدوانی ...الخ:۔حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبدالخالق غجدوانی علیہ الرحمہ کی تعلیمات اس راہ (طریقت) میں حجت کا درجہ رکھتی ہیں۔اور آپؒ تمام فرقہائے سلاسل (طبقاتِ صوفیاء) میں مقبول ہیں۔وہ ہمیشہ صدق وصفا کے طریق، شرع وسنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع —— بدعت اور خواہشات نفسانی وبیہودگی کی مخالفت میں کوشاں رہے ہیں انہیں جوانی میں پہلا ذکر کا سبق حضرت خضر علیہ السلام سے حاصل ہوا اور اس سبق پر مداومت اختیار کی ہے خواجہ خضر علیہ السلام نے انہیں اپنی فرزندی (تفویض نعمت) میں قبول فرمالیا۔اس کے بعد شیخ الشیوخ عالم عارف ربانی خواجہ امام ابو یعقوب یوسف ہمدانی قدس سرہ کی صحبت میں رہے ہیں۔کہتے ہیں خواجہ خضر علیہ السلام ان کے پیر سبق ہیں اور خواجہ یوسف ہمدانیؒ پیر صحبت وخرقہ۔ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔اور کہا حدیث اتقوا فراسة المومن فانہ

Marfat.com

نہیں ہوتا تھا بلکہ اس سے مقصود اللہ تعالیٰ کے حکم اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (مومن۔۶۰ ترجمہ:۔تم مجھ سے مانگو میں قبول کروں گا) کی تعمیل و فرمانبرداری بجالانا تھا لیکن اب دعا سے مقصود بلاؤں اور مصیبتوں کا رفع کرنا ہے اور وہ خوف و غم جو پہلے زائل ہو چکے تھے اب پھر لوٹ آئے ہیں اور اب معلوم ہوا کہ وہ حالت سُکر کی وجہ سے تھی، صحو کی حالت میں عاجزی و محتاجی اور خوف و حزن اور غم و خوشی جس طرح سے عام لوگوں کو لاحق ہوتی ہے اس خاکسار کو بھی ہے ابتدا میں بھی جب کہ دعا سے بلاو مصیبتوں کا دفع کرنا مقصود نہیں تھا دل کو یہ بات اچھی نہیں لگتی تھی لیکن حال غالب تھا (اس لئے مجبور تھا) دل میں خیال گزرتا تھا کہ انبیاء علیہم السلام کی دعا اس قسم کی نہیں تھی کہ جس سے وہ اپنی مراد کا حاصل ہونا چاہتے ہوں، اب جبکہ یہ خاکسار اُس

یَنظُرُ بِنُورِ اللّٰہ کا ''سر'' (حقیقت) کیا ہے۔فرمایا کہ زنار توڑ دے اور ایمان لے آ۔اس شخص نے زنار سے انکار کیا۔خواجہؒ نے اپنے خادم کو اشارہ کیا خادم نے جب اس کا خرقہ (کرتہ) اتارا۔زنار ظاہر ہوئی۔اس نے اسی وقت زنار توڑ دی۔اور مسلمان ہو گیا۔ارشاد فرمایا۔طالبان (راہ سلوک کے طالب) کو بھی چاہیئے کہ ہم بھی باطن یعنی عُجب (خود نمائی، تکبّر) کی زنار توڑ دیں۔جس طرح اس نے بخشش پائی۔ہم بھی بخشش پائیں۔

زنار (ایسا دھاگہ جسے ہندو قوم گلے میں آڑے ترچھے انداز میں ڈالے رکھتے ہیں۔زنار ہندوازم کی علامت ہے) (از نفحات الانس)

۳... قولہ خواجہ بہاؤالدین المعروف بہ نقشبند قدس سرہ:۔ان کا نام محمد بن محمد بخاریؒ ہے۔ان کو حضرت خواجہ محمد بابا سماسی علیہ رحمۃ نے اپنی فرزندی میں قبول فرمایا۔اور تعلیم اور آدابِ طریقت حضرت سید امیر کلال علیہ الرحمہ سے حاصل کئے۔درحقیقت موصوف اویسی ہیں اور روحانی تربیت حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی علیہ الرحمہ سے حاصل کی۔حضرت کے غلام یا کنیز نہیں رہے ہیں اس بارے میں لوگوں نے سوال کیا تو آپ نے جواب ارشاد فرمایا، غلامی کو آقائی سے کوئی مناسبت نہیں اور فرماتے ہیں کہ وجود کی نفی ہمارے نزدیک قرب کا مقبول ترین ذریعہ ہے لیکن سوائے اختیار کے ترک کرنے اور دیدِ قصورِ اعمال کے حاصل نہیں ہوتا (عمل میں کوتاہی دیکھنا) اس راستے (سلوک۔فقر) پر چلے بغیر تعلق (بیعت) ایک بڑا حجاب ہے۔

؎ تعلق حجابست و بے حاصلی ۔۔۔ چوں پیوند ہا بگسلی واصلی

ترجمہ:۔تعلق (دنیا کے ساتھ وابستگی) حجاب ہے اور بے مقصد۔(بے فائدہ) جب تو تعلقات کو توڑ دے گا واصل ہو جائے گا۔(اللہ تعالیٰ کا مقرب ہو جائیگا۔) بعض حضرات نے آپؒ کی ذات سے کرامات کا مطالبہ کیا۔فرمایا۔ہماری کرامات ظاہر (واضح) ہیں کہ باوجود اسقدر گناہوں کے بوجھ کے روئے زمین پر چل پھر سکتا ہوں (چلتا پھرتا ہوں) فرمایا میرے جنازہ کے آگے یہ شعر پڑھیں۔

؎ مفلسا نیم آمدہ در کوئے تو ۔۔۔ شیأ للہ از جمال روئے تو

ترجمہ:۔ہم مفلس آپ کے کوچے میں حاضر ہوئے ہیں۔اپنے رخ انور کا صدقہ اللہ کیلئے (اللہ کا واسطہ) کچھ دو۔

آپؒ نے یہ بھی فرمایا کہ عزیزاں علیہ الرحمۃ والغفران کہا کرتے تھے زمین اس گروہ اولیاء کی نظر میں دسترخوان کی طرح ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ دنیا ناخن کی طرح ہے اور کوئی چیز ان کی نظر سے غائب نہیں ہے ان کی وفات دوشنبہ (پیر) کی رات تین ربیع الاول سنہ سات سو اکانوے (۷۹۱) ہجری ہے۔قدس سرہ۔اللہ تعالیٰ ان کے رازوں کو محفوظ فرمائے۔ نفحات الانس سے اختصار کے ساتھ مذکورہ بالا اذکار نقل کئے ہیں۔(حضرت عزیزان علیہ الرحمہ سے مراد حضرت خواجہ عزیزان علی رامیتنی قدس سرہ ہیں جو حضرت خواجہ محمد بابا سماسی قدس سرہ کے مرشد گرامی ہیں)

۴... حضرت خواجہ علاؤالدین بایں دولت:۔ترجمہ:۔قولہ: حضرت خواجہ علاؤالدین علیہ الرحمہ کا لقب عطار ہے (یعنی عطر فروش) ان کا اسم محمد بن علی بن محمد البخاری ہے۔حضرت خواجہ خواجگان بہاؤالدین نقشبند بخاری علیہ الرحمہ کے جلیل القدر اصحاب (اہل تربیت و عقیدت) میں سے تھے۔حضرت خواجہ نقشبند بخاری علیہ الرحمہ نے اپنی حیاتِ طیبہ کے زمانہ میں بہت سے طالبان کی تربیت کو آپ کے حوالے کر دیا۔اور فرمایا علاؤالدین (علیہ الرحمہ) نے ہمارا بہت سا بوجھ ہلکا کر دیا ہے یقیناً ان کی ولایت کے انوار و اثرات اتمام و تکمیل کی حد تک ان سے ظاہر ہوئے اور ان کی صحبت کی برکت اور حسن تربیت سے بہت سے طالبانِ (راہ سلوک) دوری اور نقصان کے پائین—— نچلے مقام سے حضوری کے قرب و کمال کے اعلیٰ مراتب تک پہنچے ہیں اور اکملیت کے انتہائی درجہ کا کمال حاصل کیا ہے۔شیخ عطار فرماتے ہیں۔

؎ صد ہزاراں قطرۂ خون از دل چکید ۔۔۔ تا نشانِ قطرۂ زاں یافتم

ترجمہ:۔خون کے لاکھوں قطرات دل سے ٹپکے اور پھر جا کر ان کی نسبت و محبت کا ایک قطرہ حاصل ہوا۔

Marfat.com

حالت سے مشرف فرمایا گیا اور معاملہ کی حقیقت واضح کردی گئی تو معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم الصلوات و التسلیمات کی دعائیں عاجزی و حاجتمندی اور خوف و حُزن کی وجہ سے تھیں محض حکم کی تعمیل کے لیے نہیں تھیں بعض امور جو اس فقیر پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں حضور کے حکم کے مطابق کبھی کبھی اُن کے عرض کرنے کی گستاخی کرتا ہے۔

مزید حضرت عطارؒ فرماتے ہیں کہ ہر طالب کو اکابر دین ﷺ کی دید و زیارت کو مقصد بنانا چاہیے تاکہ حق کی طرف توجہ ہو جائے اور ان برگزیدہ حق کی روح کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کی توجہ کمال حاصل ہو۔ جیسے کہ مخلوق خدا سے ہر حال میں تواضع وانکساری زیادہ ظاہر ہو اسی قدر حق سبحانہ تعالیٰ کی قدرت وحکمت کے نشانات کو ظاہری لحاظ سے دیکھتے ہیں حضرت خواجہ علاؤالدین قدس سرہ عشاء کی نماز کے بعد بدھ کی رات بیس (۲۰) رجب سنہ آٹھ سو دو (۸۰۲) ہجری آپ نے وفات پائی ہے ان کا مزار پر انوار موضع چغانیاں میں ہے۔ (نفحات الانس سے بالاختصار اقتباس لیا ہے)

نوٹ:۔ یاد رہے کہ یہ حضرت خواجہ عطار علیہ الرحمہ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ کے خواہرزادہ اور داماد اور خلیفہ مجاز تھے اور حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ کی رضا و اجازت سے ان کے مسند نشین ہوئے اور سلسلہ کو ترقی بخشی۔ تذکرۃ الاولیاء کے مصنف حضرت خواجہ عطار علیہ الرحمہ ایک علیحدہ شخصیت تھے، ان کا نام فرید الدین عطار علیہ الرحمہ ہے۔

۵ ... قولہ امر ادعونی اشارت است:۔ اشارہ ہے اس آیہ کریمہ کی طرف جو کہ سورہ المومن پارہ فمن اظلم (۲۴) میں واقع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "وقال ربکم ادعونی استجب لکم (الآیہ) یعنی فرمایا کہ "تمہارا پروردگار کہتا ہے دعا کرو میرے حضور تو میں تمہاری دعا قبول کرونگا"..... الخ لمصححہ سلمہ اللہ والبقاہ

☆ متمم و مکمّل ...... ہر دو بصیغہ اسم فاعل از تکمیل و تتمیم یعنی بتمام و بکمال رسانندہ ۱۲..... تمام اور کمال تک پہنچانے والا، کامل و مکمل کے مقام تک متمکن کرنیوالا۔..... ☆ از اَمتعہَ دنیویہ کم شود...... بالفتح وکسر تای۔ مَتاۃ جمع متاع بمعنی چیزے نفع مند ۱۲..... (اُ) زبر سے، (تِ) زیر سے مَتاۃ (دو نقطے اوپر) جمع متاع نفع بخش چیز۔..... ☆ افتقارِ خود...... حاجت مندی ۱۲..... محتاجی، عالم اسباب میں کمی۔..... ☆ بسرعت...... بالضم ضروری ۱۲..... س پر پیش، بمعنی جلدی۔..... ☆ زائل...... دور شوندہ ۱۲..... دور ہونا، ختم ہونا۔..... ☆ امتثال امر ادعونی...... یعنی فرمانبرداریٔ حکم خدائی تعالیٰ کہ فرمودہ است ادعونی یعنی مرا نجوانید ۱۲..... یعنی فرمانبرداری اور خدائے تعالیٰ کے حکم کے مطابق جو اس کا فرمان ہے "مجھ سے مانگو" یعنی مجھ سے طلب کرو یا مجھے پکارو کرو۔..... ☆ بلیّہ...... بلا و آفت ۱۲..... آزمائش، مصیبت، تکلیف...... ☆ مصائب مصیبت ہائے بسیار ۱۲..... بہت زیادہ تکالیف۔ ☆ سُکر...... بالضم مستی ۱۲..... س پر پیش (ـُـ) سے بیہوشی۔ ☆ صَحو...... بالفتح ہوشیاری ۱۲ ص پر زبر (ـَـ) سے ہوشمندی۔..... ☆ عجز...... بیان ہرچہ ۱۲..... انکساری سے جو کچھ بیان کیا گیا۔.....

ساتواں مکتوب

اپنے بعض عجیب و غریب حالات اور بعض ضروری استفسارات کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ حضور کا کمترین خادم احمد عرض کرتا ہے، کہ جو مقام مجدّد (عرش) کے اوپر ہے اپنی روح کو عروج کے طریق پر اس مقام میں پاتا تھا اور وہ مقام حضرت خواجہ بزرگ (یعنی حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ) کے ساتھ مخصوص تھا، کچھ زمانہ گزرنے کے بعد اپنے عنصری بدن کو بھی اس مقام میں پایا اور اس وقت یہ بات خیال میں آئی کہ یہ عالم سارے کا سارا عنصریات و فلکیات سے نیچے چلا گیا ہے اور اس کا نام و نشان باقی نہیں رہا۔ اور چونکہ اس مقام میں بعض اولیائے کبار کے سوا

Marfat.com

اور کوئی نہیں تھا، اس وقت تمام عالم کو اپنے ساتھ ایک ہی جگہ اور ایک ہی مقام میں شریک پا کر بہت حیرت حاصل ہوتی ہے کہ پوری پوری بیگانگی کے باوجود اپنے آپ کو اُن کے ساتھ دیکھتا ہے۔ غرضکہ وہ حالت جو کبھی کبھی حاصل ہوتی تھی جس میں کہ نہ خود رہتا تھا اور نہ عالم، نہ نظر میں کوئی چیز آتی تھی نہ علم میں، اب وہ حالت دائمی ہوگئی ہے، خلقتِ عالم کا وجود دید و دانش (دیکھنے و جاننے) سے باہر نکل گیا ہے۔

اس کے بعد اسی مقام میں ایک بلند محل ظاہر ہوا کہ جس کے ساتھ سیڑھی رکھی ہوئی ہے میں وہاں پہنچ گیا، وہ محل بھی اس عالم کی طرح آہستہ آہستہ (درجہ بدرجہ) نیچے چلا گیا اور میں گھڑی (لحمہ بہ لحمہ) اپنے آپ کو اس کے اوپر چڑھتا ہوا محسوس کرتا تھا، اتفاقاً (یعنی ایک دفعہ جبکہ) میں وضو کے شکرانہ کی نماز (تحیۃ الوضو) ادا کر رہا تھا کہ ایک بہت ہی بلند مقام ظاہر ہوا اور مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم میں سے چار بزرگ مشائخ کو اس مقام میں دیکھا، اور دوسرے مشائخ مثلاً سید الطائفہ وغیرہ کو بھی

☆متن.......... بین السطور.......... معانی..........

﴿صہ۱۲﴾☆محدّد.......عرش ۱۲...... اعلیٰ ترین مقام جو تمام آسانوں کو محیط ہے۔.......

حاشیہ متن

﴿صہ۱۳﴾ ۱۔ قولہ بدن عنصری، عُنصُر:۔ (پہلے اور تیسرے حرف پر پیش) اس کے معنی اصل اور بنیاد کے ہیں، طبیبوں کے نزدیک مٹی، ہوا، پانی اور آگ کو کہتے ہیں یعنی بدن انسانی چار عناصر سے مرکب ہے۔

۲... قولہ عنصریات:۔ یعنی کل چار عناصر مفردات و مرکبات۔

۳... قولہ و اکابر اربعہ نقشبندیہ:۔ یعنی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے چار بزرگ ارکان، علامہ محمد مراد مکی (مکتوبات امام ربانی کا عربی میں ترجمہ کرنے والے) فرماتے ہیں کہ شاید ان سے مراد (۱) خواجہ عبدالخالق غجدوانی۔ (۲) خواجہ محمد بہاؤ الدین نقشبند (۳) خواجہ علاء الدین عطار (۴) اور خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم ہیں۔

کاتب الحروف (مولانا نور احمد رحمہ اللہ) کہتے ہیں کہ حضرت مجدد علیہ الرحمہ کے روضہ مقدسہ پر موجود مکتوبات کے قلمی نسخہ کے حاشیہ پر میں نے لکھا ہوا پایا ہے۔ (۱) خواجہ بزرگ خواجہ نقشبند (۲) خواجہ محمد پارسا (۳) حضرت خواجہ علاء الدین عطار اور (۴) خواجہ احرار قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم (اکابر اربعہ سے مراد ہیں)۔

۴... قولہ سید الطائفہ ...الخ:۔ یعنی خواجہ جنید بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ جو صوفیاء کے دوسرے طبقہ سے ہیں آپ کی کنیت ابوالقاسم اور لقب قواریری زجاج اور خزاز ہیں۔ قواریری اور زجاج اس وجہ سے کہ آپ کے والد شیشہ فروخت کرتے تھے، امام یافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ خزّاز (خا نقطہ والی زبر والی ہے اور زشدوالی دوبار ہے) اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ریشم کا کام کرتے تھے آپ کے آباؤ اجداد نہاوند کے تھے آپ بغداد میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔

لوگوں نے حضرت جنید بغدادی سے عرض کیا کہ بلا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اَلْبَلَاءُ هُوَ الْغَفْلَةُ عَنِ الْمُبْلِي۔ یعنی بلا یہ ہے کہ بلا بھیجنے والے سے غافل ہو جائے حضرت جنید بغدادی سے پوچھا گیا کہ کیا عطا بغیر عمل کے ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ تمام عمل اسی کی عطا ہی سے ہوتے ہیں۔ آپ کے فضائل و مناقب بہت زیادہ ہیں۔ (از نفحات جامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ)

۵... قولہ قوائم:۔ قائمہ کی جمع ہے، یعنی آدمی اور چوپایوں کے ہاتھ اور پاؤں اور اس کے معنی ہر چیز کے پاؤں جن پر اس چیز کا قیام ہوتا ہے۔

۶... قولہ نَھج:۔ ن کے زبر سے، فارسی لوگ ن اور ھا دونوں پر زبر بھی استعمال کرتے ہیں، نہج کے معنی راہ راست اور کشادہ راستہ کے ہیں۔

۷... قولہ مخطور:۔ خا نقطے والی اور طا بغیر نقطہ کے، ایسی چیز جو دل میں آئے۔

۸... قولہ تکمیل تام:۔ مکمل طور پر درجہ کمال تک پہنچانا۔

Marfat.com

اس مقام میں پایا اور بعض دوسرے مشائخ اس مقام کے اوپر ہیں لیکن اس کے پایوں کو پکڑے ہوئے بیٹھے ہیں اور بعض اپنے اپنے درجہ کے مطابق اس مقام کے نیچے تھے اور میں نے اپنے آپ کو اس مقام سے بہت دور پایا بلکہ اس مقام کے ساتھ کچھ مناسبت بھی نہیں دیکھی، اس واقعہ سے میں نہایت بے چین و بے قرار ہو گیا قریب تھا کہ دیوانہ ہو کر نکل جاؤں اور غم وغصہ کے باعث اپنے جسم کو جان سے خالی کر دوں (یعنی مر جاؤں)، کچھ وقت اسی حالت پر گذرا آخر آنجناب کی بلند توجہات سے اپنے آپ کو اس مقام کے مناسب دیکھا، اول اپنے سر کو اس مقام کے بالمقابل پایا پھر آہستہ آہستہ جا کر اس مقام کے اوپر بیٹھ گیا توجہ (غور کرنے) کے بعد دل میں ایسا گزرا کہ وہ مقام تکمیل کا مقام ہے کہ سالکین سلوک مکمل کرنے کے بعد اس مقام پر پہنچتے ہیں، جس مجذوب نے سلوک مکمل نہ کیا ہو اس کو اس مقام سے کوئی حصہ حاصل نہیں ہے اور اس وقت ایسا خیال بھی پیدا ہوا کہ اس مقام پر پہنچنا اُس واقعہ کا ثمر و نتیجہ ہے جو آنجناب کی خدمت مبارک میں رہتے ہوئے دیکھا تھا اور حضور کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ حضرت امیر (علی بن ابی طالب) کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں اس لیے آیا ہوں کہ تجھ کو آسمانوں کا علم سکھاؤں... الخ، اور جب میں نے اچھی طرح توجہ کی تو اس مقام کو تمام خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے درمیان حضرت امیر کرم اللہ وجہہ کے ساتھ مخصوص پایا۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ (اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے)۔

دوسرے یہ کہ ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ بُرے اخلاق و عادات لحہ بہ لحہ (ہر گھڑی) نکلتے جاتے ہیں بعض دھاگے کی طرح وجود سے نکلتے ہیں اور کبھی دھوئیں کی طرح باہر نکلتے ہیں، بعض اوقات یہ خیال ہوتا ہے سب نکل گئے ہیں، پھر کسی وقت کچھ اور ظاہر ہوتا ہے۔ اور باہر نکلتا معلوم ہوتا ہے۔

دوسری عرض یہ ہے کہ کیا بعض امراض اور سختیوں کے دفع کرنے کے لئے توجہ کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ اس توجہ دینے میں حق تعالیٰ کی رضامندی ہے یا نہیں، یا یہ توجہ اس بات پر مشروط نہیں ہے۔ رشحات کی ظاہری عبارت سے جو کہ خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس سے منقول ہے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ توجہ مذکور اس بات پر مشروط نہیں

---

۹ .. نتائج:۔ نتیجہ کی جمع، اس کے معنی ہیں پھل، فائدہ اور حاصل۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ خواجہ بزرگ قدس اللّٰہ سرّہ الاقدس...... حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہٗ ۱۲...... سلسلہ عالیہ نقشبندیہ انہیں سے منسوب ہے۔...... ☆ فلکیات...... آسمانہا و موجودات آنہا ۱۲ ...... آسمان اور جو کچھ اس میں موجود ہے۔...... ☆ بتہ...... بزیر ۱۲...... نیچے۔...... ☆ مستمرّہ...... دائمی ۱۲...... دائمی حالت۔ ...... ☆ کوشک...... بالضم قصر و بنائے بلند ۱۲...... کُ کی پیش (ـُـ) سے معنی محل، بلند مقام، ایوان۔...... ☆ زینہا...... درجہا ۱۲...... زینہا جمع ہے زینے کی، معنی سیڑھیاں یعنی بلند، درجات۔ ...... ☆ دررنگ...... مانند ۱۲...... معنی مثل۔...... ☆ بتدریج...... باہستگی و درنگی درجہ بدرجہ و پایہ بپایہ ۱۲...... آہستہ آہستہ اور وقفے کے ساتھ بدرجہ۔ ☆ متصاعد بالا رونده ۱۲...... بلندی پر جانے والا۔...... ☆ نماز شکر...... تحیۃ الوضو ۱۲...... وضو کے نوافل۔...... ☆ فرط...... بالفتح بمعنی زیادتی ۱۲ ف پر زبر، معنی زیادتی، کثرت، غلبہ۔...... ☆ قالب...... بفتح لام وکسر، آں جسم و بدن ۱۲...... 'ل' کی زبر اور زیر سے (َ ، ِ) دونوں طرح ہے، مراد جسم اور بدن۔...... ☆ محاذی...... برابر و مد مقابل ۱۲...... برابر اور آمنے سامنے ہونے والا، روبرو ہونے والا۔...... ☆ حضرت ایشاں خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ ۱۲...... مرشد گرامی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ۔......

Marfat.com

ہے۔اس کے بارے میں مناسب حکم فرمائیں، اس کے باوجود اس طرح توجہ کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

تیسری عرض یہ ہے کہ حضورِ حق کا حصول ثابت ہو جانے کے بعد طالبانِ طریقت کو ذکر سے روکنا اور اس حضور کی نگہداشت کے لئے حکم کرنا ضروری ہے یا نہیں اور حضور کا وہ کونسا مرتبہ ہے جس میں ذکر نہیں کرتے۔لیکن بعض طالب ایسے ہیں جنھوں نے شروع سے آخر تک ذکر کیا ہے اور ذکر سے بالکل نہیں رکے ہیں اور اپنے کام کو انتہا کے نزدیک تک پہنچایا ہے۔ اس معاملہ کی حقیقت کیا ہے جو مناسب ہو ارشاد فرمائیں۔

چوتھی عرض یہ ہے کہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ اپنے ملفوظات میں فرماتے ہیں ''آخر میں ذکر کا حکم دیا جاتا ہے کیونکہ بعض مقاصد وہ ہیں جو ذکر کے بغیر حاصل نہیں ہوتے'' آنجناب سے اُن مقاصد کا تعین فرمانے کی درخواست ہے۔

پانچویں عرض خدمتِ اقدس میں یہ ہے کہ بعض طالب طریقہ سیکھنے کی طلب ظاہر کرتے ہیں لیکن لقمہ (غذا) میں احتیاط نہیں کر سکتے اور اس بے احتیاطی کے باوجود حضور اور ایک قسم کا استغراق حاصل کر لیتے ہیں۔اور اگر لقمہ (کی احتیاط) کے بارے میں ان کو تاکید کی جائے تو طلب کی سُستی کی وجہ سے طریقے کو بالکل ترک کر دیتے ہیں، اس بارے میں کیا حکم ہے۔ اور بعض دوسرے طالب ایسے بھی ہیں جو محض ارادت (وعقیدت) کے طور پر اس سلسلہ شریفہ سے تعلق پیدا کرنا (یعنی بیعت ہونا) چاہتے ہیں اور ان کا ارادہ ذکر کی تعلیم حاصل کرنے کا نہیں ہے۔اس قسم کی بیعت (تعلق پیدا کرنا) بھی جائز ہے یا نہیں اور اگر جائز ہے تو اس کا طریقہ کیا ہے۔زیادہ گستاخی کرنا نہایت بے ادبی ہے۔

﴿صہ۱۴﴾ ۱؎ قولہ رشحات :۔ یہ ایک کتاب کا نام ہے جو حضرت فخر الدین علی بن الحسین الواعظ الکاشفی جو الصفی کے لقب سے مشہور ہیں کی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں حضرات نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کے حالات درج ہیں خصوصاً حضرت خواجہ ناصر الحق والدین عبید اللہ احرار قدس سرہ العزیز کے حالات ہیں۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ بنگاھداشت:۔حضور قلب ہے اس سے مراد مراقبہ دل ہے یعنی دل کو غیر خدا کے خیال سے خالی رکھے مثلاً اگر ایک سانس میں سو بار کلمہ طیبہ کہے تو غیر کی طرف دل متوجہ نہ ہو بلکہ اسماء صفات باری تعالیٰ سے بھی غافل ہو جائے اور وحدتِ مطلق اور وراء الوراء کو مدنظر رکھے۔

(از ضیاء القلوب صہ۴۴ اردو از حضرت قبلہ حاجی امداد اللہ قدس سرہ العزیز ونور مرقد السمی)

☆ حضرت امیر کرم اللّٰہ تعالیٰ وجہہ......علی ابن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۲ حضرت سیدنا امیر علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔☆ اخلاق سیئہ......اخلاق بد ۱۲......برے اخلاق، بری عادات۔......☆ دُود......دخان ۱۲......دھواں۔☆ خواجہ قدس اللہ تعالیٰ......عبید اللہ احرار سرہ الاقدس ۱۲......خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ العزیز......☆ کہ.....مشروط ۱۲......شرط کے ساتھ (کسی علت سے)۔......☆ حضرت خواجہ فقرات خود......حضرت خواجہ عبید اللہ احرار علیہ الرحمہ یعنی ملفوظات خود ۱۲......یعنی ملفوظاتِ خواجہ عبید اللہ احرار علیہ الرحمہ۔...... ☆ ترک کلی......طریقہ بالکلیہ ترک می نمایند ۱۲......(طلبِ حقیقی میں محنت و ریاضت کی سستی کی وجہ سے) طریقے کو بالکل ترک کر دیتے ہیں۔☆ مجوز......بصیغہ اسم مفعول از تجویز بمعنی داشتہ شدہ ۱۲......صیغہ اسم مفعول تجویز سے، معنی جائز کیا ہوا۔

Marfat.com

آٹھواں مکتوب

ان احوال کے بیان میں جو بقا اور صحو سے تعلق رکھتے ہیں، یہ بھی اپنے پیرومرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت: ۔ کمترین خادم احمد عرض کرتا ہے کہ جب سے اس خاکسار کو صحو میں لائے ہیں اور بقا عطا فرمائی ہے عجیب وغریب علوم ومعارف جو پہلے معلوم یا متعارف نہیں تھے پے در پے و مسلسل فائض و وارد ہو رہے ہیں، ان میں اکثر قوم یعنی صوفیائے کرام کے قول اور ان کی مروجہ و مستعمل اصطلاح کے ساتھ موافقت نہیں رکھتے۔ مسئلہ وحدت الوجود اور اس کے متعلقات کی نسبت جو کچھ ان حضرات نے بیان کیا ہے اس خاکسار کو اس حال سے ابتداء میں ہی مشرف کر دیا گیا اور کثرت میں وحدت کا مشاہدہ حاصل ہوا۔ پھر اس مقام سے کئی درجے اوپر لے گئے، اور اس ضمن میں کئی قسم کے علوم کا افادہ نصیب ہوا، لیکن ان مقامات ومعارف کے مصداق کوئی بات قوم (صوفیائے کرام) کے کلام سے واضح طور پر پائی نہیں جاتی، البتہ ان میں سے بعض بزرگوں کے مبارک کلام میں اجمالی طور پر رموز واشارے پائے جاتے ہیں لیکن ان علوم کی صحت پر ظاہر شریعت کی موافقت اور علمائے اہل سنت کا اجماع شاہد عادل ہے، وہ کسی چیز میں بھی روشن شریعت کے ظاہر سے مخالفت نہیں رکھتے اور حکما اور ان کے عقلی اصولوں کے ساتھ کچھ بھی موافقت نہیں رکھتے بلکہ علمائے اسلام کی ایک جماعت جو اہلِ سنت سے مخالفت رکھتے ہیں وہ بھی ان (حکماء) کے اصولوں سے موافق نہیں ہیں۔

حاشیہ متن

﴿صہ ۱۵﴾ ۱ قولہ بتواتر وتوالی:۔دونوں مصدر ہیں باب تفاعل سے، اس کے معنی ہیں پے در پے۔ ۱۲

۲... قولہ رُمُوز:۔پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، رَمز (را پر زبر) کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں، لب، ابرو وغیرہ سے اشارہ کرنا۔ ۱۲

۳... قولہ شریعتِ غرّا:۔غین پر زبر اور را پر شد ہے اور الف مقصورہ، یعنی روشن شریعت اور واضح وظاہر۔ ۱۲

۴... قولہ استطاعت مع الفعل منکشف شدہ است:۔اس میں اشارہ ہے ایک مسئلہ کی طرف جو اہل سنت اور فرقہ معتزلہ کے درمیان اختلافی ہے، وہ یہ کہ کسی کام کے کرنے کی طاقت واستطاعت فعل کرنے سے پہلے اس میں موجود ہوتی ہے یا فعل کرنے کے ساتھ ہی اس کی طاقت حاصل ہوتی ہے، دوسرا مذہب اہل سنت کا ہے اور پہلا معتزلہ کا، حضرت مجدد قدس سرہ کا کشف اہل سنت کے موافق ہے اور اس کی تائید وتقویت میں ہے۔

جاننا چاہیے کہ استطاعتِ فعل بمعنی قدرتِ حقیقیہ جو کہ اکتساب فعل کا سبب وعلت ہے فرقہ ناجیہ اہل سنت کے نزدیک فعل کے ساتھ متصل ہے، فعل پر تقدم زمانی نہیں رکھتی جیسا کہ معتزلہ کہتے ہیں، اور احکام شرعیہ کی تکلیف یعنی احکام شرعیہ کے پابند کرنے کے صحیح ہونے کا دارومدار اس قدرت پر نہیں ہے، لیکن قدرت واستطاعت بمعنی سلامتِ اسباب وآلات وجوارح کو فعل پر تقدم زمانی حاصل ہے، احکام شرعیہ کا مکلف ہونا اسی پر مرتب ہے اور تکلیفاتِ شرعیہ کی صحت کا دارومدار اسی پر ہے نہ کہ پہلی استطاعت پر۔ ۱۲ واللہ اعلم وعلمہ اتم

۵... قولہ خواجہ نقشبند وحضرت خواجہ علاؤالدین وخواجہ عبدالخالق (قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم) تینوں حضرات کے مختصر حالات مکتوب ششم کے حاشیہ پر لکھے گئے ہیں۔۱۲

۶... قولہ خواجہ معروف کرخی قدس سرہ کے مختصر حالات مکتوب اول کے حاشیہ پر درج کئے گئے ہیں۔ ۱۲

۷... قولہ داؤد طائی رحمۃ اللہ، وہ علم وبصیرت کی شمع، آپ فطرتاً روشن چراغ تھے وہ طریقت پر عمل کرنے والے، حقیقت کے عالم، بڑے اولیاء اللہ میں سے اور صوفیاء کے سردار تھے، تقویٰ وورع میں حد درجہ باکمال تھے، ہر قسم کے علوم دینیہ سے کامل طور پر بہرہ ور تھے، خاص طور پر علم فقہ میں اعلیٰ درجہ رکھتے تھے، بیس سال حضرت امام ابوحنیفہؒ کی شاگردی کی تھی، اور حضرت فضیل بن عیاض اور حضرت ابراہیم ادہمؒ کی زیارت کی تھی اور ان کے پیر

Marfat.com

استطاعت مع الفعل کا مسئلہ منکشف ہوگیا ہے، انسان فعل سے پہلے کچھ قدرت نہیں رکھتا جب فعل سرزد ہوتا ہے اس کے ساتھ متصل ہی قدرت بخشتے ہیں اور اسباب واعضاء کے صحیح سالم ہونے کی صورت میں مکلّف بناتے ہیں جیسا کہ علمائے اہل سنت وجماعت نے ثابت کیا ہے، اور اس مقام میں یہ خاکسار اپنے آپ کو حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ کے قدم پر پاتا ہے' آپ اسی مقام پر ہوتے ہیں۔ اور حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہ کو بھی اس مقام سے کچھ حصہ حاصل ہے اور اس سلسلہ عالیہ کے بزرگوں میں سے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس ہیں جو مشائخ ان سے پہلے گزرے ہیں ان میں حضرت خواجہ معروف کرخی وامام داؤد طائی وحضرت خواجہ حسن بصری اور خواجہ حبیب عجمی قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم المقدسہ اسی مقام میں تھے، ان مقامات ومعارف وعلوم کا حاصل، کمالِ بُعد (دُوری) وبیگانگی ہے اور کام علاج سے گذر چکا ہے، جب تک حجابات (پردے) لٹکے ہوئے تھے کوشش واہتمام کے ذریعے ان کے رفع کرنے (اٹھانے) کی گنجائش تھی اب اس کی بزرگی (جلال) اس کا حجاب ہے۔

ع۔ فَلَا طَبِیْبَ لَهَا وَ لَا رَاقِیْ ترجمہ:۔ نہیں طبیب کوئی اس کا اور نہ افسوں گر۔

شاید انہوں نے اس کمال بیگانگی اور بے مناسبتی کا وصل واتصال نام رکھا ہے، ہائے افسوس، ہائے افسوس، (مولانا

طریقت حضرت حبیب راعیؒ تھے۔ لوگوں نے ان کی والدہ مرحومہ سے ان کی وفات کا حال دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: پوری رات نماز میں مصروف رہے، رات کے آخر سجدہ میں سر رکھا تو پھر نہ اٹھایا۔ (یعنی سجدہ ہی کی حالت میں جاں بحق ہوگئے)۔ (تذکرۃ الاولیاء)

۸ ... قولہ حسن بصری قدس سرہ، وہ پروردۂ قصر نبوت، مروت، سخاوت میں جوانمردی ان کی فطرت، علم وعمل میں کعبہ کی طرح صاحب عظمت، ورع وحلم (تقویٰ وبردباری) میں قبلہ عقیدت تھے۔ آپ کے مناقب بہت زیادہ اور محامد (کمالات) ان گنت ہیں، آپ کی والدہ ماجدہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی لونڈی تھیں، بچپن میں جب آپ کی والدہ صاحبہ کسی کام میں مشغول ہوتیں اور آپ رونے لگتے تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ کو بہلانے کے لئے اپنا پستان مبارک آپ کے منہ میں دیدیا کرتی تھیں۔ ایک مرتبہ قدرت الٰہی سے حضرت ام المومنین کے پستان سے دودھ کے چند قطرے ظاہر ہوئے جو آپ نے چوس لئے جن کی برکت سے حق تعالیٰ نے آپ کو بے شمار سعادتوں سے نوازا، یہ سب خاتونِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اثر تھا۔ ۱۲ (تذکرۃ الاولیاء)

۹ ... قولہ حبیب عجمی:۔ وہ ولی جو غیرتِ ایمانی کا گنبد، پردۂ وحدت کے مُصفا، صاحبِ صدق، صاحب ہمت اور کرامات وریاضات میں ثابت قدم تھے (کرامات اور ریاضات ان کا اوڑھنا تھا)، ابتدائی زندگی میں مالدار اور سودخوار تھے۔ آخر کار اس عمل کو چھوڑ دیا اور حضرت حسن بصریؒ کے ہاتھ پر توبہ کی اور ان کی صحبت اختیار کی یہاں تک کہ مستجاب الدعوات بزرگوں میں ان کا شمار ہونے لگا۔ ان کے مناقب مشہور ہیں اور ان کے فضائل اولیاء اللہ کے تذکروں میں مذکور ہیں۔ (تذکرۃ الاولیاء بادنیٰ تبدیلی) لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن .... بین السطور .... معانی ....

☆صحو ...... بالفتح ہوشیاری ۱۲ ...... ص کی زبر سے، خبرداری۔ ...... ☆متداول ...... بفتح واو بمعنی مستعمل وشائع ۱۲ ...... واو پر زبر بمعنی، جس کا عام رواج ہو، رائج الوقت، عام۔ ...... ☆مصداق ...... تصدیق ۱۲ ...... یقین کرنا، صحیح ہونے کی تائید کرنا۔ ...... ☆غرا ...... روشن ۱۲ ...... انوار شریعت، روشن شریعت۔ ...... ☆قدرتے ندارد ...... یعنی انسان ۱۲ ...... انسان (عمل سے قبل کچھ اختیار نہیں رکھتا)۔ ......

☆می بخشند ...... حق جل وعلا ۱۲ ...... خدا تعالیٰ عمل کا اختیار یا قدرت بخشتا ہے۔ ☆خواجہ علاؤالدینؒ ...... یعنی عطار ۱۲ ...... یعنی حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہ مراد ہیں ...... جو خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری علیہ الرحمۃ کے مسند نشین ہوئے اور آپ کے داماد بھی تھے۔ ......

☆ایں ہمہ کمالِ بُعد وبے گانگی است ...... مقامات ومعارف وعلوم ۱۲ ...... معارف وعلوم یعنی درجات۔ ......

پہلا دفتر، مکتوبات امام ربانیؒ (پہلا حصہ)

Marfat.com

جامی رحمہاللہ کی کتاب) ''یوسف زلیخا'' کا یہ شعر (ان کے) حال کے موافق ہے۔

ے درافگندہ دَف ایں آوازہ از دوست | کزو بردست دَف کوباں بود پوست

ترجمہ:۔ آرہی ہے دف سے وہ آوازِ دوست | ہے مگر دف والے کے ہاتھوں میں پوست

شہود (مشاہدہ) کہاں ہے، اور شاہد (مشاہدہ کرنے والا) کون ہے، اور مشہود (جس کا مشاہدہ کیا جائے) کیا ہے؟

ع خلق را روئے کے نماید او | ترجمہ:۔ خلق کو دیدار کب بخشیں گے وہ

مَا لِلتُّرَابِ وَ رَبُّ الْاَرْبَابِ (خاک کو تمام کے پالنے والے کے ساتھ کیا نسبت ہے، کہاں خاک اور کہاں وہ رب الارباب) یہ خاکسار اپنے آپ کو ایسا بندہ مخلوق جانتا ہے جو کوئی قدرت نہیں رکھتا، اور اسی طرح تمام عالم کو بھی غیر قادر مخلوق جانتا ہے اور خالق وقادر حق تعالیٰ عزوجل کو جانتا ہے، اس کے سوا (اللہ تعالیٰ اور مخلوق میں) کوئی نسبت ثابت نہیں کرتا، اپنے عین یا آئینہ ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ع در کدام آئینہ در آید اُو | ترجمہ: کون سے آئینے میں سما سکتا ہے وہ

اور اہل سنت وجماعت کے علمائے ظاہر سے اگرچہ بعض اعمال کی ادائیگی میں کوتاہی واقع ہو جاتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کے متعلق ان کے عقائد کی درستی کا جمال اسقدر نورانیت رکھتا ہے کہ اعمال کی وہ کوتاہی و کمی اس نورانیت کے مقابلہ میں ہیچ و ناچیز دکھائی دیتی ہے اور بعض ظاہری صوفیانہ طرز کے لوگ چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے متعلق اسقدر درست عقیدے نہیں رکھتے لہذا ریاضتوں اور مجاہدوں کے باوجود اُن میں وہ جمال نہیں پایا جاتا ـــــ اور اس خاکسار کو علماء اور طلباء سے

﴿ص۱۲۶﴾ ۱ بلبلِ شیراز (شیخ سعدی) نغمہ سراہیں:

ے بدرد یقین پردہائے خیال | نماند سراپردہ اِلّا جلال

ترجمہ:۔ یقین (محکم)، خیالات کے پردوں کو (ایسے) پھاڑ دیتا ہے کہ کوئی سراپردہ (بڑا پردہ) نہیں رہتا سوائے جلال (الٰہیہ) کے۔

۲ ... قوله ولا طبيب ... الخ: روایت ہے کہ ایک روز کوئی دیہاتی (اعرابی) نجد میں دل کش اور خوش آواز سے یہ اشعار گا رہا تھا:۔

كُلَّ صُبْحٍ وَّ كُلَّ اِشْرَاقِيْ | تَبْكِ عَيْنِيْ بِدَمْعٍ مُشْتَاقِيْ

ترجمہ:۔ ہر صبح اور ہر سورج چمکنے کے وقت میری آنکھ شوق کے آنسو روتی ہے۔

قَدْلَسَعَتْ حَيَّةُ الْهَوٰى كَبِدِيْ | فَلَا طَبِيْبَ لَهَا وَلَا رَاقِيْ

ترجمہ:۔ میرے جگر کو محبت کے سانپ نے ڈس لیا ہے، پس اس کا کوئی معالج نہیں اور نہ ہی دم کرنے والا۔

اِلَّا الْحَبِيْبُ الَّذِيْ شُغِفْتُ بِهٖ | عِنْدَهٗ رُقْيَتِيْ وَتِرْيَاقِيْ

ترجمہ:۔ سوائے اس محبوب کے جس نے میرا دل لے لیا ہے اسی کے پاس میرا دم ہے اور میرے زہر کا تریاق (علاج)۔

جب آں حضرت ﷺ نے سنا تو بڑے محظوظ ہوئے اور ان اشعار کو دوبارہ پڑھنے کا حکم فرمایا ۱۲ (سپہ سالار)

۳ ... پوست در دست بودن، بے حاصلی اور بے فائدگی کی طرف اشارہ ہے۔ قوله دف کوبان۔ یوسف زلیخا (کتاب مولانا جامیؒ) میں رہ کوبان واقع ہے یعنی آنے والے اور جانے والے، اور اس کتاب کے بعض نسخوں میں زہ کوباں یعنی تحسین کرنے والے لکھا ہے۔

۴ ... قوله جرگہ جیم اور گاف پر زبر ہے، اس کے معنی صف بنانا، لوگوں کا اجتماع اور ایک قسم کا شکار کرنا، چند آدمی شکار کے گرد حلقہ بناتے ہیں، جرگہ کی جیم کو زیر سے پڑھنا غلط ہے۔ یہاں دوسرے معنی (گروہ اور جماعت) مراد ہیں۔ ۱۲

۵ ... قوله تلويح، اصولِ فقہ کی بہت بڑی کتاب ہے اور نہایت ہی معتبر، علامہ تفتازانی کی نفیس تصانیف میں سے ہے۔ ۱۲

۶ ... قوله از مقامات اربعہ: بہت مشکل بحث ہے، تلویح کی بحثوں میں نہایت ہی دقیق مقام ہے۔ ۱۲

Marfat.com

بہت محبت ہوگئی ہے، ان کی روش اچھی معلوم ہوتی ہے اور خواہش رکھتا ہوں کہ میں ان (علماء وطلباء) کے گروہ میں شامل ہو جاؤں اور (اصول فقہ کی مشہور کتاب) تلویح کے مقدمات اربعہ کو (جو کہ اس کتاب کا دقیق ومشکل مقام ہے) ایک طالب علم کے ساتھ مباحثہ (تکرار) کرتا ہوں نیز فقہ کی کتاب ہدایہ کا بھی ذکر وتکرار کیا جاتا ہے اور معیت واحاطہ علمی کے مسئلہ میں علماء کے ساتھ شریک رہے، اسی طرح حق سبحانہ وتعالیٰ کو نہ عالم (کائنات) کا عین جانتا ہوں اور نہ عالم کے متصل اور نہ منفصل اور نہ عالم کے ساتھ اور نہ عالم سے جدا اور نہ عالم کا محیط اور نہ عالم میں ساری (سرایت کرنے والا) جانتا ہوں اور (مخلوق کی) ذاتوں اور صفات وافعال کو اس کا پیدا کیا ہوا جانتا ہوں، میرا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ مخلوق کی صفتیں حق تعالیٰ کی صفتیں ہیں اور ان کے افعال حق تعالیٰ کے افعال ہیں، بلکہ مخلوق کے افعال میں حق تعالیٰ سبحانہ کی قدرت کو اثر انداز جانتا ہوں اور مخلوقات کی قدرت کو تاثیر میں کوئی دخل نہیں جانتا جیسا کہ علمائے متکلمین کا مذہب ہے —— اور اسی طرح حق تعالیٰ کی صفاتِ سبعہ (حیٰوۃ، علم، قدرت، ارادہ، سمع، بصر، کلام) کو موجود جانتا ہوں اور حق سبحانہ وتعالیٰ کو صاحبِ ارادہ واختیار جانتا ہوں اور یقینی طور پر قدرت کے معنی صحت فعل وترکِ فعل تصور کرتا ہوں (میرے عقیدے کے مطابق) قدرت کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اِنْ شَاءَ فَعَلَ وَاِنْ لَّمْ یَشَاء لَمْ

۷... قولہ کما ھو ...الخ، جیسا کہ یہی مذہب علمائے متکلمین کا ہے کہ بندوں کے افعالِ اختیاریہ میں حق تعالیٰ کی قدرت کو مؤثر جانتے ہیں اور جمہور معتزلہ صرف بندہ کی قدرت کو مؤثر جانتے ہیں اور بعض کا نظریہ (مذہب) یہ ہے کہ دونوں قدرتیں مؤثر ہیں ۱۲

۸... قولہ صفات سبعہ، یعنی حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ سات ہیں (۱) حیات (۲) علم (۳) قدرت (۴) ارادہ (۵) سمع (۶) بصر (۷) کلام۔ یہ قول اشعری علماء کے مذہب پر مبنی ہے، وہ خلق وتکوین کو ارادہ وقدرت کو فروعات سے جانتے ہیں۔

لیکن علمائے ماتریدیہ تکوین کو بھی صفاتِ حقیقیہ میں شمار کرتے ہیں، الغرض ماتریدیہ کے نزدیک صفاتِ حقیقیہ آٹھ ہیں سات نہیں۔ حضرت ایشاں یعنی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کی تحقیق بھی ماتریدیہ کے موافق ہے چنانچہ مبدأ ومعاد (منہا۔۴۱) میں فرماتے ہیں: صحیح یہی ہے کہ قدرت وارادہ کے علاوہ تکوین ایک علیحدہ صفتِ حقیقیہ ہے اسکی وضاحت یہ ہے کہ ''قدرت'' کے معنی یہ ہیں کہ اس میں فعل وترک یعنی کسی کام کا کرنا یا نا کرنا (چھوڑ دینا) دونوں باتیں صحیح ہوں اور ''ارادہ'' کے معنی یہ ہیں کہ قدرت کی ان دونوں جہتوں یعنی فعل وترک میں سے کسی ایک جہت کو مخصوص اور متعین کرلیا جائے لہٰذا اس طرح قدرت کا درجہ ارادہ کے درجہ پر مقدم ہوتا ہے اور ''تکوین'' جسے ہم صفاتِ حقیقیہ میں سے سمجھتے ہیں اس کا درجہ قدرت وارادہ کے درجوں کے بعد آتا ہے پس قدرت تو فعل کی جہت کو خاص کرنے والی صفت مخصص فعل ہے اور تکوین اسے وجود میں لانے والی ہے۔ (لہٰذا تکوین کی صفت کو ماننے بغیر چارہ نہیں ہے)۔

۹... قولہ موجود میداند، یعنی خلافِ معتزلہ، کیونکہ وہ حقیقت میں صفتِ وجود کے منکر ہیں، وہ آثارِ صفات کو عین ذات پر مترتب کہتے ہیں۔

۱۰... قولہ مرید میداند: ۔ یعنی با اختیار وبا ارادہ جانتا ہوں، فلاسفہ کی طرح نہیں، کہ وہ اللہ سبحانہ کو مجبور وبے اختیار جانتے ہیں جیسے آگ جلانے میں اور پانی ڈبونے میں (مجبور وبے اختیار ہیں)۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆حُجب...... بضمتین جمع حجاب ۱۲...... ح اور ج پر دو پیش سے جمع حجاب، پردہ۔...... ☆فَلَا طَبِیْبَ لَهَا وَلَا...... یعنی نہ طبیب است اور اونہ افسوں کنندہ ۱۲...... نہ کوئی اس کا طبیب (معالج) ہے اور نہ کوئی دم کرنے والا...... ☆دُف...... سازیست معروف ۱۲...... گانے بجانے کا ایک مشہور ساز (آلہ)۔ ☆دوست...... حقیقی ۱۲...... حقیقی دوست۔...... ☆مرآتیت...... آئینہ بودن ۱۲...... آئینہ کی طرح روشن اور چمکدار ہونا۔ ☆جنب...... پہلو ۱۲...... پہلو، کروٹ۔ ☆ریاضات...... جمع ریاضت بمعنی توسن وسرکش را رام کردن، ورنج کشیدن ۱۲ جمع ریاضت معنی گھوڑے، باغی اور نافرمان کو مطیع کرنا اور تکلیف دینا۔...... ☆مجاہدات...... تکالیف ومحنتہائے شاقہ برخود برداشتن ۱۲...... سخت محنتیں اور تکلیفیں اپنی ذات پر برداشت کرنا...... ☆روشِ ایشاں...... علماء وطلبا ۱۲...... طلبہ اور علما کا طریقہ عمل پسندیدہ ہے۔......

Marfat.com

يَفْعَلُ (اگر چاہے تو کرے گا اگر نہ چاہے تو نہ کرے گا) اس لئے کہ دوسرا جملہ شرطیہ (ان لم یشا... الخ) ممتنع ہوگا۔ جیسا کہ حکما یعنی فلاسفہ اور بعض (وجودی) صوفیوں نے کہا ہے کیونکہ یہ بات ایجاب تک پہنچ جاتی ہے جو حکما (فلاسفہ) کے اصول کے موافق ہے۔ اور قضا و قدر کے مسئلہ کو علمائے اہل سنت و جماعت کے مطابق جانتا ہوں (برخلاف جبریہ وقدریہ کے) پس مالک کو کامل اختیار ہے کہ اپنی مِلک میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور (مخلوق کی) قابلیت اور استعداد کا اس میں کچھ دخل نہیں جانتا، کیونکہ یہ عقیدہ ایجاب (اللہ پر واجب ہونے) کی طرف لے جاتا ہے، حالانکہ حق سبحانہ وتعالیٰ مختار ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس (اسی پر دوسرے عقائد کو بھی قیاس کر لیجئے) چونکہ اپنے حالات کا عرض کرنا نہایت ضروری ہے اس لئے اس کے لکھنے کی گستاخی کی جرأت کی ہے۔ ع۔ بنده باید که حدِّ خود داند ترجمہ:۔ چاہیے بندہ اپنی حد میں رہے

﴿ص ۱۷﴾ ۱ قوله قدرت را بمعنی صحتِ فعل ... الخ، یہ اشارہ ہے ایک مسئلہ کی طرف جو اہل کلام اور فلاسفہ کے درمیان اختلافی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی صفتِ قدرت میں دونوں معنوں کا احتمال ہے، ایک یہ کہ ایجاد اور عدمِ ایجاد اور یہ دونوں پہلو ممکن و جائز ہیں اس معنی کے لحاظ سے قدرت کو صحتِ فعل اور ترک فعل سے تعبیر کرتے ہیں اس تقدیر پر اشیاء کی ایجاد اور ان کی عدم ایجاد میں سے کوئی چیز حق تعالیٰ پر واجب نہیں ہے اہل دین اور شریعت والوں نے اسی کو اختیار کیا ہے قدرت کے دوسرے معنی ہیں اِنْ شآء فَعَلَ و اِن لَّم یَشَأ لَم یَفْعَل مع اسْتِحالَة الشرطیه الثانیه یعنی اگر وہ چاہے تو کرے اگر نہ چاہے تو نہ کرے لیکن نہ چاہنا ممتنع اور محال ہے پس امتناع کو کرنا بھی لازم آئیگا، نتیجہ یہ نکلا کہ ایجاد عالم کو چاہنا اور موجود کرنا دونوں واجب ہوئے، اور اختیار نہ رہا، فلاسفہ اسی کے قائل ہیں۔

۲... قوله كما قال الحكماء وبعض الصوفيه: یعنی جس طرح فلاسفہ اور بعض اور صوفیاء (وجودیہ) اس کے قائل ہیں ۱۲

۳... قوله فللمالك ... الخ: یعنی مالک کو اختیار ہے کہ جس طرح چاہے اپنی مِلک میں تصرف کرے وفيه ايماء إلى ما جاء عن أُبَیّ بن كعبؓ لَوأنّ اللّٰه عزوجل عَذَّب أهل سماواته وأهل أرضه عذبهم وهو غير ظالم ولو رحمهم كانت رحمته خيرا لّهم مِن أعمالهم۔ رواه احمد وابو داود وابن ماجه[۱] و ايضاً تلميح الى قوله تعالیٰ: لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ ہ والى مافى التوراة: یا ابلیس ماعرفتنی ولوعرفتنی مااعترضتَ عَلَیَّ كما فى تفسير الامام الرازى رحمه اللّٰه ۱۲

اس عربی عبارت میں اشارہ ہے اس حدیث کی طرف جو حضرت اُبی بن کعبؓ سے روایت کی گئی ہے: اگر اللہ عزوجل اپنے آسمانوں اور زمین والوں کو عذاب دے تو وہ عذاب دے کر ظالم نہیں ہوگا، اور اگر وہ ان پر رحمت فرمائے تو اسکی رحمت ان کے لئے اپنے اعمال سے بہتر ہوگی۔ اسکو امام احمد، امام ابوداؤد اور امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

نیز اس عبارت میں اللہ تعالیٰ کے قول کی طرف اشارہ ہے جس کا ترجمہ ہے: اس سے نہیں پوچھا جاتا جو وہ کرے اور ان سب سے سوال ہوگا اور تورات کی ایک عبارت کی طرف اشارہ ہے اس کا ترجمہ ہے: اے ابلیس تو نے مجھے نہ پہچانا: اگر تو مجھے پہچانتا تو مجھ پر اعتراض نہ کرتا۔ امام رازی کی تفسیر میں ایسے ہی ہے۔ ۱۲

۴... قوله وهو سبحانه ... الخ، یعنی خدائے پاک مختار ہے، ہر اس چیز کو وجود بخشنے والا ہے جسے چاہے۔

۵... قوله على هذا القياس، اسی پر قیاس کرنا چاہئے کہ کوئی دخل نہیں دے سکتا اس کے افعال میں۔

☆ بعض الصوفیہ...... اے الوجودیہ ۱۲...... یعنی وحدۃ الوجود کے قائل صوفیہ۔...... ☆ حکماء...... فلاسفہ ۱۲...... فلسفی۔......

☆ علماء...... اہل سنت ۱۲...... فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت۔...... ☆ میداند...... برخلاف جبریہ وقدریہ ۱۲...... جبریہ وقدریہ کے خلاف علمائے اہل سنت کا نظریہ۔......

---

[۱] حدیث نمبر ۳۳۔

Marfat.com

نواں مکتوب

ان حالات کے بیان میں جو نیچے اُترنے کے مقام یعنی مقامِ نزول سے مناسبت رکھتے ہیں یہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت: یہ اس سیاہ رُو، بد بخت اور بدخو گنہگار کا عریضہ ہے جو اپنے وقت و حالت پر مغرور اور وصل و کمال پر فریفتہ ہے جس کا کام سراسر اپنے آقا کی نافرمانی ہے اور جس کا عمل سربسر عزیمت و اولیٰ کو ترک کرنا ہے، جس نے مخلوق کی نظر گاہ یعنی اپنی ظاہری حالت کو عمدہ بنایا ہوا ہے اور حق تعالیٰ کی نظر گاہ یعنی دل کو خراب و برباد کیا ہوا ہے، جس کی تمام ہمت و کوشش اپنے ظاہر کو آراستہ کرنے پر لگی ہوئی ہے اور اس کا باطن اس کے باعث ہمیشہ رسوائی میں ہے، اس کا قال اس کے حال کے

حاشیہ متن

﴿ص۱۷﴾ ۷ قولہ بمقام فرود آمدن: نیچے اترنے کا مقام — یعنی نزول، جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے اس مضمون کو دفتر اول کے مکتوب شریف ۲۲۲ میں اس سے زیادہ وضاحت کے ساتھ تحریر فرمایا ہے وہاں ملاحظہ کرنا چاہیے اور گیارھویں مکتوب میں بھی اس کو بیان فرمایا ہے۔

۔۔۔ قولہ مُدْبِر سیاہ رو: م کے پیش اور د کی جزم اور ب کی زیر، جس کی طرف پشت کی جائے، یعنی وہ شخص جس سے دولت و بخت پیٹھ پھیر جائے۔

۔۔۔ قولہ مَفتون، م کی زبر سے، فتنے میں ڈالا ہوا، آزمائش میں پڑا ہوا، پریشان کیا ہوا، شر اور مصیبت میں ڈالا ہوا، اور دیوانگی کا شکار۔

۸۔۔۔ قولہ رُبَّ قَارِی الْقُرْآنِ وَالْقُرْآنُ یَلْعَنُہٗ: (یعنی بہت سے لوگ قرآن کریم پڑھنے والے ایسے ہیں کہ قرآن مجید ان پر لعنت کرتا ہے) علامہ مراد کی مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے کہتے ہیں کہ اس کو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی احیاء العلوم میں حضرت انس ﷜ کے قول کی حیثیت سے ذکر کیا ہے مگر احیاء العلوم کی احادیث کی تخریج کرنے والوں نے اس بارے میں سکوت اختیار کیا ہے۔ ۱۲

۹۔۔۔ قولہ وکم من صائم ...الخ: یعنی بہت سے روزہ دار ایسے ہیں کہ ان کو اپنے روزہ سے بھوک اور پیاس کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا، کیونکہ روزہ رکھتے ہیں مگر جھوٹ، غیبت اور ممنوعہ امور سے خود کو روک کر نہیں رکھتے علامہ محمد مراد علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ اس حدیث کو ابن ماجہ اور نسائی نے ان الفاظ میں روایت کیا ہے رُبَّ صَائِمٍ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صِیَامِہٖ اِلَّا الْجُوْعُ اور بعض سندوں میں اِلَّا الْعَطَشُ آیا ہے، اور ابن حجر رحمۃ اللہ نے نسائی اور ابن ماجہ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں کَمْ مِنْ صَائِمٍ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صَوْمِہٖ اِلَّا الْجُوْعُ وَالْعَطَشُ۔ اور دارمی کی روایت میں کَمْ مِنْ صَائِمٍ لَیْسَ مِنْ صِیَامِہٖ اِلَّا الظَّمَأُ وارد ہوا ہے۔ ۱۲

۱۰۔۔۔ قولہ فَوَیْلٌ لِّمَنْ کَانَ ھٰذَا حَالَہٗ: یعنی اس شخص پر افسوس ہے، جس کا حال، مرتبہ اور درجہ اس قسم کا ہو چکا ہو۔

۱۱۔۔۔ قولہ اِسْتِغْفَارُہٗ ...الخ: یعنی اللہ تعالیٰ سے معافی چاہنا بھی دوسرے گناہوں کی طرح بلکہ ان سے بھی زیادہ شدید گناہ ہے قال بعض العارفین اِسْتِغْفَارُنَا یحتاج اِلی اِسْتِغْفَارٍ کَثِیْرٍ (ہمارا استغفار بھی کثرت استغفار کا محتاج ہے)۔

☆متن .... بین السطور .... معانی ......

☆عزیمت ...... خلاف رخصت ۱۲ ...... رخصت کے مقابلہ میں عزم بالجزم سے عمل کرنا۔ ☆اِدبار ...... بالکسر پشت دادن دولت ۱۲ (اِ) کی زیر سے، دولت کا پیٹھ دینا، منہ پھیرنا، ناکامی سے دوچار ہونا۔ ☆خسارت ...... زیاں کاری ۱۲ ...... بدبختی، نحوست، نقصان کا کام ☆شایان ...... سزاوار ۱۲ ...... لائق ہونا، مناسب ہونا۔ ☆طرد ...... دفع کردن ۱۲ ...... رد کرنا۔ ☆رُبَّ ...... مبتدا ۱۲ بعض دفعہ۔ ☆گواہ ...... خبر ۱۲ ...... شاہد۔ ☆عدل ...... ثقہ و معتبر ۱۲ ...... مضبوط، اعتبار کے لائق۔ ☆کم ...... مبتدا ۱۲ بہت سے، کئی لوگ۔ ☆او ...... خبر ۱۲ ...... شاہد۔ ☆شاہد صادق ...... گواہ راست گو ۱۲ ...... سچ کہنے والا گواہ۔ ....

Marfat.com

بالکل برخلاف ہےاوراس کا حال اس کے اپنے خیال پرمبنی ہے،اس خواب وخیال سے کیا حاصل ہوتا ہےاوراس قال وحال سے کیا عقدہ کشائی ہوتی ہے(لہذا)بدبختی اور خسارہ کے سوا کچھ حاصل نہیں ہے سرکشی اور گمراہی ہر وقت اس کے عمل میں ہے،وہ فساد وشرارت کا مبدأ اور ظلم ومعصیت کا منشاء(پیدا ہونے کی جگہ) ہے،غرضکہ اس کا تمام جسم عیوب ومجموعہ گناہ ہے،اس کی نیکیاں لعنت اور ردّ کرنے کے لائق ہیں اوراس کی بھلائیاں طعن اور پھینک دینے کے قابل ہیں'' رُبَّ قَارِئِ الْقُرْاٰنِ وَ الْقُرْاٰنُ يَلْعَنُه' ''ترجمہ:۔بہت سے قرآن کریم پڑھنے والے ایسے ہیں کہ قرآن مجید اُن پر لعنت کرتا ہے۔یہ حدیث اس کے حق میں معتبر گواہ ہے۔اور''كَمْ مِنْ صَائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ صِيَامِهٖ اِلَّا الظَّمَاءُ وَالْجُوْعُ ''ترجمہ:۔بہت سے روزہ دار ایسے ہیں کہ جن کو سوائے بھوک اور پیاس کے روزے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا)یہ بھی اس کے بارے میں شاہد صادق ہے۔پس اس شخص پر افسوس ہے جس کا حال اور مرتبہ،کمال اور درجہ اس قسم کا ہو،اس کا استغفار کرنا بھی دوسرے تمام گناہوں کی طرح گناہ ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ شدید گناہ ہےاوراس کا توبہ کرنا بھی دیگر برائیوں ونافرمانیوں کی طرح برائی ونافرمانی ہے بلکہ ان سے بھی زیادہ بدتر ہے،اور یہ مقولہ''كُلَّ مَا يَفْعَلُهُ الْقَبِيْحُ قَبِيْحٌ''(یعنی برا آدمی جو کچھ کرتا ہے براہی ہوتا ہے)اس بات کا مصداق ہے۔

ع زگندم جو،ز جو گندم نیاید ترجمہ:۔ نہ جو گندم سے اُگتے ہیں نہ گندم جو سے اُگتی ہے

﴿صہ۱۸﴾ ۱ قولہ توبتہ ...الخ:۔یعنی اس کا توبہ کرنا بھی نافرمانی ہے دوسرے معاصی کی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ برائی ہے۔ ۱۲

۲... قولہ كُلَّ مَا يَفْعَلُهٗ ...الخ:۔یعنی برا آدمی جو بھی عمل کرے گا براہی ہوگا۔ ۱۲

۳... ما بالذات ...الخ:۔یعنی جو چیز کسی کی ذات میں داخل ہوتی ہے وہ اس سے کسی وقت جدا نہیں ہوتی۔ ۱۲

۴... قولہ وَمَا ظَلَمَهُمُ الله ...الخ:۔اس آیہ کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ربما سورہ نحل میں واقع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان پر کچھ ظلم نہ کیا لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے ۔ ۱۲

۵... قولہ وَبِضِدِّهَا ...الخ :۔یعنی چیزیں اپنی ضدوں سے روشن اور واضح ہوتی ہیں (پہچانی جاتی ہیں)۱۲

۶... قولہ اُنس ...الخ :۔الف پر پیش ہے،کسی چیز کے ساتھ محبت ہو جانا،آرام وسکون پانا۱۲

۷... قولہ محبوب ...الخ :۔یعنی جس سے بہت زیادہ محبت کی جائے،اس کی جمع محبوبان ہے،معشوق۱۲

۸... قولہ مُحِبَّان :۔محبّ کی جمع ہے،زیادہ محبت کرنے والا،قلبی محبت کرنے والا،عاشق۔

۹... قولہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ ...الخ :۔سورۂ جمعہ کی آیت ۴ کی طرف اشارہ ہے یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے ۱۲

۱۰... قولہ مراد از کمال شر ...الخ :۔اس سوال کا جواب یہ ہے جو کہ پہلے بیان سے پیدا ہوتا ہے اور وہ سوال یہ ہے کہ صوفی جب بے حد فضائل اور بے شمار بزرگیوں سے متصف ہو جاتا ہے تو پھر وہ کمال درجہ کے شر ونقص سے کیسے متصف ہو سکتا ہے؟اس کا جواب حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے فرمان سے ظاہر ہے ۱۲

۱۱... قولہ بِاَخْلَاقِ ...الخ :۔ہمزہ کے زبر سے،جمع خُلُق (پہلے دونوں حرفوں پر پیش) بمعنی خصلت وعادت اور سیرت ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆دائے......بیماری ۱۲......مرض۔...... ☆بِضِدِّهَا...... مصرع است ۱۲......مصرع ہے،جس کے معنی ہیں.چیزیں اپنی ضدوں سے پہچانی جاتی ہیں۔......☆لاجرم......بالضرور ۱۲......لازمی طور پر۔......☆چہ ایں معنی......دید نقص ۱۲......اپنے نقص یا عیب کو دیکھنا......☆متلذِّذ......لذت گیرندہ ۱۲......لذت حاصل کرنے والا۔......☆التذاذ......لذت گرفتن ۱۲......لذت حاصل کرنا۔

Marfat.com

اس کا مرض ذاتی ہے جو علاج کو قبول نہیں کرتا اور اس کی بیماری اصلی ہے جو دوا کو قبول نہیں کرتی، جو چیز کسی کی ذات میں داخل ہو یعنی ذاتی ہو وہ اس کی ذات سے کبھی زائل نہیں ہوتی۔

ع۔ سیاہی از حبشی کے رود کہ خود رنگ است ترجمہ: نہیں جاتی ہے حبشی کی سیاہی کیونکہ فطری ہے کیا کر سکتا ہوں

"وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْآ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ" (نحل۔۳۳: ترجمہ: ۔اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ لوگ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں) ہاں خیرِ محض کے لئے شرِ محض بھی ہونا چاہیے تا کہ خیر (بھلائی و نیکی) کی حقیقت واضح ہو جائے۔ وَ بِضِدِّ هَاتَتَبَيَّنُ الْاَشْيَاءُ (اور چیزیں اپنی ضدوں یعنی بالمقابل چیزوں ہی سے پہچانی جاتی ہیں) خیر و کمال موجود تھا لہٰذا اس کے بالمقابل شر و نقص بھی ہونا چاہیے تھا حُسن و جمال کو (اپنے اظہار کے لئے) آئینہ کی ضرورت ہوتی ہے اور آئینہ چیز کے مقابل ہی ہوتا ہے پس لازمی طور پر خیر کے لئے شر اور کمال کے لئے نقص بمنزلہ آئینہ کے ہیں، لہٰذا جس چیز میں نقص و شر زیادہ ہوگا خیر و کمال بھی اسی قدر زیادہ نمایاں ہوگا۔

عجیب معاملہ ہے کہ اس ذم (برائی) نے مدح (تعریف) کے معنی پیدا کر لئے۔ اور یہ شرارت و نقصان خیر و کمال کا محل و مقام بن گیا، پس لازمی طور پر عبدیت کا مقام ان تمام مقامات سے بلند ہوگا اس لئے کہ یہ معنی یعنی اپنے نقص کو دیکھنا مقامِ عبدیت میں نہایت کامل اور مکمل طور پر پائے جاتے ہیں لہٰذا محبوبوں کو اس مقام سے مشرف فرماتے ہیں اور محبین (محبت کرنے والے) ذوق شہود کے ساتھ لذت حاصل کرتے ہیں۔ بندگی میں لذت حاصل کرنا اور اس کے ساتھ اُنس اختیار کرنا محبوبوں کے ساتھ مخصوص ہے، محبوں کا اُنس محبوب کے مشاہدہ میں ہے اور محبوبوں کا اُنس محبوب کی بندگی میں ہے اسی اُنس (یعنی بندگی) میں اس کو اس (دید نقص کی) دولت کا شرف بخشتے اور اس نعمت کے ساتھ سرفراز کرتے ہیں۔ اس میدان کے یکتا شہسوار، دین و دنیا کے سردار اور اوّلین و آخرین کے آقا حبیبِ ربّ العالمین ہیں عَلَيْهِ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَتَمُّهَا وَ مِنَ التَّحِيَّاتِ اَكْمَلُهَا (آپؐ پر کامل ترین درود اور اکمل ترین سلام ہوں)۔ اور (کارکنانِ قضا و قدر) جس کو محض فضل و کرم سے (نقص اعمال کے دیکھنے کی) یہ دولت عطا فرمانا چاہتے ہیں اس کو آنسرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ السلام کی کمال درجہ کی متابعت نصیب فرما دیتے ہیں اور اس متابعت کے وسیلے سے اس کو بلند مقامات کی دہلیز پر لے جاتے ہیں ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ۔۴: ترجمہ: ۔یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور

☆ دریں اُنس ...... یعنی انس بہ بندگی ۱۲ ...... عبادت سے محبت ہونا۔ ...... ☆ دولت ...... دید نقص ۱۲ ...... اپنے عمل میں نقص دیکھنا۔
☆ بایں دولت ...... دیدِ نقصِ اعمال ۱۲ ...... اپنے اعمال میں نقص اور کمی دیکھنا (یہ بہت بڑا سرمایہ ہے) ☆ متحقق ...... درست و راست شوندہ ۱۲ (اتباع سنت) ثابت قدم فرما دیتے ہیں متابعت نصیب فرما دیتے ہیں۔ ...... ☆ بتوسل ...... بذریعہ ۱۲ ...... وسیلہ سے۔ ...... ☆ ذروہ ...... دہلیز ۱۲ ...... چوکھٹ۔ ...... ☆ متخلق ...... بکسر لام خوئے گیرندہ ۱۲ ...... لام کی زیر سے، عادات و اخلاق اپنانے والا۔ ...... ☆ تعالیٰ شانہ وتقدس ...... برتر است شانِ او و پاک ۱۲ ...... اس (اللہ تعالیٰ) کی شان بلند تر ہے اور وہ پاک ہے۔ ...... ☆ تخلق ...... بضم لام مشددہ بمعنی خوئی گرفتن ۱۲ ...... لام پر پیش اور شد سے، معنی عادت بنانا۔ ......

﴿صہ۱۹﴾ لے قولہ تا این قسم خود ... الخ: اس کا خلاصۂ مقصد یہ ہے کہ (سالک کے لئے) ناگزیر اور ضروری ہے کہ اپنے عدم ہونے کی حقیقت ممکنہ کو جو کہ شرارت و نقص کا مبدأ ہے۔ اور خیر و کمال سے محض خالی ہے پہچانے تا کہ اپنے مولا اللہ تعالیٰ جل شانہ کے کمال کو جو ہر لحاظ سے سراسر خیر و کمال ہے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ بڑے فضل وکرم والا ہے) شر اور نقص کے کمال سے مراد سالک کا علمِ ذوقی ہے اس سے یہ مراد نہیں کہ وہ شخص شرارت و نقص سے متصف ہو، اس علم والا شخص اللہ تعالیٰ جل شانہ، کے اخلاق سے متخلق ہوتا ہے (دیدِ نقص کا) یہ علم بھی اسی تخلّق باخلاق اللہ کا ثمرہ ہے، شرارت ونقص کے اس مقام میں سوائے اس کے اور کوئی گنجائش نہیں ہے کہ علم اس کے ساتھ تعلق رکھتا ہے، یہ علم شہودِ تام (کامل مشاہدہ) کے واسطہ سے خیرِ محض (سراسر بھلائی) ہے، اس خیر (بھلائی) کے پہلو میں تمام چیزیں شر نظر آتی ہیں یہ کیفیت نفسِ مطمئنہ کے اپنے مقام میں نزول کر لینے کے بعد ہے۔

جب تک سالک اس طرح سے اپنے آپ کو زمین پر نہ ڈالے اور (اپنے نفس کی فنائیت کے) کام کو اس درجہ تک نہ پہنچائے اپنے مولائے کریم جل شانہ، کے کمالات سے بے نصیب رہتا ہے پس وہ شخص کس طرح بے نصیب نہیں ہوگا جو اپنے آپ کو عین مولا وآقا جانتا ہے اور اپنی صفات کو حق تعالیٰ شانہ کی صفات سمجھتا ہے تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذٰلِکَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بہت ہی اعلیٰ وارفع ہے) ایسا خیال کرنا اسماء وصفات میں الحاد وزندقہ ہے، اس عقیدے والے لوگ اس گروہ میں شامل ہیں جن کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اَسْمَآئِہٖ (اعراف۔۱۸۰، ترجمہ:۔ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اللہ تعالیٰ کے اسماء میں الحاد کرتے ہیں) یہ بات ضروری نہیں ہے کہ ہر وہ شخص جس کا جذبہ اس کے سلوک پر مقدم ہو وہ ضرور محبوبین میں سے ہے لیکن محبوبیت میں جذبہ کا مقدم ہونا شرط ہے ہاں البتہ ہر جذبہ میں محبوبیت کی ایک قسم کے معنی پائے جاتے ہیں کہ جس کے بغیر جذب حاصل نہیں ہوتا اور محبوبیت کے وہ معنی کسی عوارض سے پیدا ہوتے ہیں ذاتی نہیں ہیں۔اور محبوبیت کے ذاتی معنی اشیاء میں سے کسی شئے کے ساتھ معلّل نہیں ہیں (یعنی محبوبیتِ ذاتیہ کسی علت اور سبب کے بغیر حاصل ہوتی ہے) جیسا کہ ہر منتہی کو آخر جذبہ حاصل ہے لیکن وہ محبوبوں کے گروہ میں داخل ہے (محبوبین کے گروہ میں داخل نہیں ہے) اور کسی عارض کے تعلق سے اس میں محبوبیت کے معنی پیدا ہو گئے ہیں (ذاتی نہیں ہیں) اور اس قسم کی محبوبیت جو کسی عارض کی وجہ سے حاصل ہوئی ہو سالک کے مطلقاً محبوبین میں سے ہونے کے لیے کافی نہیں ہے اور وہ عارض تصفیہ اور تزکیہ ہے۔

اور بعض مبتدیوں میں آنسرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اتباع مجمل طور پر اس معنی کے حصول کا سبب ہے خواہ وہ اتباع بعض امور میں ہی ہو بلکہ منتہی میں بھی (اس کے حصول کا باعث) اتباعِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہے اور بس اور محبوبین میں بھی اُس محبوبیتِ ذاتیہ کے معنی کا ظہور فضلِ ربّی ہونے کے باوجود آنسرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع ہی سے وابستہ ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ وہ معنیٔ ذاتی بھی آنحضرت ﷺ کی مناسبتِ ذاتیہ کے واسطہ سے ہیں اور (اللہ

کے کمال کو پالے جیسا کہ عارفوں نے کہا ہے: مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ (جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا)۔

۲... قولہ فکیف :۔یعنی پھر کس طرح بے نصیب نہ ہوگا جس کسی نے خود کو عین مولا جان لیا۔

۳... پارہ قَالَ الْمَلَاُ سورۂ اعراف کی طرف اشارہ ہے وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ...الخ یعنی خدا تعالیٰ کے بہت اچھے نام ہیں پس ان اچھے ناموں سے ہی باری تعالیٰ کو پکارو (یاد کرو) اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں غلط راہ پر چلتے ہیں، انہیں جلد سزا دی جائے گی اسکی جو کچھ کیا کرتے تھے۔ ۱۲

۴... قولہ غیر مُعَلَّل:۔پہلے لام پر زبر اور شد ہے، یعنی ایسی چیز جو بغیر محنت وسبب کے حاصل ہو۔ ۱۲

۵... قولہ و ھولا یکفی فیہ:۔یعنی اس قسم کی محبوبیت کا حاصل ہونا جو کسی عارض کے سبب سے ہو (ذاتی نہ ہو) وہ کافی نہیں ہے مطلب یہ ہے کہ سالک کے مطلقاً محبوبین میں سے ہونے کے لئے کافی نہیں ہے۔ ۱۲
لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

تعالیٰ کے اسماء میں سے) جو اسم اس سالک کا رب (تربیت کرنے والا) ہے اس خصوصیت کے حق میں اُس اسمِ الٰہی کے مناسب واقع ہوا ہے جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رب ہے اور اس نے یہ سعادت وہیں سے حاصل کی ہے وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَيْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَاٰبُ، وَاللّٰهُ يُحِقُّ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ (ترجمہ:۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی حق بات کو جانتا ہے اور اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے، اور اللہ تعالیٰ حق بات کو ثابت کرتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھاتا ہے)۔

☆شہود تام...... یعنی دید کامل ۱۲...... مکمل مشاہدہ سے بہرہ ور ہونا۔...... ☆ درجب ...... بالفتح پہلو (ج) ۱۲...... پہلو، سمت، طرف۔...... ☆ آن ...... خیر ۱۲...... نیکی، بہتری۔...... ☆ ہمہ ...... چیزہا ۱۲...... تمام اشیا۔...... ☆نفس مطمئنہ است...... تسلی گیرندہ از غیر حق بحق جل شانہٗ ۱۲...... ماسوائے حق سے حق جل شانہ کے ساتھ اطمینان پانا۔...... ☆ الحاد...... الف بالکسر، کجروی ۱۲...... الف کی زیر سے، یعنی غلط روی، گمراہی۔...... ☆ ارباب ایں...... اصحاب ایں عقیدہ ۱۲...... یعنی یہ عقیدہ رکھنے والے۔...... ☆ زمرۂ...... بالضم بمعنی گروہ ۱۲ ز کے پیش سے، معنی گروہ، جماعت۔...... ☆ آنکہ...... استدراک است ۱۲...... معلوم ہے، دریافت ہے۔...... ☆ نحوی...... نوعی ۱۲...... ایک قسم۔...... ☆ آں معنی ...... یعنی محبوبیت ۱۲...... مقام محبوب، درجۂ محبوبیت۔...... ☆ آں معنی...... یعنی محبوبیتِ ذاتیہ ۱۲...... یعنی فی الواقع (ذاتی طور پر) محبوبیت کا حاصل ہونا۔...... ☆ زمرہ محبّان...... نہ در زمرہ محبوبین ۱۲...... محبوبین کے گروہ میں نہیں (بلکہ محبان کے گروہ میں)...... ☆ تزکیہ...... سلوک ۱۲...... معنی پاکیزگی حاصل کرنا، سیر آفاقی۔...... ☆ تصفیہ ...... جذبہ ۱۲...... سیر انفسی۔...... ☆ ولو و بالجملہ...... اگر چہ در بعضے امور باشد ۱۲...... خواہ وہ اتباع بعض امور ہی میں ہو...... ☆ فضلی...... منسوب است بہ فضل بالفتح یعنی فضل حق سبحانہ وتعالیٰ ۱۲...... فضل 'فا' کی زبر (ــَـ) سے، بزرگی، بخشش یعنی فضل حق سبحانہ وتعالیٰ۔......

دسواں مکتوب

غیر مشہور معنی کے لحاظ سے قُرب وبُعد اور فرق ووصل کے حصول کے بارے میں اور اُن کے بعض مناسب علوم کے بارے میں یہ بھی اپنے محترم پیر ومرشد کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت: حضور کا کمترین خادم عرض کرتا ہے کہ کافی عرصہ سے اس بلند بارگاہ کے خادموں کے حالات سے اس خادم کو اطلاع موصول نہیں ہوئی ہر وقت انتظار ہے۔

؎ عجبے نیست اگر زندہ شود جانِ عزیز	چوں ازآں یارِ جدا ماندہ پیامے برسد
ترجمہ:۔ کیا عجب ہے کہ میری جاں کو ملے تازہ حیات	اگر اس دُور کے محبوب کا آجائے پیام

یہ خادم جانتا ہے کہ آپ کی بارگاہ کے لائق نہیں ہے۔

ع۔ ایں بسکہ رسد ز دور بانگِ جرسم ترجمہ:۔ یہی کافی ہے کہ آتی ہے جرس کی آواز

عجیب معاملہ ہے کہ انتہائی بُعد کو قُرب کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور نہایتِ فراق کو وصل کہتے ہیں گویا کہ درحقیقت اس کے ضمن میں ان حضرات نے قرب ووصال کی نفی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

Marfat.com

شعر كَيْفَ الْوُصُوْلُ اِلىٰ سُعادَ وَدُوْنَها قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ خُيُوْفٌ

ترجمہ کس طرح پہنچوں میں اپنے یار تک راہ میں حائل ہیں کوہ و غار تک

لہٰذا ناچار ہمیشہ غم اور دائمی فکر لاحق رہتا ہے، مراد کو بھی آخر کار مرید کے ارادہ کے ساتھ مرید ہو جانا چاہیے اور محبوب کو محبّ کی محبت کے ساتھ محب بن جانا چاہیے۔ دین و دنیا کے سردار آنحضرت علیہ من الصلوات اکملہا و من التحیات افضلہا (آپؐ پر کامل ترین صلوات اور افضل ترین تحیات ہوں) مرادیّت و محبوبیت کے مقام پر فائز ہونے کے باوجود محبین و مریدین میں سے ہوئے ہیں، اسی لئے راویانِ حدیث نے آپ ﷺ کے حال کے متعلق اس طرح خبر دی ہے کہ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُتَوَاصِلَ الْحُزْنِ دَآئِمَ الْفِكْرِ (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ غم و فکر کے آثار چھائے رہتے تھے)——اور آنسرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مَا اُوْذِيَ نَبِيٌّ مِثْلَ مَا اُوْذِيْتُ (یعنی جتنی ایذا مجھ کو دی گئی ہے اس کی مثل ایذا کسی نبی کو نہیں دی گئی)—— محبّ (محبت کرنے والے حضرات) محبت کے بوجھ اُٹھا سکتے ہیں محبوبوں کو اس بوجھ کا اُٹھانا دشوار ہے۔ اس قصہ کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

ع قِصَّةُ الْعِشْقِ لَا انْفِصَامَ لَهَا ترجمہ:۔ نہیں ہے انتہائے قصہ عشق

حامل عریضہ ہذا شیخ اللہ بخش ایک قسم کا جذب و محبت رکھتا ہے اس نے اصرار کر کے چند کلمات حضور کے خادموں کی طرف لکھوائے ہیں۔ غرضکہ حضور کی خدمت میں حاضری کا شوق ظاہر کر کے اس حدود کی طرف متوجہ (یعنی روانہ) ہوا ہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ۲۰﴾ ۱؎ کان رسول اللہ ...الخ :۔ یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حالت تھی کہ مسلسل حزن و غم اور ہمیشہ فکر میں رہتے تھے، علامہ مرادکی کہتے ہیں کہ ترمذی نے اپنی شمائل میں اور بیہقی نے اپنی شعب الایمان اور دلائل النبوت میں اور طبرانی نے اپنی معجم کبیر میں اور رویانی اور ابن عساکر سب نے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ ۱۲

۲؎... قولہ مَا اُوْذِيَ نَبِيٌّ ...الخ :۔ یعنی جتنی ایذا مجھ کو دی گئی ہے اسکی مثل ایذا کسی نبی کو نہیں دی گئی۔ علامہ مکتوبات کو عربی میں لکھنے والے (محمد مرادکی رحمہ اللہ) فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو ابن عدی اور ابن عساکر نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ان لفظوں میں روایت کیا ہے مَا اُوْذِيَ اَحَدٌ مَا اُوْذِيْتُ نیز امام احمد، ترمذی اور ابن حبان نے حضرت انس سے مرفوعاً یہ الفاظ نقل کئے ہیں لَقَدْ اُوْذِيْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُوْذىٰ اَحَدٌ وَ اُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ۔

۳؎... قولہ محبان بار محبت توانند کشید محبوبان را...الخ :۔ یعنی آں حضرت ﷺ کا یہ سب بوجھ اور ایذا اٹھانا محب ہونے کی حیثیت سے تھا محبوبیت کی راہ سے نہیں تھا کیونکہ محب ہی محبوبوں کی ناز و ادا برداشت کرتے ہیں۔ ۱۲

۴؎... قولہ کیف الوصول الیٰ سعاد...الخ :۔ سُعاد سین کے پیش سے عشقیہ نام ہے (عام طور پر عرب شعراء اپنی محبوبہ کا ذکر اس نام سے کرتے ہیں (جیسا کہ قصیدہ بانت سعاد میں) سعاد غیر منصرف ہے، علیت اور تانیث معنوی کے سبب سے، قُلَل : قاف پر پیش اور پہلے لام پر زبر، جمع قُلّہ (قاف پر پیش اور لام پر زبر و شد) بمعنی پہاڑ کی چوٹی۔ الجبال : جمع جَبَل : ج اور ب پر زبر ہے اس کے معنی پہاڑ کے ہیں۔ خیوف (پہلے دونوں حرفوں پر پیش) جمع خیف (خا پر زبر) پہاڑ کا دامن جو پانی کی گذرگاہ سے بلند اور پہاڑ سے نیچا ہوتا ہے پہاڑ کے ایک طرف ہر بلندی اور پستی کو بھی کہتے ہیں، مطلب یہ کہ سعاد تک پہنچنا کیسے متصور ہو سکتا ہے حال یہ کہ اس سے پہلے پہاڑوں کی چوٹیاں ہیں اور اس سے بھی پہلے بہت سی بلندیاں اور پستیاں (گہرائیاں) ہیں۔ غرضیکہ جب تک ان سب دشوار گذار راستوں کو طے نہ کیا جائے سُعاد تک پہنچنا ناممکن ہے۔ نتیجہ یہ کہ اس کا وصول (ملنا) بہت دشوار ہے بلکہ محال۔ منہ سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

پہلے اس نے اپنے بعض ارادوں کا اظہار کیا جب اس خاکسار کی طرف سے عدمِ دلچسپی محسوس کی تو صرف ملاقات پر راضی ہو کر چند کلمات لکھوائے ہیں، زیادہ (عرض کرنے کی) گستاخی ادب کے خلاف ہے۔

☆متن......... بین السطور......... معانی.........

☆غیر متعارفہ...... یعنی غیر مشہور ۱۲...... جس کی شہرت زیادہ نہ ہو، زیادہ معروف نہ ہو۔☆نگراں است...... منتظر۱۲...... منتظر ہے۔

☆لاجرم...... بالضرور ۱۲...... ضروری ، یقینی۔......☆خبر دادہ اند...... یعنی راویان ۱۲...... حدیث شریف روایت کرنے والے۔

☆قِصَّةُ الْعِشْقِ لَا انْفِصَامَ لَهَا...... یعنی قصہ عشق را شکستگی و دریدگی نیست ۱۲...... داستان عشق میں ناکامی اور درماندگی نہیں ہے۔......☆نحوی...... نوع ۱۲...... قسم۔......☆بابرام...... ہنر بستوہ آوردن وملول کردن ۱۲...... رنجیدہ و پریشان کرنے کا ہنر۔......

☆تقاعد...... باز ایستادن از کارے ۱۲...... کام سے رو کے رکھنا۔......

گیارھواں مکتوب

بعض مکاشفات اور اپنے قصور کی دید اور تمام اعمال و اقوال میں اپنے آپ کو تہمت زدہ قرار دینے کا مقام حاصل ہونے اور شیخ ابو سعید ابوالخیر (قدس سرہ) کے اس کلام کا سِرّ (بھید) ظاہر ہونے کے بیان میں جو انھوں نے فرمایا ہے کہ "جب عین نہیں رہتا تو اثر کہاں رہتا ہے" اور بعض احباب سلسلہ کے حالات کے بیان میں، یہ بھی اپنے محترم پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ آپ کے کمترین خادم، احمد کی گذارش یہ ہے کہ جس مقام میں پہلے اپنے آپ کو دیکھا تھا جب حضور کے ارشاد گرامی کے مطابق پھر اس کو ملاحظہ کیا تو خلفائے ثلاثہ (یعنی حضرت صدیق اکبر و حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم) کا گزر اس مقام میں نظر آیا لیکن چونکہ یہ خادم اس مقام میں اقامت و قرار نہیں رکھتا تھا اس لئے پہلی دفعہ میں (یہ حضرات) نظر نہ آئے، جیسا کہ آئمہ اہل بیت میں سے حضرات امام حسن، امام حسین اور امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

☆متن......... بین السطور......... معانی.........

﴿صہ ۲۰﴾☆اعمال...... جمع عمل ۱۲...... کام۔......

حاشیہ متن

﴿صہ ۲۱﴾ ۱ قولہ خلفاءِ ثلاثہ... الخ:۔ یعنی حضرت صدیق اکبر و حضرت عمر فاروق و حضرت عثمان بن عفان علیہم الرضوان۔

۲... قولہ امامین:۔ یعنی دو امام چھوٹے نواسے اور بڑے نواسے، حضرت حسن اور حسین اللہ ان دونوں پر اور ان کے والدین پر راضی ہو۔

۳... قولہ امام زین العابدین:۔ یعنی امام زین العابدین بن حسین بن علی بن ابی طالب اللہ تعالیٰ ان سب پر راضی ہو اور ہم کو بھی ان کے صدقے قیامت کے دن بخش دے۔

۴... قولہ کہ موصل آن مقام اند:۔ یعنی بقول شیخ مجدد قدس سرہ وہ مقام جہاں پہلے اپنے آپ کو دیکھا تھا۔

۵... قولہ یعنی درنظر ورائے... الخ:۔ اس میں اشارہ ہے کہ دو ہی راستے ہونے میں۔۔۔ حصر کرنا (قبض) تلاش و جستجو اور تجربے کی بنا پر ہے حقیقی نہیں ہے۔

۶... قولہ مکملے:۔ تکمیل سے اسم مفعول کا صیغہ ہو تو اسکے معنی ہیں کمال تک پہنچا ہوا یا تکمیل سے اسم فاعل کا صیغہ ہو تو معنی ہوں گے کمال تک پہنچانے والا۔

۷... قولہ قابل کتابت ملائکہ یمین باشد:۔ یعنی جو دائیں ہاتھ کی طرف کے فرشتوں کے لکھنے کے قابل اور لائق ہو۔ (مقبول نیک اعمال)

۸... قولہ کَتَبَۃ:۔ پہلے تینوں حروف پر زبر ہے، یہ کاتب (لکھنے والا) کی جمع ہے، یعنی وہ فرشتے جو نیک اعمال لکھنے پر مامور ہیں۔

پہلا دفتر، مکتوبات امام ربانی (اردو) پہلا حصہ

Marfat.com

اجمعین کے علاوہ دوسرے آئمہ اس مقام میں قرار وثبات نہیں رکھتے لیکن ان کا گذر اس مقام میں واقع ہوا ہے جس کو بڑی دقیق نظر سے معلوم کیا جا سکتا ہے ـــــ اور یہ جو اپنے آپ کو اول اس مقام کے نامناسب دیکھتا تھا تو یہ بے مناسبتی دو قسم کی ہے: ایک یہ کہ طریقوں میں سے کسی طریقے کے ظاہر نہ ہونے کی وجہ سے بے مناسبتی طاری ہو جاتی ہے اور جب اس کو راستہ دکھا دیا جاتا ہے تو وہ بے مناسبتی دور ہو جاتی ہے، اور دوسری بے مناسبتی مطلق ہے جو کسی طرح بھی زائل ہونے کے قابل نہیں ہے ـــــ اور جو راستے کہ اس مقام تک پہنچانے والے ہیں وہ صرف دو ہیں ان کے علاوہ تیسرا کوئی راستہ نہیں ہے یعنی ان دو راستوں کے علاوہ کوئی اور راستہ ظاہر نہیں ہوتا۔ ایک یہ ہے کہ اپنے نقص وقصور کو دیکھے اور قوتِ جذب حاصل ہونے کے باوجود تمام نیک کاموں میں اپنی نیتوں کو تہمت زدہ خیال کرے، دوسرے کسی کامل مکمل صاحب جذب شیخ کی صحبت حاصل کرنا جس نے سلوک کو پورا کیا ہو۔

حق سبحانہ وتعالیٰ نے حضور والا کی عنایت کے طفیل میں پہلا راستہ استعداد کے مطابق عنایت فرما دیا ہے اس خادم سے جو نیک عمل بھی وقوع میں آتا ہے اس عمل میں اپنے آپ کو تہمت زدہ تصور کرتا ہوں بلکہ جب تک اپنے اوپر چند قسم کی تہمتیں نہ لگاؤں بے آرام اور بے چین رہتا ہوں، اپنے متعلق ایسا سمجھتا ہوں کہ مجھ سے کوئی عمل ایسا واقع نہیں ہوتا جو کہ دائیں طرف کے فرشتوں (کاتبین کرام) کے لکھنے کے قابل ہو اور جانتا ہوں کہ میرا دائیں طرف کا اعمال نامہ نیک عملوں سے خالی ہے اور اس کے لکھنے والے فرشتے بیکار اور فارغ ہیں، میرے وہ اعمال بارگاہ حق جل وعلا (میں پیش ہونے) کے لائق کب ہو سکتے ہیں اور ہر اس شخص کو جو دنیا میں ہے خواہ وہ کافر فرنگ اور زندیق ملحد ہی کیوں نہ ہو اپنے سے کئی درجے بہتر جانتا ہوں اور اپنے آپ کو اُن سب سے بدتر خیال کرتا ہوں۔ اور جذبہ کی جہت اگرچہ سیر الی اللہ کے تمام ہونے کے ساتھ پوری ہو گئی تھی لیکن اس کے بعض لوازمات ومتعلقات رہ گئے تھے جو کہ اس فنا کے ضمن میں جو مقام سیر الی اللہ کے مرکز میں واقع ہوئی تھی پورے ہو گئے اور

---

۹ ... قولہ حتیٰ کہ کافر نگ وملحد زندیق ... الخ:- یہ قول اس بزرگ کے قول کے موافق ہے جو فرماتے ہیں کہ جب تک صوفی اپنے آپ کو فرنگی کافر سے برا نہ جانے یعنی وہ فرنگی کافر سے زیادہ برا ہے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ یہ بات کس طرح صحیح ہو سکتی ہے جبکہ صوفی مومن تو ضرور ہے اور کبھی عالم و پرہیزگار بھی ہوتا ہے اور ہوش وحواس کی حالت میں اپنے اوصاف واعراض کا علم بھی رکھتا ہے اور ایک ہی نوع کے افراد میں سے ایک فرد کو دوسرے فرد پر انہی اوصاف واعراض کی وجہ سے فضیلت ہوتی ہے نہ کہ ذات وحقیقت کی وجہ سے۔ پس جب صوفی یہ جانتا ہے کہ کافرِ فرنگ کفر ومعاصی کے ساتھ متصف ہے اور وہ صوفی خود ایمان ودیگر فضائل کے ساتھ متصف ہے تو اپنے آپ کو کافر فرنگ سے زیادہ برا کس طرح سمجھے گا اور اگر تکلف کے ساتھ ایسا سمجھے گا تو وہ ان فضائل کو ان رذائل سے برا جاننے والا ہوگا اور اس عقیدہ کی برائی وفساد شرعاً وعقلاً ظاہر ہے تو ـــــ اس کا جواب یہ ہے کہ اس اشکال کے جواب کی تحقیق اس بات کے جاننے پر موقوف ہے کہ حضرات مجددیہ قدس سرہم کے نزدیک حقائق ممکنات، اعدام اضافیہ وظلال صفاتِ حقیقیہ سے مرکب ہیں یعنی اس اعدام نے علم الٰہی میں اسماء وصفات کے تقابل کی بنا پر ایک ثبوت پیدا کر لیا ہے اور انوار وصفات کے آئینے ہو کر جہاں (جہان، دنیا) کے مبادیٔ تعینات ہو گئے ہیں اور خارجی ظلی میں جو کہ خارج حقیقی کا ظل ہے صنعتِ خداوندی سے وجود ظلی کے ساتھ موجود ہو گئے ہیں اور اس ترکیب کی بنا پر خیر وشر کے آثار کا مصدر ہو گئے ہیں۔ عدم ذاتی کی جہت سے شر کا کسب کرتے ہیں اور وجود ظلی کی جہت سے خیر کا کسب کرتے ہیں پس صوفی کی نظر شریفہ خسیسہ مظاہر پر وجود کی جہت سے پڑتی ہے جو کہ ان مظاہر میں ہے اور خیر کا مصدر ہے اور جب اپنے اندر نگاہ کرتا ہے تو اس کی نگاہ عدم کی جہت پر پڑے گی جو اس کی ذاتی ہے اور شرارت کا منشا ہے اور وہ اپنے آپ کو ہر خیر وکمال سے مطلقاً خالی دیکھے گا اور عاریتی خیر وکمال کو جو اس نے وجود کی جہت سے کسب کیا ہے اپنی ملکیت سے نہیں پائے گا۔ مجبوراً اپنے آپ کو کافر فرنگ اور دیگر خسیس چیزوں سے بھی بدتر سمجھے گا۔
(منقول از مکتوب نہم از مکاتیب حضرت مظہر جانِ جاناں قدس سرہٗ باختصار یسیر)

Marfat.com

اس فنا کے حالات اس خادم نے پہلے عریضے میں تفصیل کے ساتھ لکھ دیے ہیں۔ اور حضرت خواجہ احرار قدس سرہ نے جو اس کام کی نہایت کو فنا کہا ہے ہوسکتا ہے کہ وہی فنا ہو جو تجلی ذات و سیر فی اللہ کے تحقق (حقیقی حصول) کے بعد متحقق ہوئی ہو اور فنائے ارادہ بھی اسی فنا کی ایک شاخ (قسم) ہے۔

ے ہیچ کس را تانہ گردد او فنا   نیست رہ در بارگاہِ کبریا

ترجمہ:۔ ہونہ کوئی شخص جبتک حُبِ مولا میں فنا   پا نہیں سکتا وہ راہِ بارگاہِ کبریا

اس مقام کے نامناسب لوگ بھی جو کہ دو گروہ ہیں نظر میں ہیں: ایک گروہ اس مقام کی طرف متوجہ ہے اور اُس تک پہنچنے کا راستہ تلاش کر رہا ہے، اور دوسرا گروہ اس مقام کی طرف کوئی التفات و توجہ نہیں رکھتا اور حضور والا کی توجہ اس مقام تک پہنچنے کے (دونوں) راستوں میں سے دوسرے راستہ (یعنی شیخ کامل و مکمل مجذوب سالک کی صحبت) کی طرف زیادہ ظاہر ہوتی ہے اور اسی راستہ کے ساتھ مناسبت معلوم ہوتی ہے۔ چونکہ اس خادم کو حضور والا کی جانب سے (عرضِ احوال کا) حکم دیا گیا تھا اس لئے تعمیل ارشاد کے لئے بعض امور کے لکھنے کی جرأت و گستاخی کی ہے ورنہ۔

ع۔ من ہماں احمدِ پارینہ کہ ہستم ہستم   میں وہی احمد ہوں خادم ہوں پرانا آپ کا

دوسری عرض یہ ہے کہ اس مقام کے دوسری مرتبہ ملاحظہ کے وقت دوسرے مقام ایک دوسرے کے اوپر ظاہر ہوئے (جن میں سے بعض بعض کے اوپر تھے) نیازمندی اور عاجزی سے توجہ کرنے کے بعد جب اس خادم کو اس پہلے مقام سے اوپر کے مقام میں رسائی حاصل ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ مقام حضرت ذی النورین (حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا مقام ہے اور دوسرے خلفا کو بھی اس مقام میں عبور واقع ہوا ہے اور یہ مقام بھی تکمیل و ارشاد کا مقام ہے اور اسی طرح سے اس مقام کے اوپر کے دو مقام بھی جن کا اب ذکر کیا جاتا ہے تکمیل و ارشاد کے مقام ہیں (یعنی) اور اس مقام کے اوپر ایک اور مقام نظر آیا جب اس مقام میں رسائی حاصل ہوئی تو معلوم ہوا کہ وہ حضرت فاروق اعظم (حضرت عمر) رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام ہے اور دوسرے خلفا کا بھی اس مقام میں عبور واقع ہوا ہے اور اس مقام کے اوپر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام ظاہر ہوا ہے اور اس خادم کو اس مقام میں بھی (عبور کے طور پر) رسائی حاصل ہوئی اور اپنے مشائخ (یعنی اپنے سلسلہ کے بزرگوں) میں سے حضرت خواجہ نقشبند (خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری) قدس سرہ الاقدس کو ہر مقام میں اپنے ہمراہ پاتا تھا اور دوسرے

☆اقوال...... جمع قول ۱۲...... بات، ارشاد۔...... ☆عبور...... بالضم گذشتن از آب و اینجا مراد مطلق گذشتن است ۱۲...... ع اور با پر پیش ہے۔ اس کے معنی پانی سے گذرنا اس جگہ صرف گزرنے کے معنی ہیں۔...... ☆مقام...... اقامت ۱۲...... ٹھہرنا، اقامت کرنا۔...... ☆استقرار قرار ۱۲...... سکون کرنا ٹھہرنا۔...... ☆ در دفعہ...... بارِ اول ۱۲...... پہلی بار۔...... ☆عبورے...... گذرے ۱۲...... گذرے ہیں، گذر ہوا ہے۔...... ☆بدقتِ...... باریکی ۱۲...... باریک بینی سے۔...... ☆نوع...... قسم ۱۲...... کوئی قسم۔...... ☆طاری...... عارض ۱۲ واقع ہونا۔...... ☆ہیچ...... بیان ماقبل خود ۱۲...... اپنا پہلا بیان۔...... ☆صحیفہ...... نامہ اعمال ۱۲...... جس دفتر میں فرشتے بندہ کے اعمال لکھتے ہیں۔...... ☆یمین...... جانب راست ۱۲...... دائیں طرف۔...... ☆زِندِیق...... بالکسر ثنوی قائل بدو صانع ۱۲...... (واؤ کے زیر سے) دو خداؤں کا قائل۔......

خلفا کا بھی اس مقام میں عبور واقع ہوا ہے (ان مقامات میں رسائی حاصل کرنے کے بارے میں دوسروں میں اور صاحبِ مقام میں) فرق، عبور و مقام اور مرور ثبات کا ہے (یعنی صاحبِ مقام کو اس جگہ اقامت و قرار حاصل ہے اور دوسروں کو صرف عبور و مرور حاصل ہے) اور اس مقام (یعنی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مقام) کے اوپر آنحضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ اور کوئی مقام معلوم نہیں ہوتا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مقام کے برابر میں ایک نہایت ہی عمدہ نورانی مقام ظاہر ہوا جس کی مانند کبھی دیکھنے میں نہیں آیا تھا اور وہ مقام اس مقام سے قدرے بلندی پر تھا جیسا کہ چبوترہ کو سطح زمین سے کچھ اونچا بناتے ہیں اور معلوم ہوا کہ یہ مقام محبوبیت کا مقام ہے اور وہ مقام رنگین اور نقش و نگار والا تھا۔ اس خادم نے اپنے آپ کو بھی اس مقام کے پرتو سے رنگین و منقش محسوس کیا۔ اس کی کیفیت میں اپنے آپ کو لطیف پایا اور ہوا کی مانند یا بادل کے ٹکڑے کی طرح چاروں طرف افق میں پھیل گیا اور بعض اطراف میں چھا گیا اور حضرت خواجۂ بزرگ (حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہ) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مقام میں ہیں اور یہ خادم اپنے آپ کو اس کیفیت کے ساتھ جو کہ عرض کی گئی ہے (یعنی اپنے آپ کو رنگین اور منقش و لطیف ہوا یا بادل کے ٹکڑے کی طرح منتشر پایا) اس مقام کے برابر و مقابل کے مقام میں پاتا ہے۔

﴿صہ۴۲﴾ ۱ فناءِ ارادۃ:۔ فنائے ارادہ سے مراد یہ ہے کہ اپنے ارادہ کو حق تعالیٰ شانہٗ کے ارادہ میں فنا و گم کر دے اسی پہلی مذکورہ فنا کے شعبوں میں سے ہی یہ فناءِ ارادہ بھی ہے۔

بیت أُرِیْدُ وِصَالَهٗ وَ یُرِیْدُ هِجْرِیْ فَأَتْرُكُ مَا أُرِیْدُ لِمَا یُرِیْدُ

ترجمہ:۔ میں اس کا وصال چاہتا ہوں اور وہ میرا فراق پسند کرتا ہے تو میں چھوڑ دیتا ہوں اپنی پسند کو اس کی پسند کی وجہ سے۔

دیگر فَأَتْرُكُ مَا أَهْوٰی لِمَا قَدْ هَوَیْتَهٗ فَأَرْضٰی بِمَا تَرْضٰی وَاِنْ سَخِطَتْ نَفْسِیْ

ترجمہ:۔ میں اپنی پیاری چیز کو چھوڑ دیتا ہوں اسکی وجہ سے جس کو تو چاہتا ہے (یعنی جو تجھے محبوب ہے مجھے بھی وہی محبوب ہے) میں اس پر راضی ہوں جس پر تو راضی ہے اگر چہ میرا نفس ناراض ہو۔

۲... قولہ شعب:۔ (تین نقطے والی شین پر پیش ہے اور بغیر نقطے عین پر زبر ہے) جمع شعبہ، پیش سے، معنی شاخ، ٹہنی۔

۳... قولہ: ہیچ کس را تا نگردد... الخ:۔ اس کا عربی ترجمہ یہ ہے۔

۔ وَمَنْ لَمْ یَكُنْ حُبُّ مَوْلَاهُ فَانِیًا فَلَیْسَ لَهٗ فِیْ كِبْرِیَاهُ سَبِیْلُ

ترجمہ:۔ جب تک کوئی شخص باری تعالیٰ کی محبت میں فنا نہ ہو، وہ بارگاہِ کبریا کا راستہ حاصل نہیں کر سکتا۔

۴... قولہ: بطریق دوم:۔ ایک مجذوب سالک نے شیخ مکمل کی صحبت میں (راہِ طریقت) سلوک مکمل کیا ہے۔

۵... قولہ امتثالاً لِلامر:۔ یعنی فرمانبرداری کی رو سے اور حضرت پیر قدس سرہ کے حکم کی اطاعت میں۔

۶... قولہ أثنا (پہلے حرف پر زبر):۔ سلوٹیں، اور ہر چیز کا درمیان۔ (ثاء) کی زیر سے، جمع ثنی۔

۷... قولہ آن مقام سابق:۔ یعنی امام ربانی قدس سرہ کے مذکور قول جس میں مقام کا ذکر ہے (جو اسی مکتوب نمبر ۱۱ کے شروع میں یہ الفاظ ہیں): عرضداشت کمترین بندگان احمد آنکہ مقامیکہ... الخ۔

۸... قولہ حضرت ذی النورین یعنی دونوروں والے:۔ اس سے مراد تیسرے خلیفہ ہیں سرورِ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات کے۔ ان کا نام عثمان بن عفان ہے۔ ان کا لقب ذوالنورین اس لئے ہے کہ سرورِ دوران صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے اپنی دختر نیک اختر حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ان سے کیا تھا، ان کی وفات کے بعد سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو بھی ان کی زوجیت میں دیدیا۔ اس وجہ سے سیدنا حضرت عثمان ﷺ دو (۲) نوروں کے جامع ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ ان سب پر راضی ہو۔

Marfat.com

ایک اور عرض یہ ہے کہ اس عمل یعنی ارشاد و تبلیغ میں مشغول ہونے کو ترک کرنا پسندیدہ نظر نہیں آتا اور کیسے پسندیدہ ہوسکتا ہے جبکہ حالت یہ ہے کہ دنیا گمراہی کے بھنور میں غرق ہو رہی ہے اور جو شخص اپنے اندر اس بھنور سے اُن کو نکالنے کی طاقت پاتا ہے وہ اپنے آپ کو کس طرح معاف و معذور سمجھ سکتا ہے، اگر چہ اس کو دوسرے کام بھی درپیش ہوں پھر بھی (ارشاد کے) اس کام میں مشغول ہونا ضروری اور پسندیدہ ہے لیکن شرط یہ ہے کہ بعض خطرات و وساوس جو اس عمل کے دوران ظاہر ہوتی رہیں ان سے استغفار کرنا اپنے اوپر ضروری سمجھا جائے، اسی شرط سے (اللہ تعالیٰ کی) رضا میں داخل ہو جائے گا، اس شرط کا لحاظ کئے بغیر (اللہ تعالیٰ کی) رضا میں داخل نہیں ہوسکتا اور نیچے ہی ٹھہرا رہتا ہے، لیکن خواجہ نقشبند اور حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار قدس اللہ تعالیٰ اسرار ہما (اللہ تعالیٰ ان کے اسرار کو پاکیزہ بنائے) کے بارے میں اس شرط کا لحاظ کئے بغیر ہی یہ عمل پسندیدہ ہے۔ اس کمترین خادم کا یہ عمل اس شرط کا لحاظ کئے بغیر کبھی (اللہ تعالیٰ کی) رضا میں داخل ہے اور کبھی اس سے نیچے ہی ٹھہرا رہتا ہے۔

دیگر عرض یہ ہے کہ نفحات میں حضرت شیخ ابو سعید ابوالخیرؒ کے ملفوظات میں آیا ہے کہ ''عین نمی ماند اثر کجا ماند'' (جب عین (ذات) ہی نہیں رہتا تو اَثَر (صفت) کہاں رہے گا) لَا تُبْقِی وَ لَا تَذَرُ (یعنی عشق کی آگ نہ باقی چھوڑتی ہے اور نہ ہی ہاتھ روکتی ہے) (یعنی نہ ذات وصفات باقی رہنے دیتی ہے اور نہ پیچھا ہی چھوڑتی ہے) یہ بات شروع میں مشکل معلوم ہوتی تھی کیونکہ حضرت شیخ محی الدین ابن عربی اور ان کے متبعین کا نظریہ یہ ہے کہ عین (ذات) جو کہ اللہ تعالیٰ کی معلومات میں سے ایک معلوم ہے اس کا زائل ہونا محال ہے ورنہ علم جہالت سے بدل جائے گا اور جب عین زائل نہیں ہوتا تو اثر بھی کہیں نہیں

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اُردو پہلا حصہ

۹ ...... قولہ ھمچنیں دو مقام فوق ہم:۔ یعنی اسی طرح دو مقام اس کے اوپر اور بھی پائے جو کہ تکمیل وارشاد کے مقام ہیں۔

۱۰ ...... قولہ مذکور میشوند:۔ یعنی جو حضرت مجدد قدس سرہ کے بقول ایک مقام اس مقام سے اور بھی بالا ہے اور وہ مقام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ہے۔

۱۱ ...... قولہ فاروق:۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب ہے یعنی حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والے، آں جناب کی انگوٹھی کا نقش کَفٰی بِالْمَوْتِ وَاعِظًا (موت بہت بڑی نصیحت کرنے والی ہے) تھا۔ اللہ تعالیٰ ان سے اور تمام اصحاب سے راضی ہو۔

۱۲ ...... قولہ ہمراہ می یافت:۔ یعنی جس طرح باپ اپنے بیٹے کے ساتھ اور شیخ اپنے مرید کے ساتھ اور استاد اپنے شاگرد کے ساتھ ہوتا ہے، خوب سمجھ لیجئے اور کسی دوسرے شبہ میں پڑ کر غلطی کا ارتکاب نہ کر لیجئے۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ۔

☆ توابع آن ...... یعنی درجہت جذبہ ۱۲ ...... یعنی جذبہ کی جہت سے۔ ...... ☆ حضرت ایشان ...... یعنی پیر بزرگوار ۱۲ ...... یعنی خواجہ محمد باقی قدس سرہ۔ ...... ☆ اِلّا ...... ورنہ ۱۲ ...... ورنہ۔ ...... ☆ ثانیاً ...... یعنی معروض دوم آنکہ ۱۲ ...... دوسری عرض یہ کہ۔ ...... ☆ ثانیہ دوبارہ ۱۲ ...... دوسری مرتبہ۔ ...... ☆ این ...... مقام ۱۲ ...... جگہ، مرتبہ، درجہ۔ ...... ☆ رسیدہ شد ...... یعنی بطریق مرور و عبور نہ بطریق تمت و قیام ۱۲ ...... یعنی گذرنے اور عبور کرنے کے طریقہ سے، قائم رہنے اور ٹھہرنے کے طریقہ پر نہیں۔ ☆ آنمقام ...... یعنی مقام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ...... یعنی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا درجہ اور مرتبہ۔ ☆ عبوری ...... گذرے ۱۲ ...... گذر گئے، آگے بڑھ گئے۔ ...... ☆ تفاوت ...... فرق ۱۲ ...... امتیاز۔ ...... ☆ الا ...... مگر ۱۲ ...... مگر (یہ حرف شرط ہے)۔ ...... ☆ عبور ...... بضمتین گذر کردن ۱۲ ...... (پہلے دو حرفوں پر پیش ہے) گذر جانا، آگے چلے جانا۔ ...... ☆ مُقام ...... بضم میم مصدر بمعنی اقامت ۱۲ ...... (میم کے پیش سے) یہ مصدر ہے اقامت کے معنوں میں۔ ...... ☆ مرور ...... گذشتن ۱۲ ...... گذرنا۔ ......

Marfat.com

جاتا۔اوراسی طرح ذہن میں یہ بات پختہ ہوچکی تھی۔اور حضرت شیخ ابوسعید قدس سرہ العزیز کی بات کسی طرح حل نہیں ہوتی تھی، پوری طرح توجہ کرنے کے بعد حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس بات کا راز ظاہر فرمادیا اور یہ بات تحقیق کو پہنچ گئی کہ "نہ عین باقی رہتا ہے نہ اثر" اور اپنے اندر بھی اس بات کی حقیقت وکیفیت کو معلوم کرلیا اور کوئی اشکال باقی نہیں رہا۔اور اس معرفت کا مقام بھی نظر آ گیا جو کہ اس مقام کے اوپر بہت ہی بلند ہے جس کو کہ حضرت شیخ محی الدین ابنِ عربی قدس سرہ اور ان کے تابعداروں نے بیان فرمایا ہے اور دونوں نظریے (بحثیں یعنی میرا اور حضرت شیخ محی الدینؒ کا قول) ایک دوسرے کے ہرگز خلاف نہیں ہیں، ایک بحث کسی ایک مقام سے ہے اور دوسری بحث کسی دوسرے مقام سے ہے۔زیادہ تفصیل سے عرض کرنا طول کلامی اور رنج کا باعث ہے۔

اور نیز جو کچھ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس سرہ نے اس حدیث (یعنی تجلی ذاتی برقی) کے دائمی ہونے کے متعلق فرمایا ہے وہ بھی ظاہر ہوگیا کہ حدیث سے کیا مراد ہے اور اس کا دوام کیا ہے اور اس خادم نے اپنے آپ میں بھی اس حدیث کو دائمی پایا اگرچہ یہ نوادرات میں سے ہے۔

ایک اور عرض یہ ہے کہ ہر کتاب کا مطالعہ کرنا بالکل اچھا نہیں معلوم ہوتا البتہ جس کتاب میں ان بزرگوں کے کمالات و بلند مراتب کا ذکر درج ہے۔جو کہ مقامات میں واقع ہوئے ہیں، اس کتاب کا مطالعہ اچھا معلوم ہوتا ہے تاکہ اس قسم کی کوئی چیز دیکھی جائے۔اور متقدمین مشائخ کے حالات بہت پسند آتے ہیں، حقائق اور معارف کی کتابیں خاص طور پر توحید وجودی اور تنزلاتِ مراتب کا مطالعہ نہیں کرسکتا، یہ خادم اپنے آپ کو اس بارے میں حضرت شیخ علاؤ الدولہ قدس سرہ کے ساتھ زیادہ مناسبت پاتا ہے اور ذوق وحال میں اس شیخ موصوف (شیخ علاؤ الدولہ) کے ساتھ متفق ہے، لیکن (توحید وجودی والوں کے موافق) جو معرفت پہلے حاصل ہوچکی ہے وہ اس کے انکار اور شدت تک نہیں آنے دیتی۔

جلد اول دفتر اول مکتوب ۲۹۰ حصہ

﴿صہ ۲۳﴾ ۱؎ قولہ شگرف (پہلے حرف کے نیچے زیر اور کاف فارسی یعنی گاف پر زبر) اس کے معنی خوبصورت، نیک خصلت اور عجیب کے ہیں اور بزرگ بھی اسکے معنی ہیں، اگر اشیاء کیلئے استعمال کیا جائے تو خوبصورت اور اگر انسانوں پر یہ لفظ بولا جائے تو اس کا مطلب صاحب شوکت ورعب اور بزرگ ہوتا ہے۔ ۱۲

۲؎... قولہ بانعکاس آنمقام:۔اس میں حضرت مجددؒ قدس سرہٗ نے ایک مشہور شبہ واعتراض کا ازالہ فرمایا یعنی یہ نہیں فرمایا کہ اس مقام سے اپنے آپ کو رنگین پاتا ہوں بلکہ فرمایا کہ میں اس مقام کے عکس و پرتو سے اپنے آپ کو رنگین محسوس کرتا ہوں، اور یہ بھی نہیں فرمایا کہ اس مقام میں داخل ہوا ہوں، بلکہ فرمایا کہ اس مقام سے رنگین ومنقش ہوا ہوں، وصولِ مقام اور مقام کے پرتو سے رنگین ہونے میں بہت فرق ہے، اس قول کی اور بھی کئی توجیہات ہیں جو اپنے مقام پر مذکور ہیں۔اس بات کو اچھی طرح سمجھو اور ثابت قدم رہو، کیونکہ ایسے عظیم معارف کو سمجھنے میں کئی لوگوں کے قدم پھسل جاتے ہیں تم شک کرنے والوں اور کم فہم لوگوں میں سے نہ ہوجاؤ۔

جاننا چاہیے کہ حضرت ایشان یعنی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ مکتوب نمبر دوسودو (۲۰۲) جلد اول میں فرماتے ہیں کہ وہ شخص جو کہ خود کو سیدنا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے افضل جانتا ہے اس کا حال دو طرح سے خالی نہیں ہے وہ زندیق محض ہے یا صرف جاہل ہے—— نیز جاننا چاہیے کہ اس مسئلہ کے حل کے لئے مکتوب نمبر دوسو آٹھ جلد اول کا مطالعہ کرنا چاہیے۔مزید یہ کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ صراحت کے ساتھ اشکال کا حل مکتوب نمبر ۱۹۲ جلد اول میں حضرت شیخ بدیع الدین کے نام لکھے ہوئے مکتوب میں اس عبارت کا مطلب تحریر فرمایا ہے۔جو چاہے اس مکتوب کی طرف رجوع کرے۔

۳؎... قولہ آفاق:۔جمع اُفُق (پہلے دونوں حرفوں پر پیش) اُفُق کے معنی آسمان کا کنارہ ہے۔

۴؎... قولہ بکیفیتے کہ معروضداشت:۔یعنی ایسی کیفیت عرض خدمت ہے جو رنگین، منقش اور لطیف ہے۔ ہوا اور بادل کے ٹکڑے کے رنگ میں پھیلی ہوئی ہے۔

Marfat.com

دیگر عرض یہ ہے کہ کئی مرتبہ بعض امراض کے دور کرنے کے لئے توجہ کی گئی اور اس کا اثر بھی ظاہر ہوا اور اسی طرح بعض مُردوں کے حالات جو عالمِ برزخ سے ظاہر ہوئے تھے ان کے رنجوں اور تکالیف کے دور کرنے کے لئے بھی توجہ کی گئی لیکن اب اس خادم میں اس توجہ پر قدرت نہیں رہی کیونکہ اب (بوجہ حق تعالیٰ شانہٗ میں نہایت مستغرق رہنے کے) اپنے آپ کو کسی چیز پر جمع نہیں کرسکتا ہوں۔ (یعنی غیر حق جل شانہٗ کی طرف توجہ کرنے کی طاقت اب اس فقیر میں نہیں رہی ہے)۔

بعض تکلیفیں لوگوں کی طرف سے اس فقیر پر گزریں اور انھوں نے بہت ظلم وستم کئے اور فقیر سے تعلق رکھنے والے بہت سے لوگوں کو ناحق طور پر ان لوگوں نے برباد اور جلا وطن کردیا، اس فقیر کے دل پر (ان کے حق میں) کسی قسم کا غبار اور رنج بالکل نہیں آیا، ان کے ساتھ برائی کرنے کا خیال دل میں گذرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

جن بعض دوستوں نے مقام جذبہ (سیر انفسی) کا مشاہدہ ومعرفت حاصل کرلی ہے اور ابھی تک سلوک کی منزلوں میں قدم نہیں رکھا ان کے بعض حالات عرضِ خدمت کئے جاتے ہیں، امید ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ جذبہ کی جہت کے کامل ہوجانے کے بعد ان حضرات کو سلوک (سیرِ آفاقی) کی سعادت سے مشرف فرمائے گا۔ (ان دوستوں میں سے ایک) شیخ نور اسی مقام میں رکا ہوا ہے نقطہ فوق تک جو کہ جذبہ کے مقام میں ہے نہیں پہنچا ہے، حرکات وسکنات میں تکلیف دیتا ہے اور (اس کی) قباحت وبرائی کو نہیں سمجھتا، بلا ارادہ اس کا کام توقف میں پڑ جاتا ہے، اور اسی طرح اکثر دوستوں کا کام آداب کی رعایت نہ کرنے کی وجہ سے توقف (رکاوٹ) میں پڑ جاتا ہے، اس بارے میں حیران ہوں کہ اس خادم کی طرف سے ان کے توقف کا کوئی ارادہ نہیں ہے بلکہ ان کی ترقی کا ارادہ ہے، بلا ارادہ ان کے کام میں توقف ودیر واقع ہوجاتی ہے ورنہ راستہ تو بہت ہی نزدیک ہے مولانا معہود مذکور یعنی شیخ نور کا مزید حال یہ ہے کہ نیچے کی طرف اخیر نقطے تک (ایک لحاظ سے) پہنچ گیا اور اس نے

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی | پہلا حصہ

---

۵ ... قولہ غَرَق:۔ (پہلے دونوں حرفوں پر زبر) معنی پانی میں ڈوب جانا، پانی کا سر سے گذر جانا۔ غَرْق (را) کے جزم سے زیادہ مشہور ہے۔

۶ ... قولہ هَوَاجِس:۔ جمع هَاجِسَه، یعنی ایسی چیز جو دل میں داخل ہوکر وسوسہ ڈالے۔

۷ ... قولہ خواجہ علاؤالدین عطار:۔ خواجہ علاؤالدین عطار علیہ الرحمۃ، حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ کے فیض یافتہ بڑے بڑے اصحاب میں سے ایک ہیں ان کا ذکر قبل ازیں مکتوب ششم کے حاشیہ میں لکھا جاچکا ہے۔

۸ ... قولہ نفحات:۔ یعنی نفحات الانس من حضرات القدس، حضرت مولانا عبدالرحمٰن بن احمد جامی قدس سرہ کی تصانیف میں سے ہے، جس میں مشائخ کرام اور اولیائے عظام قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم کے حالات درج ہیں۔

۹ ... قولہ حضرت ابوسعید:۔ حضرت ابوسعید ابوالخیر کا نام فضل اللہ بن ابوالخیر ہے، آپ سلطانِ وقت تھے اور اہل طریقت کے حسن وجمال، ان کے وقت میں تمام مشائخ ان کے مسخر (ماتحت) تھے، طریقت میں انہوں نے شیخ ابوالفضل بن حسین سرخسی کی پیروی کی تھی شیخ جمعہ کی شب عشا کے وقت چار شعبان ۴۴۰ھ میں دنیا سے رخصت ہوئے یعنی وفات پائی۔ ان کی عمر شریف ایک ہزار ماہ یعنی تراسی سال چار ماہ تھی۔ (بحوالہ نفحات الانس)

۱۰ ... قولہ عین نمی ماند اثر کجا ماند:۔ یہ کلام شیخ ابوسعید ابوالخیر نے ابونصر محمد پیر مرد کے سوال کے جواب میں فرمایا تھا، جب انہوں نے یہ قول سماعت کیا تو نعرہ لگایا، زمین پر گر پڑے اور ساتویں روز زیر زمین چلے گئے، یعنی فوت ہوگئے۔ (بحوالہ نفحات)

۱۱ ... لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرْ:۔ یعنی نہ باقی چھوڑتی ہے اور نہ ہاتھ روکتی ہے یعنی ترک نہیں کرتی۔

۱۲ ... وَاِلَّا انْقَلَبَ الْعِلْمُ جَهْلًا:۔ یعنی ورنہ علم جہالت سے بدل جائے گا۔

☆ ثبات...... بفتح ثائے مثلثہ بمعنی قرار وقیام ۱۲...... (تین نقطے والی ثا کی زبر سے) یعنی ٹھہرنا اور قیام کرنا...... ☆ محاذی...... برابر ومد مقابل ۱۲......سامنے اور مقابل۔...... ☆ ازان مقام...... یعنی مقام حضرت صدیق اکبرؓ ۱۲......یعنی حضرت صدیقؓ کا مقام۔......

Marfat.com

جذبے کے کام کو انجام تک پہنچالیا، اور اس مقام کی برزخیت تک پہنچ گیا اور فوق کو من وجہ نہایت تک پہنچالیا، اس نے اول اول صفات کو بلکہ اس نور کو جس کے ساتھ صفات قائم ہیں اپنے آپ سے جدا دیکھا، اور اپنے آپ کو شیخ فانی معلوم کیا، اس کے بعد صفات کو ذات سے جدا دیکھا اور اس دیکھنے کے ساتھ مقامِ جذبہ کی احدیت تک پہنچا اور اب دنیا کو اور اپنے آپ کو ایسا گم کر دیا ہے کہ نہ احاطہ کا قائل ہے نہ معیت کا۔ اور پوشیدہ ترین ذات (یعنی مرتبہ تجرد واحدیتِ صرفہ) کی طرف ایسا متوجہ ہے کہ حیرت و نادانی کے سوا کچھ حاصل نہیں رکھتا — اور سید شاہ حسین بھی مقامِ جذبہ کے ذریعہ آخری نقطہ کے نزدیک پہنچ چکا ہے یعنی اس کا سر نقطہ تک پہنچ چکا ہے اور اسی طرح وہ صفات کو ذات سے جدا دیکھتا ہے لیکن ذاتِ احد کو سب جگہ پاتا ہے اور اس کے ظہور سے خوش و خرم ہے — اور اسی طرح میاں جعفر بھی آخری نقطہ کے قریب پہنچ چکا ہے اور بہت ذوق و شوق اور جذبہ اس سے ظاہر ہوتا ہے، شاہ حسین کے لگ بھگ (حال) ہے اور دوسرے دوستوں میں بھی فرق ظاہر ہو رہا ہے — میاں شیخی و شیخ عیسیٰ اور شیخ کمال جذبہ میں نقطہ فوق تک پہنچ گئے ہیں اور شیخ کمال بھی نزول کی طرف متوجہ ہیں (یعنی تکمیل وارشاد کے لئے خلق کی طرف متوجہ ہے) — اور شیخ ناگوری نقطہ فوق کے نیچے کے حصہ تک آیا ہے لیکن ابھی اس کو بہت سفر درپیش ہے۔ اور اس جگہ کے دوستوں میں سے اب تک آٹھ یا نو افراد بلکہ دس افراد نقطہ فوق کے نیچے کے حصہ تک پہنچے ہیں، بعض نقطہ تک پہنچ کر

☆ارتفاع...... بلندی ۱۲......رفعت۔ ☆صُفَّہ...... بضم وتشدید فا ایوان خانہ ودالان ۱۲...... (صاد پر پیش اور ف پر شد) حویلی اور مکان کا صحن۔...... ☆روئے......سطح ۱۲......یعنی زمین کی اوپر کی طرف۔...... ☆بانعکاس...... پرتو ۱۲......سایہ، عکس۔ ☆دررنگ...... مانند ۱۲...... ہوا کی مثل، طرح۔...... ☆منتشر...... پراگندہ ۱۲......بکھرا ہوا، پھیلا ہوا۔...... ☆خواجہ بزرگ...... بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ ۱۲......یعنی خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ۔ ☆دیگر ترک......یعنی معروض دیگر آنکہ ترک... الخ ۱۲......یعنی دوسری عرض یہ ہے کہ۔...... ☆این عمل......ارشاد ۱۲......ہدایتِ عمل۔...... ☆عالم...... جہان ۱۲......دنیا کائنات۔ ☆ضلالت......گمراہی ۱۲...... بے عملی اور بدعقیدگی۔...... ☆وساوس......جمع وسوسہ یعنی خطرہ ۱۲......یعنی خیالاتِ پریشان، خطراتِ قلب۔...... ☆داخل......یعنی دررضا ۱۲ یعنی رضامندی میں داخل۔...... ☆دیگر......معروض دیگر ۱۲......دوسری عرض۔...... ☆عین......ذات ۱۲......ذات۔...... ☆اثر...... صفت ۱۲......صفت۔...... ☆لَا تُبقِیْ......نَارُالعِشقِ ۱۲......عشق کی آگ۔ ☆وَلَا تَذَرُ...... لَا ذَاتًا وَّلَاصِفَةً ۱۲......نہ ذات اور نہ صفت (باقی رہنے دیتی ہے)...... ☆شیخ محی الدین......ابن عربی قدس سرہٗ ۱۲... شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ۔...... ☆زوال عین......مبتدا ۱۲......یہ عبارت مبتدا ہے۔...... ☆محال است......خبر ۱۲......یہ دو لفظ خبر ہیں۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔...... ☆متمکن......قرار وثبات گیرندہ ۱۲......قرار وثبات اختیار کر چکی تھی، یعنی پختہ ہو چکی تھی۔......

﴿صہ۲۴﴾ ۱ قولہ درخود نیز...الخ:۔یعنی قال سے حال اور علم سے عین الیقین ثابت ہو گیا۔

۲... قولہ وایضاً آنچہ حضرت شیخ از دوام...الخ:۔نفحات الانس میں مذکور ہے کہ شیخ ابوسعید ابوالخیر نے اپنے استاد ابوعلی دقاق سے پوچھا کہ اس حدیث (یعنی تجلی ذاتی برقی) کا اطلاق ہمیشگی پر تھا؟ تو استاد نے فرمایا نہیں، شیخ نے سر جھکا لیا، کچھ دیر بعد سر اٹھایا تو پھر پوچھا کہ اے استاد! اس حدیث کا اطلاق ہمیشگی پر ہے؟ تو شیخ نے فرمایا نہیں تو دوسری بار انہوں نے سر جھکا لیا، کچھ دیر بعد سر اٹھایا تو پھر پوچھا کہ اے استاد! اس حدیث کا اطلاق ہمیشگی پر تھا؟ تو جواباً استاد صاحب نے فرمایا: اگر تھا یعنی اگر اطلاق ہمیشگی پر تھا تو عجیب بات تھی تو شیخ نے ہاتھ پر ہاتھ مارا اور کہا: یہ بات اگر ایسے ہے تو عجیب ترین ہے۔

۳... قولہ از دوام این حدیث...الخ:۔علامہ مراد مکی (جنہوں نے مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کیا ہے) نے کہا ہے: اس حدیث سے مراد حضرت امام ربانی قدس سرہ کے نزدیک تجلی ذاتی برقی ہے، حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے خود بعض مکتوبات میں فرمایا ہے کہ ان کے نزدیک یہ دائمی

Marfat.com

نزول کی طرف متوجہ ہیں۔ بعض دوسرے دوست نقطہ کے قریب ہیں اور بعض دور —— میاں شیخ مزمّل اپنے آپ کو گم پاتا ہے اور صفات کو اصل سے دیکھتا ہے اور مطلق کو سب جگہ پاتا ہے اور اشیاء کو شراب کی مانند نا قابل اعتبار جانتا ہے بلکہ کچھ بھی نہیں پاتا، مولانا مذکور کے بارے میں ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو دوسرے لوگوں کی تعلیم کے لئے اجازت دینا پسندیدہ بات ہے لیکن اجازت وہ ہو جو جذبہ کے مناسب ہو اگرچہ اس کے بعض امور باقی رہ گئے ہیں جن کا اس کو استفادہ کرنا ضروری تھا لیکن اس نے روانہ ہونے میں جلدی کی اور توقف نہ کیا۔ حضورِ والا کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو رہا ہے آپ جس طرح اس کے کام کی بہتری تصور فرمائیں اس کو حکم دیں۔ جو کچھ اس خاکسار کی سمجھ میں آیا عرض کردیا گیا وَ لُحُکْمُ عِنْدَکُمْ (اور اصل حکم تو آپ ہی کا ہے) —— خواجہ ضیاءُالدین محمد چندروز یہاں رہا اُس نے کسی قدر حضور و اطمینان حاصل کرلیا تھا آخر کار اسباب معیشت کی کمی کی وجہ سے اپنے آپ کو اطمینان کے ساتھ نہ رکھ سکا اور لشکر (کی ملازمت) کی طرف متوجہ ہو گیا —— اور مولانا شیر محمد کا لڑکا بھی ملازمت کی طرف متوجہ ہے اس کو بھی کسی قدر حضور و جمیعت حاصل ہے، بعض موانعات کی وجہ سے اس نے زیادہ ترقی نہیں کی۔ زیادہ لکھنا گستاخی ہے۔ ع۔ بندہ باید کہ حدِّ خود داند ترجمہ:۔ چاہئے بندہ اپنی حد میں رہے۔

ہے اگرچہ دوسروں کے نزدیک برتی ہے اقول (میں نور احمد کہتا ہوں) حضرت مجدّد قدس سرہ نے مکتوب ۲۷ جلد اول میں یادداشت (خواجگان نقشبندیہ کی ایک اصطلاح) کے معنی کو مفصل بیان فرمایا ہے، جیسا کہ ان کا ارشاد ہے: و یادداشت کہ بفہم قاصر ایں فقیر... الخ۔ اور مکتوب نمبر ۲۱ میں بھی ذکر کیا ہے۔ تحقیق کے لئے وہاں رجوع کریں۔

۴... قولہ اگرچہ از نوادر است:۔ یعنی اس سے صرف اَخصُّ الخواص اولیائے کرام ہی کو مشرف کرتے ہیں ۱۲

۵... قولہ تنزلات مراتب:۔ یعنی تنزلاتِ خمسہ و حضراتِ خمسہ و تعیناتِ خمسہ اور ان کی تفصیل مکتوب اول جلد ثانی میں درج ہے وہاں سے مطالعہ کرنا چاہیے

۶... قولہ امّا علمِ تابانکار:۔ یعنی باوجود اس کے کہ حضرتِ ایشان (مجدد الف ثانیؒ) کا مشرب اس معرفت میں حضرت شیخ رکن الدولۃ علاؤالدین سمنانی قدس سرہٗ کے موافق ہے لیکن سابقہ معرفت جو توحید وجودی والوں کے معارف کے موافق تھی ان کے معارف سے انکار کی حد تک اور ان پر سختی ظاہر کرنے کی طرف نہیں آنے دیتا۔ ۱۲

۷... قولہ عالم برزخیت:۔ یعنی دنیا اور آخرت کے درمیان کی مدت جس کو قبر سے تعبیر کرتے ہیں۔ ۱۲

۸... قولہ جمع نمی توانم ساخت:۔ یعنی اللہ تعالیٰ شانہٗ وَعَزَّ سلطانہ میں نہایت مستغرق اور فنا رہنے کی وجہ سے اپنے آپ کو کسی چیز پر جمع نہیں کرسکتا ہوں یعنی غیرِ حق عزَّ اسمہ کی طرف توجہ کرنے کی طاقت اب اس فقیر کی نہیں رہی ہے۔ ۱۲

۹... قولہ شَمَّہ:۔ (زبر اور شد ہے میم پر) ایک بار سونگھنا، تھوڑی خوشبو یہاں صرف کمی اور قلت مراد ہے۔ ۱۲

☆ حل نمی شود...... کشادہ ۱۲...... یعنی حل نہیں ہوتی تھی۔ ☆ سرّ...... راز ۱۲...... بھید۔...... ☆ حضرت شیخ...... محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ ۱۲...... یعنی محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ۔...... ☆ دو مبحث...... یعنی قول من وقول حضرت شیخ ۱۲...... یعنی میرا قول اور شیخ محی الدین کا قول۔...... ☆ منازعت...... مخالفت ۱۲...... دوئی باہم اختلاف۔...... ☆ جنگ...... خلاف ۱۲...... اختلاف۔...... ☆ تطویل...... درازی ۱۲ لمبائی، طول دینا، لمبا کرنا۔...... ☆ ملال...... رنج ۱۲...... غم و فکر۔...... ☆ حضرت شیخ...... ابوسعید ابوالخیر قدس سرہٗ ۱۲...... یعنی شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس سرہٗ۔...... ☆ دیگر...... یعنی معروض دیگر آنکہ ۱۲...... یعنی اس کے علاوہ عرض یہ ہے کہ۔...... ☆ اقدام...... جمع قدم یعنی مراتب و کمالات ۱۲...... اقدام قدم کی جمع ہے اس کے معنی مرتبے اور کمالات ہیں۔...... ☆ ثبت...... تحریر ۱۲...... لکھا ہوا ہے۔...... ☆ توحید وجودی ۱۲...... توحید وجودی۔...... ☆ بشیخ...... یعنی علاؤالدولہ قدس سرہ ۱۲...... یعنی شیخ علاء الدولہ سمنانی قدس سرہٗ۔...... ☆ دیگر...... معروض ۱۲...... اور عرض۔...... ☆ بعضے موتی...... صفت احوال ۱۲...... یعنی احوال کی صفت۔...... ☆ آلام...... دردہا ۱۲......

Marfat.com

عریضہ ہذا کے لکھنے کے بعد ایسی کیفیت ظاہر ہوئی اور ایک ایسا حال پیش آیا کہ جس کو تحریر کے ذریعے بیان نہیں کیا جاسکتا، اور اس حال میں فنائے ارادہ متحقق ہو گئی جیسا کہ پہلے ہی ارادہ کا تعلق مُرادوں سے منقطع ہو چکا تھا لیکن اصل ارادہ باقی رہ گیا تھا چنانچہ ایک عریضہ میں عرض کیا جا چکا ہے، اب اس وقت ارادہ بھی جڑ سے نکل گیا ہے اور (اب بجز ذاتِ حقہ بحتہ کے) نہ مراد باقی ہے اور نہ ارادہ، اور اس فنا کی صورت بھی نظر آئی اور بعض علوم جو اس مقام کے مناسب ہیں فائض (ظاہر) ہوئے چونکہ باریکی و پوشیدگی کے باعث ان علوم کو تحریر میں لانا دشوار تھا اس لئے مجبوراً قلم کی باگ کو ان علوم کے تحریر کرنے سے موڑ لیا، اس فنا کے ثابت ہونے اور علوم کے فیضان کے وقت وحدت کے اوپر ایک خاص نظر ظاہر ہوئی ہے اگرچہ یہ بات طے شدہ ہے کہ وحدت کے اُوپر کوئی نظر نہیں ہے بلکہ کوئی نسبت نہیں ہے لیکن اس خادم کو جو کچھ پیش آتا ہے عرض کر دیتا ہے اور جب تک یقین کے درجے کو نہیں پہنچ جاتا لکھنے کی جرأت نہیں کرتا، اور اس مقام کی صورت، وحدت سے پرے اس طرح دیکھتا ہے جیسا

دردو آلام، دکھ درد، تکالیف...... ☆ **شدائد**...... شدتہا ۱۲...... سختیاں، مصیبتیں، رنج و غم۔...... ☆ **بعضی**...... استیناف است ۱۲...... یعنی نئی بات...... ☆ **اصلا**...... نتیجہ مقصود اصلی از ین نقل ۱۲...... اس بات کے بیان کرنے کا نتیجہ اور مقصود۔...... ☆ **نیافت**...... بجہت دخول در مقامِ رضا کہ فوق جمیع مقامات است ۱۲...... یعنی مقام رضا میں داخل ہونے کی وجہ سے جو تمام مقامات و مراتب سے اونچا ہے۔...... ☆ **بد آنہا بخاطر گذرد**...... یعنی ضرر رسانیدن بایشان ۱۲...... یعنی ان کو تکلیف و دکھ دینا۔...... ☆ **جذبہ**...... سیر انفسی ۱۲...... سیر انفسی مراد "معرفت نفس" ☆ **تاغایت**...... یعنی تاحال و ہنوز ۱۲...... یعنی ابھی تک۔...... ☆ **سلوک**...... سیر آفاقی ۱۲...... منازل سلوک۔...... ☆ **شیخ نور آغاز معروض** ۱۲...... شیخ نور کے بارے۔......

(صہ ۲۵) ۱ قولہ مکث:۔ (میم پر زبر) دیر کرنا، انتظار کرنا اور آہستگی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ میم کے پیش سے بھی یہ لفظ پڑھا جاتا ہے۔ ۱۲

۲... اَبْطَنُ بُطُون... الخ:۔ پہلا صیغہ ابطن اسم تفضیل ہے اور دوسرا بُطُون (پہلے دونوں حرفوں پر پیش) بطن کی جمع ہے (ب کی زبر سے) اس کے معنی کسی چیز کے اندر یعنی انتہائی پوشیدہ اور مخفی اشیاء اس سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کا مرتبہ تجرد ذات اور اَحدیتِ صرفہ اور اَحدیتِ ذاتیہ۔ ۱۲

۳... قولہ وسرش:۔ سالکوں میں سے ایک صاحب سید شاہ حسین علیہ الرحمۃ کی کیفیت بیان کر رہے ہیں کہ وہ آخری نقطے کے نزدیک پہنچ گئے ہیں۔ ۱۲

۴... قولہ محظوظ:۔ حَظّ (بغیر نقطے والی ح پر زبر اور ظ نقطے والی پر شد ہے) اس سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، اس کے معنی حصہ اور نصیبہ ہے۔ خوشی اور شادمانی کے معنی میں بھی اس کا استعمال ہوتا ہے۔ ۱۲

۵... قولہ خَیلے:۔ (خ پر زبر ہے) سواروں کی کثرت اور گھوڑے۔ کثرت اور زیادہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ۱۲

۶... قولہ وَلوَلہ:۔ (دونوں واو پر زبر ہے) یعنی واویلا کرنا۔ ۱۲

۷... قولہ سَراب:۔ (س کے زبر سے) موسم گرما میں پیاسے شخص کو دور سے ریت، سورج کی گرمی اور تپش سے پانی معلوم ہوتی ہے۔ اور کبھی چاندنی رات میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ ۱۲

☆ **بیخواست**...... بغیر ارادہ ۱۲...... ارادے کے بغیر۔...... ☆ **توقف**...... از ترقی باز ماندن ۱۲...... ترقی کرنے سے پیچھے رہ جانا۔...... ☆ **طرف**...... یعنی از طرف من ۱۲...... یعنی میری طرف سے۔...... ☆ **اِلاّ**...... ورنہ ۱۲...... یہ حرف شرط ہے۔ اور اگر نہیں، اور جو نہیں۔...... ☆ **اقرب**...... نزدیک تر ۱۲...... بہت قریب۔...... ☆ **مولانا معہود**...... معلوم ۱۲...... یعنی شیخ نور جن کا پہلے ذکر کیا گیا ہے۔...... ☆ **چنان**...... بمنزلہ علۃ است مر ماقبل خود را ۱۲...... یعنی بمنزلہ علت اور سبب ہے خاص کر اپنے پہلے حال کو۔...... ☆ **پایان**...... آخرین ۱۲ آخری...... ☆ **نزول**...... یعنی توجہ بسوئے خلق برائے تکمیل و ارشاد ۱۲...... یعنی تکمیل وارشاد کیلئے مخلوق کی طرف متوجہ ہونا۔...... ☆ **خیلے** بسیار ۱۲...... بہت، بکثرت۔...... ☆ **رنگ**...... مانند ۱۲...... مثل۔...... ☆ **معہود**...... مذکور و معلوم ۱۲...... یعنی مولانا شیخ مُزمل مذکور۔

Marfat.com

کہ آگرہ دہلی سے پرے ہے اوراس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں ہے اگر چہ نظر میں نہ وحدت ہے نہ اس سے ماوراء کوئی اور چیز، اور نہ کوئی اور مقام ہے جس کو حق ہونے کے عنوان سے جانے یا حق کو اس کے ماورا (پرے) جانے، حیرت ونادانی اسی طرح خالص اور صاف ہے اوراس دید سے کوئی فرق نہیں ہوا۔ میں نہیں سمجھتا کہ کیا عرض کروں سب تناقض در تناقض (ایک دوسرے کی ضد) ہے جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا اور حال بلاشبہ ثابت ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِهَ اللّٰهُ قَوْلًا وَّفِعْلًا خَاطِرًا وَّ نَاظِرًا (یعنی میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہتا ہوں اور قول، فعل، خیال اور نظر میں سے جو چیز بھی اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے اس سے توبہ کرتا ہوں)۔

اور نیز اس وقت ایسا معلوم ہوا کہ پہلے فنائے صفات کے بارے میں جو کچھ جانتا تھا دراصل وہ صفات کی خصوصیات اور ان کے مابہ الامتیاز کی فنا تھی جو کہ وحدت کے ضمن میں درج ہوئی تھی اور (دیگر) خصوصیات دور ہوگئی تھیں، اب اصل صفات بھی اگر چہ ایک دوسرے میں داخل ہونے اور مل جانے کے طور پر ہوں برطرف ہوگئی ہیں اور غلبۂ احدیت نے کسی چیز کو بھی باقی نہیں چھوڑا ہے اور جو تمیز کہ اجمالی یا تفصیلی علم کے مرتبہ سے حاصل ہوئی تھی نہیں رہی اور نظر پوری طرح خارج پر آ گئی (اور

﴿صہ ۲۶﴾ ل قولہ لیکن... الخ:۔ استدراک ہے یعنی مافات کی تلافی کرنا، غلطی کی اصلاح کرنا، مجدد قدس سرہ کا ارشاد تمام رضامندیوں کا ذریعہ ہے۔ ۱۲

ع ... قولہ حِیْنَئِذٍ لَا مُرَادَ وَلَا اِرَادَۃَ:۔ یعنی اس وقت نہ مراد باقی ہے نہ ارادہ، مطلب یہ کہ سوائے ذات حقہ بحتہ کے (ارادہ وغیرہ سب فنا ہو گیا ہے) ۱۲

سے ... قولہ صَرَافَت:۔ (صادپرزبرپڑھی جائیگی) اس کے معنی صاف کرنا اور خالص ہونا اور گردش دینے اور گھمانا کے ہیں۔ ۱۲

ع ... قولہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ... الخ:۔ خدا تعالیٰ سے بخشش چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں اور باری تعالیٰ عزاسمہ کی طرف رجوع کرتا ہوں ہر قول اور فعل سے خواہ دل میں ہو یا نظر میں، جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔ ۱۲

جاننا چاہیے کہ رشحات میں خواجہ حسن عطار قدس سرہ کے حالات میں لکھا ہے کہ اگر وسوسے پریشان کریں تو اپنے مرشد کا تصور کریں امید ہے کہ (وساوس) دور ہو جائیں گے (اللہ کے حکم سے) (اگر وساوس ختم نہ ہوں) تو مناسب ہے تین بار اپنے سانس کو پوری قوت سے اوپر کھینچے گویا دماغ سے کوئی چیز باہر نکالتا ہے، پھر مذکورہ طریقہ میں مشغول ہو جائے اگر دوسری بار خطرات اور وسوسے آئیں تو تنہائی میں یہ الفاظ تین مرتبہ زبان سے کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِهَ اللّٰهُ قَوْلًا وَّفِعْلًا وَّخَاطِرًا وَّسَامِعًا وَّنَاظِرًا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰهِ اور دل کو زبان کے موافق کرے (یعنی دل میں اس استغفار کے معنی کا لحاظ رکھے)۔ ۱۲ لمُصَحِّحِه سَلَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ وَاَبْقَاهُ۔

☆سرعت..... زودی ۱۲..... جلدی۔..... ☆توقف..... درنگی ۱۲..... رک جانا۔..... ☆بحضور اقدس..... حضرت خواجہ عبدالباقی قدس سرہ ۱۲..... حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ مرشد مجدد علیہ الرحمۃ۔..... ☆جمعیت..... اطمینان ۱۲..... سکون قلبی۔..... ☆آخر..... آخر کار ۱۲..... انجام کار۔..... ☆رود..... ظاہر گردید ۱۲..... ظاہر ہوا، واضح ہوا۔..... ☆دِقت..... بکسر دال وتشدید قاف ۱۲..... دال کے نیچے زیر اور قاف پر شد، معنی باریکی۔..... ☆غموض..... بضمتین بمعنی پوشیدگی باریکی ۱۲..... غین اور میم پر پیش، اس کے معنی پوشیدہ اور چھپا ہوا۔..... ☆تعسّرے..... بہ تشدید سین مہملہ ویائے مجہول بمعنی دشواری ۱۲..... سین بغیر نقطہ پر شد، اوری مجہول ہے اس کے معنی دشواری اور مشکل ہیں۔..... ☆لاجرم..... لابد بالضرور ۱۲..... بہت ضروری۔..... ☆عنان..... بکسر عین مہملہ وخفت نون بمعنی لگام ۱۲..... عین بغیر نقطہ کے نیچے زیر اور نون بغیر شد کے۔ اس کے معنی لگام کے ہیں۔..... ☆افاضہ علوم..... ریختن وریزیدن ۱۲..... ڈالنا، بکھیرنا۔..... ☆ماوراء..... ماسوائے بالائے ۱۲..... اس کے علاوہ اور اسکے بغیر۔..... ☆حیرت..... حیرانی ۱۲..... حیرانی وپریشانی۔..... ☆جہل..... نادانی ۱۲..... نادانی وجہالت۔..... ☆تناقض..... ضد ونقیض یک دیگر بودن ۱۲..... ایک دوسرے کی ضد ہونا۔.....

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اردو پہلا حصہ

Marfat.com

بزرگوں کا یہ مقولہ) كَانَ اللّٰهُ وَ لَمْ يَكُنْ مَعَهٗ شَيْءٌ وَهُوَالْاٰنَ كَمَا كَانَ (یعنی اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کوئی اور چیز نہیں تھی اور اب بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا) اس وقت حال کے مطابق ہوگیا ہے اور پہلے اس حدیث کے مضمون کا صرف علم تھا حال نہیں تھا (یعنی اب علم اور حال دونوں جمع ہیں) امید ہے کہ حضور والا اس کی صحت و غلطی پر آگاہ فرمائیں گے۔

دیگر یہ کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولانا قاسم علی کو مقامِ تکمیل سے کچھ حصہ حاصل ہے اور اسی طرح یہاں کے بعض دوستوں کو بھی اس مقام سے کچھ حصہ حاصل ہونا معلوم ہوتا ہے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ أَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَال (حقیقتِ حال کو اللہ تعالیٰ ہی زیادہ بہتر جانتا ہے)۔

﴿ص ۲۷﴾ ۱ قولہ وَلَوْ كَانَتْ عَلٰى سَبِيْلِ ...الخ:۔اگرچہ (اصل صفات) خلط ملط ہونے کی حیثیت میں تھیں۔ ۱۲ قولہ اِنْدِمَاج:۔یعنی کسی چیز کے اندر آنا، اور اس میں مضبوط و مستحکم ہوجانا اور گڑ جانا۔۱۲ قولہ اِنْدِرَاج:۔یعنی داخل ہونا، اندر آنا اور لپیٹا ہوا ہونا۔ ۱۲

ب... قولہ قہرمان:۔(پہلے حرف پر زبر ہے اور ھا ساکن ہے اور را بغیر نقطہ پر زبر ہے) کہرمان کا معرب یعنی کسی کام کا وکیل، ذمہ دار اور کارفرما ہونا، جلال اور دبدبے کے ساتھ حکم کرنے والا قہر یعنی غلبہ کی طرف منسوب ہے۔اس کے معنی غلبہ (حاکم) کے ہیں اور مجازاً حکومت کے معنی میں بھی آتا ہے۔ (غیاث اللغات مع الاختصار)

۲... قولہ کان اللہ ...الخ:۔یہ عبارت اپنے مجموعے سمیت مبتدا ہے اور اسکی خبر ''این زمان مطابق حال گشتہ'' ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ تھا اور اسکے ساتھ کوئی چیز نہیں تھی اور اب بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا جاننا چاہیے کہ مشکوٰۃ شریف میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ قَبْلَهٗ یعنی خدا تعالیٰ تھا اور اس سے قبل کوئی شے نہ تھی۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ (جلد ۱۱) میں مذکور حدیث کے معنی میں فرمایا ہے: جب سوال اول کے بارے میں تھا یعنی وَنَسْئَلُكَ عَنْ أَوَّلِ هٰذَا الْاَمْرِ (ہم آپ سے سوال کرتے ہیں اس امر (دین) کی پہلی حقیقت کا) آپ نے ان کے لئے اولیتِ ازلیہ کا بیان فرمایا اور نفی فرمائی اللہ تعالیٰ کے غیر کی قبلیت کی، اور معیت کے بارے میں (تعرض) وضاحت نہ فرمائی (کیونکہ سوال صرف اولیت کے بارے میں تھا) اسی لئے سادات صوفیاء کی عبارت کے یہ الفاظ ہیں: كَانَ ۱ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهٗ شَيْءٌ (اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کوئی شے نہ تھی) اور یہ بھی انہوں نے کہا صحیح بخاری کی کتاب بدء الخلق میں یہ الفاظ وارد ہیں كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ غَيْرُهٗ (یعنی اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے علاوہ کوئی چیز نہ تھی)۔

☆ اصل صفات...... مبتداء ۱۲...... اصل صفات سے نیز تک مبتدا ہے۔...... ☆ طرف...... خبر ۱۲...... ''برطرف شدہ'' خبر ہے۔مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔...... ☆ مطابق...... یعنی علم موافق حال شدہ است ۱۲...... یعنی علم حال کے مطابق ہوگیا۔...... ☆ بر صحت...... باصواب بودن ۱۲...... حال درست ہونا۔...... ☆ سُقْمُ ...... بالضم و بضمتین بیماری یعنی خطا و غلطی ۱۲...... سین پر پیش، اور سین اور قاف دونوں حرفوں پر پیش کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے اس کے معنی بیماری، خطا اور غلطی کے ہیں۔...... ☆ تکمیل...... رسانیدن ۱۲...... کمال تک پہنچانا۔...... ☆ نصیبے...... بہرہ ۱۲...... حصہ، نصیبہ۔......

---

۱ مشکاۃ، باب بدء الخلق، الفصل الاول رقم الحدیث ۵۶۹۸۔(اشرف)

Marfat.com

بارھواں مکتوب

مقامِ فنا و بقا اور ہر چیز کی خاص وجہ کا ظہور حاصل ہونے اور سیر فی اللہ و تجلی ذاتی برقی وغیرہ کی حقیقت کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت: آپ کا کمترین خادم، **احمد**، خدمتِ عالیہ میں عرض کرتا ہے کہ اپنی کوتاہیوں کے بارے میں کیا عرض کروں، مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَ مَا لَمْ یَشَآءُ لَمْ یَکُنْ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (یعنی جو کچھ اللہ تعالیٰ نے چاہا وہ وجود میں آ گیا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے نہیں چاہا وہ وجود میں نہیں آیا اور نافرمانیوں اور گناہوں سے بچنا اور حق تعالیٰ کی فرمانبرداری اور مرضی پر عمل کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کی بلند و عظیم ذات (کی مدد) کے بغیر ممکن نہیں) جو علوم کہ فنا فی اللہ اور بقا باللہ سے تعلق رکھتے ہیں حق تعالیٰ نے اپنی عنایت سے ظاہر فرما دیئے ہیں اور اسی طرح اس خادم نے معلوم کر لیا ہے کہ ہر چیز کی وجہ خاص کیا ہے اور سیر فی اللہ کے کیا معنی ہیں اور تجلی ذاتی برقی کیا ہوتی ہے اور محمدی المشرب کون ہے اور اسی قسم کی دوسری چیزیں، اور ہر ایک مقام میں اس کے لوازمات و ضروریات کو دکھاتے اور ان کی سیر کراتے ہیں، اور شاید ہی کوئی ایسی چیز رہ گئی ہو کہ جس کی اولیاء اللہ نے نشاندہی کی ہے، اس کو راستے میں چھوڑ دیتے ہوں اور نہ دکھاتے ہوں (یعنی ایسی کوئی چیز نہیں جو نہ دکھائی گئی ہو) قُبِلَ مَنْ قُبِلَ بِلَا عِلَّۃٍ (یعنی جو کوئی بھی خدائے تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہوا ہے وہ بلا علت (سبب) ہی محض عنایتِ الٰہی سے مقبول ہوا ہے) جس طرح یہ خادم ہر چیز کی ذات اور اصل کو اللہ تعالیٰ کی مخلوق (پیدا کی ہوئی) جانتا ہے اسی طرح قابلیتوں اور استعدادوں کو بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق اور بنائی ہوئی جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قابلیتوں کا محکوم و تابع نہیں ہے اور کوئی چیز ایسی نہیں کہ اُس پر حاکم ہو، زیادہ لکھنے کی گستاخی مناسب نہیں۔ ع بندہ باید کہ حدِ خود داند ترجمہ:- چاہئے کہ بندہ اپنی حد میں رہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ۲۷﴾ ۳؎ قولہ ذِروہ:- ذال پر زبر، زیر اور پیش تینوں طرح درست ہے۔ اس کا معنی ہر چیز کا بلند حصہ، اونٹ کی کوہان کا بالائی حصہ۔ ۱۲

۴؎ ... قولہ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَان... الخ:- یعنی جو کچھ اللہ تعالیٰ نے چاہا وجود میں آ گیا (پیدا ہو گیا) اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے نہیں چاہا وہ وجود میں نہیں آیا، نافرمانیوں اور گناہوں سے بچنا اور حق تعالیٰ کی فرمانبرداری اور مرضی پر عمل کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کی بلند و عظیم ذات (کی مدد) کے بغیر ممکن نہیں۔ ۱۲

۵؎ ... قولہ فنا فی اللّٰہ والبقاء باللّٰہ... الخ:- فنا فی اللہ، بقا باللہ اور تجلی ذاتی وغیرہ، اصطلاحاتِ صوفیاء کے ان الفاظ کے بیان کی تشریح دوسرے مکتوبات خصوصاً دفتر دوم مکتوب ۹۴، دفتر سوم مکتوب ۶۴ میں مطالعہ کریں، اور سیر کی اقسام کو حضرت مجدد قدس سرہ نے دفتر اول مکتوب ۱۴۴ میں بیان فرمایا ہے۔ ۱۲

۶؎ ... قولہ قُبِلَ مَن... الخ:- یعنی جو کوئی خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہوا ہے وہ بلا علت و سبب محض اللہ تعالیٰ کی عنایت سے قبول ہوا ہے۔ ۱۲

﴿صہ۲۸﴾ ۱؎ قولہ ہمچناں کہ ذوات... الخ:- یعنی جس طرح اس امر کو میں جانتا ہوں کہ سب چیزوں کی ذات و اصل اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی یعنی مخلوق اور پیدا کی ہوئی ہیں، میں یہ بھی یقین رکھتا ہوں کہ اصلی قابلیت، لیاقت، سزاواری اور مستعدی ہر چیز میں مثلاً صنعت و کاریگری اس اللہ تعالیٰ عزّ سلطانہٗ اور جلّ برہانہٗ کی طرف سے ہے۔ ۱۲

☆ متن............ بین السطور............ معانی............

☆ ہمچنانکہ...... بمشابہۃ علت است مر ماقبل خود را ۱۲...... علت و سبب کے ساتھ مشابہت ہے خاص طور پر اپنی پہلی حالت سے......

Marfat.com

تیرھواں مکتوب

اس بیان میں کہ راستے (راہ سلوک) کی کوئی انتہا نہیں ہے اور حقیقت کے علوم شریعت کے علوم کے عین مطابق ہیں، یہ بھی اپنے پیرو مرشد بزرگوار کی خدمت میں تحریر فرمایا۔

عرضداشت: حضورِ والا کا کمترین خادم **احمد** عرض کرتا ہے، افسوس ہزار افسوس کہ اس راستے کی کوئی انتہا ہی نہیں ہے، اس راستہ کی سیر نہایت تیزی کے ساتھ اور واردات وعنایات نہایت کثرت سے واقع ہو رہے ہیں، اسی لئے مشائخِ عظام نے فرمایا ہے کہ سیر الی اللہ پچاس ہزار سال کا راستہ ہے، تَعْرُجُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ (المعارج ۴:۔ یعنی فرشتے اور روح یعنی جبرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف چڑھتے ہیں یعنی عروج کرتے ہیں ایک ایسے دن میں جس کی مقدار یعنی طول پچاس ہزار سال ہے) اس آیۂ مبارکہ میں شاید اسی معنی کی طرف اشارہ ہے جب کام نا اُمیدی تک پہنچ گیا اور اُمیدیں منقطع ہوگئیں تو آیت وَ هُوَالَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِمَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ (شوریٰ۔۲۸: اور اللہ تعالیٰ ہی ہے جو کہ لوگوں کے نا اُمید ہونیکے بعد بارش نازل فرماتا ہے اور اپنی (عام) رحمت کو پھیلا دیتا ہے) مددگار رہوئی۔ (یعنی اس آیت مبارکہ سے تسلی ہوئی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کام بن گیا)۔

چندروز ہوئے کہ اشیاء میں سیر واقع ہوئی ہے اور رشد وہدایت کے طالبوں ومریدوں کی پھر کثرت ہوگئی ہے۔ القصہ ان کی رشد وہدایت کا کام شروع کر دیا گیا ہے لیکن ابھی تک اپنے آپ کو (ارشاد وتکمیل کے) اس مقام کے قابل نہیں پاتا ہوں لیکن لوگوں کے اصرار کی وجہ سے مروّت وحیا کے باعث کچھ نہیں کہتا ہوں، اور توحید وجودی کے مسئلے میں پہلے اس خادم کو تردّد تھا

حاشیہ متن

﴿صہ۲۸﴾ ۲ قولہ تَعْرُجُ الْمَلٰئِكَةُ...الخ:۔ (یہ آیت کریمہ سورۃ المعارج آیت۴ پارہ تبارک الذی (۲۹) میں ہے)۔ یعنی فرشتے اور روح (جبرائیل علیہ السلام) اللہ تعالیٰ کی طرف عروج کرتے ہیں یعنی چڑھتے ہیں ایک ایسے دن میں جسکی مقدار (لمبائی) پچاس ہزار سال ہے۔ ۱۲

۳... قولہ هُوَالَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ...الخ:۔ یہ اشارہ ہے اس آیہ کریمہ کی طرف جو کہ سورۃ شوریٰ پارہ الیہ یرد (۲۵) میں ہے۔ ترجمہ:۔ اور اللہ تعالیٰ ہی ہے جو لوگوں کے نا امید ہونے کے بعد بارش نازل فرماتا ہے اور اپنی رحمت کو پھیلا دیتا ہے وہی کارساز اور تمام تعریفوں کے لائق ہے۔ ۱۲

۴... قولہ غلو:۔ (غین کے زبر سے) غُلُوّ (غ اور ل پر پیش اور آخر میں و پر شد ہے) ہاتھ کو جہاں تک ہو سکے بلند کرنا، حد سے گذر جانا کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔ ۱۲

۵... قولہ اِبرام:۔ (الف کی زیر سے) پریشان کرنا، زچ کرنا۔ ۱۲

۶... قولہ رَیب:۔ (رکے زبر سے) گردش زمانہ، حاجت وشک، پریشان کن حوادث، حوادث روزگار۔ ۱۲

☆متن.................بین السطور.................معانی

☆تَعْرُجُ...... مبتداء ۱۲......تعرج سے لیکر الف سنۃ تک مبتدا ہے۔........☆مگر........خبر ۱۲.......مگر سے لیکر داشتہ اند تک خبر ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔☆ایمائی.......اشارہ ۱۲........اشارہ۔..........☆یاس........نامیدی ۱۲............امید نہ رہنا۔.............☆هُوَ.... مبتداء۱۲.............ہو سے لیکر رحمتہ تک مبتدا ہے۔☆ در..........خبر۱۲..........درکار شد خبر ہے۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔............☆مسترشد........طالبان

Marfat.com

جیسا کہ کئی مرتبہ عرضِ خدمت کیا جا چکا ہے اور افعال وصفات کو اصل سے جانتا تھا جب معاملے کی حقیقت معلوم ہوگئی تو وہ تردّد دور ہو گیا اور (مقولہ) ہمہ از وست کے پلّہ (دامن) کو (مقولہ) ہمہ اوست کے دامن سے بھاری وغالب پایا اور اس (ہمہ از وست) میں ہمہ اوست سے زیادہ کمال دیکھا اور افعال وصفات کو بھی دوسرے رنگ میں معلوم کیا۔ سب کو ایک ایک کر کے دکھایا اور (ان کے) اوپر سے گذر کرایا (چنانچہ) شک وشبہ بالکل جاتا رہا، تمام کشفی علوم ظاہر شریعت کے مطابق نکلے اور ظاہر شریعت سے بال بھر (یعنی ذرا بھی) مخالفت نہیں پائی۔ اور بعض صوفیاء جو ظاہر شریعت کے خلاف کشفوں کو بیان کرتے ہیں وہ سہو کی وجہ سے ہے یا سکر (مستی) کی وجہ سے (ورنہ) باطن ظاہر کے بالکل مخالف نہیں ہے۔ راہِ سلوک طے کرنے کے دوران سالک کو جو مخالفت نظر آتی ہے ان اختلافات کی توجیہ کرنے اور ان میں موافقت پیدا کرنے کی ضرورت ہے لیکن حقیقی منتہی باطن کو ظاہر شریعت کے موافق پاتا ہے (ظاہری) علماء اور ان بزرگوں (صوفیائے کرام) کے درمیان صرف اسی قدر فرق ہے کہ علماء (امورِ شریعت کو) دلیل اور علم کی وجہ سے جان لیتے ہیں اور یہ بزرگ کشف وذوق کے ساتھ حاصل کرتے اور پا لیتے ہیں۔ ان بزرگوں کے حال کی صحت پر اس مطابقت سے زیادہ مدلّل اور کونسی دلیل ہو سکتی ہے (کہ ان حضرات کا تمام کشف کتاب وسنت اور ظاہر شریعت کے موافق ہوتا ہے اور ظاہر شریعت سے ذرا بھی ہٹا ہوا نہیں ہوتا) آیت کریمہ یَضِیْقُ صَدْرِیْ وَ لَا یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ (سورۃ شعراء آیت ۱۳) ترجمہ:۔ یعنی میرا سینہ تنگ اور میری زبان گونگی ہوئی جاتی ہے)

رشد و ہدایت ۱۲...... ہدایت و رہنمائی حاصل کرنے کی خواہش رکھنے والے۔ ☆ آنمقام...... ارشاد و تکمیل ۱۲...... سالکوں کی رہنمائی کرنا اور راہِ سلوک کامل طے کرانا۔ ☆ توحید...... وجودی ۱۲...... توحید وجودی، وحدۃ الوجود کے قائلین کا نظریہ توحید۔...... ☆ متوقف...... متردد ۱۲ تردد میں تھا۔...... ☆ توقف...... تردد ۱۲...... شک وشبہ اور سوچ بچار۔............ ☆ چرب...... غالب ۱۲...... غلبہ پانے والا۔...... ☆ برطرف...... زائل گردید ۱۲...... زائل ہو گیا۔...... ☆ سہو...... فراموشی ۱۲...... بھول، نسیان۔......

﴿صہ۲۹﴾ ۱ قوله در تَوَسُّطِ راه :۔ یعنی راہ چلنے کے دوران، طریقت کے راستے پر چلنے والے کو یہ مخالفت نظر آتی ہے۔ ۱۲

۲... قولـه امـا مُنتهِی حَقِیقی... الخ :۔ یعنی جب سالک اپنے کام کو آخر تک پہنچا دیتا ہے اور نہایۃ النہایۃ سے واصل ہو جاتا ہے تو باطن کو ظاہر شریعت کے ساتھ متفق پاتا ہے، اور جو مخالفت اثنائے راہ میں اسے نظر آتی تھی وہ رفع ہو جاتی ہے۔ ۱۲

ـ... حضرت مجدّد قدس سرہ کے ارشاد علماء کے حق میں ''میدانند'' (جان لیتے ہیں) اور صوفیاء کے حق میں ''می یابند'' (پا لیتے ہیں) اس میں ایک لطیف رمز ہے اور دقیق اشارہ ہے، اسکو سمجھو!۔ ۱۲

۳... قولـه وَ اَیُّ دَلِیْلٍ ... الخ :۔ یعنی بزرگوں کے حال کی صحت پر اس مطابقت سے زیادہ مدلل اور کونسی دلیل ہو سکتی ہے کہ ان حضرات کے تمام کشف کتاب وسنت اور ظاہر شریعت کے موافق ہوتے ہیں اور بال برابر بھی شریعت کے خلاف نہیں ہوتے۔ ۱۲

۴... قوله ''یَضِیْقُ صَدْرِیْ وَلَا یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ'' :۔ مبتدا ہے اور ''نقدِ وقت است'' خبر ہے۔ یہ آیت سورۃ شُعَرَاء آیہ ۱۳ پارہ قَالَ الَّذِیْنَ (۱۹) میں واقع ہے، اس میں ایک رمز ہے۔ آیت کا ترجمہ ہے: میرا سینہ تنگ ہو جاتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی۔ ۱۲

۵... التعریب (شعر کا عربی ترجمہ):۔

وَ اَنْتَ لِهٰذَا الْقَوْلِ قَدْ کُنْتَ مَبْدَأً   فَاِنْ فِیْهِ اَطْنَابٌ فَمِنْكَ مُسَبَّبٌ

ترجمہ:۔ اس بات کے آغاز کا سبب آپ ہی ہیں، لہٰذا اگر یہ بات دراز ہو جائے تو اس کا باعث آپ ہی ہوں گے۔ ۱۲

۶... التعریب (مصرع کا عربی ترجمہ):۔ عَلَی الْمَرْءِ اَنْ لَّا یَجْهَلَ الدَّهْرِ طَوْرَهٗ

ترجمہ:۔ بندے کو لازم ہے کہ اپنی حیثیت کو خود پہنچانے مطلب یہ کہ بندگی کی حدود میں رہے اور بندگی کے تقاضے پورے کرے۔ ۱۲

Marfat.com

میرے شامل حال ہے میں نہیں سمجھتا کہ کیا عرض کروں، بعض حالات کے لکھنے کی توفیق نہیں پاتا اور عریضوں میں بھی لکھنے کی گنجائش نہیں ہے، شاید اس میں کوئی حکمت ہوگی۔ اس فراق زدہ محروم کو غریب نوازی کی توجہ سے محروم نہ رکھیں اور راستہ میں نہ چھوڑیں۔ ے این سخن را چوں تو مبدأ بودہٗ گر فزوں گردد تواش افزودہٗ

ترجمہ:۔ ابتدا ہے اس سخن کی آپ سے پس ترقی اس میں ہوگی آپ سے

زیادہ لکھنے کی گستاخی نہیں کی گئی۔ ع۔ بندہ باید کہ حد خود داند ترجمہ:۔ بندے کو اپنی حد سے گذرنا نہ چاہیے

☆سکر......مستی ۱۲......بے ہوشی، مدہوشی......☆علماء......اہل ظواہر ۱۲......قرآن وسنت کے ظاہری علوم کے جاننے والے......

☆این بزرگواران......صوفیائے کرام ۱۲......قرآن وسنت کے باطنی علوم کے جاننے والے......☆استدلالاً وعلماً......یعنی بدلیل وعلم ۱۲......دلیل اور علم کے ذریعے۔☆ایشاں......این بزرگواران ۱۲......یعنی صوفیاء کرام......☆کشفاً وذوقاً......بکشف وذوق ۱۲ کشف اور ذوق روحانی سے......☆یضیق......مبتداء ۱۲......یضیق سے لسانی تک مبتدا ہے......☆نقد......خبر ۱۲......

"نقد وقت است" خبر ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا......☆بر تسوید......تحریر ۱۲......یعنی لکھنا تحریر کرنا......☆مبدأ......محلِ آغاز ۱۲ شروع کرنے کی جگہ......

چودھواں مکتوب

جو واقعات راہ سلوک طے کرنے کے دوران ظاہر ہوئے ان کے حاصل ہونے اور بعض طالبانِ طریقت کے احوال کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار قدس سرہ کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت:۔ کمترین خادم احمد کی گذارش یہ ہے کہ وہ تجلیات جو کونیات (مخلوقات) کے مراتب میں ظاہر ہوئی تھیں ان میں سے بعض سابقہ عریضے میں بیان کردی گئی تھیں، اس کے بعد مرتبہ وجوب جو کہ صفاتِ کلیہ کا جامع ہے ظاہر ہوا اور بدصورت سیاہ رنگ عورت کی صورت نظر آیا، اور اس کے بعد مرتبہ احدیت ایک دراز قد آدمی کی صورت ظاہر ہوا جو کم عرض والی دیوار پر کھڑا ہو— اور یہ دونوں تجلیات حقانیت کے عنوان (سرنامہ) کی صورت میں ظاہر ہوئیں بخلاف سابقہ تجلیات کے کہ وہ اس عنوان کے ساتھ ظاہر نہیں ہوئی تھیں۔ اسی اثنا میں موت کی خواہش پیدا ہوئی اور ایسا نظر آیا گویا کہ میں ایک شخص ہوں جو دریائے محیط (بہت بڑے سمندر) کے کنارے اس ارادہ کے ساتھ کھڑا ہے کہ اپنے آپ کو دریا میں ڈال دے لیکن

حاشیہ متن

{صہ ۲۹} ے جاننا چاہیے کہ اس مکتوب نمبر ۱۴ میں اسرار دقیقہ، و رموزِ غریبہ (عجیب وغریب رمزیں) درج ہیں، ان پر مطلع نہیں ہوسکتے مگر ایسے شخص جنہوں نے پہلے سے اطلاع پائی ہو۔ ایسا ہی ہے جو میں نے ان کے بعض مکتوب میں پایا ہے۔ ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

ے ... قولہ اَکْوان:۔ (الف پر زبر) کَون (کاف پر زبر) کی جمع ہے یعنی مخلوقات کا ہونا اور موجود ہونا۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی......

☆غیر جمیلہ......بدصورت ۱۲......بری شکل والا......☆مُسْوَدُّ اللّون......سیاہ رنگ ۱۲......کالے رنگ والا......☆بالا......قد ۱۲......لمبے قد والا......☆باریک......اندک ۱۲......تھوڑا، قلیل......☆پہن......بفتح اول وسکون دوم فراخ وعریض ۱۲......پہلے

Marfat.com

پیچھے سے اس کو ایک رسی سے ایسا مضبوط باندھ دیا گیا ہے کہ وہ دریا میں گر ہی نہیں سکتا۔ (خادم) اس رسی سے مراد اپنے بدن عنصری کے تعلقات کو سمجھتا تھا اور خواہش کرتا تھا کہ وہ رسی ٹوٹ جائے، اور نیز ایک خاص کیفیت یہ ظاہر ہوئی کہ اس وقت ذوق کے انداز پر مجھے معلوم ہوا کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے سوا دل میں کوئی خواہش نہیں رہی ہے۔

بعد ازاں صفات کلیہ وجوبیہ جنھوں نے کہ نزول وظہور کے مقامات کے اعتبار سے مختلف خصوصیات پیدا کر لی تھیں نظر آئیں، اس کے بعد وہ خصوصیات سب کی سب ان نزول وظہور کے مقامات سے نیچے گر گئیں اور باقی نہ رہیں مگر کلیتِ وجوبیہ کے عنوان سے اور ان (نزول وظہور کے مواقع) کے ان خصوصیات سے الگ ہونے کی صورت میں بھی نظر آئیں اور اس وقت معلوم ہو گیا کہ اب حقیقت میں صفات کو اصل کے ساتھ ملا دیا گیا ہے اور خصوصیات سے الگ ہونے سے پہلے صفات کو اصل کے ساتھ جاننے کی کوئی حقیقت نہیں ہے لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ مجاز کے طور پر ہو جیسا کہ تجلیِ صوری کے مقام والوں کا حال ہے اور اس وقت فنائے حقیقی ثابت ہو گئی۔

اس حالت کے ثابت وموجود ہونے کے بعد جو صفات کہ اپنے اندر تھیں یا اپنے غیر کے اندر تھیں ایک ہی طرز پر پائیں اور محل ومواقع کی تمیز جاتی رہی، اس وقت شرکِ خفی کی کئی دقیق اقسام سے نجات حاصل ہوئی اور اس وقت عرش (عالمِ علوی) وفرش (عالمِ سفلی) زمان ومکان اور جہات وحدود کچھ بھی نہیں رہا۔ اگر بالفرض کئی سال تک فکر کرتا رہوں ہرگز علم میں نہیں آئے گا کہ دنیا کا ایک ذرہ بھی پیدا شدہ ہے۔

اس کے بعد اپنا تعین اور اپنی وجہ خاص نظر آئی اور اپنا تعین پرانے پھٹے ہوئے کپڑے کی طرح تھا جس کو کسی شخص نے پہنا ہوا ہو، اور اس شخص کو میں نے اپنی وجہ خاص جانا لیکن حقانیت کے طور پر متصور نہیں ہوا۔

اس کے بعد اس شخص پر متصل ہی ایک باریک پوست (کھال) نظر آیا اور میں نے اپنے آپ کو اس کھال کا عین معلوم

حرف پر زبر اور دوسرے پر جزم، اسکے معنی وسیع اور چوڑا ہیں۔...... ☆عنوان...... بالضم دیباچہ وسرنامہ انجا مراد از صورتست ١٢...... عین پر پیش یعنی دیباچہ اور پتہ یہاں صورت وشکل مراد ہے۔...... ☆دریائے محیط...... یعنی کہ دریائے احاطہ کردہ است زمین را ١٢...... یعنی وہ سمندر جس نے زمین کو گھیرا ہوا ہے۔......

﴿صہ ٣٠﴾ ١ قولہ عَقِب:۔ (عین پر زبر اور قاف کے نیچے زیر) ترجمہ:۔ بیٹا اور پوتا، پاؤں یا جوتے کی ایڑی اور ق کی زبر سے، گدھے اور گھوڑے وغیرہ کی پہلی چال کے بعد کی چال اور رفتار۔ بیٹا، پوتا، کسی چیز کے پیچھے آنا، نائب اور جانشین ہونا۔ (منتخب اللغات)

٢ ... قولہ عنصری عُنصر:۔ (عین پر پیش) کی طرف منسوب ہے، اس کے معنی اصل اور بنیاد کے ہیں، اور اطباء کے نزدیک پانی، مٹی، ہوا اور آگ (یعنی عناصر اربعہ) ہیں۔ ١٢

٣ ... قولہ کما ھو حال ارباب ...الخ:۔ چنانچہ ایسا ہی حال اصحاب تجلی صوری کا ہے جاننا چاہیے کہ سالکینِ راہ (اصحاب طریقت) حق سبحانہٗ کو تجلیاتِ صوری سے دیکھتے ہیں۔ یہ آثار کے ساتھ نسبت رکھتی ہے، اور جو تجلیاتِ نوری سے دیکھتے ہیں وہ افعال کے ساتھ نسبت رکھتی ہے، اور جو تجلیات معنوی کے ساتھ دیکھتے ہیں، وہ صفات کے ساتھ تعلق رکھتی ہے، اور جو تجلیات ذوقی کے ساتھ دیکھتے ہیں وہ ذات کے ساتھ نسبت رکھتی ہے، اور تجلیاتِ صوری میں جو کہ آثار کے ساتھ نسبت رکھتی ہے، حق تعالیٰ تمام اشیاء کی صورت میں بندہ پر تجلی فرماتا ہے، مفردات، عنصریات، معادن حیوانات اور افراد انسان الیٰ آخرہا۔ رشحات میں شیخ رکن الدین علاء الدولہ کے کلام سے نقل کیا گیا ہے۔ شیخ موید الدین الجندی نے اس کے تتمے میں فرمایا۔

شعر قَدْ یَظْهَرُ الْحَقُّ فِیْ صُوْرَةٍ یُنْكِرُهَا الْجَاهِلُ فِیْ ذَاتِهٖ

ترجمہ:۔ حق کبھی ایسی صورت میں ظاہر ہوتا ہے کہ جاہل اپنی ذات میں اس کا انکار کر دیتا ہے۔

Marfat.com

کیا اور تعین کے اس کپڑے کو میں نے اپنے آپ سے بیگانہ دیکھا اور جو نور کہ اس کھال میں تھا نظر آیا، تھوڑی دیر بعد وہ نور نظر سے غائب ہوگیا اور یہ پوست اور کپڑا بھی نظر سے ہٹ گیا اور وہی پہلا جہل باقی رہ گیا۔

اس مذکورہ صورتِ واقعہ کی تعبیر جو کچھ علم میں آئی۔ یہ خادم عرض خدمت کرتا ہے تا کہ (آنجناب کی جانب سے) اس تعبیر کی صحت و غلطی معلوم ہو جائے اور وہ تعبیر یہ ہے کہ یہ صورت مذکورہ (یعنی اپنے تعین کا پرانے کپڑے کی مانند دیکھنا) عینِ ثابتہ ہے جو وجوب و امکان کے درمیان برزخ و واسطہ کی مانند ہے کہ جس کی دونوں طرفین (وجوب و امکان) ایک دوسرے سے جدا و ممتاز ہوگئی ہیں اور کمال درجہ کے فرق کے ساتھ ثابت ہوگئی ہیں، اور وہ پوست جو اس پرانے کپڑے اور اس نور کے درمیان واقع ہوا ہے وہ وجود اور عدم کے درمیان برزخ ہے۔ اور یہ جو میں نے اپنے آپ کو اس پوست کے آخر میں پایا تو اس میں برزخیت تک پہنچنے کی طرف اشارہ ہے اور پہلے بھی واقعات و کیفیات میں اپنے آپ کو وجود اور عدم کے درمیان بمنزلہ برزخ کے معلوم کرتا رہا تھا لیکن ظاہری طور پر وہ آفاق کی نسبت سے تھا اور اب یہ انفس کے اعتبار سے ہے اور ایک دوسرا فرق بھی اس وقت ظاہر ہوا تھا لیکن لکھنے کے وقت بھول گیا، یہ ہے (اس صورتِ واقعہ کی تعبیر)۔ اور جو کچھ ہر وقت حاصل ہے حیرانی و نادانی ہے اور اسی طرح کبھی عجیب و غریب حال ظاہر ہو جاتے ہیں اور غائب ہو جاتے ہیں اور ان کی معرفت رہ جاتی ہے اور یہ خادم بعض واقعات کی تعبیر و تاویل میں عاجز رہ جاتا ہے اور اگر کوئی چیز علم میں آتی ہے اس پر اعتماد نہیں کرتا اسی وجہ سے عریضوں کے ارسالِ خدمت کرنے میں گستاخی کرتا ہوں ممکن ہے حضور والا کی نشاندہی سے کسی امر کے ساتھ یقین پیدا ہو جائے، یہ خادم امیدوار ہے کہ حضور کی بلند توجہات سے کمینی دنیا کے تعلقات کی گرفتاری سے نجات میسر ہو جائے گی ورنہ کام بہت مشکل ہے۔

ے بے عنایات حق و خاصانِ حق   گر ملک باشد سیہ ہستش ورق

ترجمہ:۔ ذات حق اور نیک بندوں کی عنایات جب نہ ہو   ہے سیاہ اعمالنامہ خواہ فرشتہ کیوں نہ ہو

عارف جامی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔

اگر وہ چاہتا تو جہان کی تمام صورتوں میں سے ہر صورت میں ظاہر ہوتا اور اگر چاہتا تو ہر چیز سے پاک و منزہ ہوتا کسی قسم کی صورت، اسم اور رسم اس کے ساتھ اضافت نہ پا سکتی، اور اگر چاہتا تو احکام و اسماء اور صفات اس پر صادق و محمول ہوتے، اس سب کے باوجود اسکی پاک ذات منزہ ہے ہر اس چیز سے جو اسکی عظمت و جلال کے لائق نہیں ہے... الخ۔

۴ ... قولہ جہات:۔ یعنی چھ سمتیں جو مشہور ہیں: دائیں، بائیں، اوپر، نیچے، آگے، پیچھے۔ ۱۲

۵ ... قولہ بالائے آن... الخ:۔ یعنی اس شخص کے (متصل) عین اوپر ایک باریک جلد یعنی کھال نظر آئی۔ ۱۲

۶ ... قولہ واقعہ:۔ حضرات صوفیائے کرام کی اصطلاح میں واقعہ اس امر کو کہتے ہیں جو دل میں واقع ہو، خواہ جاگتے ہوئے یا نیند کی حالت میں، لیکن حواس کا معطل ہونا اس کے لئے ضروری ہے، صوفی وقائع کے مشاہدہ میں اس عام نیند کا محتاج نہیں ہے، اور صوفی بوجہ مراقبہ اور ذکر کی مشغولی کے باعث مسدود الحواس ہو جاتا ہے، پس اس کے لئے ایسے واقعات میں نیند کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ ۱۲

۷ ... قولہ سُقم (ایک پیش سے):۔ سُقُم (دو پیش سے) بیماری یعنی خطا و غلطی۔ ۱۲

۸ ... قولہ عین ثابتہ:۔ یعنی صورت علمیہ اور اعیان ثابتہ کی تفصیل حضرت مجدد قدس سرہ کے دوسرے مکتوبات میں موجود ہے۔ ۱۲

۹ ... قولہ کَالْبَرْزَخ... الخ:۔ یعنی وجوب اور امکان کے درمیان واسطہ کی مانند ہے۔ ۱۲   لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ عقب...... پس ۱۲...... پیچھے، پس پشت۔...... ☆ ریسمان ...... بالکسر رسن و تار باریک کہ از پنبہ وغیرہ میر یسند یعنی رشتہ ۱۲...... را کے

شیخ عبداللہ نیازی کا صاحبزادہ شیخ طہٰ جو کہ سرہند شریف کے مشہور مشائخ میں سے ہے اور خود حاجی عبدالعزیز اس سے اچھی طرح واقف ہے قدمبوسی اور نیازمندی عرض کرتا ہے اور اس کو اس طریقہ علیہ کی طرف رجوع کرنے (داخل ہونے کی) خواہش پیدا ہوئی ہے صدق و نیاز سے التجا کرتا ہے، میں نے اس کو استخارہ کرنے کے لئے کہہ دیا ہے بظاہر مناسبت رکھتا ہے اور جن دوستوں نے یہاں ذکر کی تعلیم حاصل کی ہے ان میں سے اکثر طریق رابطہ میں مشغول ہیں، ان میں سے بعض واقعات (واقعہ) میں دیکھ کر رابطہ اختیار کرنے کے ساتھ آتے ہیں اور بعض دہلی سے واپس آنے سے پہلے ہی رابطہ رکھتے تھے اور وہ اول اول حضور و استغراق میں جاتے ہیں، ان میں سے بعض صفات کو بھی اصل سے دیکھتے ہیں اور بعضے نہیں دیکھتے لیکن کوئی شخص بھی توحید وجودی اور انوار و کشوف کی راہ سے نہیں جاتا۔

ملاّ قاسم علی و ملاّ مودود محمد اور عبدالمومن بظاہر مقام جذبہ (سیر انفسی) کے نقطۂ فوق تک پہنچ گئے ہیں لیکن ملاّ قاسم علی نزول کی طرف (یعنی تکمیل و ارشاد کے لئے مخلوق کی طرف) توجہ رکھتا ہے۔ اور ان دونوں (یعنی ملاّ مودود محمد و عبدالمومن) کے متعلق معلوم نہیں کہ نزول کی طرف آئیں، اور شیخ نور بھی نقطۂ فوق کے نزدیک ہے لیکن (ابھی تک) وہاں نہیں پہنچا ہے۔ ملا عبدالرحمٰن بھی نقطہ کے نزدیک ہے لیکن ابھی تھوڑی سی مسافت درمیان میں ہے ملا عبدالہادی نے حضور اور اس حضور میں

زیرے، دھاگہ یا باریک تار جو روئی وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے۔ یعنی رشتہ اور تعلق۔ ......☆ ریسمان ......رشتہ ۱۲......تعلق۔ ......☆ بایستے حاجتے و آرزوئے ۱۲......حاجت و ضرورت اور آرزو۔ ......☆ محالّ ...... بہ تشدید لام جمع محل بمعنی جائے نزول ۱۲......لام پر شد، یہ محل کی جمع ہے اسکے معنی اترنے اور ٹھہرنے کی جگہ۔ ......☆ ازانہا ......محالّ و مظاہر ۱۲......نزول و ظہور کے مقامات۔ ......☆ تجرید ...... برہنہ کردن ۱۲...... ننگا کرنا، لباس اتار دینا۔ ......☆ حینئذٍ ......وریں وقت ۱۲......اس وقت۔ ......☆ دادن ......صفات را ۱۲......صفات کو......☆ تجوز مجاز ۱۲......مجازی طور پر۔ ......☆ متحقق ......ثابت و موجود ۱۲......ثابت و موجود ہوگئی۔ ......☆ نہج ......طریق و طرز ۱۲......طریقہ و انداز۔ ☆ حِینَئِذٍ ......وریں وقت ۱۲......اس وقت میں۔ ......☆ عرش ......عالم علوی ۱۲......عالم بالا۔ ......☆ فرش ......عالم سفلی ۱۲ زمین اور اہل زمین ......☆ حدود ......نہایات ۱۲......جہتیں اور سمتیں وغیرہ۔ ......☆ خود نیز ......یعنی در نظر آمد ۱۲......یعنی نظر میں آگئی ہے۔ ......☆ تعیُّن ......خود ۱۲......اپنا تعین (اپنا آپ) بہ نفسِ نفیس۔ ......☆ متصل ......نزدیک ۱۲......قریب۔ ......☆ مرتفع ...... زائل ۱۲......ہٹ جانا، دور ہو جانا۔ ......☆ تعبیر ......تاویل و بیان ۱۲......وضاحت کرنا، بیان کرنا۔ ......☆ واقعہ مذکورہ ......در قول او قدس سرہ و تعین در رنگ جامہ بود ۱۲......یعنی حضرت امام ربانیؒ کا قول "و تعین در رنگِ جامہ بود" جو پہلے گذر چکا ہے۔ ......☆ صحت ...... باصواب بدون ۱۲......درست ہونا، صحیح ہونا۔ ......☆ کالبرزخ ... .یعنی مانند واسطہ است میان وجوب و امکان ۱۲......یعنی وجوب و امکان کے درمیان برزخ و واسطہ کی مانند ہے۔ ......

﴿ص ۱۳۱﴾ ۱ قوله کہ ہر طرف او:۔ یعنی اس کے ہر طرف کوئی علت ہے برزخ کی طرح، جو ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہوگئی ہیں۔ ۱۲

۲ ... قوله شَعْبَدہ:۔ پہلے حرف پر زبر اور دوسرے پر جزم، ایک نقطہ والی ب پر بھی زبر ہے۔ یعنی وہ کھیل جو جادو یا کسی فن سے کرتے ہیں، مگر اس جگہ عجیب حال اور غریب شان مراد ہے جو سالک پر (عجیب و غریب کیفیت) فائض اور وارد ہوتی ہے۔ ۱۲

۳ ... قوله بطریق رابطہ:۔ جاننا چاہیے کہ پیر کی صورت دل میں محفوظ رکھنا رابطہ کہلاتا ہے، حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کے اس مصرع میں رابطہ کی طرف اشارہ ہے۔ ع۔ سایہء رہبر بہ است از ذکر حق یعنی رابطہ کا طریقہ ذکر سے زیادہ نفع بخش ہے۔ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ نے اپنے مکاتیب کے مکتوب ۱۶۵ میں اسے دلیل کے ساتھ ثابت کیا ہے اور وضاحت فرمائی ہے اور حضرت مجدد

Marfat.com

استغراق حاصل کرلیا ہے اور وہ یہ بھی کہتا ہے کہ مطلق پاک ذات یعنی حق تعالیٰ جل شانہٗ کو اشیاء میں تنزیہی صفت کے ساتھ دیکھتا ہوں اور افعال کو بھی اسی پاک ذات تعالیٰ جل شانہٗ سے جانتا ہوں۔ یہ سب حضور والا کے فیوضیات ہیں جو طالبان طریقت اور صاحب استعداد لوگوں کو پہنچ رہے ہیں، اور اس فیض رسانی میں اس کمترین خادم کا کوئی حصہ نہیں ہے۔

ع۔ من ہماں احمد پارینہ کہ ہستم ہستم ترجمہ:۔ میں وہی احمد ہوں خادم ہوں پرانا آپ کا

حضور والا نے ایک روز واقعات میں کسی واقعہ کے درمیان فرمایا تھا کہ اگر اس میں (یعنی حضرت مجددؒ میں) محبوبیت کے معنی نہ ہوتے تو اس کو مقصود تک پہنچنے میں بہت توقف (دیر) واقع ہوتا اور اس (خاکسار) کی محبوبیت کی نسبت اپنی عنایت کے ساتھ ہونے کے بارے میں بھی فرمایا تھا آپ کے اس فرمان سے کامل امید لگی ہوئی ہے۔ اور یہ (لکھنے کی) جرأت و گستاخی بھی اسی وجہ سے کی ہے۔

علیہ الرحمۃ نے بھی مکتوبات جلد دوم کے مکتوب تیس (۳۰) میں اسکی تحقیق کی ہے۔ وہاں سے ملاحظہ کیا جائے۔ ۱۲ مصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ حیرت ...... یعنی حیرانی ۱۲ ...... حیرانی و پریشانی ...... ☆ نکارت ...... یعنی نادانی ۱۲ ...... بیوقوفی، بے سمجھی، جہالت۔ ...... ☆ ورمی ...... عاجز آید ۱۲ ...... عاجز آتا ہے۔ ...... ☆ تقریب ...... مناسبت ۱۲ ...... مطابقت، یکسانیت۔ ...... ☆ علیہ ...... بلند ۱۲ ...... اونچا، عالی۔ ...... ☆ دنیہ ...... کمینہ ۱۲ ...... گھٹیا، رزیل ...... ☆ والا ...... ورنہ ۱۲ ...... اگرنہ (وگرنہ)۔ ...... ☆ ملک ...... فرشتہ ۱۲ ...... فرشتہ۔ ...... ☆ ورق ...... نامہ ۱۲ ...... اعمال نامہ۔ ...... ☆ شیخ ...... مبتداء ۱۲ ...... شیخ طہٰ ...... مبتداء ہے۔ ...... ☆ خدام ...... یعنی خود حاجی عبدالعزیز ۱۲ خود حاجی عبدالعزیز۔ ...... شیخ طہٰ ۱۲ ...... ☆ بایشان ...... ایشاں کا اشارہ شیخ طہٰ کی طرف ہے جن کا پہلے ذکر ہوا۔ ...... ☆ قدمبوسی ...... خبر ۱۲ قدم بوسی۔ خبر ہے۔ ...... ☆ داعیہ ...... اقتضاء ۱۲ ...... خواہش، آرزو، تقاضا۔ ...... ☆ انابت ...... رجوع ۱۲ ...... رجوع کرنا، متوجہ ہونا ...... ☆ ملتجی ...... اسم فاعل از التجا بمعنی التجا و تضرع کنندہ ۱۲ ...... التجاء مصدر سے اسم فاعل یعنی التجا اور عاجزی کرنے والا۔ ...... ☆ باصل ...... یعنی از اصل ے بینند ۱۲ معرب ...... یعنی اصل سے دیکھتے ہیں۔ (مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے) ...... ☆ توحید ...... یعنی توحید وجودی ۱۲ توحید وجودی یعنی نظریہ وحدۃ الوجود ......

(صفحہ ۳۲) ۱؎ قولہ منزہ:۔ اسم مفعول ہے تَنزِیہ سے، مکروہ ناپسندیدہ اشیاء کو دور کرنا اور پاک و صاف کرنا۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ دولت ایشاں... الخ:۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ اپنے پیر و مرشد حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ کے حضور عرض گذار ہیں کہ یہ تمام فیوضات آپ کی دولت ہے جو طالبوں اور مجھ کمینہ کو پہنچ رہی ہے۔ ۱۲

☆ جذبہ ...... یعنی سیر انفسی ۱۲ ...... سیر انفسی، معرفتِ نفس۔ ...... ☆ روبنزول ...... توجہ بسوئے خلق برائے ارشاد و تکمیل ۱۲ ...... مخلوق کی طرف توجہ کرنا ان کی رہنمائی اور تکمیل کیلئے۔ ...... ☆ دو معلوم ...... ملا مودود و عبدالمومن ۱۲ ...... یعنی ملا مودود اور عبدالمومن (طالبان)۔ ...... ☆ مطلق ...... حق جل وعلا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ...... ☆ افاضہ ...... ریختن و ریزیدن ۱۲ ...... ڈالنا، بکھیرنا یعنی فیض رسانی۔ ...... ☆ فرمودہ ...... یعنی حضرت پیر بزرگوار ۱۲ ...... یعنی حضرت خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ۔ ...... ☆ درومی بود ...... یعنی در حضرت مجدد قدس سرہ ۱۲ یعنی خود حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ مراد ہیں۔ ......

Marfat.com

پندرھواں مکتوب

ان حالات کے بیان میں جو مقامات ہبوط ونزول کے مناسب ہیں نیز بعض اسرارِ مکنونہ (پوشیدہ راز) کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ اس حاضر (موجود) غائب (غیر حاضر) واجد (پانے والا) فاقد (نہ پانے والا) مقبل (متوجہ) معرض (منہ پھیرنے والا) کی گذارش یہ ہے کہ یہ خادم مدتوں اس (مطلوبِ حقیقی) کو ڈھونڈتا تھا تو اپنے آپ کو پاتا تھا، اس کے بعد اس خادم کا کام اس مقام تک پہنچ گیا کہ اگر اپنے آپ کو ڈھونڈتا تھا تو اس کو پاتا تھا اب اس کو گم کر چکا ہے لیکن اپنے آپ کو پاتا ہے، گم کرنے کے باوجود اس کا متلاشی نہیں، اور گم کر دینا ثابت ہو جانے کے باوجود اس کی خواہش کرنے والا نہیں ہے۔ علم کے اعتبار سے حاضر، واجد (پانے والا) مقبل ہے اور ذوق کے اعتبار سے غائب و فاقد و معرض ہے، اس کا ظاہر بقا ہے اور اس کا باطن فنا، عین بقا (کی حالت) میں فانی ہے اور عین فنا (کی حالت) میں باقی ہے لیکن فنا علمی ہے اور بقا ذوقی۔ اس کا (یعنی حضرت مجدّد قدس سرہ کا) معاملہ ہبوط ونزول پر ٹھہر چکا ہے اور صعود وعروج سے رک گیا ہے اور جس طرح کہ اس کو مقامِ قلب سے مقلّب قلب (قلب کو پھیرنے والے یعنی حق تعالیٰ) کی طرف لے گئے تھے، اب پھر مقلّب قلب (حق تعالیٰ) کی طرف سے مقامِ قلب میں نیچے لے آئے ہیں۔

روح کے نفس سے آزاد ہو جانے اور نفس کے مطمئنہ ہو کر انوار کے غلبوں سے نکلنے کے باوجود اُس (حضرت مجدّد قدس سرہ) کی روح کو روح ونفس کی دونوں جہتوں (طرفوں) کا جامع بنایا ہے اور اس کو ان دونوں جہتوں کی برزخیت کے ساتھ مشرف فرمایا گیا ہے، اور اس برزخیت کے حاصل ہونے کی وجہ سے فوق (اپنے سے اوپر کے مقام والوں) سے فائدہ

حاشیہ متن:۔

﴿ص۳۲﴾ ۳ قولہ تَحَقُّق:۔ تَمَلُّق کے وزن پر ہے۔ یعنی درست ہونا، وفُقْدَان ف پر پیش او زیر دونوں طرح درست ہے، یعنی درست طور پر (یقیناً) گم کرنے کے (باوجود) اس کا متمنی (متلاشی) نہیں ہے۔ ۱۲

۴... قولہ هُبُوط ونُزُول:۔ دونوں لفظوں کے پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، یعنی نیچے آنا، اس جگہ مراد یہ ہے کہ سالک تکمیل کے بعد مخلوق کی طرف ان کے ارشاد وتکمیل کے لئے متوجہ ہوتا ہے۔ ۱۲

۵... قولہ صُعُود وعُرُوج:۔ دونوں لفظوں کے پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، (ان الفاظ کے) معنی اوپر چڑھنا، بلندی کی طرف پرواز کرنا، یہاں اس عبارت سے مراد اسماء وصفات الٰہیہ میں سیر واقع ہونا ہے۔ ۱۲

۶... قولہ مُقَلِّب:۔ ل پر شد اور زیر، یعنی پھیرنے والا۔ ۱۲

☆متن.......... بین السطور.......... معانی..........

☆اسرار......راز ہا ۱۲......چند بھید۔......☆مکنونہ ......مخفیہ ۱۲......پوشیدہ، مخفی۔☆واجد......یابندہ ۱۲......پانے والا۔......

☆فاقد ......نا یابندہ ۱۲......نہ پانے والا۔......☆مقبل......رو آرندہ ۱۲......سامنے آنے والا، متوجہ ہونے والا۔☆معرض ......

روگرداندہ ۱۲......منہ پھیرنے والا۔......☆اورا......یعنی مطلوب حقیقی را ۱۲......یعنی محبوب حقیقی کو......☆می جست......مے طلبید ۱۲

Marfat.com

حاصل کرنا اور تحت (نیچے کے مقام والوں) کو فائدہ پہنچانا یہ دونوں امور یکساں عطا فرمادیئے ہیں، فائدہ حاصل کرنے کی حالت میں فائدہ پہنچانے والا بھی ہے اور فائدہ پہنچانے کے وقت فائدہ حاصل کرنے والا بھی ہے۔

گر بگویم شرحِ ایں بیحد شود   ور نویسم بس قلمہا بشکند

ترجمہ:۔ گر لکھوں شرح اس کی کوئی حد نہیں   لکھتے لکھتے ٹوٹ جائیں گے قلم

اس کے بعد عرض ہے کہ دستِ چپ سے مراد وہ مقام قلب ہے جو کہ مقلبِ قلب (حق تعالیٰ) کی طرف عروج سے پہلے حاصل ہے فوق سے نزول کے بعد جو مقام قلب میں نیچے آجاتے ہیں وہ ایک دوسرا مقام ہے جو کہ چپ وراست کے درمیان برزخ ہے جیسا کہ اس فن ومقام کے جاننے والوں پر ظاہر ہے، اور جن مجذوبوں نے سلوک حاصل نہیں کیا وہ مقام قلب والوں میں سے ہیں (یعنی وہ ابھی تک مقلب قلوب تک نہیں پہنچے ہیں) کیونکہ مقلبِ قلوب (حق تعالیٰ) تک پہنچنا سلوک طے کرنے پر موقوف ہے، اور کسی شخص کے ساتھ مقام کے تعلق کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص کو اس مقام میں ایک خاص شان اور اس مقام والے دوسرے حضرات سے ایک علیحدہ امتیاز حاصل ہے۔

اور منجملہ ان امتیازات کے ایک امتیاز جذبہ کی سبقت اور بقائے خاص ہے جو کہ اس مقام کے مناسب علوم ومعارف کا منشاء ومبدأ ہے، مقامِ قلب کے علوم کی تحقیق اور جذبہ وسلوک، فنا وبقا کی حقیقت اور اس قسم کے دوسرے امور اس رسالہ (عریضہ) میں جس کا وعدہ کیا گیا تھا تفصیل کے ساتھ لکھے گئے ہیں، میر سید شاہ حسین اضطراب کی حالت میں روانہ ہوگئے اس لئے اس (عریضہ) کو صاف نقل کرنے کی فرصت نہ ملی، اس کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو حضور کے مطالعہ وملاحظہ کا شرف حاصل ہوگا۔

طلب کرتا تھا، تلاش کرتا تھا۔..... ☆ کاراو..... من ۱۲..... یعنی میرا کام (او کا اشارہ خود حضرت مجددؒ کی طرف ہے)..... ☆ بآنجا..... یعنی بآن مقام رسید ۱۲..... یعنی اس مقام تک پہنچ گیا ہے۔..... ☆ ذوق..... یعنی لذت عشق مر عاشق را ۱۲..... یعنی عشق کی لذت خاص طور پر عاشق کو ہوتی ہے۔..... ☆ قلب..... دل ۱۲..... دل۔..... ☆ مقلب..... حق جلّ وعلا ۱۲..... دل کو پھیرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ۔.....

﴿صہ۳۳﴾ ۱ قولہ التعریب:۔ عربی میں شعر کا ترجمہ:۔ فَیَا لَهَا قِصَّةٌ فِیْ شَرْحِهَا طُوْلٌ   وَ كَمْ يَرَاعٍ اِذَ حَرَرْتُ يَنْكَسِرُ

ترجمہ:۔ خبردار یہ ایسا قصہ ہے جس کی شرح بڑی طویل ہے اور جب میں لکھتا ہوں تو بہت سی قلمیں ٹوٹ جاتی ہیں۔

۲ ... قولہ بعد از ہبوط... الخ:۔ یعنی اوپر سے نیچے نزول کرنے کے بعد جو مقامِ قلب میں اتر آتے ہیں وہ اس مقام قلب جسکو بائیں ہاتھ سے تعبیر کرتے ہیں، نہیں ہے بلکہ دوسرا ہے جو کہ دائیں بائیں کے درمیان برزخ وواسطہ ہے۔ ۱۲

۳ ... یعنی وہ مُقلِبِ قُلوب تک نہیں پہنچتے ہیں کیونکہ مُقلِبِ قُلوب (حق تعالیٰ) تک پہنچنا سلوک سے وابستہ ہے اور وہ سلوک طے کرنے والے نہیں ہیں۔ ۱۲

۴ ... یعنی حضرت ایشان (اپنے پیر بزرگوار) کے مطالعہ میں آئے گا۔ ۱۲

۵ ... قولہ چوں عروج... الخ:۔ یعنی چونکہ اس رکے ہوئے عزیز کا اوپر جانا مجبوری سے تھا مطلب یہ کہ طبیعت کے خلاف تھا کیونکہ طبعی طور پر وہ جذبہ کے ساتھ مناسبت رکھتا تھا۔ ۱۲

۶ ... قولہ قاسر:۔ یعنی زبردستی کام لینے والا، مراد ایسی چیز جو طبیعت کے خلاف کام میں مشغول کردے۔ ۱۲   المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ اورا..... مرا ۱۲..... مجھے۔..... ☆ جہتین..... دو جہت ۱۲..... دونوں طرفیں (روح ونفس)۔..... ☆ استفادہ..... فائدہ طلب کردن ۱۲..... فائدہ طلب کرنا۔..... ☆ افادہ..... فائدہ رسانیدن ۱۲..... فائدہ پہنچانا۔..... ☆ مفید..... فائدہ رسانندہ ۱۲..... فائدہ

Marfat.com

عزیز متوقف (رکے ہوئے عزیز یعنی حضرت مجدد) فوق سے نزول کے مقامِ جذبہ (مقامِ قلب) میں آ گیا ہے لیکن اس کی توجہ عالم کی طرف نہیں ہے بلکہ فوق کی طرف متوجہ ہے، چونکہ (اس عزیز متوقف کا) فوق کی طرف عروج کرنا کسی کے زبردستی کھینچنے سے تھا (یعنی خلاف طبیعت تھا) اس لئے فطری طور پر جذبہ کے ساتھ مناسبت رکھتا تھا، فوق سے نزول کے وقت اپنے ہمراہ کوئی کم درجہ چیز لایا ہے۔ وہ تھوڑی سی نسبت جو زبردستی لے جانے والے (یعنی طبیعت کے خلاف) کی توجہ سے تھی اور عروج اسی توجہ کا اثر تھا نسبتِ جذبہ میں ابھی تک اسی طرح باقی ہے جس طرح روح بدن میں اور نور اندھیرے میں، لیکن یہ موجودہ جذبہ خواجگانِ سلسلہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے جذبہ کے علاوہ ہے، یہ وہ جذبہ ہے جو حضرت خواجہ (عبید اللہ) احرار قدس سرہ کو اپنے بزرگ باپ داداؤں سے پہنچا ہے، اور ان حضرات کو اس مقام میں ایک خاص شان حاصل ہے۔

اور بعض طالبانِ طریقت نے جو کسی واقعہ میں یہ بیان کیا تھا کہ حضرت خواجہ (احرار قدس سرہ) کو جیسے کہ وہ (نانِ پُز یعنی پکی ہوئی روٹی کی مانند) ہیں، اس کو عزیز متوقف (رکے ہوئے عزیز یعنی حضرت مجدد) نے کھالیا ہے (یعنی حضرت خواجہ احرار کی نسبت و کمالات کو حضرت مجدد نے اپنے اندر سمولیا ہے)، اس واقعہ کے اثر کا ظہور اسی مقام میں ہے، یہ جذبہ فائدہ پہنچانے کے مقام کے ساتھ مناسبت نہیں رکھتا، اور اس مقام میں توجہ ہمیشہ فوق کی طرف ہے اور دائمی سکر اس کے لئے لازمی ہے۔

جذبہ کے بعض مقامات جذبہ میں داخل ہونے کے بعد سلوک کے خلاف ہیں اور دوسرے بعض مقامات سلوک کے خلاف نہیں ہیں بلکہ ان بعض مقامات جذبہ میں داخل ہونے کے بعد وہ سلوک کے لئے متوجہ ہوتے ہیں۔ اس جذبہ میں داخل ہونے کے بعد یہ جذبہ سلوک کے مخالف ہے۔ عریضہ لکھتے وقت اس مقام کی طرف متوجہ ہو گیا تھا اور اس کے بعض دقائق (باریکیاں) ظاہر ہو گئے جبتک (کوئی) سبب نہ ہو توجہ میسر نہیں ہوتی۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ (اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی حقیقتِ حال کو زیادہ جاننے والا ہے)۔

چند ماہ ہو گئے کہ وہ عزیز متوقف (یعنی حضرت مجدد) نیچے آ گیا ہے لیکن جذبہ مذکورہ کے مقام میں کامل طور پر داخل نہیں ہوا، اس مقام کی شان کے لائق علم کا نہ ہونا اور پریشان حالت کی توجہات (اس مقام میں داخل ہونے سے) مانع

پہنچانے والا۔...... ☆ مستفید...... فائدہ گیرندہ ۱۲...... فائدہ حاصل کرنے والا...... ☆ معروض...... یعنی بعدازیں ۱۲...... اس کے بعد عرض یہ ہے۔...... ☆ مقلب قلب...... حق تعالیٰ شانہٗ ۱۲...... یعنی دلوں کو پھیرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ۔...... ☆ کما ھو الظاھر علی اربابہ...... چنانکہ بر اصحاب این فن و مقام ظاہر است ۱۲ ...... جیسا کہ اس علم اور مقام والے حضرات پر ظاہر ہے۔...... ☆ رسیدن زیرا کہ ۱۲...... کیونکہ۔...... ☆ امتیاز...... معطوف است بر شان خاص ۱۲...... "وامتیاز" کا عطف "شان خاص" پر ہے۔...... ☆ درما نحن فیہ...... یعنی در امر یکہ مابصدد وے ایم ۱۲...... یعنی جس حالت میں ہم ہیں۔...... ☆ بقاء خاص...... معطوفات بر آن سبقت ۱۲...... "آن سبقت" جو پہلے ہے اس پر عطف ہے۔...... ☆ تحقیق...... مبتداء...... تحقیق کے لفظ سے مبتداء شروع ہوتا ہے۔...... ☆ بہ تفصیل...... خبر ۱۲ یہاں سے خبر شروع ہوتی ہے۔...... ☆ بیاض...... نقل ۱۲...... مسودے کو صاف کر کے دوبارہ لکھنا۔...... ☆ مایۂ نسبتی...... مبتداء ۱۲...... یہاں مبتداء کی ابتداء ہے۔...... ☆ باقی...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے۔...... ☆ کالروح فی الجسد...... مانند روح است در بدن ۱۲ بدن میں روح کی طرح۔...... ☆ و کالنور فی الظلمۃ...... مثل نور است در تاریکی ۱۲...... اندھیرے میں روشنی کی مانند ہے۔......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی (اردو) پہلا حصہ

Marfat.com

ہیں، امید ہے کہ ان بے ربط کلمات (یعنی عریضہ ہذا) کے حضور والا کے مطالعہ کے وقت میں اس مقام میں پورے طور پر داخل ہونا میسر ہو جائے گا، اس کے بعد حضرت خواجہ (احرار قدس سرہ) کو وہ عزیز متوقف پوری طرح نیچے لے جائیگا (یعنی حضرت خواجہ احرارؒ کے جملہ کمالات کو حضرت مجددؒ مکمل طور پر حاصل کرلیں گے)۔

﴿صہ ۳۴﴾ ۱ قولہ ازآبائے کرام خود:۔ یعنی حضرت خواجہ احرار قدس سرہ کو اپنی والدہ کے آباء واجداد کی طرف سے یعنی حضرت شیخ عمر باغستانی اور ان کی اولاد واقربا سے پہنچا ہے، جیسا کہ رشحات میں مذکور ہے۔ ۱۲ (علامہ محمد مراد کی معرب مکتوبات)

۲ ... قولہ واقعہ:۔ جاننا چاہیے کہ واقعہ کے معنی صوفیاء کرام قدس اللہ اسرارہم کی اصطلاح کے مطابق قریب ہی مکتوب ۱۴ کے حاشیہ میں لکھے جاچکے ہیں ۱۲

۳ ... قولہ بعد از دخول:۔ بلکہ ان میں داخل ہونے کے بعد بعض دوسرے مقامات جذبہ سے سلوک کے لئے متوجہ ہوتے ہیں۔ ۱۲

☆ جذبہ ایست...... یعنی بلکہ ایں جذبہ حال جذبہ ایست ۱۲...... یعنی بلکہ یہ جذبہ تو جذبہ کا حال ہے۔...... ☆ خواجہ احرار...... یعنی عبیداللہ قدس سرہ ۱۲...... یعنی خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ...... ☆ خواجہ...... احرار ۱۲...... خواجہ احرار...... ☆ آن...... واقعہ ۱۲...... اس واقعہ کا اثر...... ☆ عزیز...... متوقف ۱۲...... رکا ہوا۔ (خود حضرت مجددؒ مراد ہیں) ☆ حضرت خواجہ...... یعنی خواجہ احرار قدس سرہ ۱۲...... یعنی خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ...... ☆ خواہد...... یعنی آن عزیز ۱۲...... یعنی خود حضرت مجددؒ......

سولہواں مکتوب

عروج ونزول وغیرہ حالات کے بیان میں، یہ بھی اپنے پیر ومرشد بزرگوار کی خدمت میں تحریر کیا۔

عرضداشت:۔ حقیر ترین خادم کی گذارش ہے کہ مولانا علاء ُالدین نے حضور والا کا نوازشنامہ اس خادم کو پہنچایا، آپ کے نوازشنامہ میں ذکر کئے ہوئے ہر ایک مقدمہ کے کشف (وضاحت) میں وقت کی گنجائش کے مطابق مسودہ کیا گیا، ان تحریر فرمائے ہوئے علوم کے بعض متممات ومکملات (تکمیل واتمام کو پہنچانے والے امور) بھی دل میں گذرے تھے (لیکن) ان کے لکھنے کی فرصت ہی نہ ملی کہ حامل عریضہ ہذا روانہ ہوگیا، انشاءاللہ تعالیٰ اس کے بعد خدمت گرامی میں ارسال کیا جائے گا۔ اس وقت ایک اور رسالہ نقل کیا ہوا تھا ارسال خدمت ہے اور یہ رسالہ بعض دوستوں کی التماس پر لکھا گیا ہے، ان دوستوں نے خواہش کی تھی کہ ایسی نصیحتیں لکھی جائیں جو طریقت میں نفع دینے والی ہوں اور ان کے مطابق زندگی بسر کی جائے۔

حاشیہ متن

﴿صہ ۳۴﴾ ۴ قولہ یعنی حضرت اقدس:۔ آپ (خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ) کا مکتوب شریف، مولانا علاء الدین نے اس حقیر ترین خادم (حضرت مجددؒ) کو پہنچایا ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ مُتَمِّمات ومُکَمِّلات:۔ تَتْمِیم اور تَکْمِیل سے دونوں صیغے اسم فاعل کے ہیں، تتمیم وتکمیل کے معنی تمام وکمال تک پہنچانا ہیں۔ ۱۲ مصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ متن...... بین السطور...... معانی......

☆ مذکورہ...... در نوازشنامہ مرسلہ ۱۲...... ارسال کردہ گرامی نامہ میں، بھیجا ہوا مکتوب شریف۔ ☆ مسطورہ...... نوشتہ شدہ ۱۲...... لکھا ہوا، لکھا گیا، ذکر کیا گیا۔ ☆ مخطور شدہ...... آنچہ در دل گذرد ۱۲...... جو کچھ دل میں گذرا۔ ☆ متعاقب...... یعنی در عقب حامل عرضداشت ۱۲...... عریضہ لیجانے والے کے بعد۔......

Marfat.com

حقیقت یہ ہے کہ یہ رسالہ بے نظیر اور بہت برکتوں والا ہے۔ اس رسالہ کو لکھنے کے بعد (واقعہ میں) ایسا معلوم ہوا کہ حضرت خاتم انبیاء رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے مشائخ کی ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ تشریف فرما ہیں اور اس رسالہ کو اپنے دست مبارک میں لئے ہوئے ہیں اور نہایت مہربانی سے چومتے ہیں اور مشائخ کرام کو دکھا کر فرماتے ہیں اس قسم کے عقائد ہونے چاہئیں (جو کہ اس رسالہ میں مذکور ہیں) اور (مشائخ کی) وہ جماعت ان (رسالے والے) علوم سے سعادت مند تھی جو اپنی نورانیت سے ممتاز اور عزیز الوجود (نادر) ہیں۔ اور وہ آنسرور علیہ الصلوۃ والسلام والتحیہ کے سامنے کھڑے ہیں۔ اس واقعہ کی کیفیت کا بیان بہت ہی طویل ہے اور اسی مجلس میں آنحضرت ﷺ نے اس واقعہ کو شائع کرنے (بیان کرنے) کا حکم فرمایا۔ ع باکریماں کارہا دشوار نیست ترجمہ:۔ کریموں پر نہیں مشکل کوئی کام

جس روز سے یہ خادم حضور کی خدمت سے واپس آیا ہے عروج کی طرف رغبت ہونے کے باعث مقامِ ارشاد (یعنی مخلوق کو حق تعالیٰ کی طرف ہدایت کرنے) کے ساتھ کچھ زیادہ مناسبت نہیں رکھتا البتہ کچھ عرصہ تک یہ ارادہ کرتا رہا کہ گوشہ نشین ہو جاؤں کیونکہ ملنے جلنے والے لوگ ببر شیر کی طرح نظر آتے تھے، تنہائی اختیار کرنے کا ارادہ پختہ ہو چکا تھا لیکن استخارہ میں اس کے ساتھ موافقت ظاہر نہیں ہوئی تھی۔ قرب الٰہی کے درجات کی کوئی حد و انتہا نہیں اس کے باوجود ان درجات میں انتہائی درجہ تک عروج حاصل ہوا اور ہوتا رہتا ہے اور اوپر لے جاتے اور نیچے لاتے رہتے ہیں۔ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَأْنٍ (سورہ الرحمٰن:۲۹ ترجمہ:۔ ہر روز وہ ایک نئی شان میں ہے یعنی نئی حالت منظر عام پر لاتا ہے) تمام مشائخ کرام کے مقامات پر اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اس خادم کو عروج حاصل ہوا۔

شعر
گلے بر دند زیں دہلیزہ پست بداں درگاہِ والا دست بردست

ترجمہ:۔ نیچی چوکھٹ کی مٹی ہاتھوں ہاتھ ان کے صدقے میں پاگئی معراج

﴿صہ۳۵﴾ ۱؎ یعنی عروج کی رغبت کے سبب۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ خزیدہ:۔ خزیدن سے ہے (خ اور ز دونوں نقطے والی ہیں) خزیدن کے معنی داخل ہونا، پوشیدہ ہو جانا ہیں۔ ۱۲

۳؎ ... قولہ بَبَر:۔ صبر کے وزن پر ہے، ایک درندے کا نام ہے جو شیر کا دشمن ہوتا ہے، برھان اور رشیدی میں لکھا ہے کہ بَبَر پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، یہ ایک جنگلی جانور ہے جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے اسکی دم نہیں ہوتی، اگر بَبْر پہلے حرف پر زبر اور دوسرے پر جزم پڑھا جائے تو معروف و مشہور درندہ شیر کی ایک قسم ہے جس پر لمبے لمبے پشم کی مثل بال ہوتے ہیں، بہار عجم میں لکھا ہوا ہے کہ بَبَر دونوں حرفوں پر زبر، یہ شیر کی ایک قسم ہے، اسکی جمع ببور ہے، فارسی والے اسے جزم کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ (غیاث)

۴؎ ... قولہ مُصَمَّم:۔ تصمیم سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، تصمیم کے معنی انجام کو پہنچانا ہے۔ ۱۲

۵؎ ... قولہ کُلَّ یَوْمٍ:۔ یہ اشارہ ہے اس آیۃ کریمہ کی طرف جو پارہ قَالَ فَمَا خَطْبُکُمْ سورۂ رحمان میں واقع ہے، یعنی ہر روز خدا تعالیٰ ایک شان میں ہوتا ہے اور اس نے کوئی کام بنانا ہوتا ہے۔ ذکر ان عبداللّٰہ ابن الطاہر دعا الحسین بن الفضل فقال أُشْکِلَ عَلَیَّ قَوْلُهٗ تَعَالٰی کُلَّ یَوْمٍ هُوَفِیْ شَأْنٍ، وَقولُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لَاقٍ (الحدیث) فَأَجَابَ بِأَنَّهَا شُئُوْنٌ یُبْدِیْهَا لَا شُئُوْنٌ یُبْتَدِئُ بِهَا، فَقَامَ عَبْدُاللّٰهِ وَقَبَّلَ رَأْسَهٗ۔ (مرقاۃ ۱/۱۶۰) بیان کیا گیا ہے کہ عبداللہ بن طاہر نے حسین بن فضل کو بلایا تو کہا: مجھے اللہ تعالیٰ کا فرمان کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَأْنٍ اور نبی ﷺ کا قول جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لَاقٍ جو کچھ تو نے پانا ہے وہ قلم نے لکھ دیا ہے) سمجھنے میں مشکل درپیش ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ شأن سے مراد ازل میں طے شدہ فیصلوں کا اظہار اور نفاذ ہے نہ کہ نئے فیصلوں کا آغاز یہ سنکر عبداللہ اٹھے اور ان کے سر کو بوسہ دیا۔ ۱۲

Marfat.com

اس ضمن میں اگر مشائخ کرام کی روحانیت کے توسط (واسطہ ہونے) کو شمار کرنے لگوں تو بات لمبی ہو جائے، غرض کہ تمام اصل مقامات سے ظلی مقامات کی مانند گذر کرایا گیا، اللہ تعالیٰ کی عنایتوں کو کہاں تک بیان کروں ۔ قُبِلَ مَنْ قُبِلَ بِلَا عِلَّةٍ (ترجمہ:۔ جو شخص بھی مقبول ہوا وہ بلا سبب وعلت کے محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مقبول ہوا ہے) ولایت کے حقائق وکمالات اس قدر ظاہر کئے گئے کہ یہ خادم کہاں تک تحریر کرے۔

ماہ ذوالحجہ (۱۰۰۸ھ) میں نزول کے درجات میں مقام قلب تک نیچے لے آئے، اور یہ مقام تکمیل وارشاد (دوسروں کی ہدایت وتربیت) کا مقام ہے لیکن ابھی اس مقام کو تمام وکمال تک پہنچانے والی چیزوں کی ضرورت ہے، (معلوم نہیں) کب تک میسر ہوتی ہیں، یہ کام آسان نہیں ہے، مراد (محبوبیت والا) ہونے کے باوجود اس قدر منزلیں طے کرنی پڑتی ہیں کہ مریدوں کو حضرت نوح علیہ السلام جتنی عمر میں بھی ان کا ہونا معلوم نہیں کہ میسر ہو سکے، بلکہ یہ حقائق وکمالات مرادمندوں (محبوبوں) ہی کے ساتھ مخصوص ہیں مریدوں کے لئے یہاں قدم رکھنے کی جگہ نہیں ہے، افراد کے عروج کی انتہا مقامِ اصل کی ابتدا تک ہے اس سے آگے اکثر افراد کا بھی گذر نہیں ہے، ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ؕ (سورۃ جمعہ آیت ۴: ترجمہ:۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل وکرم والا ہے۔) تکمیل وارشاد کے مرتبوں میں توقف (تاخیر) کی وجہ یہی ہے کہ نورانیت کا نہ ہونا ظلمتِ غیب کا نور ظاہر ہونے کی وجہ سے ہے اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ہے لوگ اپنے خیالات میں بہت سی باتیں بناتے ہیں، ان کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔

شعر
در نیابد حال پختہ ہیچ خام | پس سخن کوتاہ باید والسلام

ترجمہ:۔ کب سمجھ سکتا ہے ناقص کاملوں کے حال کو | چاہیے اب مختصر کرنا ہی اپنے قال کو

۶... قولہ قُبِلَ مَنْ قُبِلَ بِلَا عِلَّةٍ :۔ یعنی جو شخص بھی مقبول ہوا وہ بلا سبب وعلت کے مقبول ہوا، مطلب یہ کہ ان تمام کمالات ومدارج کی منشاء صرف خداوند تعالیٰ کی عنایت ہے بغیر علتوں اور اسباب کی مداخلت کے۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ غیر مکرر...... یعنی بے نظیر وبے مثل ۱۲...... بے مثال وعدیم النظیر۔...... ☆ آن...... رسالہ ۱۲...... یعنی مذکورہ رسالہ۔...... ☆ معتقدات...... کہ اندرین رسالہ مذکور اند ۱۲...... (عقائد) جو اس رسالے میں ذکر کئے گئے ہیں۔ ☆ مستعد...... سعادت مند...... خوش نصیب...... ☆ عزیز الوجود...... قلیل الوجود ۱۲...... کم یاب، نادر الوجود۔...... ☆ والقصۃ بطولھا...... یعنی این قصہ واقعہ بس دراز است ۱۲ یعنی اس واقعہ کا ذکر لمبا ہے۔...... ☆ باشاعت...... شائع کردن ۱۲...... شائع کرنا، لوگوں میں پھیلانا۔...... ☆ امر فرمودہ...... یعنی حضرت رسالتؐ خاتمیۃ ۱۲...... یعنی حضور خاتم الرسل ﷺ نے حکم فرمایا۔...... ☆ بواسطہ...... بسبب ۱۲...... سبب سے...... ☆ مَیل...... رغبت ۱۲ رغبت۔...... ☆ ارشاد...... خلق بحق سبحانہ وتعالیٰ ۱۲...... مخلوق کو حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف ہدایت دینا۔...... ☆ خود...... البتہ ۱۲...... البتہ، ضرور...... ☆ ہمت...... قصد وارادہ ۱۲...... قصد وارادہ ☆ مصمم...... محکم ۱۲...... پختہ، مضبوط...... ☆ بغایۃ الغایۃ...... متعلق است بعروج یا بہ میسر شد ۱۲...... انتہائی بلند درجہ میسر آیا...... ☆ دہلیزہ پست...... بالکسر بمعنی مابین دروازہ وخانہ ۱۲...... دزیرے سے چوکھٹ...... ☆ بطول یعنی دراز گردد ۱۲...... یعنی طویل ہو جائے گی۔...... ☆ بالجملہ...... خلاصہ مرام آنکہ ۱۲...... المختصر۔ حاصل کلام یہ ہے۔...... ☆ دررنگ...... مانند ۱۲...... مثل۔ ☆ ظلّ وجود شئے در مرتبہ ثانیہ ۱۲...... مرتبہٴ ثانیہ میں وجود کو ظلی مقام دیا گیا۔...... ☆ وا...... ظاہر کردن ۱۲...... ظاہر کرنا۔ ☆ مقام...... یعنی مقام مشیخیت است ۱۲...... یہ شیخ کامل کا مقام ہے، منصب رشد وہدایت۔......

Marfat.com

اس قسم کی ظَنّی باتیں سوچنے میں نقصان کا احتمال غالب ہے، ان لوگوں کو فرما دیجئے کہ اس خستہ دل (مراد حضرت مجددؒ) کے حالات سے اپنی خیالی نظر کو بند کرلیں (یعنی ان خیالی باتوں سے باز رہیں) نظر کی جولانگاہ کے لئے اور بہت سے مواقع ہیں۔ ؎

من گم شدہ ام مرا مجوئید ۔۔۔ با گم شدگان سخن مگوئید

ترجمہ:۔ میں ہوں گم مجھ کو نہ ڈھونڈو دوستو ۔۔۔ گم شدہ لوگوں سے باتیں مت کرو

اللہ تعالیٰ جل شانہ کی غیرت سے ڈرنا چاہیے، حق تعالیٰ جس امر کو کامل کرنا چاہتا ہے اس کا نقص نکالنے اور عیب لگانے میں گفتگو کرنا بہت ہی نامناسب ہے، اصل میں یہ حق تعالیٰ کے ساتھ مقابلہ اور جھگڑا کرنا ہے۔ اور مقام قلب میں نزول کرنا (جس کا ذکر قریب ہی میں گذر چکا ہے) حقیقت میں مقام فرق ہے جو کہ ارشاد کا مقام ہے اور اس مقام میں مقام فرق سے مراد یہ ہے کہ روح کے نور میں نفس کے داخل ہونے کے بعد نفس روح سے اور روح نفس سے جدا ہو جائے اور اس کو مقامِ جمع کہتے ہیں، جمع وفرق کے متعلق اس بیان سے زیادہ جو کچھ سمجھا جاتا ہے وہ سکر کی وجہ سے ہے۔ حق (اللہ تعالیٰ) کو خلق (مخلوق) سے جدا دیکھنا جس کو اہل سکر مقام فرق خیال کرتے ہیں اس کی کچھ حقیقت نہیں ہے، وہ اسی روح کو ذات حق جانتے ہیں۔ اور اس (روح) کو نفس سے جدا دیکھنا حق تعالیٰ وتقدس کو مخلوق سے جدا دیکھنا جانتے ہیں اور صاحبِ سکر کے اکثر علوم میں اسی طرح کا قیاس کرسکتے ہیں اس لئے کہ معاملہ کی حقیقت وہاں موجود نہیں ہے اور اصل حقیقت کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے ـــــ کسی دوسرے رسالہ (عریضہ) میں اہل جذبہ وسلوک کے علوم اور ان دونوں امور (جذبہ وسلوک) کی حقیقت تفصیل کے ساتھ لکھی گئی ہے وہ رسالہ بھی آپ کی نظرِ مبارک سے گذرے گا۔

﴿صہ ۳۶﴾ ۱ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو اٹھائیسواں پارہ قَدْ سَمِعَ اللّٰہ، سورہ جمعہ میں واقع ہے ترجمہ آیت: یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل وکرم والا ہے۔ ۱۲

۲ ... قولہ این است:۔ یعنی ابھی اس مقام کو تمام وکمال تک پہنچانے والی کئی چیزیں مطلوب ہیں۔ ۱۲

۳ ... قولہ ہمیں روح راحق میدانند... الخ:۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ سالک کی نظر عالم ارواح پر پڑتی ہے، اور اس عالم کو مرتبۂ وجوب کے ساتھ مناسبت ہونے کی وجہ سے اگرچہ وہ مناسبت صورۃً ہوتی ہے، حق (ذاتِ خدا تعالیٰ) سمجھنے لگتا ہے، اور اس (عالم ارواح) کے شہود کو شہود حق جل شانہ تصور کرتا ہے، اور اس کے ساتھ محظوظ ولطف اندوز ہوتا ہے، اگر اس کو اس مرتبہ سے گذار کر آگے نہ لے جائیں اور باطل سے حق تک نہ پہنچائیں تو اس کے لئے حسرت وافسوس ہے، بعض مشائخ اس مقام میں تیس سال تک روح کو خدا سمجھ کر پرستش کرتے رہے، اور جب اس مقام سے آگے بڑھایا گیا تب انہوں نے اسکی برائی کو جانا یعنی معلوم کیا۔ ۱۲

۴ ... قولہ ہکذا القیاس... الخ:۔ اکثر اصحابِ سکر کے علوم کے مطابق اس قسم کا قیاس ہے، اس وجہ سے کہ حقیقتِ امر اس مقام پر مفقود ہے اور حقیقت امر خدا تعالیٰ کے ہی علم میں ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ بلکہ...... ضروب است از ما قبل خود ۱۲...... ایسی اقسام میں جو پہلے سے مخصوص ہوتی ہیں۔...... ☆ نزول...... کہ ذکرش عنقریب گذشت ۱۲ قبل ازیں ذکر ہو چکا ہے۔...... ☆ ازین...... از بیان ما ۱۲...... ہمارے بیان سے۔...... ☆ انگارند...... اہل سکر ۱۲...... اہل مستی، سکر میں مبتلا۔......

Marfat.com

سترھواں مکتوب

بعض ان احوال کے بیان جو میں عروج ونزول سے تعلق رکھتے ہیں وغیرہ وغیرہ، یہ بھی اپنے پیرومرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ کمترین خادم کی عرض یہ ہے کہ جو عزیز کچھ مدت سے ترقی سے رکے ہوئے تھے، عریضہ لکھنے کے دن ایسا ظاہر ہوا کہ اس مقام سے کسی قدر ترقی کر کے اخیر تک نیچے آگئے ہیں لیکن انھوں نے پوری طرح نزول نہیں کیا ہے، باقی جو عزیز اس مقام کے نیچے تھے وہ بھی عروج کر کے اسی مقام فوق کی راہ سے نزول کی طرف متوجہ ہو گئے ہیں، اس کے بعد جو کیفیت ظاہر ہوگی آپ کی خدمت میں عرض کردی جائے گی، اگر صاحب معاملہ بھی اپنے حال سے منکشف ہونے کے بعد کچھ لکھے تو زیادہ بہتر ہے چونکہ نزول کے اس قضیہ کا واقع ہونا قوی اور زوردار تھا اور اس احقر کو مسہل لینے کی وجہ سے کمزوری لاحق ہوگئی تھی، اس لئے اس نزول کے نتیجہ میں مشغول نہیں ہوا، انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ ظاہر ہو جائے گا۔

حاشیہ متن

﴿صہ۳۷﴾ ۱ قولہ وبقایائے کہ... الخ :۔یعنی جو عزیز اس مقام کے نیچے یعنی اس مقام کے جہاں وہ عزیز رکا ہوا تھا۔ جاننا چاہیے کہ فارسی زبان والے واحد کی ضمیر کو جمع کی طرف لوٹانے کو جائز رکھتے ہیں۔ ۱۲

۲ ... قولہ جُلّاب :۔(ج پر پیش اور ل پر شد) گلاب کو عربی میں جُلاب کہتے ہیں، اس سے وہ شربت مراد ہے جو شکر (چینی) اور گلاب سے تیار کرتے ہیں مجازی طور پر مسہل (قبض کشا دوائی) پر بھی (یہ لفظ) استعمال کرتے ہیں، جز پر کل کے استعمال کے طریقے پر اس کو بولا گیا ہے۔ (کذا فی الغیاث)

☆متن............ بین السطور............معانی......

☆متوقف......از ترقی ۱۲......ترقی سے رکا ہوا۔......☆بودند......جمع بجہت تعظیم است ۱۲......تعظیم کے باعث جمع کا لفظ استعمال کیا ہے

☆تحریر......عرضداشت ۱۲......عرض/گذارش۔......☆نحوی......نوعے ۱۲......قسم۔......☆فرود......آن عزیز ۱۲......وہ عزیز۔......

☆زود......دفعی ۱۲......جلدی، فوراً، دفعۃً۔......☆طاری...... عارض ۱۲......واقع ہونا، لاحق ہونا۔......

اٹھارھواں مکتوب

تمکین جو تلوین کے بعد حاصل ہوتی ہے اور ولایت کے تین قسم کے مراتب کے بیان میں اور اس بیان میں کہ واجب تعالیٰ کا وجود اس کی ذات پر زائد ہے وغیرہ وغیرہ (یعنی مسئلہ قضا وقدر اور مسئلہ خلق کے بیان میں) یہ بھی اپنے پیرو مرشد بزرگوار کی خدمت میں لکھا۔

عرضداشت:۔ بندہ کمترین پر تقصیر احمد بن عبدالاحد عرض کرتا ہے کہ جب تک (قلبی) حالات و واردات میں سے کچھ ظاہر ہوتے رہے ان کی عرض کرنے کی گستاخی اور جرأت کرتا رہا لیکن جب حق سبحانہ وتعالیٰ نے حضور کی بلند توجہات کی برکت سے حالات کی غلامی سے آزاد کر دیا اور تلوین سے (بدل کر) تمکین کے ساتھ مشرف فرما دیا کام کا حاصل حیرت و پریشانی

Marfat.com

کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا اور وصل سے جدائی اور قرب سے بعد کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا، اور معرفت سے عدم معرفت (نہ پہچاننے) اور علم سے جہل کے سوا کچھ زیادہ نہ ہوا، ناچار عریضے ارسال کرنے میں توقف واقع ہوا اور محض روزمرہ کے حالات عرض کرنے کی جرأت نہیں کی اور اس کے ساتھ ہی دل پر ایسی معنوی سردی غالب آگئی ہے کہ کسی کام میں جوش وحرارت نہیں رکھتا اور بیکار لوگوں کی مانند کسی کام میں مشغول نہیں ہوسکتا۔

ے من ہیچم و کم ز ہیچ بسیارے　　　　وز ہیچ و کم از ہیچ نیاید کارے

ترجمہ:۔ میں ہیچ ہوں ہیچ سے بھی کم ہوں　　　　کیونکر بنے ہیچ و کم سے کچھ کام!

اب ہم اصل بات بیان کرتے ہیں —— تعجب یہ ہے کہ اب اس خادم کو حق الیقین کے ساتھ مشرف فرمایا ہے کہ جس مقام میں علم الیقین اور عین الیقین ایک دوسرے کا حجاب نہیں ہیں اور فنا و بقا اس جگہ جمع ہیں، عین حیرت و بے نشانی کی حالت میں علم وشعور کے ساتھ ہے اور نفسِ غیبت میں حضور حاصل ہے، علم ومعرفت کے باوجود جہل وناشناسی کی زیادتی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

ع۔ عجب انیست کہ من واصل وسرگردانم　　　　ترجمہ:۔ تعجب میں واصل بھی ہوں اور پھر بھی پریشان ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنی بے انتہا عنایت سے کمالات کے درجوں میں خوب ترقیاں عطا فرمادی ہیں، مقام ولایت سے اوپر مقام شہادت ہے اور ولایت کو شہادت کے ساتھ وہی نسبت ہے جو تجلّی صوری کو تجلّی ذاتی کے ساتھ ہے بلکہ ان دونوں

حاشیہ متن

﴿ص۳۷﴾ ۳ قـولـہ تمکین:۔ یعنی جگہ دینا، کسی کو پاؤں پر کھڑا کرنا اور قدرت ومنزلت عطا کرنا سالکانِ طریقت کے مقامات میں سے ایک مقام کا نام ہے۔ ۱۲ (غیاث)

۴ ... قـولـہ تَلْوِین:۔ طرح بطرح کرنا، رنگ برنگ کرنا، اہل تصوف کی اصطلاح میں فقر کے مقامات میں سے ایک مقام کا نام ہے، جاننا چاہیے کہ مشائخ طریقت قدس اللہ ارواحہم کے نزدیک تلوین سے مراد سالک کے دل کا ان احوال میں پھرنا جو اس پر گذرتے ہیں اور بعض نے کہا کہ دل کا بوجہ غیبت صفات نفس اور اس کے ظہور کے کشف واحتجاب کے درمیان پھرنا، ان مشائخ کی اصطلاح میں تمکین سے مراد ہے کشفِ حقیقی کا دائمی ہونا قرب الٰہی کے مقام میں بوجہ اطمینانِ قلب۔

حضرت شیخ قدس سرہ اپنی اصطلاحات میں فرماتے ہیں اکثر مشائخ کے نزدیک تلوین ایک ناقص مقام ہے لیکن ہمارے نزدیک سب سے افضل واکمل مقام ہے۔ اور بندہ کا حال اس میں وہی ہے جیسا کہ حق تعالیٰ خود ہی فرماتا ہے۔ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَأْنٍ (اسے ہر دن ایک کام ہے)۔ اور تَمْکِین در تلوِین ہے۔ ۱۲ (رشحات)

۵ ... قولہ رِقِّیت:۔ (ر کی زیر، ق پر شد اور ی پر شد) اس کے معنی بندگی اور غلامی کے ہیں جو عُبدیت کے مترادف ہے۔ ۱۲

۶ ... قولہ مُحَرَّر:۔ تحریر سے اسم مفعول کا صیغہ ہے اور تحریر کے معنی آزاد کرنا ہے۔ ۱۲

۷ ... قولہ تلوین... الخ:۔ جاننا چاہیے کہ تلوین اربابِ احوال کی صفت ہے اور تمکین اربابِ حقائق کی صفت ہے۔ ۱۲

لِمُصَحِّحَہ سَلَّمہ اللہ تعالیٰ واعطاہ مایتمنیٰ

☆ متن............ بین السطور............ معانی......

☆ غیر آن...... یعنی مسئلہ قضاء وقدر ومسئلہ خلق ۱۲...... یعنی مسئلہ قضا وقدر ومسئلہ خَلق۔ ☆ موارد...... یعنی واردات قلبیہ ۱۲...... قلبی واردات، دل پر وارد ہونے والی کیفیات۔ ☆ نکرت...... نُکرة بالضم ناشناختہ شدن وناشائستہ شدن، بالفتح وبکسر کاف نَکِرة، ناشناس وناشناختن ۱۲ (منتخب)...... (نون کے پیش سے) ناواقف ہونا، نالائق ہونا (نون کی زبر اور کاف کی زیر سے) ناواقف ناآشنا اور نہ پہچاننا۔......

Marfat.com

نسبتوں (ولایت وشہادت) کا درمیانی بُعد اس بُعد سے کئی درجے زیادہ ہے جو کہ ان دونوں تجلیوں کے درمیان ہے، اور مقام شہادت سے اوپر مقامِ صدیقیت ہے اور ان دونوں مقامات میں جو فرق ہے وہ اتنا بڑا ہے کہ نہ کسی عبارت سے تعبیر کیا جاسکتا ہے اور نہ کسی اشارہ سے بیان کیا جاسکتا ہے اور اس کے اوپر مقامِ نبوت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ اور کوئی مقام نہیں ہے۔ اور ممکن نہیں کہ مقامِ صدیقیت و مقامِ نبوت کے درمیان کوئی اور مقام ہو، بلکہ محال ہے اور اس کے محال ہونے کا یہ حکم واضح اور صحیح کشف سے معلوم ہوا ہے، اور بعض اہل اللہ نے ان دونوں مقاموں کے درمیان جو واسطہ ثابت کیا ہے اور اس کا نام قربت رکھا ہے اس سے بھی (خادم کو) مشرف فرمایا گیا اور اس مقام کی حقیقت پر اطلاع بخشی۔

بہت زیادہ توجہ اور بے شمار عاجزی وزاری کے بعد شروع میں اسی طرح جیسا کہ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے ظاہر ہوا آخر کار حقیقت کا علم کرا دیا۔ ہاں اس مقام کا حاصل ہونا عروج کے وقت میں مقامِ صدیقیت کے حصول کے بعد ہے لیکن واسطہ ہونا غور طلب ہے۔ یہ خادم بالمشافہ ملاقات کے وقت انشاء اللہ اس کی حقیقت کو مفصل عرض کردے گا۔ وہ مقام بہت ہی بلند ہے، عروج کی منزلوں میں اس مقام سے اوپر اور کوئی مقام معلوم نہیں ہوتا۔ اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر وجود کا زائد ہونا اسی مقام میں ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ علمائے اہلِ حق کے نزدیک ثابت ہے شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعْیَھُمْ (اللہ تعالیٰ ان کو ان کی کوششوں کی جزائے خیر عطا فرمائے) اور یہاں وجود بھی راستہ ہی میں رہ جاتا ہے اس سے بھی اوپر عروج واقع ہوجاتا ہے۔

ابوالمکارم رکن الدین شیخ علاؤالدولہ اپنی کسی تصنیف میں فرماتے ہیں "وَ فَوْقَ عَالَمِ الْوُجُوْدِ عَالَمُ مَلِكِ الْوُدُوْدِ" یعنی عالم وجود ہستی کے اوپر اَلْمَلِكِ الْوُدُوْدِ (بہت محبت کرنے والے بادشاہ) کا عالم ہے اور مقامِ صدیقیت بقا کے مقامات میں سے ہے جو کہ عالم کی طرف توجہ (رخ) رکھتا ہے (مراتبِ نزول وبقا میں) اس مقام سے نیچے نبوت کا مقام ہے جو کہ حقیقت میں اس مقام (صدیقیت) سے بہت بلند ہے اور اس میں کمال درجہ کا صحو و بقا ہے۔ مقام قربت ان دونوں

پہلا دفتر مکتوب ۱۱ ... (حصہ

(صہ ۳۸) ۱ التعریب شعر کا عربی ترجمہ:۔

وَاِنِّیْ لَا شَیْءٌ وَمِنْ ذَاكَ اَنْقَصُ　　وَمِنْ ھُوَلَا شَیْءٌ یَکُوْنُ مُعَطَّلاً

ترجمہ:۔ بے شک میں کچھ نہیں ہوں اور اس سے بھی زیادہ ہیچ ہوں، اور جو کچھ نہ ہو تو وہ بے کار رہتا ہے۔

۲... قولہ بحق الیقین... الخ:۔ جاننا چاہیے کہ حق، علم اور عین جنکا مضاف یقین ہے (حق الیقین، علم الیقین اور عین الیقین) کے معنی جلد اول مکتوب دو سو ستتر (۲۷۷) میں مذکور ہیں جو چاہے وہاں سے ملاحظہ کرے۔ ۱۲

۳... التعریب مصرع کا عربی ترجمہ:۔　　اَلَا فَاعْجَبُوْا اِبْنُ وَاصِلٍ مُتَحَیِّرٍ

ترجمہ:۔ لوگو! تعجب کرو ایسے واصل پر جو وصل کے باوجود حیران و پریشان ہے۔ ۱۲

۴... قولہ تجلی صوری... الخ:۔ حضرت شیخ رکن الدین علاؤالدولہؒ نے فرمایا ہے کہ سالکین راہ (حقیقت) حق سبحانہ کو تجلیات صوری سے دیکھتے ہیں۔ وہ آثار سے نسبت رکھتی ہے، اور جو تجلیاتِ نوری کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ اور وہ افعال سے نسبت رکھتی ہے۔ اور جو تجلیات معنوی سے دیکھتے ہیں اور وہ صفات کے ساتھ تعلق رکھتی ہے۔ اور جو تجلیاتِ ذوقی کے ساتھ دیکھتے ہیں اور وہ ذات سے نسبت رکھتی ہے۔ اور تجلیاتِ صوری میں جو آثار سے نسبت رکھتی ہے۔ تو حق تعالیٰ تمام اشیاء کی صورتوں میں تجلی فرماتا ہے۔ ان اشیاء میں مفردات، عنصریات، معدنیات، نباتات، حیوانات اور انسانی افراد شامل ہیں۔ (رشحات صہ ۱۷۰، ۱۷۱) مولانا عبدالغفور قدس سرہ کے حالات میں۔ ۱۲

۵... قولہ بل بعد مابینھما:۔ یعنی بلکہ اس مسافت کی درازی جو ولایت وشہادت کے درمیان ہے اس مسافت سے بہت زیادہ ہے جو تجلی صوری اور تجلی ذاتی کے درمیان ہے۔ ۱۲

Marfat.com

مقاموں (صدیقیت ونبوت) کے درمیان برزخ (واسطہ) ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا کیونکہ اس کی توجہ خالص تنزیہ کی طرف ہے اور یہ تمام کا تمام عروج ہے، ان دونوں کے درمیان بہت بڑا فرق ہے۔

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند ہر چہ استادِ ازل گفت بگو میگویم

ترجمہ:۔ مجھے طوطی کی مانند آئینے کے پیچھے رکھا ہے وہی کہتا ہوں استاد ازل جو مجھ سے کہتا ہے

شرعی، نظری، استدلالی (یعنی نظر واستدلال سے ثابت شدہ شرعی) علوم کو ضروری کشفی بنادیا ہے علمائے شریعت کے اصول سے ایک بال بھر (یعنی ذراسی) بھی مخالفت نہیں ہے بلکہ انہی اجمالی علوم کو تفصیلی کر دیا ہے اور نظریت سے ضروریت کی طرف لائے ہیں۔ ایک شخص نے حضرت خواجہ بزرگ (خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ) سے دریافت کیا کہ سلوک سے مقصود کیا ہے؟ آپ نے فرمایا ''تا کہ اجمالی معرفت تفصیلی اور استدلالی معرفت کشفی ہو جائے'' اور یہ نہیں فرمایا کہ ان (علوم شرعیہ) کے علاوہ کوئی اور علوم حاصل ہوتے ہیں، ہاں راستہ میں بہت سے علوم و معارف پیش آتے اور ظاہر ہوتے ہیں جن سے گزر جانا چاہیے، اور جب تک سالک نہایت النہایت تک جو کہ مقامِ صدیقیت ہے نہ پہنچے ان علوم سے حصہ حاصل نہیں کرسکتا۔ بعض اہل اللہ جو کہ البتہ اس مقام شریف یعنی مقامِ صدیقیت کے حاصل ہونے کے قائل ہیں لیکن ان کو اس مقام کے علوم و معارف کے ساتھ کچھ بھی مناسبت نہیں ہے کاش میں جانتا کہ اس کی کیا وجہ ہے۔ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ

۶ ... قولہ حصول آن مقام:۔ دو چیزوں کے درمیان کسی چیز کے واسطہ ہونے اور اس چیز کے حاصل ہونے میں جو ان دونوں کے درمیان ہے، بہت ہی بعد و دوری ہے۔ سمجھ لیجئے؟ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ۔ ۱۲

☆ عرض...... ظاہر نمودن احوال ۱۲...... احوال ظاہر کرنا۔ ☆ مع ذٰلک...... باوجود آن ۱۲...... باوجود اس کے۔ ☆ برودت...... بالضم سردی وانجماد ۱۲...... ب پر پیش کے ساتھ یعنی بُرودت معنی سردی اور پانی کا جم جانا۔ ☆ برودت...... معنوی ۱۲...... دل پر معنوی سردی۔ ☆ مستولی...... غالب ۱۲...... غالب۔ ☆ در رنگ...... مانند ۱۲...... مثل۔...... ☆ نفس...... ودر ۱۲...... اور میں، خود۔...... ☆ حضور...... در ۱۲...... قریب میں، موجود۔...... ☆ بیغایت...... بےنہایت ۱۲...... بیشمار، انتہائی۔ ☆ تفاوتیکہ...... مبتداء ۱۲ یہ ساری عبارت مبتداء ہے۔ ☆ اَجَلُّ...... خبر ۱۲...... مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔ ☆ اِلَّا النُّبُوَّةُ...... مگر نبوت ۱۲...... مگر مقام و مدارجِ نبوت۔ ☆ دومقام...... صدیقیت ونبوت ۱۲...... سیّدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم ﷺ کے مقامات۔ ☆ ہمان...... یعنی واسطہ بودن او میان آن ہردو ۱۲...... یعنی اس کا واسطہ ہونا ان دونوں کے درمیان۔......

﴿ص۳۹﴾ ۱ قولہ شکر اللہ... الخ:۔ یعنی اللہ تعالیٰ علمائے اہل حق کو ان کی جد جہد کی جزائے خیر عطا فرمائے۔ ۱۲

۲ ... قولہ ابو المکارم رکن الدین... الخ:۔ ان کے حالات مکتوب اول کے حاشیہ میں مختصراً نفحات کے حوالہ سے درج کردیئے گئے ہیں۔ ۱۲

۳ ... قولہ وفوق عالم الوجود... الخ:۔ یعنی عالم وجود ہستی کے اوپر بہت محبت کرنے والے بادشاہ کا عالم ہے۔ ۱۲

۴ ... قولہ پایان تر... الخ:۔ علامہ مراد مکی نے کہا ہے: یعنی نزول و بقا کے مراتب میں۔ لہذا کہا گیا ہے کہ فی الحقیقت (یہ مقام) بہت بالاتر ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ شتان مابینھما:۔ یعنی بہت زیادہ فرق ہے اور طویل دوری ہے ان دونوں (مقامِ قربت اور مقامِ صدیقیت ونبوت) کے درمیان، میری مراد ہے مقامِ قربت جو کہ تمام و کمال عروج ہے، اور مقامِ صدیقیت ونبوت جو کلیۃً نزول وصحو اور بقا ہے۔ ۱۲

۶ ... قولہ نظریت:۔ یعنی غور و فکر پر موقوف ہونا۔ ۱۲

۷ ... قولہ بضروریت:۔ یعنی جو واضح اور ظاہر ہو میری مراد (اس کا) حصول فکر و نظر پر موقوف نہ ہو۔ ۱۲

Marfat.com

(یوسف۔۷۶: ترجمہ:۔اور ہر علم والے کے اوپر اس سے زیادہ علم والا موجود ہے) ـــــ اور اس خادم کو مسئلہ قضا و قدر کے راز پر بھی اطلاع بخشی گئی اور اس کا اس طرح پر علم کرایا گیا کہ کسی طرح بھی روشن شریعت کے ظاہری اصول و قواعد سے مخالفت لازم نہیں آتی اور یہ (مسئلہ تقدیر) ایجاب (واجب و لازم قرار دینا) کے نقص اور جبر (مجبور کرنا) کی آمیزش سے پاک و صاف ہے اور چودھویں رات کے چاند کی طرح ظاہر ہے۔

تعجب ہے کہ جب یہ مسئلہ (تقدیر) اصولِ شریعت کے مخالف نہیں ہے تو پھر اسے پوشیدہ کیوں رکھا ہے، اگر کچھ بھی مخالفت رکھتا تو اس کا چھپانا اور پوشیدہ رکھنا مناسب تھا (لیکن) لَا یُسْـَٔلُ عَمَّا یَفْعَلُ (سورہ انبیاء۔۲۳: ترجمہ:۔جو کچھ وہ (حق سبحانہ وتعالیٰ) کرتا ہے اس سے اس کے متعلق پوچھا نہیں جاتا۔)

ے
کرا زہرہ آنکہ از بیم تو ‌ ‌ ‌ کشاید زباں جز بہ تسلیم تو

ترجمہ:۔ کس کی طاقت ہے کہ تیرے خوف سے ‌ ‌ ‌ ماسوا تسلیم کچھ بھی کہہ سکے

علوم و معارف ابر بہاری کی طرح اس قدر برس رہے ہیں کہ ادراک کرنے (پانے) والی قوت ان کو برداشت کرنے سے عاجز ہو جاتی ہے، قوتِ مدرکہ کہنا محض تعبیر کے طور پر ہے، وَاِلَّا لَا یَحْمِلُ عَطَا یَا الْمَلِكِ اِلَّا مَطَایَاہُ (ورنہ بادشاہوں کے عطیات کو بادشاہوں کی سواریاں ہی اٹھا سکتی ہیں) شروع میں یہ شوق تھا کہ ان عجیب و غریب علوم کو لکھ لیا جائے لیکن اس کی توفیق نہیں پاتا تھا، اور اسی وجہ سے طبیعت پر بوجھ رہتا تھا، آخر کار تسلی فرمادی گئی کہ ان علوم کے فیضان کرنے کا مقصد ملکہ حاصل

---

۸ ... قولہ حضرت خواجہ بزرگ:۔حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ وقدس سرہ العزیز ۱۲

۹ ... اعلم أن هذا الضعيف قد سأل الشيخ الكامل المكمل الحاج امداد الله المهاجر المكي شيخ شيوخ الهند قدس سره ماالغاية وماالمقصود من الرياضات والمجاهدات والمحن الشاقة التى يحملها الصوفيه والدرا ويش والمشائخ من جميع السلاسل؟فاجا بني رحمه الله تعالىٰ ونور ضريحه وأسكنه بحبوحة الجنة وقدأجادوأوجز بأن المقصود من ذلك كله الكمال الايماني ،وهذا إيماء الىٰ ماقاله الخواجه النقشبند قدس سره العزيز على ماتقل عنه الشيخ المجدد قدس سره ههنافافهم ۱۲

ترجمہ:۔جان لو کہ اس ضعیف بندہ (مولانا نور احمد رحمہ اللہ) نے شیخ کامل و مکمل حاجی امداد اللہ مہاجر مکی جو پاک و ہند کے مشائخ کے شیخ تھے قدس سرہ سے سوال کیا کہ کیا غرض اور مقصود ہے ان ریاضتوں، مجاہدوں اور بڑی محنتوں کا جو تمام سلسلوں کے صوفیاء اور درویش برداشت کرتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ ان پر رحمت فرمائے اور ان کی قبر کو منور فرمائے اور ان کو جنت میں اعلیٰ مقام پر سکونت عطا فرمائے، انہوں نے مجھے جواب دیا بڑا مختصر اور عمدہ کہ ان سب اعمال سے مقصود کمالِ ایمانی ہے، یہ اشارہ ہے اس کی طرف جو خواجہ نقشبند قدس سرہ العزیز نے فرمایا ہے اور شیخ مجدد قدس سرہ نے یہاں ان سے نقل فرمایا ہے۔ پس سمجھ لیجئے۔ ۱۲

۱۰ ... قوله فياليت شعرى إن من اهل الله لقائلين ...الخ :۔یعنی کاش میں جانتا کہ اس کی کیا وجہ ہے جو بعض اہل اللہ اس مقام شریف یعنی مقامِ صدیقیت کے حاصل ہونے کے قائل ہیں حالانکہ ان کو اس مقام کے علوم و معارف کے ساتھ کچھ بھی مناسبت نہیں ہے، (اور ہر علم والے کے اوپر اس سے زیادہ علم والا موجود ہے) [1]۔ ۱۲

۱۱ ... قوله: قضا وقدر ،قال رسول الله عليه وسلم كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ، رواہ مسلم رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: جو کچھ جہان میں ہے اللہ کی قضا اور قدر سے ہے۔

جاننا چاہیے کہ قضا اور قدر کے ایک ہی معنی ہیں، اس کے مطابق جو قاموس، نہایہ اور صراح میں ہے یعنی خدا تعالیٰ کا بندے کے بارے میں اندازہ کیا

---

[1] سورہ یوسف آیت ۷۶ کا ترجمہ ہے۔ ۱۲ (اشرف مجددی)

Marfat.com

کرنا ہے نہ کہ ان علوم کا یاد کرنا۔ چنانچہ طالبانِ علم، علوم اس لئے حاصل کرتے ہیں مولویّت کا ملکہ حاصل کرلیں اس لئے علوم حاصل نہیں کرتے کہ صرف ونحو وغیرہ کے اصول حفظ (یاد) کرلیں۔ اب ان علوم میں سے بعض عرضِ خدمت ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ وَ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ (سورہ شوریٰ۔۱۱: اس کی مثل (مانند) کوئی چیز نہیں ہے اور وہ ہر بات سننے والا دیکھنے والا ہے) اس آیتِ مبارکہ کا پہلا جزو، خالص تنزیہ کو ثابت کرتا ہے جیسا کہ ظاہر ہی ہے اور اللہ تعالیٰ کا قول وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ اس تنزیہ کو پورا اور کامل کرنے والا ہے۔ اس کی تشریح یہ ہے کہ چونکہ عالَم کے لئے سمع وبصر کے ثابت ہونے میں باہم مشابہت کے ثبوت کا وہم ہوتا ہے اگرچہ فرضی طور پر ہی ہو، اس کے لئے حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس وہم کو دور کرنے کے لئے مخلوق سے سمع وبصر کی نفی فرمادی، یعنی سمیع وبصیر، اللہ جل شانہٗ ہی ہے اور سمع وبصر (کی طاقت) جو مخلوق میں پیدا کی گئی ہے، دیکھنے اور سننے میں ان کا کچھ دخل نہیں ہے۔ جس طرح کہ اللہ تعالیٰ سمع وبصر کو پیدا کرتا ہے اسی طرح ان دونوں صفتوں سمع وبصر کے پیدا کرنے کے بعد جیسا کہ عادۃ اللہ اسی طرح جاری ہے ان صفات کی تاثیر کے بغیر سننے اور دیکھنے کو پیدا کرسکتا ہے، اور اگر ہم ان صفات کی تاثیر کے قائل ہوں تو ان میں تاثیر بھی حق تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہے۔ پس جیسا کہ ان مخلوقات کے اصل جمادِ محض ہیں (یعنی ان عناصرِ اربعہ میں قوتِ نشونما نہیں ہوتی) اسی طرح ان کی صفات بھی جمادِ محض ہیں جس طرح کہ صاحبِ قدرت (اللہ تعالیٰ) محض اپنی قدرت سے پتھر میں صفتِ کلام پیدا فرمادیتا ہے تو یہ نہیں کہہ سکتے کہ حقیقت میں پتھر کلام کرتا ہے اور کلام کی صفت رکھتا ہے، جس طرح پتھر جمادِ محض ہے اگر بالفرض اس میں یہ صفتِ کلام بھی موجود

ہوا فیصلہ، اور کبھی قضا وقدر میں فرق کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قضا حکم ازلی ہے اور قدر اس کا واقع ہونا ہے جس کو زوال نہیں، اس بنا پر قضا پہلے ہوگی قدر سے، اور اس کے برعکس بھی بولتے ہیں، قدر تقدیر کے معنی میں ازلی آیا ہے اور قضا اس کے موافق پیدا کرنے کے معنی میں۔

الختصر جو کچھ جہان میں خیر وشر واقع ہوتا ہے لوگوں کے کردار سے ہوتا ہے، اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے تقدیرِ الٰہی سے ہے، ایک ذرہ بھی اسکی تقدیر سے باہر نہیں ہے، باوجودیکہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو ایک طرح کا اختیار وقدرت اور ارادہ عطا فرمایا ہے اور جمادات کی مانند مجبورِ محض نہیں بنایا ہے جیسا کہ جبریہ فرقہ کہتا ہے۔ قال فی العقائد النسفیه :وللعباد افعال اختیارية يثابون بها ان كانت طاعة ويعاقبون عليهاان كانت معصيه لا كمازعمت الجبريه انه لافعل للعبد اصلاوان حركاته بمنزلة حركات الجمادات ۔هذا والمسئلة مبسوطة فی محلها۔ ترجمہ:۔شرح عقائد نسفیہ میں ہے: بندوں کے بعض کام اختیار والے ہیں، ان اعمال کے سبب ان کو ثواب دیا جائے گا اگر وہ اطاعت ہوں گے — اور بندوں کو ان اعمال کی وجہ سے عذاب ہوگا اگر وہ معصیت ونافرمانی ہوں گے، ایسے نہیں جیسا کہ جبریہ فرقہ نے گمان کیا ہے (وہ کہتے ہیں) بندے کا بالکل کوئی فعل نہیں ہے (اسے کوئی اختیار نہیں) اس کی حرکات بمنزلہ حرکاتِ جمادات ہیں۔ اتنا محفوظ رکھو، اس مسئلے کی تفصیلات عقائد کی کتب میں اپنی جگہ پر موجود ہیں۔ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ آنمقام ...... قرب ۱۲ ...... قریب کا مقام۔ ...... ☆ پایان ...... پست ۱۲ ...... پست، نیچے۔ ...... ☆ فی الحقیقۃ بالاتر است ...... مقام نبوت ۱۲ ...... نبوت کا مقام۔ ...... ☆ برزخیت ...... واسطہ بودن ۱۲ ...... ذریعہ ہونا۔ ...... ☆ دومقام ...... صدیقیت ونبوت ۱۲ ...... صدیقیت ونبوت، مقاماتِ علیہ۔ ...... ☆ استادِ ازل ...... حق جل وعلا عزّ اسمہ وجل سلطانہ ۱۲ ...... حق جل وعلا عزّ اسمہ وجل سلطانہ۔ ...... ☆ باصول ...... قوانین ۱۲ ...... جمع قانون۔ ...... ☆ ہمان ...... بلکہ ۱۲ ...... بلکہ۔ ☆ نظریت ...... احتیاج بدلیل ۱۲ ...... دلیل کی حاجت۔ ☆ بضروریت ...... بداہت ۱۲ ...... جو ظاہر ہو اور نظر وفکر پر موقوف نہ ہو۔ ☆ مِـنْ ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے اور مقدم ہے۔ ...... ☆ لَقَـائِلِیۡنَ ...... اسم ۱۲ ...... یہ اسم ہے، اسم اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔ ☆ سر ...... راز ۱۲ ...... بھید۔ ☆ قدر ...... بالتحریک وبالفتح ۱۲ ...... حرکت سے اور زبر سے۔ ......

Marfat.com

ہو تو بھی جمادِ محض ہے اُس پتھر سے حرف وآواز کے ظاہر ہونے میں صفتِ کلام کا کوئی دخل نہیں، تمام صفات اسی طرح پر ہیں۔

غرضکہ جب یہ دو صفتیں زیادہ ظاہر تھیں تو اللہ تعالیٰ نے نفی کے لئے ان دونوں کو خاص کر لیا اور دونوں کی نفی سے باقی صفات کی نفی بطریقِ اولیٰ لازم آئے گی۔

حق سبحانہٗ تعالیٰ نے اول صفتِ علم کو پیدا کیا، پھر صفتِ علم کی توجہ معلوم کی طرف پیدا کی پھر معلوم کے ساتھ اس صفت کا تعلق پیدا کیا، اس کے بعد معلوم کو اس پر منکشف کر دیا۔ پس صفتِ علم کو پیدا کرنے کے بعد محض قانونِ قدرت کے مطابق (یعنی صفتِ علم کے دخل کے بغیر) اس میں انکشاف کو پیدا کیا، پس معلوم ہو گیا کہ صفتِ علم کو انکشاف میں کیا دخل ہوگا (یعنی کچھ دخل نہیں ہے)۔

اسی طرح حق تعالیٰ نے اول صفتِ سمع کو پیدا کیا پھر مسموع کی طرف کان لگانا اور متوجہ ہونا پیدا کیا، اس کے بعد سننا اور پھر مسموع کا ادراک پیدا کیا۔

اسی طرح (حق سبحانہٗ تعالیٰ نے) اول بصر کو پیدا کیا پھر آنکھ کی پُتلی کو دیکھی جانے والی چیز کی طرف پھرانا (گھمانا) اور توجہ کرنا پیدا کیا، اس کے بعد دیکھنا پھر اس چیز کا ادراک پیدا کیا۔ علیٰ ہذا القیاس (اسی پر مخلوق کی باقی صفات کو قیاس کر لیجئے)۔

پس سمیع وبصیر وہی ذات ہے جس کے سننے اور دیکھنے کا مبدأ یہ دو صفتیں ہوں اور جب (حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے سوا کسی اور میں) ایسا نہیں ہے تو (حق تعالیٰ کے سوا) کوئی سمیع وبصیر بھی نہیں ہے۔ پس ثابت ہو گیا کہ ان کی صفات ان کی ذات (اصل) کی طرح جمادِ محض ہیں۔ پس آیت مذکورہ کے آخری حصہ سے مقصود ان سے کلی طور پر صفات کی نفی کرنا ہے نہ یہ کہ ان کے لئے صفات ثابت ہیں، اور یہ صفات بعینہا حق سبحانہٗ کے لئے بھی ثابت ہیں تاکہ اس تقدیر پر یہ قول تنزیہ میں (جو کہ

﴿صہ ۴۰﴾ لے قولہ وازنقص:۔ یعنی ایجاب کا عیب، ایجاب کے معنی ہیں واجب ولازم قرار دینا۔ قولہ شائبہ: یعنی آمیزش، قولہ جبر: یعنی زبردستی کسی کام پر پابند کرنا، اور مجبور کرنا، قولہ مُبرًّا ومنزّہ: دونوں اسم مفعول کے صیغے ہیں تَبرِئَہ اور تَنزِیہ سے یعنی بری وپاک ہے۔ (مسئلہ قضا وقدر ایجاب کے عیب اور نظریہ جبر سے پاک وصاف ہے)

۲... قولہ لا یسئل عما یفعل:۔ یہ اشارہ ہے اس آیہ کریمہ کی طرف جو پارہ اقترب للناس سورہ انبیاء میں ہے، یعنی اللہ تعالیٰ سے نہیں پوچھا جاسکتا جو وہ کرتا ہے اور ان سے پوچھا جائے گا۔ یہ قول اشارہ ہے ایک لطیف جواب کی طرف ان شبہات ووساوس اور خیالاتِ پریشان کا جو نفس میں پیدا ہوتے ہیں کہ کسی کو مسئلہ قضا وقدر میں انگشت نمائی اور نکتہ چینی کا حق نہیں۔ ۱۲

۳... قولہ اَبرِ نیسان:۔ (الف پر زبر، سین بغیر نقطہ کے) رومیوں کے سال کے ساتویں مہینے کا نام اور وہ مدت سورج برجِ حمل میں رہتا ہے، اس مہینے کی بارش کے قطرات سے صدف میں (پڑکر) مروارید پیدا ہوتے ہیں، اور اس مہینے کی بارش کو مجازاً نیسان کہتے ہیں۔ ۱۲ (غیاث)

۴... قولہ والا لا یحمل ... الخ:۔ ورنہ بادشاہوں کے عطیات کو بادشاہ کی سواریاں (اونٹ) ہی اٹھا سکتی ہیں۔ ۱۲

۵... قولہ ملکہ:۔ پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، ایسی پختہ کیفیت وقوت طبیعت میں ہوتی ہے جس سے مقاصد کا حاصل کرنا آسان ہوتا ہے اس سے مراد ہے استعداد ولیاقت۔ ۱۲

۶... قولہ لیس کمثلہ شیء ... الخ:۔ پارہ پچیس الیہ یرد سورہ شوریٰ رکوع دوم میں واقع ہے، یعنی اس کی مثل (مانند) کوئی چیز نہیں ہے، وہ ہر بات سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔ ۱۲

۷... قولہ بطریق جری العادۃ ... الخ:۔ یعنی جس طرح اللہ تعالیٰ سمع (سننے) وبصر (دیکھنے) کو پیدا کرتا ہے اسی طرح ان دونوں صفتوں سمع وبصر کے پیدا کرنے کے بعد جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی عادت اسی طرح جاری ہے، ان صفات کی تاثیر کے قائل ہوں تو ان میں تاثیر بھی حق تعالیٰ ہی کی پیدا کی ہوئی ہے۔ ۱۲

Marfat.com

آیت کے اول جز کا مفاد ہے) اور تشبیہ میں جو آیت کے آخر جز کا مفاد ہے جمع و موافقت ہو جائے یعنی ایسا نہیں ہے بلکہ پوری آیتِ کریمہ تنزیہ کے اثبات اور تشبیہ (مثل ہونے) کی کلی طور پر نفی کے لئے ہے۔

علم اول یعنی ان کی صفات کو خاص حق تعالیٰ کے لئے ثابت کرنا اور ان کی ذات (اصل) کو جمادِ محض جاننا اور پرنالے اور کوزہ کی مانند معلوم کرنا کہ پانی وہاں سے ظاہر ہے یہ سب مقامِ ولایت کے مناسب علوم میں سے ہے (جو کہ ولایت کا پہلا درجہ ہے)۔ اور علم ثانی یعنی ان کی صفات کو بھی جماد کی طرح معلوم کرنا اور اس تمام کو مَیّت (مردہ) جاننا کہ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَ اِنَّھُمْ مَیِّتُوْن (سورہ زمر۔۳۰ بیشک آپ کو بھی مرنا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے) یہ مقامِ شہادت کہ مناسب علوم میں سے ہے (جو کہ ولایت کا دوسرا درجہ ہے)۔

اس بیان سے بھی ولایت کے ان دو مقامات کے درمیان کچھ فرق ظاہر ہو جاتا ہے، وَالْقَلِیْلُ یَدُلُّ عَلَی الْکَثِیْرِ وَ الْجُرْعَۃُ تُنْبِیءُ عَنِ الْبَحْرِ الْغَدِیْرِ (اور تھوڑی چیز زیادہ پر دلالت کرتی ہے اور قطرہ بڑے سمندر کی خبر دیتا ہے)۔

ع۔ سالے کہ نکوست از بہارش پیدا است ترجمہ:۔ سال اچھا ہے وہی جس کی بہار اچھی ہے۔

اور اسی طرح اس عالی مقام کے لوگ مخلوقات کے افعال کو بھی مردہ اور جماد (بے جان چیز) کی طرح پاتے ہیں نہ یہ کہ ان کے افعال کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کریں اور اللہ تعالیٰ کو ان افعال کا فاعل جانیں، تَعَالَی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنْ ذَالِکَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی ذات اس نسبت سے بہت ہی بلند ہے)۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص پتھر کو ہلاتا ہے اور حرکت دیتا ہے تو یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ شخص متحرک ہے بلکہ وہ پتھر میں حرکت ایجاد کرنے والا ہے اور پتھر متحرک ہے۔ اس کے باوجود جس طرح کہ پتھر جمادِ محض ہے اس کی حرکت بھی جمادِ محض ہے۔ اگر بالفرض اس حرکت سے کوئی شخص

☆ اصول......قواعد ۱۲ ......جمع قاعدہ، طریقہ۔ ☆ غرّا ......روشن ۱۲ ......ظاہر، منور۔ ☆ بمشابہ قمر لیلۃ البدر است...... بمنزلہ مہتاب شب ماہ تمام است ۱۲ ......چودھویں کے چاند کی طرح۔ ☆ از نقص......واین مسئلہ ۱۲ ......اور یہ مسئلہ۔ ☆ بمشابہ...... بمنزلہ......اسکی مثل، اسکی طرح۔ ☆ زہرہ......قدرت ۱۲ ......طاقت، مردانگی وغیرہ۔ ☆ دررنگ......مانند ۱۲ ......مثل۔

☆ غریبہ......نادرہ عجیبہ ۱۲ ......عجیب و غریب۔ ☆ ممر......راہ ۱۲ ......راستہ، گزرنے کی جگہ۔ ☆ علوم......یعنی علومیکہ دررنگ نیسان برین کترین سیر یزند ۱۲ ......یعنی وہ علوم جو مسلسل بھرپور پر زور برسنے والی بارش کی طرح اس کترین پر بہاتے ہیں۔

☆ قمر لیلۃ البدر......مہتاب شب ماہ تمام ۱۲ ......کامل، پوری رات کا چاند۔ ☆ اول کلام......یعنی لیس کمثلہ شئ ۱۲ ......آیت کریمہ کا پہلا حصہ لیس کمثلہ شیء۔ ☆ قولہ......مبتداء ۱۲ ......مبتداء۔ ☆ متمم......خبر ۱۲ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

☆ بیانش......یعنی بیان بودن آخر کلام متمم و مکمل تنزیہ را کہ مفاد اول کلام است ۱۲ ......یعنی آیت کے دوسرے حصہ کا بیان ہونا اللہ تعالیٰ شانِ تنزیہ کو مکمل و تمام کرنے والا ہے جو آیت کے حوالے سے سمجھا جاتا ہے ☆ رؤیہ......دید ۱۲ ......دیکھنے کی قوت، دیکھنا۔

☆ سماع......شنید ۱۲ ......سننے کی قوت، سننا۔ ☆ سمع......یعنی قوت سامعہ و باصرہ ۱۲ ......یعنی سننے اور دیکھنے کی قوت۔ ☆ سماع...... شنید ۱۲ ......سننے کی قوت، سننا۔ ☆ رویۃ......دید ۱۲ ......دیکھنے کی قوت، دیکھنا۔ ☆ جماد......چیزے کہ اورا نشو و نما نباشد ۱۲ ......ٹھوس اشیاء مثل پتھر جن میں نشو و نما نہیں ہوتی۔ ☆ قادری......صاحب قدرت ۱۲ ......قدرت و طاقت والا۔

Marfat.com

ہلاک ہوجائے تو یہ نہیں کہیں گے کہ پتھر نے مارا بلکہ یہی کہیں گے کہ اس شخص نے مارا۔اور علمائے شریعت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعْیَھُمْ (اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں پر اجروثواب مرحمت فرمائے) اس علم کے موافق ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ مخلوقات سے افعال صادر ہونے کے باوجود، خواہ وہ افعال ان کی ارادہ واختیار سے ہی ہوں لیکن ان فعلوں کے مفعول اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے اور پیدا کئے ہوئے ہیں، اور ان (یعنی مخلوقات) کے فعل کو ان مفعولات کے بنانے اور پیدا کرنے میں کوئی دخل نہیں ہے ان افعال کی چند حرکتیں ہیں جن کی معمول ومصنوع کے بننے اور پیدا ہونے میں کچھ بھی تاثیر نہیں ہے۔اگر یہ کہا جائے کہ اس تقدیر پر افعال وثواب وعذاب کا مدار بنانا خلاف عقل ہے جیسا کہ پتھر کو کسی امر کا مکلف بنائیں اور اس کے فعل پر اچھائی اور برائی مرتب کریں، تو ہم اس کے جواب میں کہیں گے کہ پتھر اور مکلفین کے درمیان فرق ہے، اس لئے کہ تکلیفاتِ شرعیہ کا مدار قدرت وارادہ پر ہے اور پتھر میں ارادہ نہیں ہے، لیکن جب ان کا ارادہ بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا پیدا کیا ہوا ہے بغیر اس کے کہ مراد کے حصول میں ان کی کوئی تاثیر ہو وہ ارادہ مردہ کی طرح ہے اسی طریقہ پر کہ ارادہ کے ثابت ہونے کے بعد جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کی عادت جاری ہے مراد (جس چیز کا ارادہ کیا گیا ہو) پیدا کی جاتی ہے، اور اگر بالفرض مخلوق کی قدرت کو کسی ایک لحاظ سے مؤثر (اثر ڈالنے والی) بھی کہا جائے جیسا کہ علمائے ماوراالنہر شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعْیَھُمْ (اللہ تعالیٰ انکی کوششوں پر اجر مرحمت فرمائے) نے کہا ہے تو یہ تاثیر بھی ان کے حق میں حق تعالیٰ نے ہی پیدا فرمائی ہے جیسا کہ قدرت کو بھی اسی نے پیدا فرمایا ہے پس اس کی تاثیر میں اس کا بالکل کوئی اختیار نہیں ہے لہٰذا اس کی تاثیر بھی جماد کی مانند ہوگی۔مثلاً کسی شخص نے ایک پتھر دیکھا جو کسی حرکت دینے والے کی حرکت سے اوپر سے نیچے گرا اور ایک جاندار کو ہلاک کردیا، وہ شخص جس طرح اس پتھر

﴿صـ۱۴۱﴾ ۱؎ قولہ جمیع صفات:۔یعنی حیات، علم، کلام، قدرت وارادہ اسی قبیل سے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ زندہ ہے، سب کچھ جاننے والا ہے، اس قسم کی صفات جو مخلوق میں پیدا کی گئی ہیں، لیکن ان صفات کے آثار ونتائج میں مخلوقات کو کوئی دخل نہیں، جس طرح حق تعالیٰ ان صفات کو پیدا کرتا ہے۔ان صفات کے پیدا کرنے کے بعد ان کے ثمرات ونتائج بھی وہی پیدا کرتا ہے، کیونکہ اللہ کی عادت یہی ہے۔آخر تک جو حضرت شیخ قدس سرہ نے فرمایا ہے اس کو سمجھو، غور وفکر کرو اور ثابت قدم رہو۔ ۱۲

۲؎... قولہ خصھما اللہ... الخ:۔یعنی اللہ تعالیٰ نے نفی کے لئے ان دونوں کو خاص کرلیا، اور ان دونوں کی نفی سے باقی صفات بطریق اولیٰ لازم آئیں گی۔ ۱۲

۳؎... قولہ بَمَرْءِ یٌ:۔مَرْئِی رؤیت سے اسم مفعول کا صیغہ ہے یعنی دیکھی ہوئی چیز۔ ۱۲

ـ... مخلوقات کی باقی صفات کا حال بھی اسی پر قیاس کر لیجئے۔

۴؎... قولہ واذا لم یکن کذلك... الخ:۔اس چیز سے متصل ہے جو اپنے پہلے ہے اور مراد کے مقابل ہے یعنی جب ایسے نہیں ہے یعنی سوائے اللہ تعالیٰ کے مبدأ وسماع ورویت کسی میں نہیں ہے تو حق تعالیٰ کے سوا کوئی سمیع وبصیر نہیں ہے۔ ۱۲

۵؎... قولہ فالمقصود من اٰخر... الخ:۔پس مقصود آخر کلام سے یعنی وھوالسمیع العلیم سے بندوں سے کلی طور پر صفات کی نفی کرنا ہے، نہ یہ کہ ان کے لئے صفات ثابت ہیں اور یہ صفات بعینہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے ہی ثابت ہیں تاکہ اس تقدیر پر یہ قول تنزیہ میں (جو آیت کے اول جز کا مفاد ہے) اور تشبیہ میں (جو کہ آیت کے آخر جز کا مفاد ہے جمع موافق ہوجائے یعنی ایسا نہیں ہے) بلکہ پوری آیت کریمہ تنزیہ کے اثبات اور تشبیہ (مثل ہونے) کی کلی طور پر نفی کے لئے ہے۔ ۱۲

۶؎... جاننا چاہیے کہ مقامات ولایت وشہادت اور صدیقیت میں سے ہر مقام کے اپنے جدا علوم ومعارف ہیں جو اس مقام کے مناسب ہیں، چنانچہ مقام ولایت میں سکر غالب ہے اور صحو مغلوب، اور مقام شہادت میں اس کے برعکس (یعنی صحو غالب ہے اور سکر مغلوب) اور مقام صدیقیت میں سکر بالکل نہیں ہے۔۱۲ (معارف لدنیہ، معرفت ۳۶)

Marfat.com

کو جماد جانتا ہے اس کے فعل کو بھی یعنی حرکت کو بھی جماد جانتا ہے اور اس فعل پر مرتب ہونے والے اثر کو بھی جو کہ ہلاک کرتا ہے جماد جانتا ہے۔ پس مخلوقات کی ذاتیں، صفاتیں اور افعال سب کے سب محض جمادات اور صرف مُردہ فَهُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ وَهُوَ الْفَعَّالُ لِمَا يُرِيْدُ (پس وہی ہمیشہ زندہ وقائم ہے اور وہی سننے والا ہے دیکھنے والا ہے اور وہی علیم وخبیر ہے اور وہی جس چیز کا ارادہ کرے اس کو کرنے والا ہے)۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا۔ (سورۃ الکھف:۱۰۹) (اے پیغمبر!) آپ کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کے کلمات لکھنے کے لئے سمندر سیاہی بن جائیں تو ضرور سمندر ختم ہو جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کی باتیں (ہرگز) ختم نہ ہونگی اگر چہ ہم اتنے ہی (اور) سمندر مدد کے طور پر لے آئیں)

اس خادم نے بہت گستاخی کی اور بے حد جرأت واقع ہوئی کیا کر سکتا تھا بات کی عمدگی نے جو کہ جمیلِ مطلق (حق سبحانہ وتعالیٰ) کی طرف سے ہے اس بات پر مجبور کر دیا کہ جس قدر بات کو لمبا کیا جائے اچھا ہے اور جو کچھ اس کی طرف سے بیان کیا جائے عمدہ معلوم ہوتا ہے حالانکہ اپنے اندر کوئی مناسبت نہیں پاتا کہ اس بارگاہ کی نسبت کلام کرے یا اس کا پاک نام زبان پر لائے۔

هزار بار بشستم دهن بمشک وگلاب ہنوز نامِ تو گفتن مرا نمے شاید

ترجمہ:۔ گلاب ومشک سے دھولوں دہن پھر بھی مگر ہے نام آپ کا لینا کمال بے ادبی

۷... یہ اشارہ اس آیت کریمہ کی طرف ہے جو پارہ ومالی (۲۳) سورہ زمر ۳۰ ہے۔ ترجمہ:۔ بیشک آپ نے بھی (دنیا سے) انتقال فرمانا ہے اور انہوں نے بھی مرنا ہے۔ یہ تاویل دونوں جملہ اسمیہ ہونے کی صورت میں ہے جو دلالت کرتی ہے دوام واستمرار پر جیسا کہ اپنے مقام پر تحقیق شدہ ہے۔ ۱۲

لمصححه سلمه الله تعالیٰ اغفر لكاتبه ولمن سعى فيه

☆ جماد...... چیزے کہ اور انشو نما نباشد ۱۲...... ٹھوس اشیاء مثل پتھر جن میں نشو نما نہیں ہوتی۔ ☆ صفت...... کلام ۱۲...... صفتِ کلام۔ ☆ چون ایں شرط ۱۲...... یہ شرط ہے۔...... ☆ خصهما ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے۔ (شرط اور جزا مل کر جملہ شرطیہ ہوا)۔...... ☆ مجرد...... بدون مدخلیت صفت علم ۱۲...... صفتِ علم کی مداخلت کے بغیر۔...... ☆ اصغاء...... گوش رامتوجہ بچیزے کردن ۱۲...... کان کو کسی چیز کلام وغیرہ کی طرف متوجہ کرنا۔ ☆ تقلیب...... گردانیدن ۱۲...... پھرانا گھمانا۔...... ☆ حَدَقہ...... بفتحتین سیاہی چشم ۱۲...... ح اور د پر زبر ہے۔ آنکھ کی سیاہی۔ ☆ علم...... مبتداء ۱۲...... مبتداء۔...... ☆ ناودان...... راہ بدر فتن آب بام ۱۲...... پرنالے سے چھت کا پانی ظاہر ہونا۔ ☆ علوم...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے۔ ☆ علم...... مبتداء ۱۲...... مبتداء۔ ☆ از علوم...... خبر ۱۲...... خبر (مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا) ☆ مقام شہادتست...... ثانی درجہ است از درجات ولایت ۱۲...... ولایت کے درجات میں سے دوسرا درجہ۔

﴿ص۴۲﴾ ۱ قوله القليل يدل ... الخ:۔ تھوڑی چیز زیادہ پر دلالت کرتی ہے اور گھونٹ بڑے دریا اور تالاب کی خبر دیتا ہے۔ ۱۲

۲... قوله الغدير:۔ تالاب کے معنی میں ہے اور سیلاب کے بقیہ پانی کو بھی غدیر کہتے ہیں اس طور پر بحر کی صفت نہیں ہوگی، شاید وکاتب کی غلطی سے ساقط ہوگئی ہو، یعنی اصل میں والغدیر ہو، زیادہ بہتر یہ ہے کہ کہا جائے وَالْقَطْرَةُ تُنْبِئُ عَنِ الْغَدِيْرِ (یعنی قطرہ بڑے سیلاب کی خبر دیتا ہے)۔ ۱۲

۳... اللہ سبحانہ کی ذات اس نسبت سے بہت ہی بلند اور بڑی ہے۔ ۱۲

۴... اگر چہ مخلوقات کے افعال کا صدور ان کے ارادہ اور اختیار سے ہو۔ ۱۲

۵... قوله من غير ان يكون ... الخ:۔ یعنی بغیر اس امر کے کہ ان کے افعال وحرکات کے معمول ومصنوع بنانے میں کچھ تاثیر ہو، جاننا چاہیے کہ حضرات اشاعرہ رحمہم اللہ تعالیٰ اس بات کے قائل ہیں کہ بندوں کے افعال میں صرف حق تعالیٰ کی قدرت موثر ہے بخلاف جمہور معتزلہ کے کہ محض بندہ کی قدرت کو ان (افعال) میں مؤثر جانتے ہیں، اور اس مسئلہ کی تفصیل عقائد کی کتابوں میں موجود ہے۔ ۱۲

Marfat.com

ع۔ بندہ باید کہ حدِ خود داند ترجمہ:۔ چاہیے بندہ اپنی حد میں رہے

حضور کی توجہ و عنایت کا امیدوار ہے اپنی خرابی کے متعلق کیا عرض کرے اور جو کچھ اپنے اندر پاتا ہے آپ کی بلند توجہ منبع عنایات سے ہے ورنہ ع۔ من ہماں احمد پارینہ کہ ہستم ہستم ترجمہ:۔ میں وہی احمد ہوں پرانا خادم آپ کا

میاں شاہ حسین توحید وجودی کا طریقہ رکھتا ہے اور اس میں محظوظ ہے دل میں آتا ہے کہ اس مقام سے اس کو نکالا جائے تا کہ مقام حیرت میں پہنچ جائے جو کہ مقصود ہے۔

محمد صادق بچپن سے ہی اپنے آپ کو ضبط نہیں کر سکتا اگر کسی سفر میں ساتھ ہو جاتا ہے تو بہت ترقی کرتا ہے، دامنِ کوہ کی سیر میں ساتھ تھا۔ بڑی ترقی کی اور مقامِ حیرت میں مستغرق ہے اور مقام حیرت میں اس فقیر کے ساتھ پوری پوری مناسبت رکھتا ہے، اور شیخ نور بھی اسی مقام میں ہے اس نے بھی بہت ترقی کر لی ہے۔ اور اس فقیر کے عزیزوں میں سے ایک جوان ہے اس کا حال بہت بلند ہے تجلیاتِ برقیہ کے قریب پہنچ چکا ہے اور چست و محنتی ہے۔

۶... قولہ من غیر تاثیر ...الخ:۔ یعنی بغیر اس کے کہ مراد کے حصول میں ان کے ارادہ کرنے کی کوئی تاثیر ہو۔ ۱۲

لمصححہ سلمہ اللّٰہ تعالیٰ واعطاہ مایحب ویرضیٰ

☆ کَالْمیّتِ...... مانند مردہ و چیزے بے جان ۱۲...... مردہ اور بے جان چیز کی طرح۔ ☆ موجد...... ایجاد کنندہ ۱۲...... ایجاد کرنے والا۔...... ☆ دَرسنگ...... جار و مجرور متعلق بہ موجد اند ۱۲...... جار اور مجرور موجد کے متعلق ہیں۔ ☆ میفر ماید...... علماء ۱۲...... دین کے عالم فرماتے ہیں۔ ...... ☆ از مخلوقات...... جار مجرور متعلق است بصدور ۱۲...... جار اور مجرور صدور کے متعلق ہیں۔ ☆ مصنوع...... مخلوق ۱۲...... پیدا کی ہوئی یا پیدا کیے ہوئے۔...... ☆ مناط...... مدار ۱۲...... انحصار جس پر کسی چیز کا دار و مدار ہو۔ ☆ مناط...... مدار ۱۲ جس پر انحصار کیا جائے۔ ☆ فی الجملہ...... بیک جہت ۱۲...... ایک لحاظ سے، ایک طرز سے، القصہ ☆ ماوراء النّہر ...... ملک توران ۱۲ ترکستان۔...... ☆ کردہ اند...... حق سبحانہ وتعالیٰ ۱۲...... حق تعالیٰ وسبحانہ پیدا کرنے والا ہے۔......

﴿صہ۴۳﴾ ۱ قولہ ففی تاثیرہ ...الخ:۔ یعنی پس اسکی تاثیر میں مکلّف کی قدرت کا بالکل کوئی اختیار نہیں ہے لہذا اسکی تاثیر بھی جماد کی مانند ہوگی ۱۲

۲... قولہ فالذوات والصفات...الخ:۔ یعنی پس مخلوقات کی ذاتیں، صفتیں اور افعال سب کے سب محض جمادات اور صرف مردہ ہیں، پس وہی ہمیشہ زندہ اور قائم ہے اور وہی سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے اور وہی علیم و خبیر ہے اور وہی جس چیز کا ارادہ کر لے اس کا موجد ہے۔ ۱۲

۳... قولہ قل لو کان البحر مداد ...الخ:۔ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ کہف کے آخر میں ہے، یعنی (اے نبیؐ) آپ فرما دیجئے کہ اگر میرے رب کے کلمات لکھنے کے لئے سمندر سیاہی بن جائیں تو وہ ختم ہو جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کی باتیں ختم نہ ہوں گی، خواہ ہم اتنے ہی سمندر مدد کے لئے اور لے آئیں ۱۲

۴... صاحب جمال مطلق اللہ تعالیٰ تبارک و تعالیٰ ہے۔ ۱۲

۵... سیدنا امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے بڑے بیٹے حضرت مخدوم محمد صادق قدس سرہٗ مراد ہیں۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ رعنا...... زیبا ۱۲...... خوبصورت۔ ☆ لا...... ورنہ ۱۲...... اور اگر نہیں تو۔ ☆ توحید...... وجودی ۱۲...... توحید کا نظریہ وجود۔

☆ خیلے...... بسیار ۱۲...... زیادہ۔......

Marfat.com

انیسواں مکتوب

بعض حاجتمندوں کی سفارش کے سلسلہ میں اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں ارسال کیا۔

عرضداشت:۔ حقیر ترین خادم کی گذارش ہے کہ لشکر سے ایک شخص نے آکر بیان کیا کہ گذشتہ فصلِ خریف کے متعلق دہلی اور سرہند کے وظیفہ دار فقراء کا روپیہ حضور کی بلند بارگاہ کے ملازموں کے حوالہ کیا گیا ہے تاکہ صحیح تحقیق کے بعد حقداروں تک پہنچا دیں، اس بنا پر گستاخی کی گئی ہے کہ ہزار تنکہ فصلانہ شیخ ابوالحسن حافظ وعالم کے نام، اور ہزار تنکہ فصلانہ شیخ شاہ محمد حافظ کے نام نواب شیخ کی سرکار سے مقرر ہے، دونوں مذکورہ بالا شخص زندہ موجود ہیں اور اس میں کسی قسم کا کوئی شبہ نہیں ہے، اور ان دونوں نے اپنے کسی معتبر آدمی کو بھیجا ہے۔ اگر مذکورہ بالا خبر سچی ہے تو ان دونوں مذکورہ اشخاص کا روپیہ حامل عریضہ ہذا کو عنایت فرمائیں، یہ دونوں شخص سرہند میں موجود ہیں۔

حاشیہ متن

﴿صہ۴۴﴾ ۱ قولہ تنکہ:۔ ت پر زبر اور ک عربی یعنی کتاب والا ک۔ قرص کے معنی میں رائج سکہ، سونے کا ہو خواہ چاندی کا یا تانبے کا، یہ ٹکہ سے فارسی میں تنکہ بن گیا ہے۔۱۲

۲ ... قولہ اعتمادی است:۔ یائے معروف سے یعنی وہ شخص معتمد، ثقہ اور معتبر ہے۔ ۱۲

۳ .. قولہ مُبلَغ:۔ میم پر پیش، اور ب پر جزم اور لام پر زبر ہے، اس کے معنی ہیں بھیجا ہوا، اِبلاغ مصدر سے اسم مفعول کا صیغہ ہے۔
یہ لفظ اکثر انشا وادب میں زرِ نقد کی صفت واقع ہوتا ہے مگر یہ صفت موصوف سے پہلے آتی ہے چنانچہ مبلغ دس روپیہ یعنی ایسے روپے جن کو بہت اچھا اور کامل بنایا گیا ہے، اپنی صفت وخوبی کے مطابق تیار ہوئے ہیں، کھوٹے اور خراب نہیں ہیں۔ بعض نے لکھا ہے کہ مبلغ (پہلے اور تیسرے حرف پر زبر) مصدر میمی ہے جو زرِ نقد کی صفت میں اسم مفعول کے معنی میں واقع ہوتا ہے۔ ۱۲ (غیاث)

☆ ارباب......اہل ۱۲......حقدار۔ ...... ☆ حوائج......حاجات ۱۲......حاجت کی جمع ضرورتیں۔...... ☆ احقر الخدمہ......حقیر ترین خادمان ۱۲......خدام میں سے سب سے کمتر...... ☆ عتبہٗ......دہلیز ۱۲......دروازے کی چوکھٹ کی نیچے کی لکڑی۔...... ☆ علیّہ بلند......اونچی، عظیم۔ ☆ شائبہ......آمیختگی ۱۲......شبہ، شک۔...... ☆ اعتمادی (بیائے معروف)......معتمد علیہ ۱۲......اعتماد کے لائق، معتبر۔...... ☆ مذکورین......بلفظ تثنیہ ۱۲......دونوں مذکورہ۔......

بیسواں مکتوب

یہ مکتوب بھی بعض حاجتمندوں کی سفارش کے سلسلے میں اپنے پیر و مرشد بزرگوار کی خدمت میں ارسال کیا۔

عرضداشت:۔ کمترین خادم کی عرض ہے کہ حبیب اللہ سرہندی کی والدہ اور اس کی بیوی اور دوسرے بزرگوں کے وظائف کے بارے میں جو مکرر عریضے اس ضمن میں لکھے ہوئے ہیں حضور کی بلند بارگاہ کے خادموں کو تکلیف دیتا ہے، اگر مذکورہ بالا اشخاص کے وظائف کی رقم دہلی میں لے آئے ہوں تو حضور والا مولانا علی کو حکم فرمادیں کہ ان مذکورہ اشخاص کی تسلی کردیں۔ بعض اشخاص اپنے وکیل (نمائندہ) کے ذریعے سے اور بعض بذاتِ خود حاضر ہوئے ہیں

Marfat.com

اور اگر روپے (رقم) نہ لائے گئے ہوں تو مذکورہ بالا اشخاص زندہ موجود ہیں پروانوں (حکمناموں) کے صحیح کرنے کے لئے درخواست کرتے ہیں، مزید عرض کرنا گستاخی ہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ۴۴﴾ ۔... مخادیم:۔مخدوم اور بزرگ لوگ، مخدوم کی جمع ہے۔

☆متن............بین السطور..........معانی.........

☆ احقر الخذمہ......حقیر ترین خادمان ۱۲......خادموں میں سب سے کمتر۔ ☆مکرراً......دوبارہ ۱۲......دوسری بار، بار بار، تکرار۔...... ☆ منکوحہ......زوجہ ۱۲......بیوی، نکاح میں آئی ہوئی۔ ☆او...... حبیب اللہ ۱۲......حضور مجدد قدس سرہٗ کے مرید باصفا کا نام۔...... ☆ مخادیم......مخدوماں و بزرگاں وایں جمع مخدوم است......جس کی خدمت کی جائے، بزرگ، جمع مخدوم۔ ☆ مسطور......محرر ۱۲......لکھا ہوا، تحریر۔ ☆ مصدع......پریشان کنندہ ۱۲......تکلیف دینے والا، پریشان کرنیوالا۔...... ☆ عتبہٗ......دہلیز ۱۲......چوکھٹ ☆علیہ بلند ۱۲......عالی قدر۔ ☆مشار الیہم......اشارہ کردہ شدہ گان ۱۲ جن کے بارے میں اشارہ کیا گیا۔ ☆ حَیّ......زندہ ۱۲......باحیات۔

اکیسواں مکتوب

درجاتِ ولایت خصوصاً ولایت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے درجات کا بیان اور طریقہء عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرار صاحبہا (اللہ تعالیٰ ان کے اسرار کو پاکیزہ بنائے) کی تعریف میں، اور ان بزرگوں کی نسبت کی بلندی اور اس طریقہ کی تمام دوسرے طریقوں پر فضیلت اور ان کا حضور ذاتی ہونے کے بیان میں شیخ محمد مکی ولد حاجی قاری موسیٰ لاہوری کی طرف ارسال کیا گیا۔

عرضداشت:۔ آپ کا پاکیزہ مکتوب شریف جو اس بندۂ ضعیف و نحیف کی طرف لکھا تھا موصول ہوا، اللہ تعالیٰ آپ کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور آپ کا کام آسان کرے اور آپ کا سینہ کھول دے اور آپ کے عذر کو قبول فرمائے بطفیل

حاشیہ متن

﴿صہ۴۵﴾ ۱ ...قولہ زَیغ :۔زا پر زبر، اس کے معنی ہیں حق سے ہٹ جانا، یہ اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے قول مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَاطَغٰی کی طرف۔ جو سورہ نجم (آیہ۔۱۰) میں واقع ہے۔ اس کے معنی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ نہ کسی طرف پھری اور نہ حد سے بڑھی۔ ۱۲

۲ ... جیسا کہ وارد ہے موتوا قبل ان تموتوا (یعنی مرنے سے پہلے مر جاؤ) اور یہ موت لطائف ستہ کا لطیفہ قالبیہ سے جدا ہونا ہے اس طرح پر کہ نفس ترقی کر کے مقام قلب تک پہنچتا ہے اور پھر یہ دونوں مل کر مقام روح تک اور پھر یہ تینوں مقام سر تک پھر چاروں مل کر مقام خفی تک پھر پانچوں مل کر مقام اخفیٰ تک پہنچتے ہیں پھر سب مل کر عالم قدس کی طرف پرواز کرتے ہیں اور لطیفۂ قالب کو خالی چھوڑ دیتے ہیں۔ لیکن ابتدا میں یہ پرواز بطریق احوال ہوتی ہے اور انتہا میں بطریق مقام اور اس جدائی کے باوجود قالب میں حس و حرکت باقی رہتی ہے اور اس راز کے لئے مزید مطالعہ کرنا چاہیئے۔
(ترجمہ حاشیہ ھذا از زوار حسین شاہؒ)

۔... جاننا لو کہ عربی مکتوبات کے یہ ترجمے اس بندہ ضعیف احقر و افقر تصحیح کرنے والے (مولانا نور احمد امرتسریؒ) نے شامل کئے ہیں اللہ تعالیٰ اسکی خطاؤں سے درگذر فرمائے یہ اس لئے کیا ہے کہ مکتوبات کا فائدہ عام ہو اور اس کا فیض پورا ہو، یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، وہ عظیم فضل کرنے والا ہے۔
لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سید البشر علیہ وعلیٰ الہٖ من الصلوات افضلھا ومن التسلیمات اکملھا جوزیغ بصر (یعنی آنکھ کی کجی) سے پاک ہیں۔

میرے بھائیو! آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ جب تک وہ موت جو معروف موت سے پہلے ہے اور جس کو اولیاء اللہ فنا سے تعبیر کرتے ہیں، ثابت نہیں ہوگی اس وقت تک بارگاہ حق تعالیٰ وتقدس تک پہنچنا ہرگز میسر نہیں ہوگا بلکہ آفاقی باطل معبودوں (کافروں فاجر لوگوں کے معبود) اور انفسی ہوائی خداؤں (یعنی نفسانی خواہشات) کی عبادت و پرستش سے نجات حاصل نہیں ہوسکتی (اس فنا کے بغیر) نہ اسلام کی حقیقت ثابت ہوتی ہے اور نہ ہی کمالِ ایمان میسر ہوتا ہے، تو پھر اللہ تعالیٰ کے بندوں کی جماعت میں داخل ہونا اور اوتاد کے درجے تک پہنچنا کس طرح حاصل ہوسکتا ہے، حالانکہ یہ فنا پہلا قدم ہے جو کہ ولایت کے درجات میں رکھا جاتا ہے اور یہ بہت ہی بڑا کمال ہے جو ابتدا ہی میں حاصل ہو جاتا ہے لہذا ولایت کی اس شروع حالت سے اس کی آخری حالت کا اس کی ابتدا سے اس کی نہایت کے درجہ کا اندازہ لینا چاہیے۔ کسی نے فارسی میں کیا اچھا کہا ہے۔

ع۔ قیاس کن ز گلستانِ من بہارِ مرا   ترجمہ: قیاس کیجئے میرے باغ سے بہار میری

اسی مضمون کو کسی اور نے اس طرح کہا ہے۔

ع۔ سالے کہ نکوست از بہارش پیداست   ترجمہ: سال اچھا ہے وہی جس کی بہار اچھی ہے

اور ولایت کے اور بہت سے درجات ہیں جو ایک دوسرے کے اوپر ہیں، کیونکہ ہر نبی علیہ السلام کے قدم پر ایک ولایت ہے جو اس کیساتھ مخصوص ہے اور درجات ولایت میں سب سے بلند اور اعلیٰ درجہ وہ ہے جو ہمارے نبی کے قدم پر عَلَیْہِ وَعَلیٰ جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ الصَّلَوٰاتِ اَتَمُّھَا وَمِنَ التَّحِیَّاتِ اَیْمَنُھَا (آپ پر اور تمام انبیاء کرام پر کامل ترین صلوات اور مبارک ترین تحیات ہوں) کیونکہ تجلی ذاتی جس میں اسماء وصفات وشیون واعتبارات کا کوئی اعتبار نہیں نہ ایجاب واثبات کے طور

پہلا دفتر، مکتوب نمبر ۱ ... امام ربانی، پہلا حصہ

☆متن............بین السطور............معانی......

☆ برنسب......بکسر نون وفتح سین مہملہ جمع نسبت......ن کے نیچے زیر، س بغیر نقطہ پر زبر اور، تلفظ نِسَب جمع نسبت کی ہے۔...... ☆سائر باقی ۱۲......باقی۔...... ☆ نحیف......لاغر و نزار ۱۲......کمزور وضعیف۔......

﴿صہ۴۶﴾ ۱؎ قولہ بفنا است:۔فنا سے مراد ذات حق تعالیٰ کے مشاہدہ کے غلبہ کی وجہ ما سوی اللہ سے نسیان ہونا اور فناء الفنا سے مراد یہ ہے کہ اس بے شعوری (فنا) کا بھی شعور نہ رہے۔ (معارف ولوائح)

۲؎... قولہ معبودات باطلہ آفاقی... الخ :۔جاننا چاہیے کہ آلہہ آفاقی سے مراد کافروں اور فاجروں کے معبودات باطلہ ہیں مثلاً لات وعزیٰ، آلہہ انفسی سے مراد نفسانی خواہشات ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوَاہُ ایمان تصدیق قلبی جس کا حکم ظاہر شریعت نے فرمایا ہے اس کے لئے آفاقی معبودات باطلہ کی نفی کافی ہے، اور معبودات باطلہ انفسی کے لئے نفسِ امارہ کے تزکیہ کی ضرورت ہے جو اہل اللہ کے طریقہ سلوک کا حاصل ہے۔

ایمانِ حقیقی کا حاصل ہونا آفاقی اور انفسی دونوں قسم کے معبودوں کی نفی پر وابستہ ہے لیکن ظاہر شریعت کے حکم میں صرف آفاقی معبودوں کی نفی کرنے سے ایمان ثابت ہو جاتا ہے یہ ایمان کی صورت ہے لیکن ایمان کی حقیقت انفسی معبودوں یعنی خواہشات نفسانی کی نفی پر موقوف ہے۔ صورت ایمان کے تو زائل ہونے کا احتمال ہے لیکن حقیقت ایمان اس احتمال سے محفوظ ہے۔ (معارف لدنیہ، معرفت ۲۴)

۳؎... قولہ اوتاد :۔(اپر زبر) یہ وَتَد (پہلے دونوں حروف پر زبر) کی جمع ہے اور اس کے معنی میخ کے ہیں۔ اولیاء اللہ کی ایک قسم کو بھی کہتے ہیں، یہ اوتاد تمام دنیا میں چار شخص ہوتے ہیں۔

۴؎... یعنی ان میں سے بعض بہت اونچے درجہ پر ہوتے ہیں بعض دوسروں سے۔۱۲

Marfat.com

پر وہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت کے ساتھ مخصوص ہے اور تمام وجودی و اعتباری حجابات کا دور ہو جانا، علماً یعنی ذہنی طور پر اور عیناً یعنی خارجی (علم الیقین اور عین الیقین کے) طور پر اسی مقام میں ثابت ہوتا ہے، پس اس وقت وصلِ عریانی حاصل ہو جاتا ہے اور وجد (پالینا) حقیقی طور پر ثابت ہو جاتا ہے نہ کہ ظنی اور تخمینی طور پر اور آنحضرت ﷺ کے کامل تابعداروں کو اس مقام سے جس کا وجود بہت (نادر) عزیز ہے پورا پورا نصیب اور بہت بڑا حصہ حاصل ہوتا ہے پس اگر تم اس بہت بڑی دولت کے حاصل کرنے اور اس بلند مقام کی تکمیل کی طرف متوجہ ہو تو تم پر آنسرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کرنا لازم ہے۔

اور یہ تجلی ذاتی بعض مشائخ کے نزدیک برقی ہے یعنی حضرت ذاتِ حق جلّ سلطانہ کی بارگاہ سے تمام حجابات کا دور ہو جانا برق کی مانند تھوڑے سے وقت کے لئے ہوتا ہے پھر اسماء وصفات کے پردے ڈال دیئے جاتے ہیں اور ذات تعالیٰ وتقدس کے انوار کی شعاعیں اور دبدبے (ان پردوں میں) چھپا دیئے جاتے ہیں، پس حضورِ ذاتی برق کی مانند ایک لحہ کیلئے ہوتا ہے اور غَیبتِ ذاتی بہت دیر تک رہتی ہے اور اکابر نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے نزدیک یہ حضورِ ذاتی دائمی ہے اور ان بزرگوں کے نزدیک زائل ہو جانے اور غَیبت سے بدل جانے والے حضور کا کچھ اعتبار نہیں ہے لہٰذا ان اکابر کا کمال تمام کمالات سے بالاتر ہے اور ان کی نسبت تمام نسبتوں سے اعلیٰ ہے جیسا کہ ان بزرگوں کی عبارتوں میں یہ جملہ آیا ہے اِنَّ نِسْبَتَنَا فَوْقَ جَمِيْعِ النِّسَبِ (یعنی ہماری نسبت تمام نسبتوں سے

ے ...التعریب مصرع کا عربی ترجمہ:۔ وَقِسْ مِنْ حَالِ بُسْتَانِىْ رَبِيْعِىْ ترجمہ:۔ میرے باغ سے میری بہار کا قیاس کر لیجئے

ے ... جاننا چاہیے کہ ولایت واوٗ زبر کے ساتھ حق تعالیٰ کے ساتھ بندہ کے قرب کو کہتے ہیں اور واوٗ کی زیر کے ساتھ اس صفت کو کہتے ہیں جس کے سبب سے بندہ مخلوق میں مقبول ہو جاتا ہے اور دنیا والے اس گروہ کے گرویدہ ہو جاتے ہیں۔ خوارق تصرفات اسی دوسری قسم میں داخل ہیں۔ اور جو برکات مستعد لوگوں کو حاصل ہوتی ہیں، وہ ولایت بالفتح کا اثر ہوتا ہے۔ بعض لوگوں کو ان دونوں قسموں میں سے صرف ایک قسم حاصل ہوتی ہے اور بعض حضرات کو ان دونوں کا کافی حصہ حاصل ہوتا ہے اور بعض میں ان دونوں قسم کی ولایتوں میں سے کسی ایک کا حصہ دوسری سے زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ مشائخ نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ وَلایت بفتح وِلایت بکسر پر غالب رہتی ہے اور اگر کوئی مقتدا شخص اس دنیا سے انتقال فرماتا ہے وِلایت بکسر کو اپنے کسی مخلص کے لئے چھوڑ جاتا ہے اور وَلایت بفتح کو اپنے ساتھ لے جاتا ہے اور کبھی کسی لغزش کی بنا پر ولایت بکسر کو ولی واپس لے لیتے ہیں۔

(ملخص از ملفوظات خواجہ محمد عبدالباقی المعروف خواجہ باقی باللہ قدس سرہ جوز بدۃ المقامات میں نقل کیا ہے)۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ از موت...... معروف ۱۲...... معروف موت۔...... ☆ حضرت قدس...... حق جل وعلا ۱۲...... حق تعالیٰ جل جلالہ۔...... ☆ زمرہَ بالضم گروہ ۱۲...... گ پر پیش، گُروہ یعنی جماعت۔...... ☆ عباد...... یعنی عباداللہ ۱۲...... عبد کی جمع معنی بندہ، اللہ کے بندے۔...... ☆ آن یعنی قیاس کردہ شود ۱۲...... اندازہ کرلیا گیا۔...... ☆ پیدا است...... یعنی ظاہر است ۱۲...... ظاہر ہے، واضح ہے۔...... ☆ مخصوص بآن نبی ۱۲...... مراد ہر نبیؐ۔......

بین السطور عربی عبارت

☆ مَالَمْ...... مادام ۱۲...... ہمیشہ، مستقل۔...... ☆ عَنْ...... حاصلۃ ۱۲...... نتیجہ۔......

﴿صہ ۴۷﴾ ۱ قولہ اسماء... الخ:۔ جاننا چاہیے کہ اسماء صفات دشیون واعتبارات، ان چاروں میں بہت دقیق فرق ہے جو حضرت مجدد علیہ الرحمہ کے دیگر مکتوبات میں مذکور ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

۲ ... قولہ خَرق بالفتح... الخ:۔ خرق یعنی زبر کے ساتھ ہے معنی پھاڑنا، کترنا، قولہ حجب یعنی دو پیشوں سے، ''حُجُب''، حجاب کی جمع ہے کتاب کے وزن پر معنی پردہ (کتاب کی جمع کُتُب کے وزن پر)۔ ہوتے ہیں ۱۲

۳ ... قولہ عُریان:۔ ع پر پیش، بمعنی ننگا ہونا (برہنہ) بے حجاب ہو جانا۔ یعنی ذات مجردہ صرفہ پر اعتبار زائد کے بغیر۔ ۱۲

Marfat.com

بالاتر ہے)اور نسبت سے مراد حضور دائمی ہے اوران سب سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ ان کاملین کے طریقے میں انتہا ابتدا میں مندرج ہے اوراس امر میں وہ بزرگوار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی کرتے ہیں کیونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے نبی کریم صلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی پہلی ہی صحبت میں وہ چیز حاصل کر لی تھی جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ دوسرے اولیائے کرام کو انتہائے طریقت میں میسر ہوتی ہے،اور یہ بات ابتدا میں انتہا درج ہونے کے سبب سے ہے۔

پس جس طرح حضرت محمد مصطفےٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت تمام نبیوں اور رسولوں علیہم الصلوات والتسلیمات کی ولایتوں سے افضل ہے اسی طرح ان بزرگواروں کی ولایت بھی دوسرے تمام اولیائے کرام قدس اللہ تعالیٰ کی ولایتوں سے بالاتر ہے،اور بالاتر کیوں نہ ہو جبکہ ان کی ولایت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے۔

ہاں دوسرے سلسلہ کے کامل مشائخ میں سے بعض حضرات کو یہ نسبت حاصل ہوئی ہے لیکن یہ حصول بھی حضرت

ل..... قولہ عیناً:۔یعنی ذہنیہ اور خارجیہ (ذہنی طور پر اور خارجی طور پر)

☆ اقصائے درجات......آخرترین واعلائے ترین ۱۲......سب سے آخری اور سب سے اعلیٰ ترین۔...... ☆ پیغمبر ما......محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم و بارک ۱۲......سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ مراد ہیں اللہ آپ اور آپ کی آل پر درود و سلام اور برکتیں نازل فرمائے۔...... ☆ اخوانہ......برادرانش ۱۲......ان کے بھائی ☆ ایمنھا......مبارکترین آنہا ۱۲......ان پر مبارک ترین تحیات ہو۔...... ☆ بایجاب......اثبات ۱۲......ظاہر ثبوت، تسلیم۔...... ☆ بسلب......نفی ۱۲......انکار۔ ☆ الوجود......قلیل ۱۲......بہت کم، نادرالوجود (جس کی مثال نہ ہو)...... ☆ نصیب بہرہ ۱۲......حصہ۔...... ☆ کامل......تام ۱۲......مکمل ترین۔...... ☆ قصوی......عالی تر ۱۲......عالی قدر، بلند مقام۔...... ☆ علیا......بلندتر ۱۲......بہت بلند، بہت اونچا۔...... ☆ خرق......دریدن ۱۲......پھاڑنا۔......

﴿صہ ۴۸﴾ ☆ لیسیر......اندک ۱۲......کم تھوڑا۔...... ☆ سطوات انوار......حملات وغلبات ۱۲......انوار کی شعائیں،انوارات کا غلبہ۔ ☆ مستور پوشیدہ ۱۲......پنہاں (چھپا ہوا)...... ☆ اِنَّ نِسْبَتَنَا...الخ......یعنی نسبت مافوق ہمہ نسبتہا است ۱۲......ہماری نسبت تمام نسبتوں سے بلند ہے۔ ☆ کُمَّل......جمع کامل ۱۲......کامل ترین۔...... ☆ واقتداء......وپیروی ۱۲......اتباع کرنا۔...... ☆ درنہایت......دیگر آنرا ۱۲ دوسروں کو یا بعض کو۔......

بین السطور عربی عبارت

☆ یَتَیَسَّرُ فِی النِّہَایَۃِ......لغیر ہم من اولیاء الکرام ۱۲......ان کے علاوہ اولیاء کرام میں سے۔......

☆ فوق......بالائے ۱۲......اوپر،بلند۔...... ☆ مشائخ......از سلاسل دیگر ۱۲ دیگر سلسلوں کے مشائخ۔...... ☆ ابوسعید......خراز کہ شمئہ از حال اوشان درحاشیہ مکتوب اول مذکور شدہ ۱۲......حضرت خواجہ ابوسعید خراز علیہ الرحمہ جن کے مختصر حالات مکتوب اول کے حاشیہ میں درج کئے گئے۔......

﴿صہ ۴۹﴾ ☆ کیف وان ولا یتھم......اے کیف لا یکون کذلک والحال ان...الخ......یعنی کیسے یہ اس طرح نہ ہوگا اور حقیقت حال یہ ہے کہ۔

☆ کمل المشائخ......من السلاسل الآخر ۱۲......دوسرے سلاسل کے کامل مشائخ۔...... ☆ ھذا الحدیث......کما مر ۱۲ جس طرح پہلے گذرا ہے۔ ☆ المولوی فی المثنوی......الرومی قدس سرہٗ......مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ۔ ☆ حیف بالفتح ظلم وستم وجور......ح پر زبر،ظلم وستم،زیادتی...... ☆ کہ از فوت آں......بالفتح درگذشتن ۱۲......ف پر زبر فوت،یعنی گذر جانا۔......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اردو پہلا حصہ

Marfat.com

صدیق ﷺ کی ولایت ہی سے مقتبس ہے جیسا کہ شیخ ابو سعید خراز قدس سرہ نے اس حدیث (یعنی تجلیٔ ذاتی دائمی) کے دوام ہونے کی خبر دی ہے اور حضرت صدیق اکبر ﷺ کا جُبّہ شیخ ابو سعید مذکور تک پہنچا جیسا کہ صاحبِ نفحات نے نقل کیا ہے اور اس طریقہ عالیہ کی رغبت دلانا ہے ورنہ مجھ کو اس طریقۂ عالیہ کے کمالات کی شرح بیان کرنے سے کیا نسبت مولانا رومؒ نے مثنوی میں فرمایا ہے۔

شرح او حیف است بااہل جہاں	ہمچو راز عشق باید درنہاں
لیک گفتم وصف او تا رہ برند	پیش ازاں کز فوتِ اوحسرت خورند
ترجمہ:۔ اہل دنیا سے نہ کر اس کو بیاں	مثل راز عشق رکھ اس کو نہاں
دے رہا ہوں راہ رَو کو کچھ پتا	تا نہ مرتے وقت ہو حسرت زدہ

تم پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والے تمام لوگوں پر سلام ہو۔

بائیسواں مکتوب

روح اور نفس کے درمیان تعلق کی وجہ اور ان دونوں کے عروج ونزول اور فنائے جسدی وروحی اور ان دونوں کی بقا اور مقامِ دعوت اور اولیاء اللہ میں سے جو مغلوب الحال یعنی راہِ حق میں فنا وگم ہو گئے ہیں اور جو دعوت کی طرف لوٹنے والے اولیاء اللہ ہیں ان کے درمیان فرق کے بیان میں، شیخ عبد المجید ولد شیخ محمد مفتی لاہوری کی جانب ارسال فرمایا۔

عرضداشت:۔ پاک ہے وہ ذات جس نے نور (روح) کو ظلمت (نفس) کے ساتھ جمع کیا، اور لامکانی (روح) کو جو کہ جہت (اطراف) سے بری ہے مکانی (نفس) کا جس کو کہ جہت حاصل ہے ہمقرین (ساتھی) بنایا اور ظلمت کو نور کی نظر میں محبوب کر دیا پس وہ (نور) اس ظلمت پر فریفتہ ہو گیا، اور کمال محبت سے اس (ظلمت) کے ساتھ مل گیا، تاکہ اس تعلق کے ذریعہ سے اس کی روشنی زیادہ ہو جائے اور ظلمت (تاریکی) کے قرب وہمسائیگی سے اس کی صفائی کامل ہو جائے، جس طرح آئینہ کہ جب اس کو صیقل کرنا چاہیں اور اس کی لطافت (پاکیزگی وعمدگی) کے اظہار کا قصد کریں تو پہلے اس کو مٹی سے آلودہ کرتے ہیں تاکہ مٹی کی ظلمت کے پڑوس وقرب سے اس کی صفائی ظاہر ہو جائے اور مٹی کی کثافت کے تعلق سے اس کی نورانیت زیادہ ہو جائے۔

﴿صہ۵۰﴾ ۱؎ قولہ جِلاء بالکسر:۔ جیم کی زیر سے، یعنی زنگ سے پاک کر کے شفاف بنانا۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ صِقالَت بکسر اول:۔ پہلے حرف کے نیچے زیر، یعنی نکل پالش، صاف ستھرا کرنا، چمکانا۔ ۱۲

۳؎ ... قولہ لطافت بفتح اول:۔ پہلے حرف پر زبر، باریکی اور پاکیزگی۔ ۱۲

۴؎ ... قولہ تُرابیہ:۔ پہلے حرف پر پیش ہے، تراب کی طرف منسوب ہے معنی خاک۔ ۱۲

۵؎ ... قولہ کَثَافت:۔ پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، یہ لطافت کی ضد ہے، گدلاپن، گاڑھا ہونا۔ ۱۲

۶؎ ... قولہ طِینیہ:۔ یہ طین کی طرف منسوب ہے، طا کے نیچے زیر ہے، مٹی، نمناک مٹی۔ ۱۲

۷؎ ... قولہ بَہاء:۔ یعنی روشنی، رونق، زینت، فارسی میں قیمت کے معنی میں آتا ہے، اس جگہ سب معنوں کا احتمال ہے، یعنی گنجائش۔ ۱۲
لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

پس جو کچھ اس نور (روح) کو اس قدسی مشاہدہ سے پہلے حاصل تھا وہ اس نے معشوقِ ظلمانی (نفس) کے مشاہدہ میں مستغرق ہونے اور مادی جسم کے ساتھ تعلق ہونے کی وجہ سے اس کو فراموش کر دیا بلکہ اپنی ذات اور اپنے وجود کے متعلقات سے بھی بے خبر ہو گیا۔ پس وہ نور اس کی ہمنشینی میں رہ کر اصحاب مشئمہ (بائیں طرف والوں) میں سے ہو گیا اور اس کے پڑوس میں رہنے کی وجہ سے اصحاب میمنہ (دائیں طرف والوں) کے فضائل کو ضائع کر دیا، پس اگر وہ اس استغراق کے تنگ کوچہ ہی میں پڑا رہا اور آزادی کی فضا کی طرف چھٹکارا حاصل نہ کیا تو اس پر ہزار افسوس ہے، کیونکہ اس کے وجود سے جو مقصود تھا وہ اس کو بالکل حاصل نہیں ہوا اور اس کی استعداد کا جوہر بھی ضائع ہو گیا۔ فَـضَـلَّ ضَلاَ لاَ بَـعِـيْـدًا (پس بہت بڑی گمراہی میں جا پڑا) اور اگر نیکی نے اس کی طرف پیشدستی کی (یعنی اس کو حاصل ہو گئی) اور اللہ تعالیٰ کی عنایاتِ عالیہ اس کے شامل حال ہوئیں تو اس نے اپنے سر کو بلند کیا اور اپنی کھوئی ہوئی چیز کو یاد کیا اور یہ کہتے ہوئے اپنی پہلی حالت کی طرف الٹے پاؤں لوٹ آیا۔

؎ اِلَيْكَ يَا مُنْيَتِيْ حَجِّيْ وَ مُعْتَمَرِيْ اِنَّ حَجَّ قَوْمٌ اِلىٰ تُرْبٍ وَّ اَحْجَارٍ

ترجمہ: میری امید، میراحج اور عمرہ ہے تیری طرف لوگ حج کرتے ہیں پتھر اور مٹی کی طرف

اور اگر اس کو دوبارہ مطلوبِ اقدس کے مشاہدہ میں احسن طریقے پر استغراق حاصل ہو گیا اور اس کو اس بارگاہ مقدس کی طرف پوری طرح سے توجہ میسر ہو گئی تو اس وقت ظلمت اس کی تابع و فرمانبردار ہو جائے گی اور اس کے انوار کی کثرت میں جذب ہو جائیگی۔ پس جب استغراق اس حد تک پہنچ جائے کہ اپنے ظلمانی متعلق کو قطعاً بھول جائے اور اپنی ذات اور اس کے وجود کے متعلقات سے کلی طور پر بے خبر ہو جائے اور نور الانوار کے مشاہدہ میں فنا ہو جائے اور اس کو پردوں کے پیچھے سے

☆مستہلک...... فانی اند ۱۲...... فانی ہیں۔...... ☆ذاتیکہ...... حق سبحانہ وتعالیٰ ۱۲...... حق تعالیٰ کی ذاتِ پاک۔...... ☆نور...... روح ۱۲ ...... یہاں نور سے مراد روح ہے۔...... ☆ظلمتہ...... نفس ۱۲...... نفسِ انسان۔...... ☆لا مکانی...... روح ۱۲...... لامکانی سے مراد روح ہے۔...... ☆جہت...... سمت وطرف ۱۲...... طرف، سمت۔ ☆ظلمتہ...... نفس ۱۲...... نفسِ انسانی۔ ☆مجاورۃ...... ہمسائگی وقرب ۱۲...... پڑوس وقرب۔...... ☆کامل...... تاریکی ۱۲...... اندھیرا۔......

﴿ص ۱۵۱﴾ ۱ قولہ ظَلَمانی :۔ پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، بمعنی تاریک، یہ ظلم کی طرف منسوب ہے، پیش کے ساتھ ظلم کی طرف منسوب نہیں، اس کے معنی ہیں تاریک ہونا اندھیرا ہونا، یائے نسبت سے پہلے (ا اور ن، بعض جگہ زائد لے آتے ہیں، جیسا کہ نورانی، حقانی، اور جسمانی میں ہے۔ ۱۲ (غیاث)

۲ ... قولہ ھَیکل :۔ ھا پر زبر ہے، یعنی بڑا جسم لمبے جسم والا گھوڑا، شان وشوکت، بلند عمارت، بت خانہ، صورت وشکل اور حمائل سب معنی ہیں۔ ۱۲

۳ ... قولہ ھَیُولانِی :۔ ہیولا کی طرف منسوب ہے، ہیولا ہر شے کے مادے کو کہتے ہیں، نسبت کی حالت میں ن زائد بھی لاتے ہیں جیسے ربانی اور روحانی میں ہے۔ ۱۲ (غیاث)

۴ ... قولہ مشئمه و میمنه :۔ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ واقعہ آیہ ۸، ۹ میں ہے، فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ مَاأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ مَاأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ: ترجمہ:۔ پس دائیں ہاتھ والے کیسے برتر ہیں دائیں ہاتھ والے ــــ اور بائیں ہاتھ والے کیسے کم مرتبہ ہیں بائیں ہاتھ والے۔ ۱۲

۵ ... قولہ فَضائے :۔ نقطے والی ض پر زبر، اس کے معنی ہیں کشادہ زمین، زمین کی فراخی، گھر کے صحن کی کشادگی اور میدان۔ ۱۲

۶ ... قولہ ضَیاع :۔ پہلے حرف پر زبر، ضَاعَ یَضِیْعُ کا مصدر ہے، یعنی ہلاک ہونا۔ ۱۲

Marfat.com

مطلوب کا حضور حاصل ہو جائے تو وہ فنائے جسدی اور فنائے روحی سے مشرف ہو جائے گا۔ اور اگر اس کو مشہود میں فنا حاصل ہونے کے بعد اس مشہود کے ساتھ بقا بھی حاصل ہو جائے تو اس کے لئے فنا اور بقا کی دونوں جہتوں کی تکمیل ہو جائے گی اور اس وقت اس پر ولایت (ولی ہونے) کے اسم کا اطلاق صحیح ہو جائے گا۔ پس اس صورت میں اس کا حال دو باتوں سے خالی نہیں ہوگا، یا اس شخص کو اپنے مشہود میں کلی طور استغراق اور دائمی طور پر اس میں فنائیت حاصل ہوگی یا مخلوقِ خدا کو اللہ تعالیٰ عز وجل کی طرف دعوت دینے کے لئے اس طرح پر رجوع حاصل ہوگا کہ اس کا باطن اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ ہوگا اور اس کا ظاہر خلقت کے ساتھ ہوگا، پس اس وقت وہ نور جو اپنے مطلوب کی طرف متوجہ ہے اس ظلمت سے جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے رہائی حاصل کر لیتا ہے اور اس رہائی کے باعث وہ اصحابِ یمین (دائیں ہاتھ والوں) میں سے ہو جاتا ہے اور اس (روح) کو اگرچہ حقیقت میں نہ یمین (دایاں) ہے اور نہ شمال (بایاں) لیکن یمین اس کے حال کے زیادہ موافق اور اس کمال کے زیادہ مناسب ہے کیونکہ دائیں اور بائیں دونوں ہاتھوں کو یُمن و برکت میں مشترک ہونے کے باوجود دایاں ہاتھ نیکی و بھلائی کی جہت کا جامع ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی شان میں وارد ہے کِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ (اس کے دونوں ہاتھ یمین و مبارک ہیں) اور وہ ظلمت اس نور سے (آزاد ہو کر) عبادت اور طاعت کے مقام میں اتر آتی ہے۔ اور نورِ لامکانی سے ہماری مراد روح بلکہ اس کا خلاصہ ہے اور جہت کے ساتھ مقیدہ ظلمت سے مراد نفس ہے اور اسی طرح باطن اور ظاہر سے بھی ہماری مراد یہی (روح و نفس) ہے۔

۷... قوله فَضَلَّ ضَلَالًا بَعِيْدًا:۔ یعنی پس وہ گمراہ ہوا دور کی گمراہی میں گمراہ ہونا۔ ۱۲

۸... قوله اگر سابقا مقرر شد... الخ:۔ یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو پارہ اقترب (۱۷) اور سورہ انبیاء میں ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ہ: ترجمہ:۔ بے شک وہ جن کے لئے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا وہ جہنم سے دور رکھے گئے ہیں۔ ۱۲

۹... قوله قَهْقَرىٰ :۔ دونوں ق پر زبر، اور ان دونوں کے درمیان ھا جزم والی، اس کے بعد بغیر نقطہ را ہے اور آخر میں (ی) ہے جو ی کی صورت میں لکھا ہوا ہے، یعنی اپنے الٹے پاؤں واپس ہونا، قاموس میں ہے اَلْقَهْقَرىٰ الرَّجُوْعُ اِلٰى خَلْفٍ یعنی قہقریٰ پیچھے کی طرف لوٹنے کو کہتے ہیں۔ ۱۲

۱۰... قوله اليك يامنيتى... الخ:۔ مُنْيَة (میم پر پیش) اس کے معنی امیدوار اور آرزو کے ہیں، قوله تُرب:۔ ت پر پیش، بمعنی خاک۔ قوله اَحْجَار :۔ الف پر زبر، حَجَر (پہلے دونوں حرفوں پر زبر) کی جمع اس کے معنی پتھر کے ہیں۔ قوله مُعْتَمَر اِعتِمار:۔ اسم مفعول کا صیغہ ہے اعتمار سے، بمعنی عمرہ کرنا، یہ لفظ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، جاننا چاہیے کہ یہاں خاک اور پتھر سے مراد خانہ کعبہ کی عمارت و صورت ہے، اليك يامنيتى کے خطاب سے حقیقتِ کعبہ مراد ہے جو حق جل وعلا ہے۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆شہود...... بیان آنچہ ۱۲...... مشاہدہ کا بیان۔...... ☆مشئمہ...... چپ ۱۲...... بائیں۔ ☆میمنہ...... راست ۱۲...... دائیں۔......

☆سابقا...... پیشدستی کرد ۱۲...... پہلے حاصل ہوگئی۔...... ☆حسنٰی...... نیکوئی ۱۲...... نیکی، بھلائی، اچھائی۔...... ☆قصویٰ...... عالی ۱۲ بلند۔...... ☆ قائلا...... گویان ۱۲...... کہتے ہیں۔......

﴿ص۵۲﴾ ۔ امـا مجهـول أى اِسْتَهْلَكَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ اومعروف اى اِسْتَهْلَكَ هُوَ نَفْسَهٗ یعنی یہ لفظ اُسْتُهْلِكَ مجہول کا صیغہ ہے اس طرح معنی ہوں گے اللہ تعالیٰ نے اس کو فنا کا مرتبہ دیدیا ہے، یا یہ معروف کا صیغہ ہو سکتا ہے یعنی اِسْتَهْلَكَ اس کے معنی ہوں گے اس نے اپنے نفس کو فنا کر دیا ہے۔ ۱۲

۱... قوله اَلْمُتَوَجِّهِ:۔ یہ لفظ مذکر مرفوع ہے جیسا کہ ہمارے پاس موجود تمام قلمی نسخوں میں ہے، اس بنا پر یہ لفظ النور کی صفت ہوگا، یا یہ لفظ مؤنث ہوگا اَلْمُتَوَجِّهَةِ اور مجرور ہوگا، اس طرح اَلظُّلْمَةِ کی صفت ہوگا، مکتوبات کا عربی ترجمہ کرنے والوں کی یہی رائے ہے، یہ ہے ہمارا علم، سب سے زیادہ اور کامل علم تو اللہ ہی کا ہے۔ ۱۲ لمصححه سلمه الله تعالىٰ الىٰ يوم يلقونه

Marfat.com

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ مغلوب الحال وفانی فی اللہ اولیاء بھی عالم کے ساتھ شعور اور اس کی طرف توجہ اور اپنے بنی نوع (یعنی دوسرے لوگوں) کے ساتھ میل جول رکھتے ہیں تو پھر فنا واستہلاک ہونے اور دائمی طور پر کلی طور پر توجہ کے کیا معنی ہیں اور ان لوگوں میں دعوت وتبلیغ کے لئے عالم کی طرف رجوع کرنے والوں میں کیا فرق ہے؟ تو ہم کہیں گے استہلاک (فنائیت) اور پوری توجہ سے مراد روح کے انوار میں نفس کے داخل وشامل ہو جانے کے بعد روح اور نفس کا ایک ساتھ متوجہ ہونا ہے جیسا کہ پہلے اس کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے (یعنی اوپر جو بیان ہوا ہے کہ اس وقت ظلمت اس کی تابع وفرمانبردار ہو جائیگی... الــــخ اس میں اسی کی طرف اشارہ ہے) اور عالم کے ساتھ اس کا شعور وغیرہ (یعنی اپنے نوع کے ساتھ توجہ اور میل جول) حواس وقویٰ واعضا کے ذریعے ہوتا ہے جو کہ نفس کے لئے تفصیلات کی مانند ہیں پس مجملِ ملخّص (یعنی نفس) روح کے انوار کے ضمن میں اپنے مشہود کے مطالعہ میں مستہلک وفانی ہوتا ہے، اور اس کی تفصیل پہلے شعور پر ہی باقی رہتی ہے بغیر اس کے کہ اس میں کسی قسم کا فتور واقع ہو، برخلاف اس شخص کے جو عالم کی طرف رجوع کئے ہوئے ہے کیونکہ اس کا نفس اطمینان حاصل کر لینے کے بعد دعوت وتبلیغ کے لئے ان انوار سے باہر نکل آتا ہے اور اس وقت اس کو عالم کے ساتھ مناسبت حاصل ہو جاتی ہے اور اس مناسبت کے سبب سے اس کی دعوت وتبلیغ (اللہ تعالیٰ کی طرف بلانا) مقبول ہو جاتی ہے۔

اور یہ بات کہ نفس مجمل ہے اور حواس وغیرہ اس کی تفاصیل ہیں تو اس کی دلیل یہ ہے کہ نفس کا تعلق قلبِ صنوبری کے ساتھ ہے اور قلب صنوبری کا تعلق حقیقتِ جامعہءقلبیہ کے واسطہ سے روح کے ساتھ ہے اور روح سے نازل ہونے والے فیوض اول اجمال کے ساتھ نفس پر وارد ہوتے ہیں پھر اس (نفس) کے واسطہ سے تمام قویٰ واعضا کی طرف تفصیلی طور پر پہنچتے ہیں، پس ان (حواس وقویٰ اور اعضاء) کا خلاصہ اجمالی طور پر نفس میں موجود ہے پس اس بیان سے دونوں گروہ (یعنی مستہلکین اور مرجوعین) کے درمیان فرق ظاہر ہو گیا۔

☆مستہلک......فنا ۱۲......فنا ہونے والا، فانی۔......☆استار......پردہا ۱۲......پردے۔......

﴿صہ۵۳﴾ ۔ قولہ کلتا یَدَیہ :۔علامہ مرادکی (مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے) نے تحریر فرمایا ہے۔رواہ مسلم عن عبداللہ بن عمرو والترمذی عن ابی ہریرہ بلفظ :وَكِلْتَا يَدَی رَبِّیْ يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ یعنی اس حدیث کو امام مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے ان کے الفاظ یہ ہیں:و کلتا یدی ربی یمین مبارکة (میرے رب کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں یعنی قوت وبرکت والے ہیں)۔

☆یمین......راست ۱۲......دایاں۔......☆اورا......یعنی روح را ۱۲......یعنی روح کو۔......☆شمال......چپ ۱۲......بایاں۔......

☆جامعیت......جامع بودن ۱۲......جامع ہونا۔......☆دودر......یمین وشمال ۱۲......دایاں، بایاں۔☆کلتا یدیہ یمین......

ہر دو دست او راست است ۱۲......اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں یعنی یمن وبرکت والے ہیں۔......☆واز......مراد ما ۱۲......یعنی ہماری مراد۔

☆باطن......در قول ما باطنش بحق وظاہرش بخلق ۱۲......ہمارے قول میں اس کا باطن حق تعالیٰ کیساتھ اور اس کا ظاہر مخلوق کے ساتھ ہوتا ہے۔......

☆شعور......دانستن ودریافتن ۱۲......جاننا اور حاصل کرنا۔☆بنی نوع......آدمیان ۱۲......عالم انسانیت۔......

﴿صہ۵۴﴾ ۱ قولہ بآں رفت :۔یعنی اوپر جو بیان ہوا ہے کہ اس وقت ظلمت اسکی تابع وفرمانبردار ہو جائے گی... الخ ۱۲

۲... قولہ مانند :۔یعنی اپنے نوع کے ساتھ توجہ اور میل جول۔ ۱۲

۳... قولہ پس بجہت :۔یعنی اسکی یہ دلیل ہے کہ۔ ۱۲

Marfat.com

اور جاننا چاہیے کہ پہلا گروہ یعنی (مستہلکین) سکر والوں میں سے ہے اور دوسرا گروہ (راجعین الی الدعوۃ) صحو والوں کا ہے اور عروج و بلندی پہلے گروہ کے لئے ہے اور فضیلت دوسرے گروہ کے لئے اور پہلا مقام ولایت کے مناسب ہے اور دوسرا مقام نبوت کے مناسب، اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم سب کو اپنے اولیاء کی کرامات سے مشرف فرمائے اور انبیاء علیہم السلام کی پوری پوری متابعت پر ثابت قدمی مرحمت فرمائے صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالیٰ وَ سَلَامُهٗ عَلیٰ نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِمْ وَعَلیٰ جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ الْمَلٰئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالْعِبَادِ الصَّالِحِیْنَ اِلیٰ یَوْمِ الدِّیْنِ اٰمِیْن (اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے نبیؐ اور تمام انبیاءؑ پر اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اصحابؓ و ملائکہ مقربین اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر قیامت تک صلوۃ وسلام نازل ہوتے رہیں، آمین)

کاتب الحروف دعا گو اگرچہ عجمی (غیر عربی نژاد) ہونے کی وجہ سے عربی (زبان میں مکتوب) اچھی طرح نہیں لکھ سکتا تھا لیکن چونکہ آپ کا مکتوب شریف عربی زبان میں لکھا ہوا تھا اس لئے آپ کی تحریر سے موافقت کرتے ہوئے عربی زبان میں جواب تحریر کیا ہے اور سلام پر اپنے کلام کو ختم کرتا ہوں (والسلام)۔

---

۴ ... قولہ قلب صنوبری:۔ صنوبر کی شکل کا گوشت کا ٹکڑا جو انسان کے جسم (سینہ) میں بائیں جانب ہوتا ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ واو:۔ یعنی قلب صنوبری روح سے متعلق ہے یعنی روح اس کے ساتھ تعلق رکھتی ہے، جامعہ قلبیہ کی حقیقت کے توسط سے یعنی قلب حقیقی، مراد یہ کہ روح کو حقیقت میں قلب کے ساتھ تعلق ہے اور قلب حقیقی کا تعلق قلب صنوبری کے ساتھ ہے اور نفس کا تعلق بھی قلب صنوبری کے ساتھ ہے پس فیوضات واقع ہونے والے اول روح سے ہوتے ہیں... الخ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ متعلق...... بفتح لام ۱۲...... متعلق کے لام پر زبر پڑھا جائے گا۔ ☆ آن...... نفس ۱۲...... آن سے مراد نفس ہے۔ ☆ آن...... نفس ۱۲ آن سے مراد نفس ہے۔...... ☆ علی التفصیل...... نزول کنند ۱۲...... نازل ہوتے ہیں، اترتے ہیں۔ ☆ اینہا...... یعنی حواس وقوی وجوارح ۱۲ یعنی حواس، قوتیں اور اعضاء۔ ☆ الفریقین...... یعنی مستہلکین ومرجوعین ۱۲...... فنا ہونے والے اور رجوع کرنے والے (سالکین کے دو گروہ)۔

﴿صہ ۵۵﴾ ۱ قولہ ارباب سکر اور ارباب صحو:۔ جاننا چاہیے کہ سکر وصحو حضرات صوفیائے کرام کی اصطلاحات میں سے ہیں پس سکر سلطان الحال کا غلبہ ہے اور صحو تربیت افعال کی طرف لوٹنا ہے سکر ارباب قلوب کے لئے ہے اور صحو حقائق غیبیہ کے مکاشفین کے لئے ہے (سلک السلوک) ۱۲

۲ ... قولہ عَجَمِیَّت خود:۔ غیر عربی ہونے کی وجہ سے۔ ۱۲

☆ شرافت...... عروج وبلندی ۱۲...... بلند ہونا اور عروج کرنا...... ☆ فضیلت...... بزرگی ۱۲...... بزرگی...... ☆ املاء...... تحریر ۱۲...... لکھنا، تحریر کرنا......

تیسواں مکتوب

ناقص پیر سے طریقہ سیکھنے سے منع کرنے اور اس کے نقصان وضرر کے بیان میں، اور اہل کفر سے مشابہت رکھنے والے القاب وآداب سے منع کرنے کے بیان میں، عبدالرحیم خانخاناں کی طرف ان کے خط کے جواب میں ارسال فرمایا۔

عرضداشت:۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو اپنے حبیب سید البشر المبعوث الی الاسود والاحمر علیہ وعلیٰ الہ من الصلوات افضلها ومن التسلیمات اکملها کے طفیل ایسے قال سے جو حال سے خالی ہو، اور ایسے علم سے جو عمل سے خالی ہو نجات بخشے (آمین) اور حق تعالیٰ اس بندے پر رحمت نازل فرمائے جو اس دعا پر آمین کہے۔

Marfat.com

نیک بخت اور صادق بھائی نے آپ کا خط بہت احتیاط سے پہنچایا اور ترجمانی کی زبان سے جو کچھ بیان ہو سکا آپ کے جملہ حالات بیان کئے۔ پس میں نے (آپ کے حالات سن کر) یہ شعر پڑھا۔

ے اَھلًا لِسُعدٰی وَالرَّسُوْلِ وَحَبَّذَا وَجهُ الرَّسُوْلِ لِحُبِّ وَجهِ الْمُرسِلِ

ترجمہ:۔ مرحبا اے مرے دلدار و رسولِ دلدار تیرے قاصد کی ملاقات ہے تیرا دیدار

کمالات کے ظہور کی استعداد رکھنے والے بھائی! حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کے فعل کی استعداد کو عملی جامہ پہنانے کی توفیق بخشے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ بیشک دنیا آخرت کی کھیتی ہے پس اس شخص کے لئے افسوس کا مقام ہے جس نے اس میں کچھ نہیں بویا اور اپنی استعداد کی زمین کو بیکار رہنے دیا اور اعمال کے بیج کو ضائع کر دیا —— اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ زمین کا ضائع و بیکار کرنا دو طرح پر ہے ایک یہ کہ اس میں کوئی چیز کاشت ہی نہ کی جائے اور دوسرے یہ کہ اس میں گھٹیا (نکما) اور خراب بیج ڈالا جائے اور یہ دوسری قسم ضائع کرنے میں پہلی قسم سے زیادہ شدید نقصان دہ اور بہت زیادہ خرابی والی ہے جیسا کہ یہ بات پوشیدہ نہیں ہے اور بیج کا نکما اور خراب ہونا اس طرح پر ہے کہ کسی ناقص سالک سے طریقہ اخذ کرے اور اس کے مسلک (راستے) پر چلے اس لئے کہ ناقص سالک اپنی خواہشاتِ نفسانی کی پیروی کرتا ہے اور جو شخص خواہشات نفسانی کے تابع ہوتا ہے اس کا اپنا کچھ نہیں ہوتا۔ اگر (بالفرض) کوئی اثر ہوتا بھی ہو تو وہ خواہشاتِ نفسانی ہی کی مدد کرے گا پس اس سے سیاہی پر مزید سیاہی حاصل ہوگی، اور اس لئے بھی ناقص (پیر) ان طریقوں میں جو حق سبحانہٗ وتعالیٰ تک پہنچانے والے ہیں اور ان طریقوں میں جو

﴿صہ۵٦﴾ ے قوله التَرجُمان:۔ت پر زبر اور جیم پر پیش، اس کے معنی ہیں فصیح اور تیز زبان، خوش کلام اور وہ شخص جو دو زبانیں جانتا ہو۔ ۱۲

۱... قولہ اَھلًا:۔یعنی تم اپنے گھر اور اپنے قرابت داروں میں آئے ہو، نہ کہ غیروں اور بیگانوں میں، عرب لوگ اس کلمے کو ملاقات کے وقت بولتے ہیں۔ ۱۲

۲... قوله السُعدیٰ:۔بغیر نقطہ سین پر پیش، عربوں میں محبوبہ کے لئے یہ نام معروف ہے اور رسول قاصد وسفیر کے معنی میں ہے، اور حَبَّذَا[۱] معنی کیسا اچھا ہے اور وجہ بمعنی چہرہ اور مرسل اسم فاعل کا صیغہ ہے یعنی بھیجنے والا۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆اخذ......گرفتن ۱۲......پکڑنا، لینا۔......☆معرّا......خالی وبرہنہ ۱۲......خالی، ننگا۔......☆سید البشر......سرور آدمیان ۱۲......عالم انسانیت کے سرور ﷺ۔......☆باسود......سیاہ فام ۱۲......سیاہ رنگ، مراد عرب۔......☆احمر......سرخ رنگ ۱۲......سرخ، مراد عجم۔

☆برادر......شخصیکہ از خانخاناں مکتوب پیش حضرت مجدد قدس سرہ آورد ۱۲......وہ شخص جو خانخاں کا مکتوب حضرت مجدد قدس سرہٗ کے پاس لایا۔

☆شما......یعنی خانخاناں ۱۲......خانخاناں مخاطب ہیں۔......☆مرسلے......فریسندہ ۱۲......بھیجنے والا۔......

﴿صہ۵۷﴾ ۱ قوله فعلیت شما...الخ:۔یعنی جس قدر تجھ میں استعداد ہے اس کو عمل میں لایئے۔ ۱۲

۲... قوله مَنَصَّه:۔میم اور نون پر زبر، اور بغیر نقطہ صاد پر شد اور زبر، بمعنی ظاہر ہونے کی جگہ، اسی معنی کے لحاظ سے وہ تخت یا چارپائی (پلنگ) مراد ہے جس پر دلہن کو بٹھا کر جلوہ کرایا جاتا ہے (یعنی منہ دکھایا جاتا ہے) اس کو داماد اور دوسرے دیکھنے والوں کے سامنے ظاہر کیا جاتا ہے، اس معنی میں مستعمل ہے، یہ لفظ میم کی زیر سے بھی استعمال ہوتا ہے۔ میم پر پیش اور ن پر شد غلط ہے، صُراح (لغت کی کتاب) میں کسرہ کے ساتھ اس کے معنی بلند کرنے والے اور اٹھانے والے آلہ کو کہتے ہیں یعنی تخت یا پلنگ جس پر دلہن کو (بٹھا کر) دوسروں سے ممتاز و بلند کرتے ہیں۔ ۱۲

۳... قولہ بدانکہ دنیا مزرعتِ آخرت است:۔ معلوم ہونا چاہیے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے) اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ قال علیه الصلوٰۃ والسلام الدنیا مزرعة الاخرة[۱] (دنیا آخرت کی کھیتی ہے)

[۱] کنوز الحقائق للمناوی ۱۲

Marfat.com

حق سبحانہ وتعالیٰ تک نہیں پہنچاتے تمیز نہیں کرسکتا کیونکہ وہ خود واصل نہیں ہے اور اسی طرح وہ طالبانِ طریقت کی مختلف استعدادوں کے درمیان تمیز نہیں کرسکتا، اور جب وہ جذبہ (سیر انفسی) اور سلوک (سیر آفاقی) کے طریقوں میں تمیز نہیں کرسکتا تو بسا اوقات طالب کی استعداد ابتدا میں طریقۂ جذبہ کے مناسب ہوگی اور طریقۂ سلوک کے مناسب نہیں ہوگی اور ناقص پیران دونوں طریقوں اور طالبین کی مختلف استعدادوں میں تمیز نہ کرسکنے کی وجہ سے ابتدا میں سلوک کے طریقہ پر چلائے گا۔ پس جس طرح وہ خود طریقہ سے بھٹکا ہوا (گمراہ) ہے اسی طرح اس طالب کو بھی راہِ حق سے بھٹکا دے گا ـــــ پس شیخ کامل مکمل (یعنی جو خود کامل ہو اور دوسروں کو کامل کرنے والا ہو) جب اس طالب کی تربیت کرنا اور اس کو اس راستہ پر چلانا چاہے تو سب سے پہلے اس کو اس خرابی کے دور کرنے کی ضرورت پیش آئے گی جو اس طالب کو ناقص پیر سے پہنچی ہے اور اس فساد (بگاڑ) کی اصلاح کرنی ہوگی جو اس میں اس ناقص پیر کے سبب سے پیدا ہوا ہے پھر اس کی زمین میں اس کی استعداد کے مناسب صالح (عمدہ) بیج ڈالے گا تب اس سے اچھی کھیتی اگے گی۔ وَ مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ (سورہ ابراہیم:۲۶) اور ناپاک کلمہ کی مثال ناپاک درخت کی مانند ہے جس کی جڑ زمین کے اوپر ہے جس کو کچھ قرار و ثبات نہیں ہے) وَ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ (سورہ ابراہیم:۲۴ اور پاک کلمہ کی مثال پاک درخت کی مانند ہے جس کی جڑ ثابت وقائم ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں) ـــــ پس کامل ومکمل

گر ز دست میشود تخمی بکار تا براری خرمنے روز شمار

اگر تیرے ہاتھ سے ہو سکے تو بیج بوتا کہ حساب کے دن تو کھلیان (اجر وثواب) اٹھالے (حاصل کرلے)

ورنہ کاری مفلسی یوم التناد گشتۂ مغبون و خاسر بے مراد

اور اگر تو نہ بوئے گا تو قیامت کے دن مفلس ہوگا، خسارہ پانے والا اور نامراد گڑھے میں گرا ہوا ہوگا

تخم رائے کار و آبے ہم بپاش تا بری یوم الحصاد از غلہ ہاش

بیج بو اور پانی ڈال تا کہ (فصل) کاٹنے کے دن تو ڈھیروں غلہ حاصل کرے

ورنہ پاشی آب دانہ خشک شد و آن ہمہ رنج و تعب خود لغو بد

اور اگر تو پانی نہ ڈالے گا تو بیج خشک ہو جائے گا اور وہ سب تکلیف اور محنت بے کار جائے گی

آب دہ چشمہ چشم ای جوان تا شود حرث تو سبز و کامران

اے جوان آنکھ کے چشمے سے پانی دے تاکہ تیری کھیتی سرسبز اور کامیاب ہو

کار با ہشیاری و بیداری است ہر کہ غافل گشت میدان ناریست

کام ہوشیاری اور بیداری سے بنتا ہے جو غافل رہے گا اس کا ٹھکانہ آگ ہے۔

(اس میں "بیج" "ایمان ـــ" "کاشتکاری و آبیاری" "عمل ـــ اور" "آنکھ کا پانی" عجز و انکساری (اخلاص) ہے۔ للمرتب)

ؑ... قولہ بَذر:۔ ب زبر اور زیر سے دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، بیج جو چنے سے چھوٹا ہوتا ہے، یہاں مطلق بیج مراد ہے۔۱۲

اَللّٰهم سَلِّم مُصَحِّحَه ومَن سَعٰی فیها

☆قوت...... استعداد ۱۲...... قابلیت۔ ☆معطل...... خالی بیکار ۱۲...... بے کار، فارغ۔ ☆بذر...... تخم ۱۲...... بیج۔
☆اضاعت...... ضائع نمودن ۱۲...... ضائع کرنا۔ ☆مضرت...... ضرر رسانیدن ۱۲...... نقصان پہنچانا۔ ☆بمسلکش...... براہ او ۱۲...... اس کی راہ پر، اس کے طریق پر۔ ☆ہوائے...... خواہش نفس ۱۲...... نفسانی خواہشات۔ ☆متبوع...... پیشوا ۱۲...... پیشوا، جس کی اتباع کی جائے۔ ☆مشوب...... مخلوط ۱۲...... ملا جلا ہونا۔ ☆ظلمت...... تاریکی ۱۲...... اندھیرا، سیاہی، گمراہی۔

Marfat.com

شیخ (پیر) کی صحبت سرخ گندھک (کی مانند) ہے (یعنی نادرالوجود ہے جیسا کہ سرخ گندھک جو اکسیر ہے) اس کی نظر دوا ہے اور اس کا کلام شفا ہے وَ بِدُوْنِهَا خَرْطُ الْقَتَادِ (اور ایسے شیخ کی صحبت کے بغیر بے فائدہ رنج اٹھانا ہے)۔۔۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ والتحیۃ کی شریعت کے راستہ پر ثابت قدم رکھے کیونکہ شریعت کی پیروی کرنا ہی اصل کام ہے اور اسی پر نجات وسعادت کا دارومدار ہے۔ اور کسی نے فارسی میں کیا ہی خوب کہا ہے۔

محمدؐ عربی کابروئے ہر دوسراست ۔۔۔ کسیکہ خاکِ درش نیست خاک بر سراو

ترجمہ:۔ محمدؐ عربی دونوں جہان کی عزت ہیں ۔۔۔ جوان کے در کی خاک نہیں، خاک ہو اس پر

اور ہم اس مکتوب کو آنحضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی صلوات وتسلیمات وتحیات وبرکات پر ختم کرتے ہیں۔

تتمہ نہایت تعجب کی بات ہے کہ صادق بھائی (سچے قاصد) نے یہ بھی بیان کیا کہ آپ کے ہمنشین فاضل

☆طرق موصلہ......راہہائے رسانندۂ بسوئے خدای پاک ١٢......خدائے پاک تک پہنچانے والی راہیں۔......

﴿صہ٥٨﴾ ١ قولہ کذا:۔ خلاصہ یہ ہے کہ ناقص پیر کئی لحاظ سے ناقص ہے، اول یہ کہ وہ ابھی خواہشات کے قید خانہ میں ہے، اور اس کا نفس اسکی خواہشات کے تابع ہے، دوسرے یہ کہ جذبہ کو سلوک سے اور صحو کو سکر سے تمیز نہیں کرسکتا، تیسرے یہ کہ وہ طالبین کی استعداد کے لحاظ سے ایک دوسرے میں فرق نہیں کرسکتا۔ ١٢

٢... قولہ ومَثَلُ ...الخ:۔ یہ اشارہ ہے اس آیہ کریمہ کی طرف جو پارہ (١٣) سورہ ابراہیم میں آیہ ٢٤ میں ہے، آیت ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ...الخ (اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی پاکیزہ بات کی جیسے پاکیزہ درخت)۔

٣... قولہ پس صحبت شیخ...الخ:۔ مولانا روم نے کہا ہے، اور کیا خوب کہا ہے:

فقر خواہی آن زصحبت قائم است ۔۔۔ نہ زبانت کاری آیدنہ دست ۔۔۔ خاک شو مردان حق را زیرپا ۔۔۔ خاک برسرکن حسد را ہم چوما

دانش انوار است درجان رجال ۔۔۔ نے زراہ دفترونے قیل و قال ۔۔۔ سایہ یزداں بود بندہ خدا ۔۔۔ مردہ این عالم و زندہ خدا

ترجمہ:۔ اگر تو فقر چاہتا ہے تو وہ صحبت سے قائم (ملتا) ہے ورنہ تیری زبان اور ہاتھ سے کچھ مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ انسان کی جان میں عقل مجموعہ انوار ہے، نہ کتاب کے واسطہ سے اور نہ قیل وقال سے، مردانِ حق کے پاؤں کے نیچے کی خاک ہوجا، ہماری طرح حسد کے سر پر مٹی ڈال، بندۂ خدا اللہ کا سایہ ہے، یہ جہان مردہ ہے اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔ ١٢ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ بفیضانہ

☆کرد......آن پیر ناقص ١٢......وہ ناقص پیر۔......☆خود......آن پیر ١٢......جو مرید کو گمراہ کرے۔☆تسلیک......براہ بردن ١٢ راستے پر چلانا، راہ پر لانا۔......☆بازالہٗ......بدور کردن ١٢......دور کرنا۔......☆باشد......یعنی درزمین ١٢......زمین میں قائم ہونا۔......

﴿صہ٥٩﴾ ١ قولہ کبریت:۔ یعنی بہت ہی کم، کمیاب سرخ گندھک کی طرح ہے کیونکہ وہ کیمیا ہے کہیں پایا نہیں جاتا۔ ١٢

٢... قولہ کِبریت:۔ کاف کی زیر، ی معروف اور ت پر دو نقطے ہیں بمعنی گوگرد اردو میں گندھک کہتے ہیں۔ ١٢

٣... قولہ وبدونہا...الخ:۔ یعنی شیخ کامل کی صحبت کے بغیر۔ وقولہ خَرْطُ الْقَتَاد: خَرط خا پر زبر ہے، اس کے معنی ہیں ٹہنی پر ہاتھ ملنا تاکہ اس کے پتے گریں، قَتاد قاف پر زبر ہے، ایک سخت اور کانٹے دار درخت ہوتا ہے، یہ اشارہ ہے بے فائدہ رنج اٹھانا۔ ١٢

٤... قولہ مِلاك:۔ میم کے نیچے زیر، کسی چیز کی اصل جس پر اس چیز کا قیام اور انحصار ہو۔ ١٢

٥... التعریب:۔ فارسی شعر کا عربی ترجمہ: محمدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ مِن عَرَب ۔۔۔ تَعسًا لِمَن لَم يَكُن فِي بَابِه التُرَبَا
سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دونوں جہانوں کے سردار ہیں، جو کوئی آپ کے در کی خاک نہ بنے اس پر خاک پڑے۔ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆احمر......سرخ ١٢......سرخ (لال رنگ)۔......☆جادۂ......طریقہ ١٢......راستہ۔......☆اوست......متابعت شریعت ١٢...... شریعت کی اتباع۔......☆ملاک......اصل کار ١٢......کام کی اصل جس پر انحصار ہو۔......☆خاک......کنایہ از ذلت ورسوائی ١٢......

Marfat.com

شاعروں میں سے ایک شخص شعروں میں اپنے لئے کفری تخلص استعمال کرتا ہے حالانکہ وہ بزرگ ساداتِ عظام اور شریف خاندان میں سے ہے۔ پس اے کاش میں جانتا کہ اس برے نام پر جس کی برائی اچھی طرح ظاہر ہے اس کو کس چیز نے مجبور کیا ہے حالانکہ مسلمان کے لئے لازم ہے اس نام سے اس سے بھی زیادہ بھاگے جتنا کہ ہلاک کرنے والے شیر سے بھاگتا ہے اور اس نام کو نہایت ہی برا سمجھے، کیونکہ یہ نام اور جس شخص کا یہ نام ہو، دونوں حق سبحانہٗ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک ناپسندیدہ اور دشمن سمجھے گئے ہیں، اور مسلمانوں کو کافروں سے دشمنی رکھنے اور ان پر سختی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ پس ایسے برے ناموں سے بچنا واجب ہے۔

اور یہ جو بعض مشائخ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی عبارتوں میں غلبہ سکر کی وجہ سے کفر کی تعریف اور زُنّار باندھنے کی ترغیب اور اس قسم کی دوسری باتیں پائی جاتی ہیں۔ لہٰذا ظاہری مطلب سے پھیر کر ان کی تاویل وتوجیہ کی جائے گی کیونکہ اہل سکر حضرات کا کلام اچھے مفہوم پر گمان کیا جاتا ہے اور اپنے ظاہری عام مفہوم سے (اچھے معنی کی طرف) پھیرا جاتا ہے کیونکہ بلاشبہ وہ حضرات غلبۂ سکر کی وجہ سے اس قسم کی ممنوعات کے ارتکاب میں معذور ہوتے ہیں باوجودیکہ ان بزرگوں کے نزدیک کفرِ حقیقی اسلامِ حقیقی کی نسبت نقص وعیب ہے، اور جو لوگ حالت سکر میں نہیں ہیں وہ اہل سکر کی تقلید کرنے (اور کلماتِ سکریہ استعمال کرنے) میں نہ ان بزرگانِ طریقت کے نزدیک معذور ہیں اور نہ اہلِ شرع کے نزدیک، کیونکہ ہر چیز کے لئے ایک

ذلیل وخوار ہو، اس کے سر پر خاک پڑے۔ ..... ☆ برادر ..... یعنی قاصد ۱۲ ..... پیغام لانے والا۔ ..... ☆ سادات ..... خاندان نبوت ۱۲ خاندان اہل بیت اطہار ؓ۔ ..... ☆ نقبائے ..... جمع نقیب بمعنی بہتر ودانندۂ قوم ۱۲ ..... جمع نقیب، قوم کو بہتر جاننے والا۔ ☆ شنیع ..... بدوزشت ۱۲ ..... بد اور برا۔ ..... ☆ بیّن ..... ظاہر ۱۲ ..... ظاہر، واضح۔ ☆ الشناعۃ ..... بدی وبزشتی وطعنہ ۱۲ ..... بدی، برائی، طعنہ۔ ..... ☆ فرازازیں ..... گریز کردن ۱۲ ..... بچنا، پرہیز کرنا، کنارا کرنا۔ ..... ☆ اسد ..... شیر ہلاک کنندہ ۱۲ ..... ہلاک کرنے والا، شیر۔ .....

﴿ص۶۰﴾ ۱ قولہ بعداوت... الخ:۔قال اللہ تعالیٰ: یَاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْلَا تَتَّخِذُوْ الْکَافِرِیْنَ اَوْلِیَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَیْکُمْ سُلْطَانًا مُّبِیْنًا ہ سورہ نساء۱۴۴ پارہ والمحصنت (۵) ترجمہ:۔ اے ایمان والو! کافروں کو دوست نہ بناؤ مسلمانوں کے سوا، کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کے لئے صریح حجت قائم کرلو۔

۲ ... قولہ تشدد نمودن... الخ:۔قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ: اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّار (سورہ فتح آیہ۲۹ پارہ۲۶) ترجمہ:۔ کافروں پر سختی کرنے والے اور قوت استعمال کرنے والے) وقال عزّ من قائل: یَاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ (سورہ توبہ آیہ۷۳ پارہ۱۰) ترجمہ:۔ اے نبی! جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے اور ان پر سختی کرو۔

۳ ... مدح کفر... الخ کقول الحلاج: کَفَرْتُ بِدِیْنِ اللّٰهِ وَالْکُفْرُ وَاجِبٌ ‏ لَدَیَّ وَ عِنْدَ الْمُسْلِمِیْنَ قَبِیْحٌ
ترجمہ:۔ یعنی اللہ کے دین سے میں نے کفر کیا اور ایسا کفر واجب ہے، میرے نزدیک اور مسلمانوں کے نزدیک برا ہے۔ ۱۲

۴ ... قولہ زُنّار :۔ زا پر پیش اور نون پر شد، زنار ایسے ڈورے اور رسی کو کہتے ہیں جس کو نصاریٰ اور مجوسی اور تمام کافر (وغیرہ اپنے مذہبی شعار کے طور پر) کمر پر باندھتے ہیں ۱۲ (اور ہندوں گلے میں ڈالتے ہیں اسے جنیو بھی کہتے ہیں)۔

۵ ... قولہ کلام سکاریٰ ... الخ:۔قال المولی الرومی رحمہ اللہ تعالیٰ: کل شیء قالہ غیر المفیق ان تکلف او تصلف لایلیق، یعنی آدمی جو چیز بھی کہے گا اگر تکلف کرتا ہے یا شیخی مارتا ہے تو جائز نہیں ہے کیونکہ وہ ہوش میں نہیں ہے۔ ۱۲

۶ ... قولہ کفر حقیقہ... الخ :۔ یعنی حقیقت کا رتک پہنچنے اور غلبہ حال ظاہر ہونے کے بعد اسلام اور کفر میں تمیز نہ کرنا بھی نقص ہے، جیسا کہ منصور حلاج جو کہ مغلوب الحال ہوا ہے، کہ اہل شریعت نے اس کے کفر کا حکم کیا اہل حقیقت نے نہیں کیا۔ لیکن اہل حقیقت کے نزدیک بھی اس

Marfat.com

خاص موسم اور وقت ہوتا ہے کہ اس موسم میں وہ چیز مناسب اور اچھی معلوم ہوتی ہے اور دوسرے موسم میں بری لگتی ہے اور عقلمند آدمی ان دونوں میں سے ایک کو دوسرے پر قیاس نہیں کرتا۔

پس آپ میری طرف سے گذارش کریں کہ وہ اس نام کو تبدیل کردے اور اس کو کسی اور اچھے نام سے بدل دے اور اپنے آپ کو اسلامی لقب کے ساتھ ملقب کرے کیونکہ یہ (اسلامی لقب) مسلمان کے حال وقال کے موافق ہے اور اس دینِ اسلام کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا ہے جو حق سبحانہٗ وتعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک پسندیدہ دین ہے اور اس میں اس تہمت سے بچنا ہے جس سے بچنے کے لئے ہم کو حکم دیا گیا ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان) اِتَّقُوا مِنْ مَّوَاضِعِ التُّهَمِ (یعنی تہمت کے موقعوں سے بچو) سچا کلام ہے جس میں کسی قسم کا غبار نہیں (یعنی کسی قسم کے شک وشبہ کی مطلق کوئی گنجائش نہیں ہے)۔۔۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ (اور البتہ مؤمن غلام مشرک مرد سے بہتر ہے) وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى (اور جو شخص ہدایت کی پیروی کرے اس پر سلام ہو)۔

کو نقص وخرابی لاحق ہے اور انہوں نے اس کو اولیائے کاملین میں شمار نہیں کیا، اور حقیقت کو پہنچے ہوئے مسلمانوں میں شمار نہیں کیا لیکن غلبہ حال کے ظاہر ہونے سے پہلے کفر واسلام میں امتیاز نہ کرنا بالاتفاق کفر اور مذموم ہے، اور اربابِ احوال (مغلوب الحال) کی تقلید کرنا اور تمیز نہ کرنا بدتمیزی ہے اور بے دینی ہے اور شریعت وحقیقت دونوں کے نزدیک کفر وزندقہ ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ے ... دوسرہ اسلام حقیقی: ۔ یعنی غلبۂ حال ظاہر ہونے کے بعد بھی کفر واسلام کے درمیان امتیاز کرنا۔ ۱۲

☆مبغوض...... دشمن درشتہ شدہ ۱۲...... دشمنی کے لائق، نہایت ناپسندیدہ۔...... ☆سکر...... مستی ۱۲...... مستی، غلبۂ حال۔...... ☆برشدّ ...... بستن ۱۲...... باندھنا۔...... ☆زنّار...... ریسمان ۱۲...... ہندوں کا مذہبی روایتی دھاگہ۔...... ☆مصروف...... گردانیدہ شدہ ۱۲...... پھرا ہوا، گھوما ہوا۔ ☆سکاری...... کلام مستان مغلوب احوال ۱۲...... مغلوب الحال لوگوں کا کلام۔...... ☆برمفہوم...... معانی نیک ۱۲...... پسندیدہ، قابل تعریف۔...... ☆ارتکاب...... اختیار ۱۲...... اختیار کرنا۔...... ☆محظورات...... ممنوعات ۱۲...... جن امور سے منع کیا گیا ہو۔...... ☆شان...... سکاری ۱۲...... اہل سکر کی تقلید کرنا۔...... ☆موسم موزوں...... ہنگام چیزے ۱۲...... ہر وقت اور موسم میں مناسب چیز۔......

﴿صہ۱۶﴾ ۱ قوله اتقوا...الخ: ۔ یعنی تہمت لگنے کی جگہوں سے پرہیز کرو، اس حدیث کو امام بخاری نے اپنی تاریخ میں روایت کیا ہے امام مناوی نے اپنی کتاب کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق میں یہ الفاظ ذکر کئے ہیں اِتَّقُوْ مَوَاضِعَ التُّهْمَةِ (تخ) یعنی اس کو امام بخاری نے تاریخ میں روایت کیا ہے، اور لفظ مِن حدیث میں نہیں ہے۔ ۱۲

۲ ... قوله ولعبد...الخ: ۔ اس آیۂ کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو (سورہ بقرہ پارہ سیقول آیت ۲۲۱) میں واقع ہے۔ ۱۲

ے ... قوله بِاِتِّقَائِهٖ: ۔ شائد یہاں ضمیر مذکر لفظ ما کی تاویل کی وجہ سے ہے۔ اس کو سمجھ لو۔ ۱۲

☆بندہ ...... غلام ۱۲...... غلام۔...... ☆ازمشرک...... اگرچہ اصل باشد ۱۲...... اگرچہ شریف اور آزاد ہو۔......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی پہلا حصہ

Marfat.com

چوبیسواں مکتوب

اس بیان میں کہ صوفی کائن بائن (حقیقت میں حق تعالیٰ کے ساتھ اور ظاہر میں مخلوق کے ساتھ) ہوتا ہے اور یہ کہ بلاشبہ دل کا تعلق ایک سے زیادہ کے ساتھ نہیں ہوتا اور بیشک محبت ذاتیہ کا ظہور اس بات کو لازم قرار دیتا ہے کہ محبوب کی طرف سے خواہ وہ انعام واکرام حاصل ہو یا رنج والم پہنچے دونوں محبّ کے لئے برابر ہیں، مقربین اور ابرار کی عبادت کے درمیان فرق اور اسی طرح ہے جو اولیاء مغلوب الحال ہیں اور جو مخلوق کو دعوتِ حق دینے پر مامور ہیں ان دونوں کے درمیان فرق کے بیان میں، محمد قلیج خاں کی طرف ارسال کیا گیا۔

عرضداشت:۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنے حبیب سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل آپ کو سلامتی وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے)—— پس وہ شخص مقبول وبرگزیدہ ہے جس کے دل میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ محبت کے سوا کسی اور کی محبت باقی نہ رہی ہو، اور وہ اس ذات تعالیٰ وتقدس کے سوا کسی اور کا طالب نہ ہو—— پس ایسا شخص اللہ جل شانہ کے ساتھ ہے اگرچہ وہ بظاہر مخلوق کے ساتھ مشغول ہے—— اور یہ کائن بائن صوفی کی شان ہے یعنی حقیقت میں وہ حق تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ واصل اور مخلوق سے جدا ہے، یا اس سے مراد یہ ہے کہ ظاہر میں مخلوق کے ساتھ ہے اور حقیقت میں ان سے جدا ہے۔

اور قلب کی محبت کا تعلق ایک سے زیادہ کے ساتھ نہیں ہوتا پس جب تک اس کی محبت کا تعلق اس ایک (ذات) سے ہوگا

حاشیہ متن

﴿صہ۶۱﴾ ۳ قولہ مکتوب:۔ جاننا چاہیے کہ اس مکتوب شریف میں بقول جامع مکتوبات چار امور کو بیان فرمایا ہے۔ ۱۲

۴ ... قولہ کائن... الخ:۔ یعنی صحبت ومعیت رکھنے والا۔ ۱۲

۵ ... قولہ بائن:۔ یعنی تنہا، منفرد (اکیلا) اور جدا۔ ۱۲

۶ ... قولہ ایلام:۔ تکلیف پہنچانا، اور رنجیدہ کرنا۔ ۱۲

۷ ... قولہ انعام:۔ نعمت دینا یا بخشا۔ ۱۲

لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن.......... بین السطور.......... معانی......

☆استوا...... برابر بودن ۱۲...... برابر ہونا۔......

﴿صہ۶۲﴾ ۱ قولہ اَلْمَرْءُ... الخ:۔ اس حدیث کو بخاری ومسلم نے اپنی صحیح بخاری وصحیح مسلم دونوں میں روایت کیا ہے، اس کو شیخ قدس سرہٗ نے بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ ہم فقیروں کو بھی ان کے فیوضاتِ قدسیہ میں سے فیض عطا فرمائے اور ان کے سبب سے ہم پر رحم فرمائے۔ آمین

۲ ... قولہ بصورت کائن:۔ یعنی ملا ہوا ہو، لٹکا ہوا نہ ہو۔ ۱۲

لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆مرجوع...... باز گردانیدہ شدہ اند یعنی مرجوعین ۱۲...... لوٹ کر آئے ہوئے، اصحاب ارشاد ودعوت۔...... ☆وجہ...... ذات ۱۲...... ذات تعالیٰ تقدس۔ ☆ایں اول...... بیان در اول ۱۲...... پہلے امر کا بیان۔ ☆شان...... حال ۱۲...... واردات، احوال۔ ☆محبت...... بیان امر ثانی ۱۲...... دوسرے امر کا بیان۔...... ☆او...... قلب ۱۲...... دل۔......

Marfat.com

اس کے علاوہ قلب کو کسی سے محبت نہیں ہوگی —— اور یہ جو اس کی خواہشات کی کثرت اور بے شمار چیزوں کے ساتھ اس کی محبت کے تعلق کا متعدد ہونا (مثلاً مال، اولاد، سرداری، تعریف اور لوگوں میں بلند مرتبہ ہونا) دیکھا جاتا ہے تو اس کے باوجود بھی اس کا محبوب ایک ہی ہوگا اور وہ اسکا اپنا نفس ہے اور ان سب چیزوں کی محبت اس کے اپنے نفس کی محبت کی فرع (شاخ) ہے اس لئے کہ وہ ان چیزوں کو اپنے نفس ہی کے لئے چاہتا ہے، فی نفسہ ان اشیاء کو نہیں چاہتا، پس جب اس کو اپنے نفس کے ساتھ محبت نہیں رہے گی تو ان چیزوں کی محبت بھی اس کے نفس کے تابع ہونے کی وجہ سے دور ہو جائے گی —— اسی لئے کہتے ہیں کہ بندہ اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے درمیان حجاب، بندہ کا اپنا نفس ہے نہ کہ دنیا۔ کیونکہ دنیا فی نفسہ بندہ کا مقصود نہیں ہے جو وہ حجاب بنتی، بلکہ بیشک بندہ کا مقصود اس کا اپنا نفس ہی ہے تو لازمی طور پر بندہ (کا نفس) خود حجاب ہے نہ کہ اس کے سوا کوئی اور پس جب تک بندہ اپنے نفس کی خواہش سے پوری طرح خالی نہیں ہوگا حق تعالیٰ اس کی مراد نہیں ہوسکتا اور حق سبحانہٗ کی محبت اس کے قلب میں نہیں سما سکتی اور یہ اعلیٰ درجہ کی دولت فنائے مطلق کے بعد ہی متحقق ہوتی ہے جو کہ تجلّی ذاتی پر موقوف ہے کیونکہ ظلمات (اندھیروں) کا پوری طرح دور ہونا اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک سورج طلوع ہو کر پوری طرح روشن نہ ہو جائے۔

پس یہ محبت جس کو محبت ذاتیہ سے تعبیر کیا جاتا ہے حاصل ہو جاتی ہے تو محبّ کے نزدیک محبوب کا انعام اور رنج والم دینا یکساں ہو جاتا ہے اور وہ حق تعالیٰ سبحانہٗ کی عبادت خاص اسی کے لئے کرتا ہے اپنے نفس کے لئے نہیں کرتا یعنی وہ عبادت اپنے اوپر انعام طلب کرنے اور اپنے آپ سے رنج والم دور کرنے کے لئے نہیں کرتا کیونکہ یہ دونوں اس کے نزدیک برابر ہیں اور یہ مرتبہ مقربین کے لئے مخصوص ہے کیونکہ ابرار محبتِ ذاتیہ کی سعادت سے کامیاب نہ ہونے کے باعث حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عبادت خوف اور طمع کے لئے کرتے ہیں اور یہ دونوں (یعنی خوف وطمع) ان کے اپنے نفسوں کی طرف راجع ہیں، پس لامحالہ (بالضرور) ابرار کی نیکیاں مقربین کی نسبت سے برائیاں ہیں، لہذا ابرار کی

﴿صہ ۶۳﴾ ۱ قولہ حجاب او:۔ اس موقع پر کہا ہے۔ ع۔ با مار سیہ نشین و با خود منشین

ترجمہ:۔ سیاہ (انتہائی زہریلا) سانپ کے ساتھ بیٹھ اپنے ساتھ مت بیٹھ (یعنی ''خود'' نفس کا ڈنگ زیادہ زہریلا ہے)۔۱۲

۲... قولہ بِالْکُلِّیَّہ... الخ:۔ چہ خوش گفتہ است... الخ: یعنی کس قدر اچھی بات کہی ہے۔

ع۔ در تو یک آرزو ابلیسِ تست ترجمہ:۔ تجھ میں ایک ایک آرزو تیرا ابلیس ہے۔ ۱۲

ونیز دَعْ نَفْسَكَ وَتَعَالَ یعنی نفس کو ترک کر (خواہشات نفس) اور ہماری طرف آجا۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆قصویٰ ...... عالی ۱۲...... بلند۔...... ☆مطلق ...... بالکلیہ ۱۲...... پورے طور پر، کامل، فنا۔...... ☆منوط ...... معلق ۱۲...... لٹکا ہوا۔

☆ازالہ ...... دور کردن ۱۲...... دور کرنا، ہٹانا۔...... ☆ظلمات ...... تاریکی ہا ۱۲...... اندھیرے۔...... ☆طلوع ...... برآمدن ۱۲......

باہر نکلنا، ظاہر ہونا۔...... ☆پس ہرگاہ ...... باین امر ثالث ۱۲...... تیسرے امر کا بیان۔......

﴿صہ ۶۴﴾ ۱ قولہ مُسْتَوِی:۔ جو کچھ جمیل مطلق یعنی باری تعالیٰ کی طرف سے پہنچتا ہے وہ قبول اور مرغوب (دل پسند) ہے۔

شعر می تلخ است جور گلعذاران کہ ہر چندش خوری باشد گوار آن

ترجمہ:۔ محبوبوں کا ظلم تلخ شراب کی مانند ہے جس قدر تو پئے گا وہ گوارا ہے۔

بَلا (آزمائش) محبوب کا تازیانہ ہے محبّ کو محبوب کے علاوہ ہر چیز کی طرف نظر کرنے سے باز رکھتا ہے اور محبوب کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ بَلا محبوب کا کمند ہے جو محبوب کے ہر رگ و ریشہ میں اٹکا ہوا ہے اور (کشاں کشاں) محبوب کی طرف لے جاتا ہے۔ بلا محبّ و محبوب کے درمیان رابطہ ہے جو اپنی حسنِ رہنمائی سے ایک کو دوسرے سے جوڑ دیتا ہے (ملا دیتا ہے) ملتقط لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نیکیاں ایک لحاظ سے برائیاں ہیں اور ایک لحاظ سے نیکیاں، اور مقربین کی نیکیاں خالص اور محض نیکیاں ہیں۔

ہاں مقربین میں سے بعض وہ ہیں جو بقائے اکمل کے حصول اور عالمِ اسباب میں نزول ثابت ہونے کے بعد بھی خوف وطمع کی وجہ سے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں لیکن ان کا خوف اور طمع ان کے اپنے نفسوں کی طرف راجع نہیں ہوتا بلکہ بلاشبہ وہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عبادت اس کی رضامندی کی طمع سے کرتے ہوئے اور اس کے غضب و ناراضگی سے ڈرتے ہوئے کرتے ہیں ـــــ اور اسی طرح وہ بیشک جنت کو اس لئے طلب کرتے ہیں کہ وہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی رضامندی وخوشنودی کا مقام ہے نہ کہ اپنے نفس کی لذت کے لئے۔ اور وہ دوزخ سے اس لئے پناہ مانگتے ہیں کہ وہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے غضب و ناراضگی کی جگہ ہے نہ کہ اپنے نفسوں سے اس کے رنج والم کو دور کرنے کے لئے ـــــ کیونکہ یہ اکابر اپنے نفسوں کی غلامی سے آزاد ہو چکے ہیں اور محض حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہی کے لئے مخصوص ہو گئے ہیں ـــــ اور مقربین کے مرتبوں میں یہ مرتبہ سب سے اعلیٰ ہے۔ اور اس مرتبہ والے بزرگ کو مرتبۂ ولایتِ خاصہ کے حصول کے بعد مقامِ نبوت کے کمالات میں پورا پورا حصہ حاصل ہو جاتا ہے۔ اور جو شخص عالمِ اسباب کی طرف نزول نہیں کرتا وہ اولیائے مستہلکین (مغلوب الحال اولیاء) میں سے ہے۔

اس کو مقامِ نبوت کے کمالات میں سے کچھ بھی حصہ حاصل نہیں ہے لہٰذا وہ تکمیل وارشاد کے قابل بھی نہیں ہوگا بخلاف پہلے شخص (یعنی راجع الی الخلق) کے۔ رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ مُحَبَّةَ هٰؤُلَاءِ الْاَكَابِرِ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْبَشَرِ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَ مِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا فَاِنَّ الْمَرْءَ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَالسَّلَامُ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا۔ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم سب کو سید البشر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واتباعہ وسلم کے طفیل ان بزرگوں کی محبت عطا فرمائے کیونکہ آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے اور اول وآخر سلام ہو۔)

☆ انعام...... بروے ۱۲...... اس پر۔ ☆ ایلام...... ازوے ۱۲...... اس سے۔......

﴿صہ ۶۵﴾ ☆ رضائی...... خوشنودی ۱۲...... رضامندی۔...... ☆ سخط...... غضب ۱۲...... غصہ، ناراضگی۔...... ☆ رقیت نفس...... یعنی غلامی وبندگی ۱۲...... غلامی وبندگی۔...... ☆ محرر...... آزاد ۱۲...... آزاد، مختار۔...... ☆ ایں مرتبہ...... بیان امر رابع ۱۲...... چوتھے امر کا بیان۔

☆ بخلاف اول...... کہ او شایان ارشاد وتکمیل است ۱۲...... وہ ارشاد اور تکمیل کے اہل ہیں۔ ☆ چہ مرد...... علت طلب محبت اکابر است از حق جل وعلا ۱۲...... اکابر کی محبت حق جل جلالہ کی طلب کا سبب ہے۔......

پچیسواں مکتوب

حضرت سید المرسلین آنسرورِ عالم الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے خلفائے راشدین ﷺ کی پیروی کرنے پر ترغیب دینے کے بیان میں خواجہ جہاں کی طرف ارسال فرمایا۔

عرضداشت: ۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کے دل کو سلامتی عطا فرمائے، اور آپ کے سینے کو کھول دے، اور آپ کے نفس کو پاکیزہ کر دے، اور آپ کے جسم (کھال) کو نرم کرے ـــــ یہ سب کچھ بلکہ روح وسرّ وخفی واخفیٰ کے کمالات بھی

Marfat.com

سید المرسلین علیہ وعلی آلہٖ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی تابعداری پر موقوف ہیں ــــ پس آپ پر لازم ہے کہ آنحضرت ﷺ اور آپ کے خلفائے راشدین ﷺ کی متابعت کریں جو کہ آپ کے بعد ہدایت کرنے والے اور ہدایت یافتہ ہیں کیونکہ وہ ہدایت کے ستارے اور ولایت کے آفتاب ہیں لہذا جس شخص نے ان کی متابعت کا شرف حاصل کیا، اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کر لی، اور جس شخص کی فطرت ہی میں ان کی مخالفت بھری ہوئی ہے وہ نہایت درجہ کی گمراہی میں جا پڑا۔

شیخ سلطان مرحوم کے دونوں بیٹے پریشانی اور معاش کی تنگی میں مبتلا ہیں لہذا آپ سے گذارش کی جاتی ہے کہ آپ ان کی امدد واعانت فرمائیں، کیونکہ آپ اس بات کے لائق ہیں، بلکہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو تمام لوگوں کی حاجتیں پوری کرنے کی توفیق مرحمت فرمائی ہے۔ حق تعالیٰ آپ کو مزید توفیق بخشے اور نیکی وبھلائی کو آپ کا رفیقِ حال بنائے ــــ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی۔ (آپ پر اور ان سب لوگوں پر سلام ہو جو ہدایت کی پیروی کرتے ہیں)۔

حاشیہ متن

﴿صہ۶۶﴾ ۱؎ قولہ نجوم:۔ جمع ہے نجم کی یعنی ستارے، یہ اشارہ ہے آن حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس قول کی طرف: أَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ فَبِأَیِّهِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ (کنوز الحقائق المناوی) میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں، ان میں سے جس کی اقتدا کرو گے ہدایت پاؤ گے۔ ۱۲

۲؎... قولہ شموس:۔ شمس کی جمع ہے معنی سورج۔ ۱۲

۳؎... قولہ فقد فاز... الخ:۔ یعنی یقیناً کامیاب ہوا بڑی کامیابی۔ ۱۲

۴؎... قولہ ضل... الخ:۔ یعنی گمراہ ہوا دور کی گمراہی۔ ۱۲

۵؎... قولہ شرّف:۔ ر پر شد ہو تو باب تفعیل سے ہے اور بغیر شد کے ہو تو ثلاثی مجرد سے، پہلی صورت میں ماضی مجہول ہوگا اور دوسری صورت میں ماضی معروف کا صیغہ۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن............ بین السطور............ معانی......

☆تحریض...... برانگیختہ کردن ۱۲...... ابھارنا، آمادہ کرنا۔...... ☆منوط...... معلق وموقوف ۱۲...... موقوف ومعلق، منحصر۔...... ☆ہادین ہدایت کنندگان ۱۲...... ہدایت کرنے والے۔...... ☆مہدین...... ہدایت کردہ شدگان ۱۲...... ہدایت کئے گئے۔ ہدایت پائے ہوئے۔......

☆مجبول...... آفریدہ شدہ وطبعی وجبلت کردہ شدہ ۱۲...... جس کی خصلت اور جبلت (عادت) پیدائشی اور طبعی ہو۔......

﴿صہ۶۷﴾ ☆اضطرار...... بیقراری ۱۲...... بے قراری، بے چینی۔...... ☆ضِیق...... بالکسر بمعنی تنگی ۱۲...... 'ض' کی زیر کے ساتھ، تنگدستی، تنگی۔......

☆معیشت...... روزگار ۱۲...... ذریعہ معاش۔...... ☆بقضائے حوائج...... یعنی بہ برآوردن حاجات تمام مردم ۱۲...... تمام لوگوں کی حاجات بہتر طریق پر پوری کرنا۔...... ☆جمیع مردم...... تمام مردم...... عام لوگ۔ ☆مُوفق گردانیدہ است...... توفیق دادہ شدہ ۱۲...... جسے توفیق دی گئی ہو۔......

Marfat.com

چھبیسواں مکتوب

اس بیان میں کہ شوق ابرار کو ہوتا ہے مقربین کو نہیں ہوتا ،اور اس مقام کے مناسب علوم کے بیان میں شیخ العالم مولانا حاجی محمد لاہوری کی طرف ارسال فرمایا۔

عرضداشت:۔ حق سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعتِ مقدسہ کے سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھے—— حدیثِ قدسی میں وارد ہے: اَلَا طَالَ شَوْقُ الْاَبْرَارِ اِلٰی لِقَائِیْ وَاَنَا اِلَیْهِمْ لَاَشَدُّ شَوْقًا (یعنی آگاہ ہو جاؤ، ابرار (نیک بندوں) کا شوق میری ملاقات کے لئے بہت بڑھ گیا اور میں ان سے بھی زیادہ ان کا مشتاق ہوں)—— حق سبحانہ وتعالیٰ نے شوق کی نسبت ابرار کے لئے ثابت فرمائی ہے کیونکہ مقربینِ واصلین (یعنی جن کو وصال حاصل ہو چکا ہے) کو شوق باقی نہیں رہتا، اس لئے کہ شوق مطلوب کے گم ہونے (حاصل نہ ہونے) کا متقاضی ہے اور مطلوب کا گم ہونا (حاصل نہ ہونا) ان کے حق میں مفقود ہے، کیا نہیں دیکھتے کہ انسان اپنے نفس کے ساتھ بے حد محبت ہونے کے باوجود اپنے نفس کی طرف کوئی شوق نہیں رکھتا، کیونکہ اپنے نفس کا فقدان یعنی اپنے آپ کو گم کرنا اس کے لئے ثابت نہیں

حاشیہ متن

﴿صہ۶۷﴾ ۱ قوله فی الحدیث القدسی:۔ ملاعلی قاری رحمہ اللہ نے اپنی شرح مشکوٰۃ میں فرمایا ہے۔ حدیثِ قدسی اور قرآن میں فرق یہ ہے کہ حدیث الہام یا خواب میں یا فرشتہ کے واسطہ سے بطور معنی القاء ہوتی ہے اور آپؐ اسکو اپنے لفظوں میں بیان فرماتے ہیں اور اپنے رب کی طرف منسوب کرتے ہیں، اور قرآن صرف جبریل کے نازل کرنے سے معین الفاظ میں نازل ہوتا ہے، دوسرا فرق یہ بھی ہے یہ متواتر ہے جبکہ حدیثِ قدسی کی کیفیت یہ نہیں، اس کا حکم فروع میں نہیں ہوتا ۱۲ واللہ اعلم

۲ ... قوله الاطال شوق الابرار ...الخ:۔ یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: آگاہ رہو، ابرار (نیک بندوں) کا شوق میری ملاقات کے لئے بڑھ گیا ہے، اور میں ان سے بھی زیادہ ان کا مشتاق ہوں، اور کیا ہی اچھا کہا ہے۔

شعر عاشقان ہر چند مشتاق جمال دلبر اند دلبران بر عاشقان از عاشقان عاشق تر اند

ترجمہ:۔ عاشق ہر لحظہ دلبر کی دید کے مشتاق ہیں، اور دلبر عاشقوں پر عاشقوں سے بھی بڑھ کر ان کے عاشق ہیں۔

علامہ مرادکیؒ نے کہا ہے کہ احیاء میں اس حدیث کو ان الفاظ سے ذکر کیا ہے: لقد طال شوق الابرار ...الخ، علامہ عراقیؒ نے اس کی تخریج میں کہا ہے کہ میں نے اسکی کوئی اصل نہیں پائی، لیکن صاحب الفردوس نے اس حدیث کو ابوالدرداء سے روایت کیا ہے اور ان کے صاحبزادے نے مسند الفردوس میں اسکی سند ذکر نہیں کی، اور شیخ اکبر قدس سرہٗ نے فتوحات مکیہ میں کسی مقام پر کہا ہے کہ حدیث میں وارد ہوا ہے لیکن اسکی صحت کا مجھے علم نہیں کہ ''اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف شوق رکھنے کا ذکر فرمایا ہے، اور اپنی ذات کے متعلق فرمایا ہے کہ وہ ان سے زیادہ ان کا مشتاق ہے'' اور نہ مجھے کشف سے اس کا کچھ علم ہو سکا اور نہ کسی صحیح روایت سے لیکن یہ مذکورہ حدیث مشہور ہے انتہی ملخصا۔ (علامہ مرادکیؒ نے کہا) اس مذکورہ روایت کے معنی صحیح ہیں جو اس حدیث کے مطابق ہیں مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ ذِرَاعًا (الحدیث) یعنی جو شخص میری طرف ایک بالشت قرب حاصل کرتا ہے میں اس کی طرف ایک ہاتھ بڑھ جاتا ہوں۔ الحدیث انتھٰے لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ

☆ متن............ بین السّطور............ معانی............

☆ العالم...... دانشمند ۱۲...... عقلمند...... ☆ ابرار...... بالفتح جمع بار وبَرّ بہ تشدید را بمعنی نیکو کاران ۱۲...... اَبرار زبر سے، بار وبَرّ، رکی شد سے، معنی نیک لوگ...... ☆ جادّہ شریعت...... بہ تشدید را، بزرگ وشارع ۱۲...... شد سے، (شریعت) کا وسیع راستہ، بڑی گذرگاہ۔......

Marfat.com

ہے۔ پس صاحبِ وصال (واصل) مقرب جو حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ باقی اور اپنے نفس سے فانی ہے حق تعالیٰ کے ساتھ اس کا حال ایسا ہے جیسا کہ انسان کا حال اپنے نفس کے ساتھ ہے، لہٰذا ثابت ہوا کہ ابرار ہی مشتاق ہوتے ہیں کیونکہ وہ اپنے مطلوب کو گم کرنے والے محبّ ہیں ــــ اور ابرار سے ہماری مراد وہ شخص ہے جو مقربِ واصل (صاحبِ وصال) نہ ہو، خواہ وہ راہِ سلوک کی ابتدا میں ہو یا وسط میں، اگرچہ وہ وسط سے رائی کے دانہ کے برابر باقی رہ گیا ہو۔ کسی نے فارسی میں کیا اچھا کہا ہے۔

فراقِ دوست اگر اندک است اندک نیست ۔۔۔ درونِ دیدہ اگر نیم مواست بسیار است

ترجمہ:۔ نہیں ہے قابلِ برداشت ہجرِ یار تھوڑا بھی ۔۔۔ گوارا آنکھ کر سکتی نہیں ہے بال آدھا بھی

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے ایک قاری کو دیکھا کہ قرآن مجید پڑھ رہا ہے اور رو رہا ہے تو آپؓ نے فرمایا کہ ہم بھی ایسا ہی کرتے تھے لیکن اب ہمارے دل سخت ہوگئے ہیں۔ آپؓ کا یہ فرمانا مدح بما یشبہ الذم (ایسی تعریف جو مذمت کے مشابہ ہو) کے طور پر ہے ــــ اور میں نے اپنے شیخ (حضرت خواجہ باقی باللہ) قدس سرہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''بیشک منتہی واصل بسا اوقات اس شوق وطلب کی تمنا کرتا ہے جو اس کو ابتدا میں حاصل تھا'' ــــ اور شوق کے

﴿صہ ۶۸﴾ ۱؎ قولہ لانہ ... الخ :۔ کیونکہ مشتاق جس چیز کا شوق رکھتا ہے اس سے محبت کرتا ہے لیکن وہ چیز اسے حاصل نہیں ہوئی ہوتی، اور یہ ابرار کی صفت ہوتی ہے مقربین کی نہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ ضمیر منصوب ابرار سے برّ کے مفہوم کی طرف راجع ہو۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ وسط :۔ واو پر زبر اور س پر جزم ہے اس کے معنی درمیان اور ہر چیز کا درمیان اور ہر چیز کا بیچوں بیچ ہونا، اور وسط پہلے دونوں حرفوں پر زبر سے پڑھا جائے تو اس سے مراد ہر وہ چیز جو درمیانہ درجہ کی ہو یعنی کیفیت میں متوسط ہو، صاحب نصاب (نام کتاب) نے لکھا ہے پہلے دونوں حرفوں کی زبر ہو تو اس کے معنی میانہ کے یعنی حقیقت کا درمیان اور مرکز، اور اس چیز کا نام جو درمیان ہو ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ نسبت ...... اثبات ۱۲ ...... ثابت کرنا، قائم کرنا۔ ...... ☆ کہ ...... زیرا کہ ۱۲ ...... کیونکہ۔ ...... ☆ فُقدان ...... بالکسر وبالضم گم کردن ۱۲ زیر اور پیش سے، فِقدان یا فُقدان، گم کرنا۔ ...... ☆ متقاضی ...... میخواہد ۱۲ ...... وہ چاہتا ہے، تقاضا کرتا ہے۔ ...... ☆ فقدان ...... گم کردن ۱۲ گم کرنا۔ ...... ☆ افراط ...... بالکسر از حد درگذشتن ۱۲ ...... (ف کے نیچے زیر، حد سے گذرنا۔ ...... ☆ مماثل ...... مشابہ ۱۲ ...... مثل۔ ☆ فاقد گم کردگان مطلوب خود را ۱۲ ...... اپنے محبوب ومطلوب کو گم کرنے والے۔ ...... ☆ وسط ...... میان ۱۲ ...... درمیان۔ ...... ☆ خَردل ...... بالفتح دانہ ایست معروف تیز مزہ کہ بہندی رائی می گویند ۱۲ ...... خ کے زبر سے، ایک مشہور دانہ تیز مزہ، اردو میں اسے رائی کہتے ہیں۔ ۱۲

﴿صہ ۶۹﴾ ۱؎ قولہ وَلٰکِنْ ... الخ :۔ یعنی ہم واصلین ومقربین میں سے ہوگئے ہیں پس نہ شوق نہ وجد وغیرہ باقی نہیں رہا۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ المدح بما یشبہ ... الخ :۔ یہ کسی کے قول کی طرح ہے۔

شعر ۔۔۔ وَلَا عَیْبَ فِیْمَا غَیْرَ اَنَّ سُیُوْ فَھُمْ ۔۔۔ بِھِنَّ فُلُوْلٌ مِّنْ قِرَاعِ الْکَتَائِبِ

ترجمہ:۔ اور ان میں کوئی عیب نہیں سوائے اس کے کہ ان کی تلواریں ایسی ہیں جن کی دھاروں میں دندانے پڑے ہوئے ہیں دشمن کی ڈھالوں سے ٹکرا ٹکرا کر۔ (یعنی وہ اتنے بہادر اور جنگ جو ہیں کہ لڑتے ہوئے ان کی تلواروں کی دھاریں دندانوں کی طرح ہوگئی ہیں، بظاہر تلواروں کی خرابی عیب ہے لیکن اس میں ان کی تعریف ہے کہ وہ بہت جوش وبہادری سے لڑتے ہیں)۔

قولِ حضرت ابی بکر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کی طرح ہے: وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا اِلَّا اَنْ اٰمَنَّا بِاٰیَاتِ رَبِّنَا (ترجمہ:۔ اور تجھ کو ہم سے دشمنی نہیں، مگر صرف یہ کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لائے)۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا قول کسی کے شعر کی طرح ہے:

ہو البدر الا انہ البحر زاخرا ۔۔۔ سویٰ انہ الفرغام لکنہ الوبل

ترجمہ:۔ وہ چودھویں رات کا چاند ہے مگر بے شک وہ سمندر میں موجزن ہے، سوائے اسکے کہ وہ شیر ہے لیکن وہ بڑے بڑے قطروں والی بارش ہے۔

Marfat.com

زائل ہونے کے لئے ایک اور مقام ہے جو پہلے مقام سے زیادہ کامل ومکمل ہے اور وہ ادراک (پانے) سے عجز وناامیدی کا مقام ہے کیونکہ شوق وہاں متصور ہوتا ہے جہاں مطلوب کے حاصل ہونے کی توقع ہو، اور جہاں امید ہی نہ ہو وہاں شوق بھی نہیں ہوتا ــــــ اور جب ایسا کامل شخص جو انتہائے کمال تک پہنچ چکا ہو عالم (جہان) کی طرف واپس لوٹتا ہے تو عالم کی طرف رجوع کرنے کی وجہ سے مطلوب کے گم کرنے کے باوجود بھی شوق اس کی طرف عود نہیں کرتا (یعنی واپس نہیں لوٹتا) کیونکہ اس کے شوق کا زائل ہونا مطلوب کا گم ہونا ثابت ہونے کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ ناامیدی کے باعث تھا اور وہ ناامیدی رجوع کے بعد بھی موجود ہے بخلاف پہلے کامل کے کہ اس کے عالم کی طرف رجوع کرنے کے وقت اس فقدان (گم شدگی) کے پیدا ہونے کے لئے جو پہلے زائل ہوگیا تھا شوق اس کی طرف لوٹ آتا ہے، پس جب اس کے عالم کی طرف رجوع کرنے کے باعث مطلوب کا گم ہونا پایا گیا تو اس کو وہ شوق بھی حاصل ہوگیا جو اس کے زائل ہونے سے جاتا رہا تھا ــــــ یہ نہیں کہا جائے گا

---

٣ ... یہ ادراک سے عجز عوام الناس کے عجز کی مانند نہیں ہے بلکہ یہ وہ عجز ہے جو عین ادراک بلکہ کمال ادراک ہے، یہ گمان نہ کریں کہ معرفت سے عجز جہالت کی طرح ہے، کیونکہ معرفت سے عجز وہ ہے جو واضح طور پر معلوم ہوجائے کہ لا یعرف اللّٰہ الا اللّٰہ (اللہ کی حقیقی معرفت اللہ کے سوا کسی کو نہیں) انسان آئینہ کی طرح ہے اس میں حق سبحانہ وتعالیٰ کی معرفت کی صورت نے عکس ڈالا ہے اور وہ اس جیسا نہیں ہے۔ ۱۲

٤ ... قولہ قهقری :۔ پہلا اور تیسرا حرف دونوں قاف ہیں۔ بمعنی اپنی ایڑیوں کی طرف چلنا، جیسا کہ منہ مغرب کی طرف ہو اور مشرق کی طرف چلنا، قہقریٰ، فَعْلَلی کے وزن پر ہے، اور قہقرہ بروزن زلزلہ مصدر ہے اس کے معنی الٹے قدموں واپس لوٹنا۔ (غیاث)

ـ ... لفظ عَــنْ ہمارے پاس قلمی اور مطبوعہ موجودہ نسخوں میں موجود ہے، یہ زائد ہے اسکی کوئی حاجت نہیں ہے اور یہ بات ظاہر ہے اسکو یاد رکھو، مکتوبات کے عربی مترجم نے اس کو ساقط کردیا ہے۔ اللّٰهم سَلِّم مصححه ومن سعى فيه

☆سخت......یعنی واصل گشتم ۱۲......یعنی محبوب سے وصل حاصل ہوگیا۔......☆مدح......ستودن ۱۲...... تعریف۔......

☆مشابہ بذم......نکوہش ۱۲......اچھائی بظاہر برائی۔......☆وتمام تر ازاں......یعنی مقام مقرب واصل باقی فانی ۱۲......یعنی مُقرَّب واصل باقی فانی کا مقام۔.........

﴿ص۲۰۷﴾ ـ موردہ قولہ :۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ نے فرمایا کہ: مقربین واصلین کیلئے شوق نہیں ہوتا۔ ۱۲

١ ... قولہ صَدَد :۔ (پہلے دونوں حرفوں پر زبر) اس کے معنی نزدیکی ومقابلہ اور کسی چیز کے برابر کے ہیں، مجازی طور پر قصد وارادہ ظاہر کرنے اور پیچھے پڑجانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ ۱۲ (غیاث) المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆تاابدالآباد...۔یعنی ہیچ گاہ ۱۲......ہمیشہ، بے انتہا زمانہ۔......☆متوقع......امید کردہ شدہ ۱۲......امید رکھے ہوئے۔☆سالک راہ روبسیر تفصیلی ۱۲......تفصیلی سیر کیلئے راہ پر چلنے والا (راہِ سلوک)۔......☆لاجرم......لابد ۱۲......ضروری۔......☆ضیق......تنگ نائے ۱۲ تنگ کوچہ۔......☆عروج......بلندی ۱۲......بلند مقام۔......

﴿ص۲۱۷﴾ ـ اے برادر بے نہایت درگہی است ہر چہ بروے میرسی بروے مائیست

ترجمہ:۔ اے بھائی یہ ایسی درگاہ ہے جسکی کوئی انتہا نہیں جو کوئی اسمیں پہنچتا ہے اس پر ہمارا حق ہوتا ہے۔

ـ ... قولہ فان قال قائل ...الخ :۔ حدیث مذکور وَاَنَا اِلَيْهِمْ لَاَشَدُّ شَوْقًا میں جو قول ہے اگر اس پر کوئی سوال کرے۔

☆ابد......یعنی علی الدوام ۱۲......جس میں ہیشگی پائی جائے۔......☆محبوس......مقید ۱۲......قید کیا ہوا۔......☆گوید......مورد ش وانا اليهم لا شد شوقاً است ۱۲......وانا اليهم لاشد شوقاً پر یہ سوال وارد ہوتا ہے۔......

﴿ص۲۱۷﴾ ـ قال فی التلخیص :۔ ومنه المشاكلة ، وهی ذكر الشئ بلفظ غيره لوقوعه فی صحبته تحقيقا او تقديرا فالاول كقوله : شعر قالو اقترح شيأ نُجِد لك طبخه فقلت اطبخو الى جبة وقميصًا

Marfat.com

کہ وصول الی اللہ کے مراتب ابدالآباد تک کبھی ختم نہیں ہوتے پس ان مراتب میں سے بعض کی توقع کی جاتی ہے تو اس وقت (واصل مقرب کے حق میں بھی) شوق کا حاصل ہونا متصور ہوگا اس لئے کہ ہم کہتے ہیں کہ وصول الی اللہ کے مراتب کا منقطع نہ ہونا سیرِ تفصیلی پر مبنی ہے جو اسماء و صفات و شیون و اعتبارات میں واقع ہوتی ہے اور اس (تفصیلی سیر میں سیر کرنے والے) سالک کے حق میں وصول الی اللہ کی نہایت تک پہنچنا متصور نہیں ہے اور اس سے شوق کبھی بھی زائل نہیں ہوتا، اور ہم جس سالکِ واصل کا ذکر کر رہے ہیں وہ ایسا منتہی واصل ہے جس نے اجمالی طور پر ان مراتب کو طے کیا ہے اور ایسے مقام تک پہنچ گیا ہے کہ اس کو کسی عبارت میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے اور اس کی طرف کوئی اشارہ بھی نہیں کیا جا سکتا پس وہاں توقع (امید) ہرگز متصور نہیں ہے، لامحالہ شوق اور طلب اس سے زائل ہو جاتا ہے۔

اور یہ اولیاء اللہ میں سے خاص اولیاء کا حال ہے کیونکہ یہ حضرات وہ ہیں جنھوں نے صفات کے تنگ کوچہ سے عروج کیا ہے اور حضرتِ ذات حق تعالیٰ و تقدس تک پہنچ گئے ہیں بخلاف ان حضرات کے جو صفات الٰہیہ میں تفصیل کے طور پر سالک ہیں اور شیونات میں ترتیب وار سیر کرنے والے ہیں کیونکہ یہ حضرات تجلیاتِ صفاتیہ میں ابدالآباد تک پابند (مقید) رہتے ہیں اور مراتبِ وصول کا حاصل ہونا اُن کے حق میں صفات تک وصول کے سوا اور کچھ نہیں ہیں۔ حضرتِ ذاتِ باری تعالیٰ تک عروج حاصل ہونا صفات و اعتبارات میں اجمالی سیر حاصل ہونے کے سوا متصور نہیں ہے —— اور جس کی سیر اسماء میں تفصیلی طور پر واقع ہوئی وہ صفات و اعتبارات میں مقید ہو کر رہ گیا اور شوق و طلب اُس سے زائل نہ ہوا، اور وجد و تواجد اس سے جدا نہ ہوا —— پس شوق و تواجد والے حضرات تجلیاتِ صفاتیہ والے لوگ ہیں، اور جب تک یہ حضرات شوق و وجد میں رہیں ان کو تجلیاتِ ذاتیہ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا —— پس اگر کوئی شخص یہ کہے کہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی طرف سے شوق ہونے کے کیا معنی ہیں جبکہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے تو کوئی چیز گم نہیں ہوئی ہے —— میں اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ ہوسکتا ہے شوق کے لفظ کا استعمال یہاں پر صنعت مشاکلۃ کے طور پر ہو —— اور اس حدیث میں شدت کا ذکر اس اعتبار سے ہوگا کہ جو کچھ عزیز و جبار حق تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے وہ اس کی نسبت سے شدید اور غالب ہوتا ہے جو کہ ضعیف بندے کی طرف منسوب کیا جائے —— یہ جواب علمائے کرام کے طریقہ پر ہے اور اس ضعیف بندہ (حضرت مجدد قدس سرہ) کے نزدیک مذکورہ اشکال

ونحو تعلم مافی نفسی ولا اعلم مافی نفسك۔ والثانی نحو صبغة الله۔ ترجمہ:۔ یعنی محسنات بدیعیہ سے ایک صنعت مشاکلہ ہے اور وہ کسی چیز کو ایسے لفظ سے ذکر کرنا جو لفظاً اسکے لئے غیر موضوع ہو۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ چیز اس غیر کی صحبت میں تحقیقاً یا تقدیراً واقع ہو۔ صحبت تحقیقی کی مثال جیسے یہ شعر ہے ۔ قالو ا قترح شیأ نجد لك طبخه فقلت اطبخو الی جبة وقمیصًا

ترجمہ:۔ لوگوں نے کہا کہ (فوراً) سوچ سمجھ (ہم سے) سوال کرے ہم تیرے سوال کی ہوئی چیز کو تیرے لئے اچھی طرح پکا دیں گے، تو میں نے کہا کہ میرے لئے ایک جبہ اور قمیص پکا دو۔ اور جیسے (قرآن پاک میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے دن جناب باری میں عرض کریں گے) تعلم مافی نفسی ولا اعلم مافی نفسك (تو جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے اور جو تیرے دل میں ہے میں نہیں جانتا) اور صنعت و تقدیری کی مثال جیسے صبغۃ اللہ (اللہ کا رنگ)۔ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ (تلخیص المفتاح صہ ۱۳۰)

☆ اضافت ...... نسبت ۱۲ ...... تعلق ہونا ...... ☆ ازسکر ...... بالضم مستی ۱۲ ...... مستی، سلوک کی لذت میں مدہوش ہونا ......

☆ سکارٰے ...... جمع سکران بالفتح بمعنی مست ۱۲ ...... سکران کی جمع، س پر زبر، معنی، مست ...... ☆ صحو ...... ہوش ۱۲ ...... سکر کی ضد، ہوش وحواس میں ہونا ......

Marfat.com

کے کئی جواب ہیں جو کہ صوفیائے کرام کے طریقے کے مناسب ہیں لیکن وہ جوابات ایک قسم کا سکر چاہتے ہیں اور سکر کے بغیر ان جوابات کا ذکر کرنا مستحسن (اچھا) نہیں ہے بلکہ جائز ہی نہیں ہے، کیونکہ سکر والے لوگ معذور ہیں اور حالتِ صحو (ہوش) والے پوچھے جائیں گے، اور اس وقت میری حالت خالص اور محض صحو کی ہے، پس ان جوابات کا ذکر کرنا میرے حال کے مناسب و لائق نہیں ہے، بات یہی ہے: وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّهٖ دَائِمًا وَّ سَرْمَدًا۔ (اور اول و آخر سب تعریف حق سبحانہ وتعالیٰ ہی کے لئے ہے اور اس کے نبی کریم پر ہمیشہ ہمیشہ صلوٰۃ و سلام ہو)۔

ستائیسواں مکتوب

سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کی تعریف اور اس سلسلۂ عالیہ کے بزرگوں قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی نسبت کے اعلیٰ ہونے کے بیان میں خواجہ عمک کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت:۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (سب تعریف اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) —— آپ کا نوازشنامۂ گرامی جو آپ نے مہربانی فرما کر اس مخلص کے نام لکھا تھا اس کے صادر ہونے سے بہت خوشی و مسرت حاصل ہوئی —— حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو سلامت رکھے —— یہ فقیر آپ کی خدمت میں سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کی تعریف بیان کرنے کے علاوہ اور کوئی تکلیف دینا نہیں چاہتا۔

میرے مخدوم! اس سلسلۂ عالیہ کے بزرگوں کی تحریروں میں موجود ہے کہ "ہماری نسبت تمام نسبتوں سے بالا تر ہے" نسبت سے ان حضرات کی مراد حضور و آگاہی ہے اور وہ حضور جو ان حضرات کے نزدیک معتبر ہے وہ حضور بے غیبت ہے جس کو ان حضرات نے یادداشت سے تعبیر کیا ہے پس ان بزرگوں کی نسبت سے مراد یادداشت ہے، اور یادداشت کا مطلب جو اس فقیر کی ناقص سمجھ میں آیا ہے اس کی تفصیل اس طرح پر ہے کہ تجلیٔ ذاتی سے مراد حضرتِ ذات تعالیٰ وتقدس کا حضور ہے جو

حاشیہ متن

﴿صہ ۷۳﴾ ۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں، اور سلام اِس کے بندوں پر جن کو اِس نے برگزیدہ کیا۔

۔ ... لَمح:۔ (لام پر زبر) دیکھنا اور ہلکی آنکھ سے دیکھنا۔

☆متن.............بین السطور..........معانی......

☆مبتہج......اسم فاعل ست از ابتہاج بمعنی شادشدن ۱۲......اِبْتِهَاج سے اسم فاعل ہے معنی خوش ہونا۔☆تصدیع ایشان......دردسر رسانیدن۱۲......سردردی پیدا کرنا، سر کو درد پہنچانا۔......☆خواستہ......ارادہ نمودہ ۱۲......ارادہ ظاہر کیا۔......☆یسیر......اندک ۱۲......قلیل، تھوڑا۔......☆متواری......پوشیدہ ۱۲......چھپا ہوا، ڈھانپا ہوا۔......☆استتار......پوشیدہ شدن ۱۲......چھپ جانا۔......

﴿صہ ۷۴﴾ ۱ قولہ ہینئا لارباب النعیم...الخ:۔ یعنی خوش گوار ہو نعمت والوں کو اس کی نعمتیں یعنی جنت، اور عاشق مسکین کو وہی پسند ہے جو گھونٹ گھونٹ پیتا ہے، (یعنی محبوب حقیقی کا اللہ تعالیٰ کے انوار و تجلیات اور محبت میں فنا ہونا)

۲... یعنی چھ سمتیں جو مشہور ہیں۔ آگے، پیچھے، نیچے، اوپر، دائیں، بائیں۔

۳... قولہ ایں نسبت...الخ:۔ یعنی وہ نسبت جو اس وقت متعارف ہے یعنی حضور و شہود جن کا پہلے ذکر ہوا ہے۔ ۱۲

Marfat.com

کہ اسماء صفات وشیون واعتبارات کے ملاحظہ کے بغیر ظاہر ہو —— اور مشائخ نے اس تجلی کو تجلیٔ برقی کہا ہے یعنی ایک ذرا سے لمحہ کے لئے شیون واعتبارات کا اٹھ جانا ثابت ہو جاتا ہے اور پھر ذاتِ حق شیون واعتبارات کے پردہ میں پوشیدہ ہو جاتی ہے۔ پس اس بنا پر حضور بے غَیبت متصور نہیں ہوگا بلکہ تھوڑی دیر کے لئے حضور ہوگا اور اکثر اوقات غَیبت ہوگی۔ لہذا یہ نسبت ان بزرگواروں کے نزدیک معتبر نہیں ہوگی حالانکہ دوسرے سلسلوں کے مشائخ کرام نے اس تجلی کو نہایت النہایت (آخری مقام) کہا ہے اور جس وقت یہ حضور دائمی ہو جائے اور ہرگز پوشیدگی قبول نہ کرے اور ہمیشہ اسماء وصفات وشیون واعتبارات کے پردہ کے بغیر جلوہ گر ہو تو یہ حضور بے غَیبت ہوگا۔ پس ان بزرگوں کی نسبت کو دوسروں کی نسبت کے ساتھ قیاس کرنا چاہیے، اور بلاتکلف دوسروں پر اس سلسلہ کو فوقیت دینی چاہیے، اگرچہ اس قسم کا حضور اکثر لوگوں کے نزدیک بعید معلوم ہوتا ہے، لیکن

؎ هَنِيْئًا لِاَرْبَابِ النَّعِيْمِ نَعِيْمُهَا وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِيْنِ مَايَتَجَرَّعُ

ترجمہ:۔ مبارک منعموں کو ان کی نعمت مبارک عاشقوں کو رنج وحسرت

یہ عالی نسبت اس قدر کمیاب وقلیل الوجود ہوگئی ہے کہ اگر بالفرض اسی سلسلۂ عالیہ (نقشبندیہ) کے مشائخ کے سامنے اس کو بیان کیا جائے تو احتمال ہے کہ ان میں سے اکثر مشائخ اس کا انکار کردیں اور ہرگز یقین نہ کریں —— اور جو نسبت اب اس بزرگ خاندان کے مشائخ میں مشہور ہے اس سے مراد حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا اس طرح پر حضور وشہود ہے کہ شاہد ومشہود ہونے کے وصف سے پاک ہو، اور وہ توجہ مراد ہے جو اُن چھ طرفوں سے خالی ہو جو مشہور ہیں اگرچہ فوق (بلندی) کی طرف گمان پیدا ہوتا ہے اور بظاہر دائمی معلوم ہوتی ہے، اور یہ نسبت (بغیر سلوک کے) صرف مقامِ جذبہ میں پائی جاتی ہے، اور اس کی

۴... التعریب شعروں کا عربی ترجمہ:۔

؎ اِنْ عَابَهُمْ قَاصِرٌ طَعْنًا بِهِمْ سَفَهًا بَرأْتُ سَاحَتَهُمْ مِنْ اَفْحَشِ الْكَلِمِ

ترجمہ:۔ ان نیک لوگوں پر اگر کوئی کم فہم طعنہ زنی کرے بے وقوفی کے طور پر تو کرے میں ان کے دامن کو، ایسی فحش باتوں کی تہمت سے بری قرار دیتا ہوں۔

هَلْ يَقْطَعُ الثَّعْلَبُ الْمِحْتَالُ سِلْسِلَةً قُيِّدَتْ بِهَا أُسْدُ الدُّنْيَا بِأَسْرِهِمُ

ترجمہ:۔ کیا حیلہ ساز لومڑی اس زنجیر کو توڑ سکتی ہے جس کے ساتھ کل دنیا کے شیر وابستہ ہیں۔

۵... خدا تعالیٰ اس کام (کلام) سے دور و پاک ہے۔ ۱۲

۶... قولہ سِلسِلہ:۔ (پہلے اور تیسرے حرف س کے نیچے زیر) معنی لوہے یا سونے چاندی وغیرہ کی زنجیر، ایک کتاب کا نام بھی ہے، مجازاً اس کے معنی نسل، اولاد، اور قرابت کے ہیں، پیرانِ طریقت میں مشہور ومعروف اہل ارشاد کے ناموں کو ترتیب وار ذکر کرنا، اور یہاں یہ آخری معنی مراد ہیں۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

۷... قولہ موہم:۔ میم کی پیش اور ہ کی زیر سے وہم اور غلطی میں ڈالنے والا۔

☆ غرابت...... ندرت وقلت ۱۲...... عمدگی اور کمیابی۔...... ☆ سلسلہ بزرگ...... یعنی نقشبندیہ ۱۲...... مراد سلسلہ نقشبندیہ۔...... ☆ باور ندارند ...... یقین واعتقاد ۱۲...... یقین کرنا، تسلیم کرنا، اعتقاد رکھنا۔...... ☆ متعارف...... مشہور ۱۲...... مشہور۔...... ☆ معرا خالی ۱۲...... تنہا، خالی، سادہ۔...... ☆ جذبہ فقط...... بدون سلوک ۱۲...... سلوک کے بغیر۔...... ☆ احدی...... یکے ۱۲...... کوئی ایک۔...... ☆ بس حاسدے...... نہ در علو آن ۱۲...... نہ اسکی بلندی میں۔...... ☆ جُحُود...... بالضم انکار کردن بدانستگی ۱۲...... ج کے پیش کے ساتھ، باخبر ہوتے ہوئے انکار کرنا۔...... ☆ حاشَ للہ...... پناہ خدا ۱۲...... خدا تعالیٰ کی پناہ۔...... ☆ سلسلہ...... خانوادہ ۱۲...... خاندان، خانوادہ، کنبہ، سلسلۂ طریقت۔......

Marfat.com

برتری کی کوئی وجہ ظاہر نہیں ہے بخلاف اس یادداشت کے جس کی تعریف پہلے بیان ہو چکی ہے جس کا حاصل ہونا جذبہ کی جہت اور سلوک کے مقامات کی تکمیل کے بعد ہے، اور اس درجہ کا بلند مرتبہ ہونا کسی سے پوشیدہ نہیں ہے، اگر پوشیدگی ہے تو صرف اس کے حاصل ہونے میں ہے۔ اگر کوئی حسد کرنیوالا شخص حسد کی وجہ سے اس کا انکار کرے اور کوئی ناقص اپنے نقص وقصور کی وجہ سے جان بوجھ کر اس کا انکار کرے تو وہ معذور ہے۔

قاصرے گر کند ایں طائفہ راطعن وقصور — حاش للہ برآرم بزباں ایں گلہ را
ہمہ شیران جہاں بستہ ایں سلسلہ اند — روبہ از حیلہ چساں بگلسد ایں سلسلہ را

ترجمہ:۔ ایسے لوگوں پر اگر ناقص کرے طعنہ زنی — میں کروں اپنی زباں سے کچھ گلہ؟ توبہ مری
کل جہاں کے شیر وابستہ ہیں اس زنجیر سے — لومڑی توڑے گی اس حلقہ کو کس تدبیر سے

وَالسَّلَامُ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا (اول و آخر میں سلام ہو)

اٹھائیسواں مکتوب

بلندیٔ حال کے بیان میں، لیکن ایسی عبارت میں لکھا گیا ہے، جس سے نزول و بُعد کا وہم پیدا ہوتا ہے، یہ بھی خواجہ عمک کی جانب ارسال کیا گیا۔

عرضداشت:۔ گرامی نامہ جو آپ نے مہربانی فرما کر اس مخلص کے نام ارسال فرمایا تھا اس کے صادر ہونے سے بہت مسرت ہوئی اس کے مطالعہ کا شرف حاصل ہوا — یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ آزاد لوگ قیدیوں کو یاد کریں اور یہ کس قدر بھاری دولت ہے کہ منزلِ قرب پر پہنچے ہوئے (واصل) لوگ جدائی کے مارے ہوئے (نزول کے ساتھ جدا کئے ہوئے) لوگوں کی غمخواری کریں۔ بیچارے ہجر کے مارے ہوئے نے جب اپنے آپ کو وصال کے لائق نہ پایا تو مجبوراً ہجر (جدائی) کے گوشہ میں گمنام ہو گیا اور مقام قرب سے بھاگ کر مقامِ بُعد میں آرام لیا، اور اتصال (ملاپ) سے (دور ہو کر) جدائی کے ساتھ قرار حاصل کیا اور جب (غیرِ حق سے) آزادی کے اختیار کرنے میں (نفس کے تقاضے کے باعث غیر کے ساتھ) گرفتاری دیکھی تو ناچار (رضائے حق کی خاطر مخلوق کے ساتھ) گرفتاری قبول کر لی۔

حاشیہ متن

﴿صہ ۷۵﴾ ۱ قولہ مخمول:۔خُمول (نقطے والی خا پر پیش) سے اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کے معنی گمنامی اور عدم شہرت ہیں۔ ۱۲

۲ ... قولہ فَرق:۔(فا پر زبر) یعنی جدا کرنا کھولنا اور سر کے بالوں کے درمیان مانگ، اسکو فرقِ سر بھی کہتے ہیں اور اس جگہ یہی دوسرے معنی مراد ہیں۔ ۱۲

☆متن............بین السطور............معانی......

☆تنزّل......نزول و پستی ۱۲......اترنا اور نیچان۔......☆تبعد......بعد و دوری ۱۲......فاصلہ اور دوری۔......☆چہ نعمتی......اشارت است بعلو ۱۲......بلندی کی طرف اشارہ ہے، علوِ مرتبت۔......☆گرفتاران......موہم است بنزول ۱۲......نزول کا وہم ڈالنے والا۔......

☆چہ......مشعر بعلو است ۱۲......بلندی کی خبر دینے والا۔......☆مہجوران......موہم بہ بعد است ۱۲......دوری کا وہم ڈالنے والا۔......

Marfat.com

چوں طمع خواہد زمن سلطانِ دیں ــــــ خاک بر فرقِ قناعت بعد ازیں

ترجمہ:۔ جب طمع میری شہ دیں کو ہو پسند ــــــ پھر قناعت پر رہوں کیوں کاربند

بے ربط عبارتوں اور پراگندہ اشاروں کے ساتھ اس سے زیادہ آپ کو کیا تکلیف دی جائے، ثَبَّتَنَا اللّٰہُ تَعَالیٰ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی مُتَابَعَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا۔ (حق سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت پر ثابت قدم رکھے)۔

☆مہجور......جدائی کردہ شدہ و گذاشتہ شدہ ۱۲......جدا کیا ہوا اور چھوڑا ہوا۔......☆اختیار......بجہت داعیہ نفس ۱۲......نفس کی دعوت کی طرف، سے۔☆آزادی......از غیر ۱۲......غیر سے آزادی، گرفتاری کے بغیر، ماسوی اللہ کے ساتھ قلبی تعلق و محبت۔☆گرفتاری......از جہت رضائے حق ۱۲......رضائے حق کی طرف سے۔......☆چون طمع......اندریں بیت اشارت است بمقام عبدیت و رضا ۱۲......اس شعر میں مقامِ عبدیت اور مقامِ رضا کی طرف اشارہ ہے۔......

انتیسواں مکتوب

فرائض کے ادا کرنے اور سنن و مستحبات کی رعایت کرنے کی ترغیب اور فرضوں کے مقابلہ میں نفلوں کے ادا کرنے کی طرف توجہ نہ دینے کے بیان میں، اور عشاء کی نماز کو آدھی رات کے بعد ادا کرنے اور وضو کے مستعمل پانی کے پینے کو جائز سمجھنے اور مریدوں کے سجدہ کرنے کو جائز سمجھنے سے منع کرنے کے بیان میں، شیخ نظام تھانیسری کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت: ۔عَصَمَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَنِ التَّعَصُّبِ وَالتَّعَسُّفِ وَنَجَّانَا وَاِیَّاکُمْ عَنِ التَّلَھُّفِ وَالتَّاَسُّفِ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْبَشَرِ الْمَنْفِیِّ عَنْہُ زَیْغُ الْبَصَرِ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَتَمُّھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا۔ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو تعصب (طرفداری و ہٹ دھرمی) تعسف (غلط راستہ پر چلنے) سے بچائے، اور تلہف وتاسف (افسوس اور رنج وغم کرنے) سے بچائے بطفیل حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم جو کجی بصر سے پاک ہیں، آپ پر اور آپ کی آل پر کامل ترین صلوات اور اکمل ترین تسلیمات ہوں)۔

وہ اعمال جن سے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل ہوتا ہے فرائض ہیں یا نوافل، فرضوں کے مقابلہ میں نفلوں کا کچھ اعتبار نہیں ہے، فرضوں میں سے کسی ایک فرض کا اس کے اپنے وقت میں ادا کرنا ہزار سال کے نوافل ادا کرنے سے بہتر ہے اگرچہ وہ نوافل خلوصِ نیت کے ساتھ ادا کئے جائیں، خواہ وہ نماز، زکوٰۃ، روزہ اور ذکر وفکر وغیرہ میں سے کوئی بھی

حاشیہ متن

﴿صہ۷۵﴾ ۳ مبالات:۔ بضم باک داشتن و اندیشہ کردن، معنی خوف کھانا اور خطرہ محسوس کرنا۔

۴ ... قولہ تَعَصُّب:۔ ص پر پیش اور شد اور ب ایک نقطہ والی، معنی حمایت کرنا، مدد کرنا، حفاظت کرنا، طرف داری کرنا۔ ۱۲

۵ ... قولہ تَعَسُّف:۔ س پر پیش اور شد، غلط راہ چلنا، بے راہ روی اختیاری کرنا۔ ۱۲

۶ ... قولہ اَلتَّلَھُّف:۔ بروزن تَکَلُّف، معنی افسوس کرنا غم کھانا، رنج کرنا، دکھ ظاہر کرنا۔ ۱۲

۷ ... قولہ اَلتَّاَسُّفُ:۔ یہ بھی غم کھانے کے معنی میں ہے۔ ۱۲

۸ ... قولہ ہمیں حکم دارد:۔ نوافل ادا کرنے سے کئی درجہ بہتر ہے۔ ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی اردو پہلا حصہ

Marfat.com

نفل ہو بلکہ ہم کہتے ہیں کہ فرائض کے ادا کرنے کے وقت سنتوں میں سے کسی سنت کی اور مستحبات میں سے کسی مستحب کی رعایت کرنے کا بھی یہی حکم ہے (کہ نوافل ادا کرنے سے بہتر ہے)۔

منقول ہے کہ ''ایک روز امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق ﷺ نے فجر کی نمازِ جماعت سے فارغ ہونے کے بعد مقتدیوں کی طرف دیکھا تو اپنے ساتھیوں میں سے ایک شخص (سلیمانؓ ابن ابی حثمہ) کو اس وقت موجود نہ پایا، (دریافت) فرمایا کہ فلاں شخص جماعت میں حاضر نہیں ہوا؟ حاضرین نے عرض کیا کہ وہ رات کا اکثر حصہ جاگتا رہتا ہے گمان ہے کہ اس وقت سوگیا ہوگا، آپؓ نے فرمایا کہ اگر وہ تمام رات سوتا رہتا اور فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا تو زیادہ اچھا ہوتا''——

۹... حضرت امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی مؤطا میں اس حدیث کو روایت کیا ہے، مشکوۃ میں اس کے الفاظ اس طرح ہیں عن أبی بَکرِ بنِ سُلَیمانَ بْنِ أَبِی حَثْمَةَ قال أنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخطَّابِ رضی اللہ عنہ فَقَدَ سُلَیمانَ بنَ أَبِی حثمة فی صلوٰۃِ الصُّبحِ وأنَّ عمر غَدَا إلَی السُّوقِ ومَسْکَنُ سلیمانَ بَینَ الْمَسْجِدِ والسُّوقِ فَمَرَّ عَلَی الشِّفَا أُمِّ سُلیمانَ، فَقالَ لَها لَمْ أرَ سلیمان فِی الصُّبحِ؟ فَقالَت: إِنَّه بَاتَ یُصلِّی فَغَلَبَتْهُ عَیْنَاهُ، فقال عُمَر: لَأنْ أَشْهَدَ صَلوٰۃَ الصُّبحِ فِی الجَمَاعَةِ أَحَبُّ إِلَیَّ أن أَقُوْمَ لَیْلَةً

(مؤطا، باب ماجاء فی العتمة والصبح) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ:۔ حضرت ابوبکر بن سلیمان بن ابی حثمہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ نے سلیمان بن ابی حثمہ کو صبح کی نماز میں نہ پایا، اور حضرت عمر ﷺ دن چڑھے بازار کی طرف نکلے، سلیمان کا گھر بازار اور مسجد نبوی کے درمیان تھا، حضرت عمر سلیمان کی ماں شِفا کے پاس سے گذرے تو اسے کہا: آج صبح کی نماز میں سلیمان کو میں نے نہیں دیکھا؟ سلیمان کی والدہ ماجدہ نے کہا: وہ رات کو نماز پڑھتے رہے تو صبح نیند کا غلبہ ہوگیا، حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: کہ میں صبح کی نماز جماعت سے پڑھ لوں مجھے اس سے زیادہ پیاری ہے کہ میں رات بھر کھڑا رہوں۔

☆**متن**............ بین السطور............ معانی......

☆**آداب**...... یعنی مستحبات ۱۲...... پسندیدہ عمل۔...... ☆**قلۃ**...... بے پرواشدن ۱۲...... بے پرواہونا۔...... ☆**جنب**...... پہلو ۱۲ مقابل، طرف۔...... ☆**عصمنا اللہ و ایاکم**...... نگہدار دمارا خدائے پاک وشمارا ۱۲...... خدا تعالیٰ ہماری اور تمہاری حفاظت فرمائے ☆**ونجانا وایاکم**...... ونجات بخشد ماراوشمارا ۱۲...... اور ہم اور تم کو نجات بخشے۔...... ☆**ادائے فرضی**...... بیان عدم اعتبار ۱۲...... آگے بیان ہے فرائض کے مقابلہ میں نوافل کی بے اعتباری کا۔ ☆**بہ**...... بہتر ۱۲...... بہت اچھا، عمدہ۔ ☆**حضرت فاروق**...... عمرؓ ۱۲ حضرت عمر فاروق ﷺ ☆**بامداد**...... فجر ۱۲...... صبح کا وقت۔...... ☆**شخصے**...... سلیمان بن ابی حثمہ ۱۲...... مراد سلیمان بن حثمہ ﷺ......

﴿ص۷۶﴾ ۱ قولہ وبدون خرط القتاد... الخ :۔ یعنی آداب شرعیہ کی رعایت کے بغیر اور مکروہات سے اجتناب نہ کرتے ہوئے یہ عمل کرنا خاردار درخت پر ہاتھ ملنے کی طرح ہے، یعنی بے فائدہ تکلیف اٹھانا اور محنت برداشت کرنا ہے۔ ۱۲

۲... دانگ کے وزن میں بہت سے اختلاف ہیں، مگر اکثر محققین کی تحقیق یہ ہے کہ دانگ کا وزن چھ رتی ہے اور لطائف (نام کتاب) میں حصہ اور نصیب کے معنی لکھے ہیں۔ ۱۲

۳... قولہ دران وقت :۔ بحر الرائق میں ہے وأفاد ان التأخیر الی نصف اللیل لیس بمستحب وقالوا إنہ مباح والی بعد مکروہ یعنی اس سے مستفاد ہوا کہ عشا کی نماز کو آدھی رات تک مؤخر کرنا مستحب نہیں ہے اور فقہائے نے اس کو مباح کہا ہے اور آدھی رات کے بعد ادا کرنا مکروہ ہے۔ ۱۲

۴... قولہ مکروہ تحریمی :۔ نیز بحر الرائق میں قنیہ سے منقول ہے تأخیر العشاء الی مازاد علی **نصف اللیل** یکرہ کراھۃ تحریم یعنی عشا کی نماز آدھی رات کے بعد مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ ۱۲

Marfat.com

پس کسی مستحب کی رعایت کرنا اور کسی مکروہ سے بچنا خواہ وہ مکروہ تحریمی نہ ہو، بلکہ مکروہ تنزیہی ہی ہو، ذکر وفکر اور توجہ ومراقبہ سے بہتر ہے——ہاں اگر ان امور (ذکر وفکر اور مراقبہ وغیرہ) کو مستحبات کی رعایت اور مکروہات سے بچنے کے ساتھ جمع کرے تو فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (بہت ہی بڑی کامیابی ہے) وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقَتَادِ (ورنہ بے فائدہ رنج اٹھانا ہے)——مثلاً زکوٰۃ کے حساب میں ایک دانگ (چھ رتی وزن کا سکہ مراد ہے یعنی معمولی رقم) صدقہ کرنا جس طرح سے نفلی طور پر سونے کے بڑے بڑے پہاڑ صدقہ کرنے سے کئی درجہ بہتر ہے——اسی طرح اس دانگ کے صدقہ کرنے میں کسی مستحب کی رعایت کرنا مثلاً اس کا کسی قریبی محتاج کو دینا بھی اس (نفلی صدقہ) سے کئی درجہ بہتر ہے——لہذا عشاء کی نماز کو رات کے دوسرے نصف حصہ میں (آدھی رات کے بعد) ادا کرنا اور اس تاخیر کو قیامِ لیل (نمازِ تہجد کی تاکید) کا ذریعہ بنانا بہت ہی برا ہے، کیونکہ فقہائے احناف ﷺ کے نزدیک عشاء کی نماز کو اس وقت میں (یعنی آدھی رات کے بعد) ادا کرنا مکروہ ہے، بظاہر اس کراہت سے ان کی مراد کراہتِ تحریمہ ہے، کیونکہ ان کے نزدیک نماز عشاء کا آدھی رات تک ادا کرنا مباح ہے اور آدھی رات کے بعد ادا کرنا مکروہ کہا ہے، پس وہ مکروہ جو مباح کے بالمقابل ہے وہ مکروہ تحریمی ہے——اور فقہائے شافعیہ ﷺ کے نزدیک آدھی

---

۵ … قولہ جائز نیست:۔لانہ وارد فی حدیث مسلم ووقت صلوٰۃ العشاء الیٰ نصف اللیل الاوسط ۔ترجمہ:اس لئے کہ مسلم کی حدیث شریف میں وارد ہے: عشاء کی نماز کا وقت (شفق غائب ہونے کے بعد شروع ہوکر) آدھی رات تک (یعنی نصف رات کی بیشی کے بغیر، حنفیہ کے نزدیک یہ حد مختار ہے اور جواز کا وقت طلوع فجر سے ذرا پہلے تک ہے۔) ۱۲

۶ … قولہ تاخیر مستحب است:۔یعنی نماز وتر کے لئے یہ تاخیر اس شخص کے لئے مستحب ہے جسکو تہجد کے وقت جاگنے اور اٹھنے پر پورا اعتماد وبھروسہ ہو، ورنہ نماز وتر بھی سونے سے پہلے پڑھ لینا مستحب بلکہ واجب ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆رعایت……یعنی رعایت آداب واجتناب از مکروہات ۱۲……یعنی آداب کی رعایت اور مکروہات (ناپسندیدہ اعمال) سے پرہیز کرنا۔……

☆فَقَدْ فَازَ ……رستگاری یافت ۱۲……آزادی پائے گا، کامیابی حاصل کرلی۔……☆فَوْزًا عَظِيْمًا…… رستگاری یافتن عظیم ۱۲…… بڑی عمدہ رہائی پائے گا، عظیم کامیابی۔……☆جبال……کوہہائے کلاں ۱۲……بڑے پہاڑ یا بلند پہاڑ۔……☆ذَهَب……بفتحتین بمعنے زر ۱۲ ذ اورہ پر زبر، معنی زر، سونا……☆قیامِ لَیل……یعنی نماز تہجد ۱۲……تہجد کی نماز۔……☆مستنکر……بد ۱۲……برا۔……☆درانوقت نصف اخیر ۱۲……نصف رات کے آخر۔……☆حدث……بفتحتین بے وضو شدن ۱۲……وضو ساقط ہونا، وضو ٹوٹ جانا۔……☆یابہ…… یعنی باوجود وضو وضو کند ۱۲……وضو موجود ہونے کے باوجود (عبادت اور ثواب کے لئے) وضو پر وضو کرنا۔……☆استعمالش……عبادت وثواب ۱۲……عبادت اور ثواب۔……

﴿صہ ۷۷﴾۔ صوفیاء کی اصطلاح میں واقعہ اس کو کہتے ہیں کہ ایسی بات یا امر جو قلب میں پیدا ہو، جس طریق سے بھی ہو خواہ قلب کی قوت سے خواہ اسکے بغیر، یعنی جاگتے ہوئے یا نیند میں جبکہ حواس کا تعطل ضرور ہے، صوفی واقعہ اور مشاہدے کے لئے معروف نیند کا محتاج نہیں ہے۔

مصرع واقعہ بیخواب صوفی راست خو ترجمہ:۔ راست خو (صحیح الطبع) صوفی کو واقعہ بے خواب پیش آتا ہے۔

۱ … قولہ بدانکہ حقیقت سجدہ… الخ:۔ جاننا چاہیے کہ سجدہ کی حقیقت پیشانی کو زمین پر رکھنا ہے اور یہ دو طرح پر واقع ہوتا ہے ایک یہ کہ بندگی کا حق ادا کرنے کے لئے ہو اور یہ قسم تمام مذاہب وملل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کے لئے حرام وممنوع ہے اور کسی صورت میں بھی جائز نہیں ہوا ہے کیونکہ یہ محرماتِ عقلیہ سے ہے۔اور محرماتِ عقلیہ ادیان وملل کی تبدیلی سے تبدیل نہیں ہوتے۔دوم یہ کہ کسی کی تعظیم وتکریم کے لئے ہو جیسا سلام اور سر کو جھکانا اور اس کا حکم رسوم وعادات اور تبدیلی اوقات وزمانہ کے لحاظ سے مختلف ہے کبھی جائز ہے کبھی حرام۔پہلی امتوں میں جائز تھا جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقع میں ہے، کہ خَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا اور فرشتوں کا حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنا اسی طریق پر تھا۔اور ہماری شریعت میں یہ طریقہ

Marfat.com

رات کے بعد عشاء کی نماز ادا کرنا جائز ہی نہیں ہے —— لہذا قیامِ لیل یعنی نماز تہجد کے لئے اور اس وقت میں ذوق وجمعیت حاصل ہونے کے لئے اس امر (تاخیر نمازِ عشاء بعد نصف شب) کا مرتکب ہونا نہایت برا ہے، اس مقصد کے لئے نمازِ وتر کی ادائیگی میں (بعد نصف شب تک) تاخیر کرنا بھی کافی ہے، اور یہ تاخیر مستحب بھی ہے، وتر بھی افضل وقت میں ادا ہو جاتے ہیں اور قیامِ لیل (نمازِ تہجد) اور صبح کے وقت جاگنے کا مقصد بھی حاصل ہو جاتا ہے لہذا اس عمل (تاخیر نمازِ عشاء بعد نصف شب) کو ترک کرنا چاہیے اور گذشتہ دنوں کی نمازوں کو پھر سے ادا کرنا چاہیے —— امام اعظم کوفی ﷺ نے وضو کے مستحبات میں سے کسی ایک مستحب کے ترک ہونے کی وجہ سے چالیس سال کی نمازوں کو قضا فرمایا تھا۔

اور نیز مستعمل پانی جس سے حدث کو دور کیا ہو (یعنی وضو کا مستعمل پانی ہو) یا وہ مستعمل پانی جس کو قربت یعنی عبادت وثواب کی نیت سے وضو میں استعمال کیا ہو (یعنی باوجود وضو ہونے کے ثواب کی نیت سے پھر وضو کیا ہو تو اس وضو کا مستعمل پانی) لوگوں کے لئے اس پانی کا پینا جائز نہ کریں، کیونکہ وہ پانی امام اعظم ﷺ کے نزدیک نجس مغلّظ (یعنی نجاستِ غلیظہ ہے) اور فقہا نے اس پانی کے پینے سے منع فرمایا ہے اور اس کے پینے کو مکروہ کہا ہے —— ہاں وضو کے بچے ہوئے پانی کے پینے کو شفا کہا ہے، اگر کوئی شخص اعتقاد کے ساتھ طلب کرے تو اس کو وہ پانی (یعنی وضو کا بچا ہوا پانی) دے سکتے ہیں —— اس فقیر کو اس دفعہ دہلی میں اس قسم کی آزمائش پیش آئی تھی (یعنی) بعض دوستوں کو واقعہ (حال) میں دکھایا گیا کہ اس فقیر کے وضو کے مستعمل پانی کو پئیں ورنہ بڑی تکلیف لاحق ہو جائے گی، (فقیر نے) بہت زیادہ منع کیا مگر کوئی نتیجہ نہ نکلا، آخر کار فقہ کی کتابوں کی طرف رجوع کیا تو نجات کی ایک صورت نکل آئی کہ اگر ہر عضو کو تین مرتبہ دھونے کے بعد چوتھی مرتبہ دھویا جائے اور اس میں قربت یعنی عبادت وثواب کی نیت نہ کی جائے تو چوتھی مرتبہ کا پانی مستعمل نہیں ہوگا —— یہ حیلہ تجویز کر کے عبادت وثواب کی نیت کے بغیر چوتھی مرتبہ کے دھونے کا مستعمل پانی ان حضرات کو پینے کے لئے دیا۔

حدیث متواترہ کی رہنمائی میں جو اس باب میں وارد ہوئی ہیں۔ حرام وممنوع ہے۔ کذا فی التفسیر العزیزی —— اور امراء وعلماء اور مشائخ کے لئے زمین کو بوسہ دینا بھی حرام ہے اور اس فعل کے کرنے والا اور اس سے خوش وراضی ہونے والا دونوں گنہگار ہوں گے۔ کذا فی الکافی فقیہ ابو جعفر رحمہ اللہ نے کہا کہ جو شخص بادشاہ یا امیر کے سامنے زمین کو بوسہ دے یا سجدہ کرے اگر وہ سجدہ تعظیمی ہوگا اس سے وہ شخص کافر تو نہیں مگر گناہگار ہو جائیگا اور گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا اور اگر عبادت کی نیت سے کرے گا تو کافر ہو جائیگا اور اسی طرح اگر کچھ بھی نیت موجود نہیں ہوگی تو اکثر علماء کے نزدیک وہ کافر نہیں ہوگا۔ اور زمین کو بوسہ دینا، رخسار یا پیشانی زمین پر لگانے سے کم درجہ پر ہے۔ کذا فی الظہیر یہ اور طیبی نے محی السنۃ سے نقل کیا ہے کہ کمر کا جھکانا مکروہ ہے کیونکہ صحیح حدیث کی رو سے اس کی نہی وارد ہے۔ اگرچہ ان میں سے بہت سے جو علم وصلاح سے منسوب ہیں ایسا کرتے ہیں ان پر اعتماد واعتبار نہیں کیا جاسکتا اور مطالب المؤمنین میں شیخ ابو منصور سے نقل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے سامنے زمین کو بوسہ دے یا کمر یا سر کو جھکادے وہ شخص کافر نہیں ہوتا بلکہ گنہگار ہوتا ہے اور بعض مشائخ نے کہا ہے۔ کادا لا نخناء ان یکون کفراً (یعنی کمر کو جھکانا کفر کے قریب ہے۔) کذا فی ترجمۃ المشکوٰۃ الشیخ عبدالحق الدہلوی رحمہ اللہ علیہ وقدس سرہٗ —— ترجمہ زوار یہ۔

۲... قولہ وآں علم: یعنی اعمال کی پہچان اور ہر عمل کی کیفیت معلوم کرنا علم احکام ہے، معاملات اور خرید وفروخت کا علم۔ اور ایسی ہر چیز کا علم واجب ہے۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ ابتلا...... امتحان ۱۲...... آزمائش۔...... ☆ بعضے...... بیان ابتلاء ۱۲...... ابتلاء میں مبتلا بعض دوستوں کا ذکر۔...... ☆ اِلّا...... ورنہ ۱۲ اگر نہیں تو، سوائے۔...... ☆ تثلیث...... سہ بار ۱۲...... تین بار۔...... ☆ غَسل...... بالفتح شستن ۱۲...... غ کی زبر سے، معنی دھونا۔......

Marfat.com

اور نیز معتبر آدمیوں نے بیان کیا ہے کہ آپ کے بعض خلفاء کو ان کے مرید سجدہ کرتے ہیں اور زمین بوسی پر بھی کفایت نہیں کرتے، اس فعل کی برائی آفتاب سے بھی زیادہ (یعنی خوب اچھی طرح) ظاہر ہے، آپ اِن کو منع کریں اور منع کرنے میں تاکید سے کام لیں۔ اس قسم کے افعال سے پرہیز کرنا ہر شخص کے لئے ضروری ہے، خاص طور پر جو شخص لوگوں کا پیشوا و مقتدا بنا ہوا ہو، اس کو اس قسم کے افعال سے پرہیز کرنا اشد ضروری ہے کیونکہ اس کے پیرو اس کے اعمال کی پیروی کریں گے اور مصیبت میں گرفتار ہو جائیں گے۔

اور نیز اس جماعت کے علوم، احوال کے علوم ہیں۔ اور احوال، اعمال کے نتیجے وثمرات ہیں، اور احوال کے علوم سے اسی شخص کو میراث (ورثہ) ملتی ہے جس نے اعمال کو درست کیا ہو اور ان کا حق ادا کرنے پر قائم رہا ہو۔ اور اعمال کی درستی اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ اعمال کو پہچانے اور ہر عمل کی کیفیت کو جانے، اور وہ احکام شرعیہ یعنی نماز وروزہ اور باقی فرائض معاملات ونکاح وطلاق وخرید وفروخت اور ہر اس چیز کا علم ہے جس کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس پر واجب کیا ہے اور اس کو اس کی طرف دعوت دی ہے، اور یہ علوم کسب (اپنی محنت) سے حاصل ہوتے ہیں ان کے سیکھنے سے کسی شخص کو بھی چارہ نہیں ہے۔

اور علم دو مجاہدوں کے درمیان ہے، ایک مجاہدہ علم کے حاصل ہونے سے پہلے اس کی طلب میں ہوتا ہے اور دوسرا مجاہدہ علم حاصل ہونے کے بعد اس کے استعمال (اس پر عمل کرنے) میں ہوتا ہے۔ پس جس طرح آپ کی مبارک مجلس میں تصوف کی کتابوں میں سے کچھ بیان ہوتا رہتا ہے اسی طرح فقہ کی کتابوں میں سے کچھ بیان ہوتا رہنا چاہیے، اور فقہ کی کتابیں فارسی

☆ قربت...... عبادت وثواب ۱۲...... عبادت اور ثواب۔...... ☆ بخور ردنش...... آن یار کہ واقعہ دیدہ بود ۱۲...... وہ دوست جس نے وہ واقعہ (پانی پینے کا) دیکھا تھا۔...... ☆ شناعت...... بالفتح زشت شدن وزشتی ۱۲...... ش پر زبر، معنی برا ہونا، برائی۔ ☆ اظہر من الشمس...... ظاہر تراز آفتاب ۱۲...... آفتاب (سورج) سے زیادہ روشن (واضح)۔...... ☆ اجتناب...... پرہیز ۱۲...... بچنا۔...... ☆ را برآورده...... یعنی مقتدائے مردم شدہ باشد ۱۲...... یعنی لوگوں کا مقتدا (پیشوا) بن چکا ہو۔...... ☆ آن...... او ۱۲...... وہ یا اُس۔...... ☆ مواریث...... نتائج وثمرات ۱۲...... نتیجے اور ثمرات۔...... ☆ وکسی...... تفسیر ۱۲...... پہلے کی تفصیل۔...... ☆ سائر...... باقی ۱۲...... بقایا۔...... ☆ اکتسابیہ کہ محتاج اند باکتساب یعنی بسعی خود حاصل کردن ۱۲...... اکتساب کرنے کے محتاج یعنی اپنی کوشش سے خود حاصل کرنا۔...... ☆ مجاہدہ...... محنت ومشقت برداشتن وکوشش کردن ۱۲...... یعنی محنت ومشقت کو برداشت کرنا۔...... ☆ استعمال...... بعمل درآوردن ۱۲...... اور عمل میں لانا۔......

﴿صہ ۸۷﴾ ۱ قولہ درنمی آید:۔ کسی نے کیا اچھا کہا ہے۔ ؎ مغرور سخن مشو کہ توحید خدا واحد دیدن بود نہ واحد گفتن

ترجمہ:۔ (اے شخص) صرف زبانی کہنے پر مغرور نہ ہو کیونکہ خدا تعالیٰ کی توحید اِس کو واحد دیکھنا ہے نہ کہ (صرف) واحد کہنا۔

پس زبان سے کہنے اور وجدان سے پانے میں بہت فرق ہے اور کسی چیز کے متعلق کان سے سننے اور اس چیز کو خود حاصل کر لینے میں بہت درجے ہیں، جتنی بار بھی (چاہے) تو شکر کا نام لے جب تک تو شکر نہیں کھائے گا تیرا منہ (دہن) میٹھا نہیں ہوگا۔ تو کستوری کی کتنی بھی تعریف کرے۔ جب تک سونگھے گا نہیں معطر نہیں ہوگا۔ ۱۲

☆ اِطناب...... بالکسر دراز کردن سخن وبسیار گفتن ۱۲...... الف کی زیر سے، بات لمبی اور زیادہ گفتگو کرنا۔...... ☆ اَلْقَلِیْلُ یَدُلُّ عَلَی الْکَثِیْر اندک دلالت نماید بر بسیار ۱۲...... تھوڑی چیز زیادہ پر دلالت کرتی ہے۔ (قطرہ دریا کی دلیل ہے) ☆ رزقنا اللہ سبحانہ ... حبیبہ ارزانی فرماید حق سبحانہ مارا وشمارا کمال متابعت حبیب خود ۱۲...... اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو اپنے حبیب ﷺ کی پوری پوری متابعت نصیب فرمائے۔......

Marfat.com

میں بہت ہیں مثلاً مجموعہ خانی، عمدۃ الاسلام وکنز فارسی، بلکہ اگر تصوف کی کتابوں میں سے بیان نہ بھی کیا جائے تو کچھ مضائقہ نہیں کیونکہ وہ احوال سے تعلق رکھتی ہیں اور بیان کرنے میں نہیں آتیں اور فقہ کی کتابوں میں سے بیان نہ ہونے میں نقصان کا احتمال ہے اور زیادہ لمبی گفتگو کیا کی جائے اَلْقَلِیْلُ یَدُلُّ عَلَی الْکَثِیْرِ (تھوڑی بات کثیر پر دلالت کرتی ہے)۔

اند کے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم   کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

ترجمہ:۔ بہت تھوڑی کہی ہے ڈرتے ڈرتے داستان غم   کہیں آزردہ ہوجائے نہ دل تیرا، میرے ہمدم

رزقنا اللّٰہ سبحانہ وایاکم کمال اتباع حبیبہ علیہ وعلیٰ الہ الصلوات والتسلیمات (حق تعالیٰ ہم کو اور آپ کو اپنے حبیب ﷺ کی پوری پوری متابعت نصیب فرمائے) (آمین)

تیسواں مکتوب

شہود آفاقی وانفسی اور شہودِ انفسی وتجلی صوری کے درمیان فرق کے بیان میں اور مقام عبدیت کی شان کی بلندی اور اس مقام کے علوم کی علومِ شرعیہ کے مطابق ہونے اور اس کے مناسب امور کے بیان میں، مُلّا محمد صدیق جو کہ اس درگاہِ (مجددیہ) کے پرانے خادموں میں سے ہیں فرماتے تھے کہ یہ مکتوبِ گرامی بھی شیخ نظام تھانیسری کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت:۔ شَرَّفَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ بِکَمَالِ الْاِتِّبَاعِ الْمُحَمَّدِیِّ وَزَیَّنَکُمْ بِالزِّیِّ السَّنِیِّ الْمُصْطَفَوِیِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ مِنَ الصَّلَوٰاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّحِیَّاتِ اَکْمَلُھَا (حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع سے مشرف فرمائے، اور آپ کو آنحضرت ﷺ کی روشن وضع وقطع ولباس سے آراستہ فرمائے)۔

میں نہیں جانتا کہ کیا لکھوں، اگر اپنے مولا تعالیٰ وتقدس (اللہ تعالیٰ) کی پاک بارگاہ کی نسبت کوئی بات زبان پر لاؤں تو جھوٹ اور بہتان ہوگا، حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی اعلیٰ بارگاہ اس سے بہت بلند ہے کہ مجھ جیسا بیہودہ گو اپنی زبان سے اس کی تعریف کرے، چوں (مثل ومانند) بے چون (بے مثل) کے بارے میں کیا بیان کرے، مُحدَث (غیر ازلی) قدیم (ازلی) کے متعلق

حاشیہ متن

﴿صہ۸۷﴾ ۲ قولہ شرفکم اللّٰہ:۔ یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع سے مشرف فرمائے اور آپ کو آنحضرت ﷺ کی روشن وضع قطع اور لباس سے آراستہ فرمائے۔ ۱۲

۳ ... قولہ زِیّ:۔ زیرے اور یا پرشد، اس کا معنی کپڑا اور لباس ہیں۔ سَنِیّ س پر زبر اور یا پرشد، بمعنی بلند اور روشن۔ ۱۲

۴ ... حضرت سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:۔

گر کسے وصفِ اوزمن پرسد   بیدل ز بے نشاں چہ گوید باز
عاشقان کشتگانِ معشوق اند   بر نیاید ز کشتگان آواز
اے برتر از خیال وقیاس وگمان ووہم   واز ہرچہ گفتہ اند وشنیدیم وخواندہ ایم
دفتر تمام گشت وبپایان رسید عمر   ماہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

ترجمہ:۔ اگر کوئی شخص مجھے باری تعالیٰ کے اوصاف کے بارے میں پوچھے (ظاہر ہے) میں پھر بے دل بے نشان کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں عاشق تو معشوق کی محبت میں کشتہ شدہ (مارے ہوئے) ہیں۔ مرے ہوؤں سے آواز نہیں نکلتی، اے وہ ذات جو خیال، وہم، گمان اور قیاس سے بالاتر ہے، جو کچھ لوگوں نے کہا ہے اور ہم نے سنا ہے اور پڑھا ہے، تمام دفتر ختم ہوگئے ہیں اور عمر انجام کو پہنچ گئی ہے لیکن ہم ابھی تیرے پہلے ہی وصف میں (گم) ہیں۔ ۱۲

Marfat.com

کیا ڈھونڈے، مکانی (محدود) لامکانی (لامحدود) کے بارے میں کب تک دوڑے، بے چارہ اپنی ذات سے باہر کچھ نہیں رکھتا اور اپنے آپ کے علاوہ کسی چیز میں کچھ گذر نہیں رکھتا۔

ے ذرّہ گر بس نیک ور بس بد بُوَد — گرچہ عمرے تگ زَند در خود بُوَد

ترجمہ: ذرہ خواہ نیک ہو یا بد، مگر — عمر بھر دوڑے، رہے گا بس وہیں

یہ معنی بھی سیر انفسی میں حاصل ہوتے ہیں جو کہ کام کی انتہا میں میسر ہوتی ہے۔ حضرت خواجہ بزرگ خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس نے فرمایا ہے کہ اہل اللہ فنا و بقا کے بعد جو کچھ دیکھتے ہیں اپنی ذات میں دیکھتے ہیں اور جو کچھ پہچانتے ہیں اپنی ذات میں پہچانتے ہیں اور ان کی حیرت اپنے وجود میں ہوتی ہے، وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ (ذاریات: ۲۱ ترجمہ: اور کیا تم اپنے نفسوں (جانوں) میں نہیں دیکھتے ہو)—— اس سے پہلے جو سیر بھی ہے وہ سیر آفاقی میں داخل ہے جس کا حاصل کچھ حاصل نہ ہونا اور یہاں بے حاصلی کے لفظ کا اطلاق اصل مطلب کے حاصل ہونے کی نسبت سے ہے ورنہ وہ منجملہ شرائط و آمادہ کرنے والے امور کے ہے—— شہودِ انفسی سے کوئی شخص وہم میں نہ پڑے اور اس کو تجلی صوری کے شہود کی مانند جو کہ متجلّٰی لہٗ (جس کو تجلی منکشف ہو) کے نفس میں ہے خیال نہ کرے، ایسا ہرگز نہیں ہے، تجلی صوری خواہ کسی قسم کی ہو سیرِ آفاقی میں داخل ہے اور علم الیقین کے مرتبہ (مقام) میں حاصل ہوتی ہے اور شہودِ انفسی حق الیقین کے مرتبہ (مقام) میں ہے جو کہ کمال کے مرتبوں کی انتہا ہے۔ اور شہود کا لفظ اس جگہ عبارت کے میدان کی تنگی کی وجہ سے بولا گیا ہے ورنہ جیسا کہ ان کا مطلب بے چون و بے چگون (بے مثل و مثال) ہے اس مطلب کے ساتھ ان کی نسبت بھی بے چون و بے چگون (بے مثل و بے مثال) ہے چون کو بیچون کی طرف کوئی راہ نہیں ہے،

---

۵ ... قولہ این معنی: ۔ یہ دانائی اور معرفت اور دانش—— یہ جو کچھ لوگوں کی زبانوں پر آیا ہے اسکی جناب کبریائی اس سے بالاتر ہے۔ یہ سب کچھ آخر میں میسر آتا ہے نا کہ ابتدا میں۔ پس اس کی معرفت سے سوائے حیرت و نادانی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ بلکہ ملائکہ کو بھی کچھ حاصل نہیں ہے جیسا کہ کہا گیا ہے العجز عن الا دراك إدراك (یعنی ادراک سے عاجز رہنا ہی ادراک ہے) ۱۲

۶ ... قولہ سیر انفسی: ۔ جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد قدس سرہ نے سیر انفسی اور سیر آفاقی کی تفصیل اور معنی مکتوبات کی دوسری جلد مکتوب ۴۲ میں ذکر فرمائے ہیں وہاں سے ملاحظہ کرنا چاہیے ۱۲ مصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن.............بین السّطور............معانی......

☆ کذب......دروغ ۱۲......جھوٹ، غلط بیانی۔...... ☆ افترا...... بہتان ۱۲......تہمت، الزام۔...... ☆ ہرزہ......بالفتح بیہودہ گفتن ۱۲ ھا پر زبر، غیر دانشمندانہ بولنا، بیہودہ باتیں کرنا۔...... ☆ چون...... بامثل ۱۲......مثل و مانند۔...... ☆ بیچون...... بے مثل ۱۲...... بے طرح، بے مثال۔...... ☆ مُحدَث......نو پیدا ۱۲......جدید۔...... ☆ قدیم......ازلی ۱۲......ازلی۔......

﴿ص۷۹﴾ ۱ قولہ وفی انفسکم ... الخ: ۔ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ حٰم (۲۶) سورہ ذاریات میں ہے، یعنی کیا تمہاری جانوں میں جو نشانیاں ہیں تم ان کو نہیں دیکھتے۔ ۱۲

۲ ... قولہ اطلاق لفظ ... الخ: ۔ یہ سوالِ مقدر کا جواب ہے اور دونوں کی تقریر بالکل ظاہر ہے۔ ۱۲

۳ ... قولہ مُعِدّات: ۔ م پر پیش اور ع کے نیچے زیر اور د پر شد، یہ مُعِدّ کی جمع ہے، اس کے معنی آمادہ کرنے والا تیار کرنے والا۔ ۱۲

۴ ... قولہ حَاشَا وَ کَلّا: ۔ حاشا کلمہ تنزیہ ہے (پاکیزگی) یعنی ہر عیب سے دور اور پاک ہے۔ حَاشَا لِلّٰہ یعنی اللہ پاک ہے، کَلّا: ک پر زبر اور ل پر شد، کَلّا جھڑکنے اور تنبیہ کرنے کے لئے مستعمل ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ نَسْنَاس: ۔ دونوں ن پر زبر اور دو س بغیر نقطہ کے، ایک حیوان کی قسم ہے، جو ایک پاؤں سے کوشش کرتا (چلتا) ہے، حٰیوۃ الحیوان کے مصنف نے لکھا ہے: پہلے ن کے نیچے زیر سے، نِسناس حیوانوں کی قسم سے ہے جو نصف آدمی کی صورت میں ہوتا ہے، اسی وجہ سے اس کا ایک کان، ایک ہاتھ اور

Marfat.com

مثنوی
اتصالے بے تکیف بے قیاس — ہست رب الناس راباجانِ ناس
لیک گفتم ناس را، نسناس نہ — ناس غیر از جانِ جاں اشناس نہ

ترجمہ:۔ اتصال اللہ کا انسان سے — ہے کچھ ایسا، کب بیاں میں آسکے
ذکر یاں انسانِ ناقص کا نہیں — بلکہ جو ہو مرد کامل بالیقیں

اور شہودِ صوری مذکور کے ساتھ شہودِ انفسی کے متحد ہونے کا وہم پیدا ہونے کی جگہ ان دونوں مقامات میں آدمی کے بقا کا حاصل ہونا ہے کیونکہ تجلی صوری (متجلی لہٗ کو) فنا کرنے والی نہیں ہے، اگرچہ قیود میں سے کسی قید کو کسی قدر دور کر دیتی ہے لیکن فنا کی حد تک نہیں پہنچاتی پس اس تجلی میں سالک کے وجود کا باقی رہنا پایا جاتا ہے اور سیر انفسی خود پوری پوری فنا اور کامل ترین بقا کے بعد ہے، پس ناچار معرفت کی کمی کی وجہ سے ان دونوں بقاؤں میں فرق نہیں کر سکتے، اس لئے مجبوراً اتحاد (ایک ہی ہونے) کا حکم لگا دیتے ہیں —— اگر ان کو معلوم ہو جائے کہ دوسری بقا ان کے نزدیک بقا باللہ سے تعبیر کی گئی ہے اور وہ اس وجود کو وجودِ موہوب حقانی یعنی سبحانہٗ وتعالیٰ کا بخشا ہوا وجود کہتے ہیں تو شاید اس وہم سے نجات حاصل کر لیں۔

اس مضمون سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ بقا باللہ سے مراد یہ ہے کہ سالک اپنے آپ کو حق تعالیٰ وتقدس کا عین پائے، ایسا ہرگز

ایک پاؤں ہوتا ہے، آدمیوں کی طرح عربی میں کلام کرتا ہے، تاریخ بهجة العالم میں لکھا ہے کہ نسناس عدن اور عمان کے علاقہ میں بہت پایا جاتا ہے، وہ ایک جانور ہے جو آدھے آدمی کی طرح کا ہوتا ہے، ایک ہاتھ، ایک پاؤں اور ایک آنکھ رکھتا ہے اور اس کا ہاتھ سینہ پر ہوتا ہے اور عربی زبان میں باتیں کرتا ہے، وہاں لوگ اس کا شکار کرتے ہیں اور کھاتے ہیں ۱۲

ؒ ... قـولـه نـاس غيـراز ...الـخ:۔ پہلے لفظ جان کے نون کے نیچے زیر ہے اور دوسرا موقوف ہے (جانِ جاناں سے مراد محبوب حقیقی ہے) یعنی جو حق ناشناس ہیں اور محبوبِ حقیقی کی پہچان نہیں رکھتے وہ انسان نہیں ہیں، خلاصہ یہ کہ جان جاناں (محبوبِ حقیقی) کی شناسائی و معرفت کے بغیر انسان نہیں ہے یہ صورت انسانی تو رکھتا ہے لیکن معنویت سے محروم ہے۔

بیت — این نہ مرد انند اینہا صورت اند — مردۂ نان اند کشتۂ شہوت اند

ترجمہ:۔ یہ مرد نہیں ہیں بلکہ صرف ظاہری صورت ہیں، باسی روٹی ہیں اور شہوت کے مارے ہوئے (بندے) ہیں۔ ۱۲

☆پیش......قبل ۱۲......پہلے۔......☆اِلّا......ورنہ ۱۲......اور اگر نہیں تو......☆دررنگ......مانند ۱۲......مثل، طرح۔......☆اِلّا ورنہ ۱۲......ورنہ۔......☆بیچون......بے شبہ۱۲......بے مثال۔......☆بیچگونہ......بے نمونہ ۱۲......بے مثال۔......☆ربُّ الناس پروردگار مردم ۱۲......لوگوں کا پالنے والا۔......☆ناس......مردم ۱۲......لوگ۔......☆ناس......مرد کامل و عارف واصل ۱۲......مرد کامل اور صاحب قرب و معرفت۔......☆مفنی......یعنی متجلی لہٗ را فنا کنندہ نیست ۱۲......جس پر تجلی ہو اسکو فنا نہیں کرتا۔......☆خود......البتہ ۱۲ خود۔......☆این......یعنی یافتن خود عین حق تعالیٰ وتقدس ۱۲......یعنی خود کو حق تعالیٰ وتقدس کا عین جاننا۔......

﴿صہ۸۰﴾ لٖ قوله بوجود عدم...الخ:۔ جاننا چاہیے کہ عدم جو اس سلسلہ عالیہ کے اکابر کی عبارتوں میں آتا ہے اس سے مراد اس اسم الٰہی جل شانہٗ کی ہستی کا ورود ہے جو کہ عارف کا مبداء تعین ہے پردوں کے پیچھے سے جذب و محبت کے راستہ سے سالک کی (قوت) مدرکہ پر جس کے پہلو میں سالک کی ہستی چھپ جاتی ہے اور سالک اپنے آپ کو اور اپنے اوصاف کو گم کر دیتا ہے اور نہیں پاتا۔ اور وجود عدم سے مراد اس ہستی کا ثابت ہونا یعنی وجود و بقاء جو عدم پر مرتب ہوتی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ وجود عدم سے مراد حالت عدمیہ کے ساتھ متحقق ہونا ہے یعنی سالک کے اندر صفتِ عدم کا پیدا ہونا اور یہ عدم اور وجود عدم بمعنی اول جہتِ جذبہ میں فنا و بقا ہے اس ظہور کو ہمیشگی (دوام) نہیں، پس جو فنا و بقا اس پر مرتب ہوگی وہ بھی دائمی نہیں ہوگی اور وجود بشریت کی طرف عود کرنے سے محفوظ نہیں ہوگی، جبتک وہ ظہور واقع ہے۔ (اس وقت تک سالک) کی ہستی چھپی ہوئی ہے اور جب وہ ظہور پوشیدہ ہو جائے گا وجود بشریت عود کر آئے گا۔ (از مکتوبات حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ)

Marfat.com

نہیں ہے — اگر اس گروہ کی بعض عبارتوں سے یہ مطلب بھی ظاہر ہوتا ہو تو ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ یہ بقا (یعنی اپنے آپ کو حق تعالیٰ کا عین معلوم کرنا) جذبہ کے مقام میں بعض حضرات کو استہلاک (استغراق) واضمحلال (نیستی) کے بعد جو کہ فنا کے مشابہ ہے (درحقیقت فنا نہیں ہے) اور اکابر نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم اس کو وجودِ عدم سے تعبیر کرتے ہیں اور یہ (حقیقی وکامل) فنا سے پہلے حاصل ہوتی ہے اس کا زائل ہونا ممکن ہے بلکہ وہ زائل ہوتی رہتی ہے، کبھی اس (فنا) کو اس سے (صارف) سے لے لیتے ہیں اور کبھی اس کو واپس دے دیتے ہیں — اور وہ بقا جو کامل فنا کے بعد حاصل ہوتی ہے وہ زائل ہونے سے محفوظ اور خلل واقع ہونے سے مامون ہے۔ ان بزرگوں (اکابر نقشبندیہ) کی فنا ہے یہ حضرات عینِ بقا میں فانی اور عین فنا میں باقی ہیں، اور جو فنا و بقا زوال پذیر ہیں وہ احوال وتلوینات میں سے ہیں اور ہم جس فنا کا ذکر کر رہے ہیں وہ ایسی نہیں ہے۔

حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ نے فرمایا ہے کہ وجودِ عدم وجودِ بشریت کی طرف عود کرتا ہے لیکن وجود فنا وجودِ بشریت کی طرف عود نہیں کرتا پس لازمی طور پر اُن کا وقت دائمی ہوگا اور حال سرمدی (ہمیشہ) ہوگا بلکہ اُن کے لئے نہ وقت ہے نہ حال۔ ان کا کام وقتوں کے پیدا کرنے والے (یعنی حق تعالیٰ) کے ساتھ ہے اور ان کا معاملہ احوال کے پھیرنے والے کے ساتھ ہے، لہٰذا زوال کا قبول کرنا وقت وحال کے ساتھ مخصوص ہوا اور جو شخص وقت وحال سے گذر گیا وہ زوال سے محفوظ ہے — ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿ (سورہ الجمعہ۔۴: یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عنایت فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے) — کوئی شخص یہ گمان نہ کرے کہ وقت کا دائمی ہونا اس وقت کے تعین وغیرہ کا اثر باقی رہنے کے اعتبار سے کہا گیا ہے (نہ کہ وقت کی وجہ سے) یہ بات نہیں ہے بلکہ دوام عین وقت کے لئے

---

۲ ... قولہ پیش از فنا... الخ:۔ یعنی فنائے اتم واکمل یعنی فنا حقیقی سے پہلے جس سے مراد (مطلوب) محبوب کی ہستی کا عارف پر اس قدر غلبہ ہونا کہ تمام تعلقات سے خالی ہو جائے۔ ۱۲

۳ ... قولہ وجود فنا:۔ وجود فنا سے مراد وہ بقا ہے جو فنائے حقیقی پر مرتب ہوتی ہے اور دوسری ولادت میں موہوب وجود کے ساتھ موجود ہو جاتی ہے اس فنا و بقا کو دوام لازمی ہے اور یہ وجود بشریت کی طرف عود کرنے سے محفوظ ہے۔ ۱۲ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ

۴ ... قولہ کے گمان نکند ... الخ:۔ یہ عبارت حضرت مجدد قدس سرہٗ کے قول "ہر آئینہ وقتِ ایشاں دائمی باشد... الخ" سے متعلق ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ لابل الدوام ... الخ:۔ یعنی یہ بات نہیں بلکہ دوام عین وقت کے لئے ہے اور مدام (ہمیشگی) نفسِ حال کے لئے، بے شک ظن (گمان) کسی چیز کی حقیقت کو پہچاننے کا فائدہ نہیں دیتا (یعنی ظن سے کوئی حق بات ثابت نہیں ہوتی) بلکہ ہم کہتے ہیں کہ بعض ظن گناہ ہوتے ہیں ۱۲

۶ ... قولہ إن الظن لا یغنی... الخ:۔ اس میں اس آیہ کریمہ (ان الظن لایغنی من الحق شیئا) پارہ قال فما خطبکم (۲۷): النجم) کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی بے شک گمان فائدہ نہیں دیتا۔ اور نہ نفع پہنچاتا ہے کسی چیز کی حقیقت کو پہنچانے کا۔ ۱۲

۷ ... قولہ ان بعض الظن اثم:۔ یہ اشارہ اس آیت کریمہ کی طرف ہے جو پارہ حٰم (۲۶) سورہ حجرات میں ہے۔ یعنی بے شک بعض بدگمانی گناہ ہے یا بعضے گمان گناہ ہیں۔ ۱۲

۸ ... قولہ مجال سخن... الخ:۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی راسخن پایان　　　بماند تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی

ترجمہ:۔ نہ حسن کی کوئی انتہا ہے اور نہ سعدی کے کلام کی حد ہے، پیاس کی بیماری والا (مستسقی) دریا کا پانی پی جائے پھر بھی پیاسا رہتا ہے، مطلوب کی طلب نہایت بلند اور منزہ ہے اور طالب اپنی طلب میں نہایت پست ہے (بے قرار ومضطرب) نہ اس کو اس کے ساتھ کوئی شراکت ہے اور نہ اسے اس کے ساتھ کوئی نسبت (درمیان میں کوئی باہمی شراکت اور نسبت نہیں ہے) نقص ہی نقص ہے۔

☆ اضمحلال...... نیست شدن ۱۲...... فنا ہونا ☆ شبیہ...... نہ عین آن ۱۲...... بے مثل ☆ فنا...... اتم ۱۲...... کامل فنا......

Marfat.com

اور مدام (ہمیشگی) نفسِ حال کے لئے، بیشک ظن (گمان) کسی چیز کی حقیقت کو پہچاننے کا فائدہ نہیں دیتا (یعنی ظن سے کوئی حق بات ثابت نہیں ہوتی) بلکہ ہم کہتے ہیں کہ بعض ظن گناہ ہیں۔

بات بہت لمبی ہوگئی۔ اب ہم اصل بات کی طرف آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ چونکہ حق تعالیٰ جل شانہ کی مقدس بارگاہ کے میدان میں بات کرنے کی مجال نہیں ہے اس لئے ہم اپنی بندگی کے مقام اور ذات و عاجزی کے بارے میں بات کرتے ہیں کہ انسان کے پیدا کرنے سے مقصود بندگی کے معمولات بجالانا ہے، اور اگر ابتدا (شروع) اور وسط (درمیان) میں کسی کو عشق و محبت دیا گیا ہے تو اس سے مقصود ماسوی اللہ (حق تعالیٰ کے سواسب سے) اس کا تعلق قطع کرنا ہے۔ عشق و محبت بھی مقاصد میں سے نہیں ہے بلکہ عبودیت (بندگی) کا مقام حاصل ہونے کا ذریعہ ہیں —— انسان حق تعالیٰ شانہ کا بندہ اس وقت بنتا ہے جبکہ ماسوی اللہ کی گرفتاری و بندگی سے پوری طرح آزاد ہوجائے اور عشق و محبت صرف ان تعلقات کے منقطع کرنے کا وسیلہ ہونے سے زیادہ اور کچھ نہیں ہیں۔ لہٰذا مراتبِ ولایت کا آخری مرتبہ مقامِ عبدیت ہے، ولایت کے درجات میں مقامِ عبدیت سے اوپر کوئی مقام نہیں ہے، اس مقام میں بندہ اپنے مولا کے ساتھ اپنے لئے اس کے سوا اور کچھ مناسبت نہیں پاتا کہ بندہ کی جانب احتیاج ہے اور مولا تعالیٰ و تقدس کی جانب سے ذات و صفات کے اعتبار سے پوری پوری استغنا و بے نیازی ہے —— یہ بات ہرگز نہیں ہے کہ اپنی ذات کو حق تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات کے ساتھ اور اپنی صفات کو اس عزّ سلطانہ کی صفات کے ساتھ اور اپنے افعال کو اس برہانہ کے افعال کے ساتھ کسی لحاظ کے بھی مناسبت محسوس کرے، ظلیت کا اطلاق (ظل کہنا) بھی منجملہ مناسبات سے ہے، اس سے بھی پاک و منزہ ظاہر کرتے ہیں، حق سبحانہٗ و تعالیٰ کو خالق اور اپنے آپ کو مخلوق جانتے ہیں، اس سے زیادہ کچھ کہنے کی جرأت نہیں کرتے۔

توحیدِ فعلی ان بزرگوں کی ایک جماعت کو —— راہ سلوک کے دوران حاصل ہوتی ہے اور وہ سوائے حق سبحانہٗ و تعالیٰ

☆مَصُوْن ...... از صَون بالفتح بمعنی نگاہداشتن ۱۲...... ص پر زبر معنی حفاظت کرنا۔...... ☆ ایشان ...... اکابر نقشبندیہ ۱۲...... نقشبندیہ سلسلہ کے بزرگ۔...... ☆ مَا نَحْنُ بِصَدَدِہٖ ...... آنچہ مادر پے وے ایم ۱۲...... جس کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔ ☆ بَلْ لَا وَقْتَ لَهُمْ وَلَا حَالَ ...... بلکہ نہ وقت است ایشاں را و نہ حال ۱۲...... ان کا نہ مخصوص وقت ہے اور نہ حال ہے۔...... ☆ باموقت ...... بمعنی با حق تعالیٰ کہ موجد و خالق است مراد قات را ۱۲...... حق تعالیٰ کے ساتھ ہے جو موجد اور خالق ہے خاص کر اوقات کا۔...... ☆ بامُحَوِّل ...... یعنی با حق سبحانہ و تعالیٰ کہ گرداننده احوال است ۱۲...... یعنی حق تعالیٰ کے ساتھ جو احوال کو پھیرنے والا ہے۔...... ☆ اثر ...... نہ وقت ۱۲...... وقت نہیں۔...... ☆ تعین ...... بیان اثر ۱۲...... تعین کے لفظ سے اثر کا بیان ثابت ہوتا ہے۔ ☆ در فضائے ...... میدان ۱۲...... وسیع جگہ، میدان وغیرہ۔...... ☆ مادون ...... غیر حق تعالیٰ و تقدس ۱۲...... غیر حق تعالیٰ و تقدس سے تعلق قطع کرنا۔......

﴿ص۱۸﴾ ۱؎ قولہ الا الاحتیاج ... الخ:۔ بندہ کی جانب سے احتیاج ہے اور مولائے تعالیٰ تقدس کی جانب سے ذات و صفات کے اعتبار سے پوری پوری استغنا و بے نیازی ہے۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ نہ مباشر آن افعال ... الخ:۔ یعنی ان افعال کا مرتکب اور ان کاموں کا کرنے والا۔ ۱۲

۳؎ ... قولہ زَندَقَہ:۔ ز، دا ور ق پر زبر، اس کے معنی بے دین اور ملحد ہونا ہے، اور شریعت کی راہ سے سر پھیرنا۔ ۱۲

۴؎ ... قولہ رساند:۔ کیونکہ اس سے لازم آتا ہے کہ تمام برائیوں کا ارتکاب کرنے والا حق تعالیٰ ہے، اللہ تعالیٰ اس سے بہت بلند و بالا ہے۔ ۱۲

Marfat.com

کے کسی کو فاعل نہیں پاتے، یہ بزرگ یعنی حضراتِ نقشبندیہ قدس سرہم جانتے ہیں کہ ان افعال کا خالق (پیدا کرنے والا) وہی ایک ذات یعنی حق تعالیٰ ہے نہ کہ ان افعال کا مرتکب بندہ، کیونکہ یہ بات خود زندقہ والحاد تک پہنچانے والی ہے ــــ ہم اس کو ایک مثال سے واضح کرتے ہیں، مثلاً کوئی شعبدہ باز پردہ کے پیچھے بیٹھ کر چند جماد (بے جان) مورتیوں (تصویروں) کو حرکت دیتا ہے اور ان میں نئے نئے عجیب وغریب افعال حرکت میں لاتا ہے، تیز نظر و باریک بین لوگ جانتے ہیں کہ ان بے جان مورتیوں میں ان افعال کا بنانے والا وہی شخص ہے جو پردہ کے پیچھے بیٹھا ہوا ہے لیکن ان افعال کو اختیار کرنے والی وہی صورتیں ہیں اسی لئے وہ کہتے ہیں کہ مورت متحرک ہے اور یہ نہیں کہتے کہ شعبدہ باز متحرک ہے ــــ درحقیقت یہ لوگ (حضرات نقشبندیہ قدس سرہم) اس حکم میں حق کو ثابت کرنے والے ہیں، انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی شریعتیں بھی اسی حکم کو بیان کرتی ہیں اور وحدتِ فعل کے ساتھ حکم کرنا سکر والوں کا کلام ہے، بلکہ صریح حق بات یہ ہے کہ فاعل متعدد ہیں اور افعال کا خالق ایک ہی ہے۔ اور اسی کی مانند وہ کلام ہے جو بعض صوفیوں نے توحیدِ وجودی کے بارے میں کہا ہے وہ بھی سکرِ وقت اور غلبۂ حال پر مبنی ہے۔ علومِ لدنیہ (کشف) کے درست ہونے کی علامت یہ ہے کہ علوم شرعیہ کے ساتھ واضح طور پر مطابق ہوں اگر اس میں شرعی علوم سے بال برابر بھی تجاوز ہوا تو وہ سکر کی وجہ سے ہے اور حق وہی ہے جس کو علمائے اہل سنت وجماعت نے تحقیق کیا ہے اور اس کے علاوہ زندقہ والحاد (محض بے دینی) ہے یا سکرِ وقت وغلبۂ حال ہے، اور یہ تمام مطابقت مقامِ عبدیت میں حاصل ہوتی ہے، اس مقام ولایت کے سوا ایک قسم کا سکر ثابت ہوتا ہے۔

ع۔ گر بگویم شرح ایں بیحد شود ترجمہ: شرح اس کی بیاں سے باہر ہے۔

کسی شخص نے حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس سے دریافت کیا کہ سلوک سے مقصود کیا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ ہے کہ اجمالی معرفت تفصیلی اور استدلالی معرفت کشفی ہو جائے، اور یہ نہیں فرمایا کہ معارفِ شرعیہ سے زیادہ کوئی اور

۴... قولہ شَعْبَدَہ:۔ ش پر زبر اور ایک نقطے والی ب پر بھی زبر، یعنی ایسا کھیل جو جادو اور فن بازی سے کرتے ہیں، شَعْبَدَہ باز وہ شخص جو اس قسم کی کھیل کا عمل کرے۔۱۲

۵... قولہ بل الحق... الخ:۔ یعنی بلکہ حق خالص یہی ہے کہ فعل کرنے والے یعنی مرتکب فعل کئی ہوتے ہیں اور افعال کا پیدا کرنے والا ایک ہے یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ۔ ۱۲

۶... یعنی حق وہی ہے جس کو علمائے اہل سنت وجماعت نے تحقیق کیا ہے، اس کے علاوہ یا محض بے دینی ہے اور سیدھے راستے سے دور جا گرنا اگر صحو و ہوش میں ہے، یا بے ہوشی کا وقت ہے اور حال کا غلبہ۔۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ جمعی...... از بزرگواراں ۱۲...... بزرگواروں میں سے ایک جماعت۔...... ☆ دست...... سلوک ۱۲...... سلوک...... ☆ بزرگواران نقشبندیہ ۱۲ ...... سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوار۔...... ☆ این...... قول بمعاشرت ۱۲...... یعنی اللہ تعالیٰ کو افعال کا مرتکب جاننا۔......

☆ غریبہ...... نادرہ ۱۲...... بہت عمدہ، کمیاب شئے نایاب بیش قیمت۔...... ☆ حدید البصر ...... باریک بین ۱۲...... گہری نظر سے دیکھنے والا

☆ نفس الامر...... در ۱۲...... خود میں۔ ☆ حال...... وآن خارج است از سخن بصددہ ۱۲...... اس سے خارج ہے جس کا ذکر ہم کر رہے ہیں۔...... ☆ لدنیہ...... کشفیہ ۱۲...... وہ علم جو کشف کا درجہ رکھتا ہو۔...... ☆ تجاوز...... از شرع ۱۲...... شریعت سے تجاوز۔......

☆ نحوی...... نوعے ۱۲...... ایک قسم۔......

Marfat.com

معرفت حاصل کی جائے، اگر چہ راستہ میں (علومِ شرعیہ پر) زائد امور پیدا ہوتے ہیں لیکن اگر یہ حضرات انتہائے مقصد تک پہنچادیئے جائیں تو یہ زائد امور منتشر و ناپید ہوجائیں اور وہی معارفِ شرعیہ تفصیلی طور پر معلوم ہوجاتے ہیں اور استدلال کی تنگی سے (نکل کر) کشف کے وسیع میدان میں آجاتے ہیں یعنی جس طرح نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ان علوم کو وحی سے اخذ فرمایا کرتے تھے یہ حضرات الہام کے طریق پر ان علوم کو اصل سے (یعنی حق تعالیٰ سے) اخذ کرتے ہیں علما نے ان علوم کو شریعتوں سے اخذ کر کے اجمال کے طور پر بیان کیا ہے، یہی علوم جس طرح انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو تفصیلی اور کشفی طور پر حاصل تھے ان بزرگوں کو بھی اسی طرح پر حاصل ہوجاتے ہیں، ان کے درمیان صرف اصالت اور تبعیت کا فرق ہے (یعنی انبیاء علیہم الصلواۃ والسلام کو اصالتاً حاصل ہیں اور اولیاء اللہ کو انبیائے کرام علیہم السلام کی متابعت سے حاصل ہوجاتے ہیں)۔۔۔۔۔ اس قسم کے کمال کے لئے کامل اولیاء میں سے بعض کو کئی صدیوں اور بہت زمانوں کے بعد منتخب فرماتے ہیں۔۔۔۔۔ جی چاہتا تھا کہ ایک اجمالی استدلالی مسئلہ کو مفصل لکھوں لیکن کاغذ نے کوتاہی کی (یعنی ختم ہوگیا) شاید حق تعالیٰ جل شانہٗ کی کوئی حکمت اسی میں ہوگی۔ والسلام۔

﴿صہ۸۲﴾ ۱؎ قولہ ھَبَاء :۔ھا پر زبر، اس کے معنی گرد وغبار اور ہوا ہیں، جو روشندان سے آفتاب کی روشنی سے ظاہر ہوتا ہے مجازی طور پر حقیر وذلیل اور خوار وناچیز کے معنی بھی آتے ہیں۔ ۱۲ (غیاث)

۲؎ ... قولہ قرون :۔ق اور ر پر پیش، قرن (ق پر زبر) کی جمع ہے۔اس کے معنی روزگار، زمانہ تیس (۳۰) سال کی مدت یا اسی (۸۰) سال یا ایک سو بیس سال یا سو سال ہیں، یہی سب سے درست ہے، رسول اللہ ﷺ نے ایک بچے کو فرمایا: عِشْ قَرْنًا اور وہ بچہ سو سال تک زندہ رہا ۱۲ منتخب لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆زایدہ...... برعلوم شرعیہ ۱۲......علوم شریعت پر زائد علوم۔...... ☆منثور...... پراگندہ ۱۲...... منتشر، بکھرا ہوا۔...... ☆ازضیق...... بالکسر تنگی ۱۲......ض کی زیر سے، تنگی، کمی۔...... ☆فضائی...... فراخی ۱۲...... وسعت۔...... ☆ازاصل...... حق سبحانہ ۱۲...... اللہ تعالیٰ عزوجل ☆اخذ...... بوساطت متابعت ۱۲...... اتباع کے وسیلہ وذریعہ سے...... ☆متطاولہ...... دراز ۱۲...... طویل، وضاحت سے بیان کرنا۔......

اکتیسواں مکتوب

توحیدِ وجودی کے ظہور اور حق تعالیٰ وتقدس کے قرب ومعیتِ ذاتی کی حقیقت اور اس مقام سے گذر جانے اور اس مقام کی تحقیق سے تعلق رکھنے والے بعض سوال وجواب کے بیان میں شیخ صوفی کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت: ۔ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالیٰ عَلیٰ مُتَابَعَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْهِ وَعَلیٰ اٰلِهٖ وَعَلَیْهِمْ وَعَلیٰ اٰلِهِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُهَا (اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم کو حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی متابعت پر ثابت قدم رکھے)

۔ ایک شخص نے جو کہ آپ کی مبارک مجلس میں حاضر تھا نقل کیا کہ میاں شیخ نظام تھانیسری کے کسی درویش نے اس فقیر (حضرت مجدد الف ثانیؒ) کے متعلق کہا کہ وہ وحدتِ وجود کا انکار کرتا ہے۔۔۔۔۔ اس ناقابل شخص نے اس فقیر سے خواہش کی کہ اس بارے میں جو کچھ حقیقت ہے آپ کی خدمت میں لکھی جائے، تاکہ لوگ اس نقل سے کئی طرح کی باتیں نہ بنائیں اور بدظنی میں مبتلا نہ ہوجائیں، کیونکہ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ: (سورہ حجرات۔۱۲ ترجمہ:۔بعض ظن گناہ ہوتے ہیں)۔اس

Marfat.com

شخص کے سوال کو قبول کرتے ہوئے چند کلمات پیش کر کے (پڑھنے کی) تکلیف دیتا ہوں۔

میرے مخدوم ومکرم! فقیر کا اعتقاد بچپن سے اہلِ توحید کے مشرب کا پھل تھا اور اس فقیر کے والد ماجد قدس سرہٗ بھی بظاہر اسی مشرب پر ہوئے ہیں اور باطن میں پوری پوری نگرانی حاصل ہونے کے باوجود جو کہ وہ مرتبۂ بے کیفی کی جانب رکھتے تھے اور دائمی طور پر اس طریقہ کے ساتھ مشغول رہے ہیں، اور اس مضمون کے مصداق کہ اِبْنُ الْفَقِیْهِ نِصْفُ الْفَقِیْهِ (فقیہ کا بیٹا بھی آدھا فقیہ ہوتا ہے) فقیر کو اس مشرب سے بلحاظِ علم بہت فائدہ اور بڑی لذت حاصل تھی یہاں تک کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے ارشاد وہدایت پناہ، حقائق ومعارف آگاہ، پسندیدہ دین کی تائید کرنے والے، ہمارے شیخ ومولا وقبلہ حضرت خواجہ محمد باقی قدسنا اللہ تعالیٰ بسرہ کی خدمت میں پہنچایا اور انھوں نے اس فقیر کو سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کا طریقہ تعلیم فرمایا اور کامل توجہ اس مسکین کے حال پر ملحوظ رکھی۔

اس طریقۂ عالیہ میں محنت کے بعد تھوڑی مدت میں توحیدِ وجودی منکشف ہوگئی اور اس کشف میں بہت مبالغہ پیدا ہوگیا، اس مقام کے علوم ومعارف بکثرت ظاہر ہوئے اور اس مرتبہ کی باریکیوں میں سے شاید ہی کوئی باریکی رہ گئی ہو کہ جس کو اس فقیر پر ظاہر نہ کیا گیا ہو—— حضرت شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ کے معارف کے دقائق کو جیسا کہ چاہئے ظاہر وواضح فرمایا اور جس تجلی ذاتی کے متعلق صاحبِ فصوص (شیخ محی الدین ابن عربی موصوف) نے بیان فرمایا ہے کہ عروج کی انتہا اس کے سوا نہیں جانتا، اور اس تجلی کی شان میں فرمایا ہے وَمَا بَعْدَ هٰذَا اِلَّا الْعَدَمُ الْمَحْضُ (اور اس کے بعد عدمِ محض

☆متن............بین السطور............معانی......

﴿صہ۸۲﴾☆اسولہ......جمع سوال ۱۲......سوالات۔......☆اجوبہ......جمع جواب ۱۲......جوابات۔......

حاشیہ متن

﴿صہ۸۳﴾ ۱ قولہ فرا:۔ف پر زبر سَرَا کے وزن پر ہے، اس کے معنی پیش اور پہلے کے ہیں عربی میں جس کو قبل کہتے ہیں نزدیک و دور اور بالا وبلند کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اور کبھی زائد بھی آتا ہے۔ ۱۲ (غیاث)

۲ ... قولہ ان بعض...الخ:۔بے شک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں، یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے جو سورہ حجرات میں واقع ہے۔ ۱۲

۳ ... قولہ بار:۔اس لفظ کے بہت معانی ہیں اول: اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، دوسرا: کھلیان کا ڈھیر، انبار (ڈھیر)، تیسرا: بزرگی چوتھا: بوجھ، پانچواں: بزرگ اور نیکو کار، چھٹا: نصیب، حصہ، ساتواں: رخصت وآمد، آٹھواں: درخت کا بیج اور جڑ، نواں: کار کا مرادف یعنی کار (کام) کا ہم معنی، دسواں: دفعہ مرتبہ، گیارھواں: یادگار، بارھواں: ہر چیز کی کثرت، ہر چیز کی زیادتی کی جگہ جیسے وسیع علاقہ، وہ جگہ جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں، تیرھواں: پھل، میوہ، چودھواں: عورتوں کا حمل وغیرہ۔ ۱۲ (غیاث)

۴ ... قولہ شیخ محی الدین...الخ:۔ان کے فضائل ومناقب بے حد بے شمار ہیں، تصوف سلسلہ ارادت اور نسبت خرقہ ایک واسطہ سے حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر گیلانی قدس سرہٗ تک پہنچتا ہے، خرقہ میں ان کی دوسری نسبت ایک واسطہ سے حضرت خضر علیہ السلام تک پہنچتی ہے، اور ان کی ایک اور نسبت حضرت خضر علیہ السلام سے بے واسطہ بھی پہنچتی ہے۔لوگوں نے شیخ شہاب الدین سہروردی سے ان کا حال دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: وہ دقائق وحقائق کا سمندر ہیں، اور ان (شیخ محی الدین ابن عربی) سے شیخ شہاب الدین قدس سرہٗ کا حال پوچھا تو انہوں نے فرمایا: وہ سر سے پاؤں تک سنت سے پر ہیں۔ ۱۲ (نفحات) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆بخدام......بمعنی خود شیخ صوفی ۱۲......شیخ صوفی بنام محمد جو اس خط کے مکتوب الیہ ہیں۔......☆سوءِ ظن......بدگمانی ۱۲......برا گمان۔......

☆اجابۃً......یعنی بجہت قبول نمودن سوال او ۱۲......اس کے سوال کو قبول کرنے کے لحاظ سے۔......☆مصدع......دردسر دہندہ ۱۲......

Marfat.com

کے سوا اور کچھ نہیں ہے) یہ فقیر اس تجلی ذاتی سے مشرف ہوا اور اس تجلی کے علوم و معارف بھی کہ جن کو شیخ موصوف خاتم الولایت کے ساتھ مخصوص جانتا ہے، تفصیل کیساتھ معلوم ہوئے اور سکرِ وقت و غلبۂ حال اس توحید (وجودی) میں اس حد تک حاصل ہوا کہ بعض عریضوں میں جو کہ فقیر نے اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہٗ کی خدمت میں لکھے تھے ان دو شعروں کو جو کہ سراسر سکر سے متعلق ہیں لکھا تھا۔

رباعی
اے دریغا کین شریعت ملتِ اعمائی است ۔۔۔ ملّتِ ما کافری و ملتِ ترسائی است
کفر و ایماں زلف و روئے آں پری زیبائی است ۔۔۔ کفر و ایمان ہر دو اندر راہ ما یکتائی است

ترجمہ:۔ شریعت آہ اندھوں کی ہے ملت ۔۔۔ وہ کافر کی ہے یا ترسا کی حالت
رخ و زلف و پری ہیں کفر و ایماں ۔۔۔ وہی میرے لئے راہ ہدایت

اور یہ حالت بہت مدت تک رہی بلکہ مہینوں نہیں کئی سالوں تک رہی، اچانک حق تعالیٰ جل شانہٗ کی بے انتہا عنایت غیب کے جھروکوں سے میدانِ ظہور میں جلوہ گر ہوئی، اور اس پردے کو جو بیچونی و بے چگونی (بے مثل و بے مثال) کے چہرے کو ڈھانپے ہوئے تھا اتار پھینکا اور سابقہ علوم جو اتحاد اور وحدتِ وجود کی خبر دیتے رہے تھے زائل ہونے لگے اور احاطہ و سریان اور قرب و معیتِ ذاتیہ جو اس مقام میں ظاہر ہوئے تھے پوشیدہ ہو گئے اور پورے یقین کے ساتھ معلوم ہو گیا کہ صانع (حق تعالیٰ جل شانہٗ) کو عالم کے ساتھ ان مذکورہ نسبتوں میں سے کوئی نسبت بھی ثابت نہیں ہے بلکہ حق تعالیٰ کا احاطہ و قرب علمی ہے جیسا کہ اہل حق کے نزدیک ثابت و فیصلہ شدہ بات ہے۔ حق تعالیٰ ان کی کوششوں پر جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور وہ جل شانہٗ کسی چیز

سر درد دینے والا۔۔۔۔۔☆ابن الفقيه نصف الفقيه ۔۔۔۔۔ پسر فقیہ نیم فقیہ است ۱۲۔۔۔۔۔ فقیہ کا بیٹا آدھا فقیہ ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔☆ وافر۔۔۔۔۔ بسیار ۱۲۔۔۔۔۔ زیادہ۔۔۔۔۔☆ ممارستہ۔۔۔۔۔ محنت برداشتن ۱۲۔۔۔۔۔ مشقت اٹھانا۔☆ منکشف۔۔۔۔۔ از روئے حال ۱۲۔۔۔۔۔ حال کے لحاظ سے۔ ☆غلوی۔۔۔۔۔ مبالغہ ۱۲۔۔۔۔۔ زیادہ بڑھانا چڑھانا۔۔۔۔۔☆ فراوان۔۔۔۔۔ بسیار ۱۲۔۔۔۔۔ بہت، وافر۔۔۔۔۔☆ لائح۔۔۔۔۔ واضح و ظاہر ۱۲۔۔۔۔۔ وضاحت، ظاہر۔۔۔۔۔☆ فُصُوص۔۔۔۔۔ بضمتین نام کتابے از تالیف مشہورہ شیخ محی الدین ابن العربی قدس سرہ کہ بہ بست و ہفت فص مشتمل است ۱۲۔۔۔۔۔ پہلے دونوں حرفوں پر پیش، ایک مشہور کتاب کا نام جو شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ کی ستائیس فصلوں پر مشتمل ہے۔۔۔۔۔☆ وَمَا بَعْدَ هٰذا اِلَّا الْعَدَمُ الْمَحْضُ ۔۔۔۔۔ و نیست بعد آن مگر نیستی صرف ۱۲۔۔۔۔۔ اور اس کے بعد محض نیستی کے سوا کچھ نہیں ہے۔۔۔۔۔۔ ☆خواجہ۔۔۔۔۔ پیر بزرگوار ۱۲۔۔۔۔۔ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ۔۔۔۔۔☆ اعمائی۔۔۔۔۔ نابینا ۱۲۔۔۔۔۔ اندھا۔۔۔۔۔☆ ترسائی۔۔۔۔۔ بالفتح نصاریٰ و آتش پرست و این لفظ رومی است ۱۲۔۔۔۔۔ ت پر زبر، یہ لفظ رومی ہے نصاریٰ اور آتش پرست کے لئے۔۔۔۔۔۔

﴿صہ۸۴﴾ ۱؎ قوله شهور:۔ ابتدائی دونوں حرفوں پر پیش، یہ شَهر (ش پر زبر) کی جمع ہے بمعنی ماہ یا مہینہ، اور سِنِين سنة کی جمع ہے بمعنی سال اور برس۔ ۱۲

۲؎۔۔۔ قوله إحاطه:۔ یعنی محیط ہونا، حق سبحانہ و تعالیٰ ہر چیز کو احاطے میں لئے ہوئے ہے جیسا کہ آیت کریمہ سے ثابت ہے واللّٰه من ورآئهم محیط اور الا إنه بكل شئی محیط. ۱۲

۳؎۔۔۔ قوله سریان: یعنی قلب مومن میں اسکی گنجائش ہے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث قدسی مروی ہے: لَا يَسَعُنِيْ أَرْضِيْ وَسَمَائِيْ وَ لٰكِنْ يَسَعُنِيْ قَلْبُ عَبْدِي الْمُؤْمِنِ ۔ترجمہ:۔ میں اپنی زمین و آسمان میں کہیں نہیں سماتا، سماتا ہوں تو اپنے مومن بندے کے دل میں سماتا ہوں۔ ۱۲

Marfat.com

کے ساتھ متحد نہیں ہے، وہ تعالیٰ بہت بلند و پاک ہے اور عالم عالم ہے، وہ سبحانہٗ وتعالیٰ بے مثل و بے مثال ہے، اور عالَم تمام کا تمام چونی وچگونی (مثل ومثال ہونے) کے داغ سے داغدار ہے، بیچون کو چون کا عین نہیں کہہ سکتے اور واجب تعالیٰ شانہٗ کو ممکن کا عین نہیں کہہ سکتے، قدیم ہرگز بھی حادث کا عین نہیں ہوتا، ممتنع العدم جائز العدم کا عین نہیں بن سکتا، حقائق کا بدلنا عقلاً وشرعاً محال ہے اور ایک کو دوسرے پر قیاس کرنے کا ثبوت وصحت کلی طور پر ہی ممتنع ہے۔

تعجب ہے کہ شیخ محی الدین قدس سرہ اور ان کی پیروی کرنے والے حضرات واجب تعالیٰ (اللہ تعالیٰ) کی ذات کو مجہولِ مطلق کہتے ہیں یعنی اس کو کسی حکم کے ساتھ محکوم علیہ نہیں جانتے، اور اس کے باوجود اس کے لئے احاطۂ ذاتی اور قرب ومعیتِ ذاتیہ ثابت کرتے ہیں حالانکہ یہ حق تعالیٰ کی ذات پر حکم لگانا ہی تو ہے۔ پس درست وہی ہے جو علمائے اہل سنت وجماعت نے کہا ہے کہ حق تعالیٰ کا قرب واحاطہ علمی ہے (ذاتی نہیں ہے)۔

اور توحید وجودی کے مشرب کے خلاف علوم ومعارف حاصل ہونے کے زمانے میں اس فقیر کو بہت اضطراب تھا کیونکہ اس توحید کے علاوہ کوئی اور امر اس سے بلند تر نہیں جانتا تھا اور عاجزی وزاری کے ساتھ دعا کرتا تھا کہ یہ معرفت (یعنی توحید وجودی) زائل نہ ہو جائے یہاںتک کہ کام (مقصود) کے چہرے سے تمام پردے ہٹ گئے اور حقیقت پوری طرح ظاہر ہو گئی اور معلوم ہو گیا کہ تمام عالَم باوجودیکہ صفاتی کمالات کے آئینے اور اسمائی ظہورات کی جلوہ گاہیں ہیں لیکن مظہر، ظاہر کا عین اور ظل، اصل کا عین نہیں ہے، جیسا کہ توحیدِ وجودی والوں کا مذہب ہے۔

---

۴ ... قولہ احاطہ وقرب اوتعالیٰ علمی است:۔ جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے جلد اول مکتوب ۲۶۶ میں تحریر فرمایا ہے کہ "پس ہم ایمان لاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام اشیاء کو محیط ہے اور ان کے قریب اور ان کے ساتھ ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے احاطہ وقرب ومعیت کے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ کیا ہے اور اس کو قرب واحاطۂ علمی کہنا متشابہ کی تاویلات سے ہے اور ہم اسکی تاویلات کے قائل نہیں ہیں۔" (انتھی)

نیز جلد دوم مکتوب ۸ میں فرماتے ہیں "ہم ایمان لاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قریب اور ہمارے ساتھ ہے لیکن ہم نہیں جانتے کہ قرب ومعیت کے کیا معنی ہیں" ہر دو قول میں تضاد ہے پس ان اوقات واحوال کے متعدد ومختلف ہونے پر حمل کرنا، دوسرے کشف پر اعتماد کرنا لازمی ہے، ہر مقام کے علوم معارف الگ ہیں اور ہر حال کا قال علیحدہ ہے۔ مزید جلد اول مکتوب ۲۶۰ کے آخری حصہ کو دیکھنا چاہیے۔

۵ ... قولہ مُتَّسِم:۔ اِتِّسَام (الف کی زیر، اور ت پر شد نیچے زیر) سے اسم فاعل ہے یعنی کسی چیز کے ساتھ نشان مند یعنی معروف یا مشہور ہونا۔ ۱۲

۶ ... قولہ وما ھو ... الخ:۔ ونیست آن یعنی احاطہ ذاتی اور قرب ومعیت ذاتیہ کا ثابت کرنا، مگر ذات تعالیٰ وتقدس پر حکم کرنا، تو مطلقاً مجہول نہیں ہوگا، اور محکوم علیہ کا غیر (جس پر کوئی حکم نہ لگایا جائے) نہیں ہوگا، جیسا کہ انہوں نے گمان کیا۔ ۱۲

۷ ... قولہ فالصواب ... الخ :۔ پس درست وہی ہے جو علمائے اہل سنت وجماعت نے کہا ہے کہ حق تعالیٰ کا قرب واحاطہ علمی ہے (ذاتی نہیں ہے) اور تو عنقریب جان لے گا کہ شیخ محی الدین قدس سرہٗ کا یہ قول اپنے ظاہر کے مطابق اس کے مخالف ہے جو آگے آرہا ہے، اور وہ مختلف اوقات واحوال پر محمول ہے، خوب سمجھ لو۔ ۱۲

۸ ... قولہ مَرَایا :۔ (پہلے حرف پر زبر اور چوتھا حرف —— نیچے نقطے والی یا ہے) اس کے معنی ہیں آئینے، مرایا، مراۃ کی جمع ہے، م کے زیر سے، خلاف قیاس ہے اور مرائی جو قیاس کے موافق ہے مستعمل نہیں ہے۔ ۱۲ از صراح وغیرہ آن ۱۲

۹ ... قولہ مَجالِی:۔ م پر زبر اور ل کے نیچے زیر، مجلی کی جمع ہے م اور ل پر زبر، صغیہ اسم ظرف سے بمعنی جلا (روشنی) کی جگہ جو آئینہ ہوتا ہے پس مجالی کے معنی آئینے ہیں اور بمعنی جَلوے کی جگہ۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ قرب...... کہ مدلول کریمہ نحن اقرب الیہ من حبل الورید وامثالش است ۱۲...... دلیل آیہ کریمہ: ہم تمہاری شہ رگ سے بھی قریب ہیں مثال ہے۔ ...... ☆ منبی ...... اسم فاعل است از ابنا بمعنی اشعار واعلام یعنی خبر دادن ۱۲...... انباء سے اسم فاعل ہے معنی اشعار اور عام

Marfat.com

یہ بحث ایک مثال سے واضح ہو جاتی ہے، مثلاً کسی صاحب فنون عالم نے چاہا کہ اپنے مختلف قسم کے کمالات کو ظاہر کرے اور اپنی پوشیدہ خوبیوں کو واضح کرے، پس اس نے حرفوں اور آوازوں کو ایجاد کیا اور ان حرفوں اور آوازوں کے آئینوں میں اپنے پوشیدہ کمالات کو ظاہر کیا اس صورت میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ حروف اور آوازیں جو ان پوشیدہ کمالات کے آئینے اور جلوہ گاہیں ہیں ان کمالات کا عین ہیں یا بالذات (اپنی ذات کے ساتھ) ان کمالات کا احاطہ کئے ہوئے ہیں یا بالذات ان کمالات کے قریب ہیں یا ان کے ساتھ ذاتی معیت رکھتے ہیں، بلکہ ان کے درمیان دال (دلالت کرنے والا) اور مدلول (جس پر دلالت کرے) ہونے کی نسبت ہے۔ حروف اور آوازیں ان کمالات پر صرف دلالت کرنے والے ہیں اس سے زیادہ اور کوئی تعلق نہیں، اور وہ کمالات اپنی محض آزادی (غیر مقید حالت) پر ہیں۔ وہ نسبتیں جو (ان کے درمیان) پیدا ہوئی ہیں (یعنی عینیت، اتحاد، احاطہ اور قرب و معیتِ ذاتی) یہ سب وہم و خیال کی بنا پر ہیں، حقیقت میں ان نسبتوں میں سے کوئی بھی ثابت نہیں ہے لیکن چونکہ ان کمالات اور ان حرفوں اور آوازوں کے درمیان ظاہریت و مظہریت اور دالّیت و مدلولیت کی نسبت ثابت ہے تو یہی نسبت بعض لوگوں کو بعض پیش آنے والے امور کے واسطے سے ان وہمی نسبتوں کے حاصل ہونے کا سبب بن جاتی ہے اور حقیقت میں وہ کمالات ان تمام نسبتوں سے خالی و پاک ہیں، اور حق تعالیٰ و خلق کے درمیان جس نسبت کا ہم ذکر کر رہے ہیں وہ بھی دالّیت و مدلولیت اور ظاہریت و مظہریت کے تعلق کے سوا اور کچھ نہیں ہے، عالم (دنیا) اپنے صانع (تعالیٰ و تقدس) کے وجود پر علامت ہے اور حق تعالیٰ سبحانہٗ کے اسمائی و صفاتی کمالات کے ظاہر ہونے کے لئے مظہر ہے اور یہی (ظاہریت و مظہریت اور دالیت و مدلولیت) کا تعلق بعض پیش آنے والے امور کے باعث بعض لوگوں کے لئے وہمی احکام کا سبب بن جاتا ہے۔

اعلان یعنی خبر دینا۔......☆ معیت...... کہ مدلول کریمہ و ہو معکم این ما کنتم وامثالش است ۱۲......دلیل آیہ کریمہ: وہ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں کہیں بھی ہو مثال ہے۔......☆ بیچون...... بے کیف ۱۲......بغیر کسی کیفیت کے۔......☆ چون...... با کیف ۱۲......کیفیت ☆ صحت......ثبوت یکی مر دیگر یرا ۱۲......ایک دوسرے پر ثبوت۔......☆ محکوم...... تفسیر ماقبل خود است ۱۲......اپنے پہلے کی تفسیر ہے۔...... ☆ چنانکہ......متعلق است بہ منفی نہ نفی ۱۲......منفی کے متعلق ہے نفی کے متعلق نہیں۔......

﴿صہ ۸۵﴾ ☆ متنوعہ......گوناگون ۱۲......قسم ہا قسم، رنگارنگ۔......☆ خفایائے......امور مخفیہ پسندیدہ ۱۲......خفیہ پسندیدہ امور۔☆ اصوات آوازہا......آوازیں۔......☆ درمرایائے......در آئینہائے حروف، واصوات ۱۲......حرفوں اور آوازوں کے آئینے میں۔......☆ دوالّ...... دلالت کنندگان ۱۲......دلالت کرنے والے۔......☆ اطلاق...... بے قیدی ۱۲......بغیر قید، آزاد۔......☆ نسبتہا......یعنی عینیت واتحاد واحاطہ وقرب ومعیت بالذات ۱۲......معنی وہ نسبتیں جو پیدا ہوئیں وہ، عینیت، اتحاد، احاطہ اور قرب و معیت ذاتی ہیں۔......☆ نسبتہائے...... یعنی نسبت اتحاد وقرب معیت ذاتیہ واحاطہ ذاتی ۱۲......یعنی نسبت اتحاد، قرب و معیت ذاتیہ واحاطہ ذاتی۔......☆ نفس......یعنی در واقع ۱۲...... واقع میں پیش آنیوالا۔......☆ معرّا......خالی ۱۲......خالی۔......☆ مبرّا...... بری ۱۲......پاک، بری۔......☆ مانحن......یعنی وآنچہ ما در صدد وے ایم از نسبت فیما بین الحق والخلق ۱۲......جو کچھ ہمارے ارادہ میں ہے اس نسبت سے جو کچھ حق اور خلق کے درمیان ہے۔......☆ علم علامت ۱۲......نشانی۔ ☆ ہمین......یعنی علاقہ دالیت ومدلولیت وظاہریت ومظہریت ۱۲......یعنی دالیت و مدلولیت اور ظاہریت و مظہریت

Marfat.com

بعض لوگوں کو توحید کے مراقبوں کی کثرت ان احکام (عینیت واتحاد وغیرہ) پر آمادہ کرتی ہے کیونکہ ان مراقبوں کی صورت قوتِ متخیلہ میں منقش ہوجاتی ہے۔ اور بعض دوسرے لوگوں کو توحید کا علم اور اس کا تکرار (بار بار ذکر کرنا) اُن احکام کے ساتھ ایک قسم کا ذوق بخش دیتا ہے لیکن توحید کی یہ دونوں صورتیں ضعیف اور علم کے دائرہ میں داخل ہیں، حال کے ساتھ ان کا کچھ تعلق نہیں ہے اور بعض دوسرے لوگوں کے لئے ان احکام کے پیدا ہونے کا سبب محبت کا غلبہ ہے کیونکہ محبت کے غلبہ کی وجہ سے محبوب کے علاوہ محبت کرنے والے کی نظر سے سب کچھ دور ہوجاتا ہے اور محبوب کے سوا وہ کچھ نہیں دیکھتا، حالانکہ یہ بات نہیں کہ حقیقت میں محبوب کے علاوہ کچھ بھی موجود نہیں ہے۔ کیونکہ یہ بات حس (ظاہری حواس) اور عقل وشرع کے مخالف ہے (کیونکہ حس، عقل اور شرع چیزوں کے وجود کا حکم کرتی ہیں) اور کبھی یہی محبت احاطہ اور قربِ ذاتی کے ساتھ حکم کرنے کا باعث بن جاتی ہے اور توحید کی یہ قسم پہلی دونوں قسموں کی توحید سے اعلیٰ اور حال کے دائرہ میں داخل ہے، اگرچہ یہ بھی حقیقت کے مطابق اور شریعت کے موافق نہیں ہے اور اس کا شریعت وحقیقت کے ساتھ مطابقت کرنا فلسفیوں کے بیہودہ تکلفات کی طرح محض تکلف ہے کیونکہ فلاسفۂ اہلِ اسلام چاہتے ہیں کہ اس سے اپنے فاسد اصولوں کو شرعی قوانین کے مطابق کرلیں۔ کتاب ''اخوان الصفا'' اور اسی قسم کی دوسری کتابیں اسی قبیل سے ہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ ان میں سے خطائے کشفی، خطائے اجتہادی کا حکم رکھتی ہے کہ ملامت اور عتاب (ناراضگی) اس سے دور کردی گئی ہے بلکہ ثواب کے درجوں میں سے ایک درجہ ثواب اس کے حق میں ثابت ہے خطائے کشفی وخطائے اجتہادی کے درمیان صرف اتنا فرق ہے کہ مجتہد کی تقلید (پیروی) کرنے والے مجتہد کا حکم رکھتے ہیں اور خطا کے واقع ہوجانے پر بھی ثواب کے درجوں میں سے ایک درجہ پالیتے ہیں برخلاف اہل کشف کی پیروی کرنے والوں کے کہ وہ معذور نہیں ہیں اور خطا کے واقع ہونے پر ثواب کے درجہ سے محروم ہیں کیونکہ الہام اور کشف (صاحبِ کشف کے علاوہ) دوسرے شخص پر حجت

کے مطابق نہیں ہے۔...... ☆ بعضے...... تفصیل است مرعوارض راکہ باعث بعضی احکام وہمیہ اند ١٢...... خاص طور پر تفصیل ہے ان عوارض کی جو وہمی احکام کا باعث ہوتے ہیں۔...... ☆ درمُتَخَیَّلہ...... قوت خیالیہ ١٢...... سوچنے کی قوت۔...... ☆ نحوی...... نوعی ١٢...... قسم۔ ☆ معلول ضعیف اند ١٢...... کمزور ہیں۔...... ☆ استیلا...... غلبہ ١٢...... غالب ہونا۔...... ☆ است...... چہ حس وعقل وشرع بوجود اشیاء حکم میکنند ١٢ وہ جس کے وجود کا حکم حس عقل وشرع کرتے ہیں۔......

﴿صہ ٨٦﴾ ☆ دررنگ...... مانند ١٢...... مثل۔...... ☆ باردہ...... سرد ١٢...... ٹھنڈا...... ☆ اسلامیین...... یعنی فلاسفہ اہل اسلام ١٢...... فلسفہ جاننے والے اہل اسلام۔...... ☆ غایۃ...... نہایت آنچہ اندرین باب است ١٢...... اس باب میں جو کچھ موجود ہے۔...... ☆ مرفوع...... دور ١٢ بعید۔...... ☆ تفاوت...... فرق ١٢...... فرق۔...... ☆ مقلد...... متابعان ١٢...... تابع رہنے والے۔...... ☆ حجت...... مقلد ١٢...... تابع۔...... ☆ اول...... اہل کشف ١٢...... کشف جاننے والے۔...... ☆ ثانی...... مجتہد ١٢...... اجتہاد کرنے والے۔...... ☆ شہود...... جواب است از سوال مقدر وتقریر ہر دو ظاہر است ١٢...... پوشیدہ سوال اور اس کا جواب دونوں ظاہر ہیں۔ ☆ مرایائے...... آئینہا ١٢...... آئینے۔...... ☆ تعینات...... مخلوقات ١٢...... خلق۔...... ☆ نیز از قبیلۂ احکام سابقہا ست...... کہ بسبب یکی از عوارض سہ گانہ مذکورۃ الصدر بوجودمی آیند ١٢...... یعنی تین مذکورہ عوارض میں سے ایک کے سبب وجود میں آتے ہیں۔...... ☆ زیرا کہ...... علت است مرقول اور اقدس سرہ نیز قبیلہ احکام سابقہ است ١٢...... حضرت مجدد کے قول کی علت اور سبب ہے نیز احکام سابقہ کی قسم سے ہے۔......

Marfat.com

نہیں ہے اور مجتہد کا قول دوسرے شخص (یعنی مقلّد) پر حجت ہے پس پہلی تقلید (یعنی اہلِ کشف کی تقلید) خطا کے احتمال کی وجہ سے جائز نہیں ہے، اور دوسری (یعنی مجتہد کی تقلید) خطائے احتمال کے باوجود جائز بلکہ واجب ہے۔

اور بعض سالکوں کا شہود جو کہ کونی تعینات (مخلوقات) کے آئینوں میں ہوتا ہے وہ بھی سابقہ سہ گانہ احکام کی قسم سے ہے اور ان حضرات نے اس شہود کا نام ''کثرت میں وحدت کا مشاہدہ'' یا ''کثرت میں احدیت کا شہود'' رکھا ہے کیونکہ واجب تعالیٰ وتقدس جو کہ بیچون وبیچگون (بے مثل وبے مثال) ہے ہرگز چون کے آئینوں میں نہیں سما سکتا اور چندی (مقدور) کی جلوہ گاہوں میں نہیں آتا، وہ لامکانی ہے پس مکان میں گنجائش نہیں رکھتا۔ بیچون کو چون کے دائرہ سے باہر تلاش کرنا چاہیے، لامکانی کو مکان کے علاوہ ڈھونڈنا چاہیے۔ جو کچھ آفاق وانفس میں دیکھا جاتا ہے یہ سب اس ذات سبحانہٗ تعالیٰ وتقدس کی نشانیاں ہیں دائرہ ولایت کے قطب یعنی حضرت خواجہٗ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس نے فرمایا ہے کہ ''جو کچھ دیکھا گیا، سنا گیا اور جانا گیا ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کا غیر اور حجاب ہے کلمہٗ ''لا'' کی حقیقت سے اس کی نفی کرنی چاہیے'' (تا کہ حجاب دور ہو جائے)۔

ے

در تنگنائے صورت معنی چگونہ گنجد　　در کلبۂ گدایان سلطان چہ کار دارد

صورت پرست غافل معنی چہ داند آخر　　کو با جمالِ جاناں پنہاں چہ کار دارد

ترجمہ: صورت ہے تنگ کوچہ، معنی کہاں سمائے؟　　منگتے کی جھونپڑی میں کیوں بادشاہ جائے؟

صورت جو چاہے اس کو معنی سے کیا نسبت؟　　اس کو جمالِ پنہاں کس طرح راس آئے؟

اگر وہ (توحید وجودی والے حضرات) یہ کہیں کہ ''اکثر مشائخ کی عبارتوں میں خواہ وہ نقشبندیہ ہوں یا ان کے علاوہ دوسرے سلسلوں کے مشائخ ہوں ایسے مضامین موجود ہیں جو وحدتِ وجود واحاطہ وقرب ومعیتِ ذاتیہ کے بارے میں اور کثرت میں وحدت اور کثرت میں احدیت کے شہود پر واضح وصریح دلالت کرتے ہیں'' —— ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ یہ احوال وشہود ان کو احوال کے درمیان میں پیش آئے ہوں گے اور اس کے بعد وہ اس مقام سے آگے گذر گئے ہوں گے جیسا کہ یہ فقیر اپنے احوال کے بارے میں پہلے لکھ چکا ہے۔

☆غیر است...... وحجابست ۱۲...... پوشیدہ ہے/ پردہ ہے۔...... ☆بحقیقۃ...... پس ۱۲...... درحقیقت، پھر...... ☆نفی...... یعنی آنرا باید کردتا حجاب غیر مرفوع گردد ۱۲...... یعنی لا کے کلمہ سے نفی کرنا چاہیے تا کہ غیر کا حجاب دور ہو جائے۔...... ☆کلبہٗ...... بالضم وبائے موحدہ خانہ کوچک وبمعنی گوشہ دوکان ہم آمدہ ۱۲ غیاث...... ک پر پیش، ب ایک نقطہ والی، معنی جھونپڑی، چھوٹا گھر، دکان کا گوشہ بھی مراد ہوتا ہے۔ غیاث......

☆کو...... کہ او ۱۲...... کہ وہ۔..........

﴿صہ ۸۷﴾۔ قولہ نیست:۔ بلکہ آنکھ کی شعاع آئینہ میں نفوذ نہ کرنے کی وجہ سے اصل کے ساتھ منعکس ہوتی ہے اور اصل کی صورت کو اس میں موجود پاتی ہے جیسا کہ یہ بات اپنی جگہ ثابت شدہ اور تحقیقی ہے۔ ۱۲

☆ماتقدم...... ماقبل ۱۲...... پہلے والا۔...... ☆دادہ...... این فقیر ۱۲...... حضرت مجدد قدس سرہٗ۔...... ☆تحقیق...... مبتداء ۱۲...... مبتدا۔...... ☆نوشتہ...... خبر ۱۲...... مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔...... ☆غیر...... آن حکم ۱۲...... وہ حکم۔...... ☆الامر...... وکذب ہمین عدم مطابقت است...... اور جھوٹ عدم مطابقت ہی ہے۔...... ☆دررنگ...... مانند ۱۲...... مثل۔ ☆مرآت...... آئینہ ۱۲...... آئینہ، شیشہ...... ☆نگویند...... چہ عرف بارتسام صورت در آئینہ قائل ومعتقد است ۱۲...... کیونکہ عرف عام میں آئینہ میں صورت کے منقش ہونے کا

Marfat.com

دوسرا جواب یہ ہے کہ ان میں سے بعض حضرات کے ظاہر کو جو کہ کثرت میں ہے باطن میں احدیتِ صرف کی طرف پوری پوری نگرانی حاصل ہونے کے باوجود ان احکام اور اس شہود کے ساتھ مشرف کرتے ہیں، اور وہ حضرات باطن میں احدیت کے نگراں ہوتے ہیں اور ظاہری طور پر کثرت میں مطلوب کا مشاہدہ کرنے والے ہیں، جیسا کہ اس فقیر نے اس مکتوب کے شروع میں اپنے والد ماجد کے حال کی خبر دی ہے، اور اس جواب کی مفصل تحقیق اس رسالہ (خط) میں لکھی گئی ہے جو (اس خاکسار نے) وحدتِ وجود کے مراتب کی تحقیق میں لکھا ہے۔ اور جو کچھ ذکر کیا جا چکا ہے اس مقام پر اس سے زیادہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اور کوئی صاحب یہ نہ کہنے لگیں کہ جب حقیقت میں وجود متعدد ہوں گے اور قرب واحاطہ ذاتی نہیں ہوگا اور شہود وحدت در کثرت واقع کے مطابق نہیں ہوگی تو ان بزرگوں کا حکم جھوٹا ہوگا کیونکہ وہ حکم واقع اور حقیقت کے مطابق نہیں ہے (اور جھوٹ عدمِ مطابقت ہی کو کہتے ہیں) لہذا ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ ان بزرگوں نے اپنے شہود کے اندازے کے مطابق یہ حکم لگایا ہے، جیسا کہ کوئی شخص یہ کہے کہ میں نے زید کی صورت کو آئینہ میں دیکھا ہے تو یہ حکم بھی واقع کے مطابق نہیں کیونکہ اس نے آئینہ میں اس صورت کو نہیں دیکھا ہے اس لئے کہ صورت آئینے میں ہرگز نہیں ہے جو اس کو دیکھا جاتا۔ اس شخص کو اس حکم میں عرف کے طور پر جھوٹا نہیں کہیں گے، اگرچہ یہ حکم حقیقت کے مطابق نہیں ہوگا کیونکہ یہ صاحب بیان کرنے میں معذور ہیں (کیونکہ اس نے اپنے اعتقادی شہود کو بیان کیا ہے) اور جھوٹ کی ملامت ان سے دور کردی گئی ہے، جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے۔

جو احوال پوشیدہ رکھنے کے لائق ہیں ان کے ظاہر کرنے سے مقصود یہ ہے کہ اس فقیر کو (ابتدا میں) جو وحدتِ وجود قبول رہا ہے تو وہ کشف کی وجہ سے تھا نہ کہ تقلید کے طور پر، اور اگر (اب) انکار ہے تو یہ بھی الہام کی وجہ سے ہے اور الہام میں انکار کی گنجائش نہیں ہے، اگرچہ الہام دوسروں کے لئے حجت نہیں ہے۔

جھوٹ کا شبہ دور کرنے کے لئے دوسرا جواب یہ ہے کہ عالم کے افراد بعض امور میں ایک دوسرے کے ساتھ مشترک ہیں اور بعض دوسرے امور میں ایک دوسرے سے ممتاز وجدا ہیں، اور اسی طرح سے بعض پیش آنے والے امور (مثلاً موجود ہونا، شئ ہونا، عالم ہونا، معلوم ہونا اور جوہر ہونا وغیرہ) میں ممکن کا واجب تعالیٰ وتقدس کے ساتھ اشتراک ہے اگرچہ

قائل ومعتقد ہے۔......☆ معذور......زیرا کہ شہود اعتقادی خود را بیان نمودہ ۱۲......کیونکہ اس نے اپنے اعتقادی شہود کو بیان کیا ہے۔......

☆ مرفوع......زائل ۱۲......دور۔......☆ کَمَا مَرَّ سَابِقًا...... چنانچہ گذشت پیش ازین ۱۲......جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔......☆ استتار......در پردہ شدن ۱۲......پوشیدہ ہونا، یا رکھنا۔......☆ وحدت......از فقیر ۱۲......حضرت مجدد قدس سرہٗ اپنے بارے میں بیان کرتے ہیں۔......☆ گنجائش......والہام ۱۲......الہام (میں انکار کی گنجائش نہیں)......☆ عرضیہ......مانند موجودیت وشیئیت وعالمیت ومعلومیت وجوہریت وغیر ہا ۱۲......جیسے موجود ہونا، شئ ہونا، عالم ہونا، معلوم ہونا اور جوہر ہونا وغیرہ۔......☆ ممتاز اند...... ممکن وواجب ۱۲......ممکن وواجب۔......

﴿صہ۸۸﴾ ۔ قولہ مَجال:۔م پر زبر، بمعنی دوڑنے کی جگہ جو میدان ہوتا ہے، مصدر میمی، جولان (دوڑنے) کے معنی میں ہے، مجازی طور پر مجازاً قدرت اور طاقت کے معنی میں مستعمل ہے۔ ۱۲

☆ مابہ الامتیاز......چیزیکہ باو امتیاز است ۱۲......امتیاز پیدا کرنے والی چیز۔☆ مابہ اشتراک......چیزیکہ میان ہر دو مشترک است از امور عرضیہ ۱۲ جو چیز دونوں میں مشترک ہو امور عرضیہ میں سے۔☆ حکم......باعتبار امور مشترکہ ۱۲......اگر باہم عین ہونے کا حکم لگائیں تو مشترکہ امور کے اعتبار سے ہوگا۔

Marfat.com

بالذات دونوں ایک دوسرے سے ممتاز وجدا جدا ہیں، غلبۂ محبت ہونے کی وجہ سے دونوں میں امتیاز پیدا کرنے والی چیز نظر سے مخفی ہوجاتی ہے اور جو چیز دونوں میں مشترک ہے وہ نظر میں رہ جاتی ہے پس اس صورت میں اگر (امورِ مشترکہ کی بناپر) ایک دوسرے کے عین ہونے کا حکم کریں تو واقع کے مطابق ہوگا اور جھوٹ کا ہرگز دخل نہیں رہے گا۔ احاطۂ ذاتی اور اسی کی مانند دوسرے امور کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیے۔ والسلام

بتیسواں مکتوب

اس کمال کے بیان میں جو صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ساتھ مخصوص ہے اور اولیاءؒ میں سے بہت کم اس کمال کے ساتھ مشرف ہوئے ہیں اور حضرت امام مہدی ﷺ میں وہ کمال بدرجہ اتم ظہور پذیر ہوگا، اور وہ کمال جذبہ وسلوک کی نسبت کے اوپر ہے اور اس بیان میں کہ صنعت کا کمال بہت سے افکار کے آپس میں ملنے پر موقوف ہے اور اس کی زیادتی بہت سے نظریات وافکار کی متابعت و پیروی پر منحصر ہے۔ مرشد کی نسبت اگر اسی خالصیت واصلیت پر رہے تو نقصان کا سبب بن جاتی ہے۔ ہدایت یافتہ مرید اس کو کامل کرسکتا ہے اور اس کے مناسب امور کے بیان میں مرزا حسام الدین احمد کی طرف ارسال فرمایا۔

عرضداشت: ۔ آپ کا بزرگی والا مکتوب مبارک صادر ہوا، اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ دور پڑے ہوئے کو آپ بھولے نہیں اور کسی نہ کسی موقع پر یاد آ ہی جاتے ہیں۔

ع بارے بیچ خاطرِ خود شادمی کنم ترجمہ:۔ اچھا ہے، کچھ خوشی کا تو سامان ہوگیا

آپ نے پیر دستگیر (یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ) علیہ الرحمہ کی نسبتِ خاصہ کے معلوم نہ ہونے کے بارے میں لکھا تھا اور اس کا سبب دریافت کیا تھا۔

میرے مخدوم! اس قسم کی باتوں کی تشریح تحریر بلکہ تقریر میں بھی مناسب نہیں، کیونکہ معلوم نہیں کسی کی سمجھ میں کیا آئے اور وہ اس سے کیا نتیجہ اخذ کرے۔ اس کے لئے پیرِ طریقت کے ساتھ حسن ظن رکھتے ہوئے اس کی خدمت میں حاضر ہونا، یا

جلد دفتر اول مکتوبات امام ربانی جلد حصہ

حاشیہ متن

﴿صہ۸۸﴾۔ قولہ فرا بروزن سرا:۔ فرا، سَرا کے وزن پر ہے، معنی آگے، نزدیک، دور اور اونچا اور زائد بھی استعمال ہوتا ہے اور اس کے معنی مراد نہیں ہوتے۔ ۱۲

☆متن .... بین السطور .... معانی ......

☆مہدی ...... موعود ۱۲ ...... قیامت کے قریب پیدا ہونے والے امام مہدی علیہ السلام جن کی خبر احادیث میں موجود ہے۔ ...... ☆صناعت بکسر اول پیشہ وکار ۱۲ ...... ص کی زیر سے، ذریعہ معاش، کام، پیشہ۔ ...... ☆حق افکار ...... بہم دیگر پیوستن ۱۲ ...... ایک دوسرے کے ساتھ ملنا، آپس میں مل جانا۔ ...... ☆انظار ...... جمع نظر بمعنی فکر ۱۲ ...... نظریات، افکار۔ ...... ☆پیر دستگیر ...... خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ ۱۲ ...... مراد حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ۔ ...... ☆حسن ظن ...... بہ پیر طریقت ۱۲ ...... مراد پیر طریقت، مرشد۔ ...... ☆صحبت ...... باشیخ ۱۲ ...... اپنے شیخ کی صحبت، ہمنشینی۔ ...... ☆وَبِدُوْنِہٖ خَرْطُ الْقَتَادُ ...... یعنی بغیر حضور وطول صحبت دست کشیدن است بر درخت خاردار ورنج کشیدن ومحنت برداشتن است ۱۲ ...... صحبتِ شیخ دلجمعی ـــ اور طول صحبت کے بغیر ایسا ہے جیسے کانٹے دار درخت پر ہاتھ پھیرنا، بے فائدہ رنج اٹھانا اور محنت کرنا ہے۔

Marfat.com

زمانۂ دراز تک پیر کی صحبت میں رہنا، ہر لحاظ سے ضروری ہے، وَبِدُوْنِہٖ خَرْطُ الْقَتَادِ (اس کے علاوہ بے فائدہ رنج ومحنت اٹھانا ہے) ؎

آسودہ شبے باید وخوش مہتابے | تا با تو حکایت کنم از ہر بابے
پرسکون اور چاندنی ہو ایک رات | تجھ سے دلبر کی کہوں ایک ایک بات

لیکن اس بنا پر کہ سوال کا جواب ضرور ہونا چاہیے، یہ فقیر اسقدر ظاہر کرتا ہے کہ ہر مقام کے علوم ومعارف مختلف ہوتے ہیں اور احوال ومواجید جدا، کسی ایک مقام میں ذکر وتوجہ مناسب ہیں اور کسی دوسرے مقام میں تلاوتِ قرآن مجید ونماز مناسب ہے، کوئی مقام جذبہ (سیر انفسی) کے ساتھ مخصوص ہے اور کوئی مقام سلوک (سیر آفاقی) کے ساتھ، اور کسی مقام میں یہ دونوں دولتیں مخلوط (ملی جلی) ہیں اور کوئی مقام ایسا۔ ہے کہ جذبہ سلوک کی دونوں جہتوں سے علیحدہ ہے (یعنی اس میں دونوں میں سے ایک بھی موجود نہیں) نہ جذبہ کو اس مقام سے کوئی واسطہ ہے اور نہ سلوک کو اس مقام سے کوئی تعلق ہے، یہ مقام نہایت عجیب وغریب ہے۔

آنحضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اصحاب کرام ﷺ اس مقام کے ساتھ ممتاز اور اس بڑی دولت سے مشرف ہیں۔ اس مقام والے کو دوسرے مقامات والوں سے پورا پورا امتیاز حاصل ہے اور اس مقام والے حضرات ایک دوسرے کے ساتھ بہت کم مشابہت رکھتے ہیں بخلاف دوسرے مقامات والے حضرات کے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں اگرچہ وہ مشابہت کسی ایک لحاظ سے ہو اور دوسری وجہ سے نہ ہو، اور یہ نسبت اصحاب کرام ﷺ کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ حضرت امام مہدی موعود علیہ الرضوان میں پوری طرح ظاہر ہوگی۔

سلسلوں کے مشائخ میں سے بہت کم مشائخ نے اس مقام کی خبر دی ہے تو کیسے ہوسکتا ہے کہ انھوں نے اس مقام کے علوم ومعارف کے متعلق گفتگو کی ہو، ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيمِ ؎ (جمعہ:۴ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل وکرم والا ہے)۔

حاصل کلام یہ ہے کہ صحابہ کرام ﷺ کو یہ نادر الوجود نسبت پہلے ہی قدم میں ظاہر ہو جاتی تھی اور ایک مدت گذرنے کے

﴿صہ۸۹﴾ ؎ قولہ یہ اللہ کا فضل ہے، وہ عنایت فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے، حق سبحانہ عظیم فضل کا مالک ہے، یہ ایک آیت کریمہ ہے جو پارہ قَدْ سَمِعَ (۲۸) سورہ جمعہ میں واقع ہے۔ ۱۲

☆ تلاوت...... یعنی خواندن کتاب اللہ ۱۲...... قرآن مجید پڑھنا...... ☆ بجذبہ ...... سیر انفسی ۱۲ ...... سیر انفسی ہے...... ☆ بسلوک ...... سیر آفاقی ۱۲...... سیر آفاقی کے ساتھ...... ☆ ممتزج...... از امتزاج بمعنی اختلاط ۱۲...... دونوں حالتیں مخلوط (ملی جلی) ہیں...... ☆ مسامے...... سودگی یعنی علاقہ ۱۲...... علاقہ، تعلق...... ☆ شگرف...... بکسر اول وفتح کاف فارسی زیبا ونیکو وعجیب ۱۲...... ش کی زیر اور گاف پر زبر سے، یعنی، خوبصورت، عمدہ، عجیب وغریب...... ☆ مقام ممتاز...... کہ جدا است ز سلوک وجذبہ ۱۲...... یہ مقام سلوک وجذبہ سے جدا ہے...... ☆ کمتر...... یعنی ارباب این مقام ۱۲...... اس مقام والے...... ☆ از گزشت...... صیغہ ماضی است بمعنی راہ وگذرگاہ وبمعنی پس وبعد نیز آمدہ ۱۲...... ماضی کا صیغہ ہے بمعنی راہ اور گذرگاہ اور پیچھے اور بعد کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ☆ مہدی...... موعود ۱۲ حضرت امام مہدی علیہ السلام جو قربِ قیامت پیدا ہوں گے۔ ☆ طبقات...... سلاسل ۱۲...... طبقے، جمع سلاسل، یعنی مشائخ کے سلسلے۔ ☆ بمرور یعنی بعد از گذشتن مدتے ۱۲...... یعنی کچھ مدت گذرنے کے بعد...... ☆ مستعد...... سعادتمند ۱۲...... خوش نصیب، اہل سعادت......

Marfat.com

بعد درجۂ کمال تک پہنچ جاتی تھی اور دوسرے شخص (یعنی غیر صحابی) کو اگر اس دولت سے مشرف کرتے ہیں اور صحابہ کرام کی نسبت کے قدم پر تربیت دیتے ہیں تو وہ جذبہ وسلوک کی منزلوں کو قطع کرنے اور ان کے علوم ومعارف کو طے کرنے کے بعد اس دولتِ عظمٰی سے سعادتمند وسرفراز فرماتے ہیں۔

ابتدا میں اس نسبت کا ظہور سید البشر علیہ وآلہ الصلوات التحیات والبرکات والتسلیمات کی صحبت کی برکت کے ساتھ مخصوص تھا، لیکن ہوسکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے متبعین میں سے بھی کسی کو اس برکت سے مشرف فرمادیں تاکہ اس کی صحبت بھی ابتدا میں اس بلند نسبت کے ظہور کا سبب بن جائے۔

ے فیض روح القدس ار باز مدد فرماید دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد

ترجمہ: گر کرے امداد پھر روح القدس بس ایک بار دوسرے بھی کر دکھائیں جو مسیحا نے کیا

اس وقت اس نسبت میں بھی اندراج النہایت فی البدایت (ابتدا میں انتہا کا درج ہونا) ثابت ہوجاتا ہے جیسا کہ جذبہ کے سلوک پر مقدم ہونے کی صورت میں ثابت ہوتا ہے۔ یہ مضمون اس بیان سے زیادہ گنجائش نہیں رکھتا۔

شعر وَمِنْ بَعْدِ هٰذَا مَا يَدِقُّ صِفَاتُهٗ وَمَا كَتْمُهٗ اَحْظٰى لَدَيْهِ وَاَجْمَلُ

ترجمہ: بعد ازاں باریک ہیں اس کی صفات ان کے ہے پوشیدہ رکھنے میں نجات

اس کے بعد اگر ملاقات نصیب ہوئی اور سننے والوں کی جانب سے سننے کا نیک گمان معلوم ہوا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نسبت کچھ

﴿صہ ۹۰﴾ ۱ اور اس کے بعد یہ ایک ایسا امر ہے کہ اس کا بیان بہت دقیق ولطیف ہے، یہ ایسی چیز ہے کہ اس کو پوشیدہ رکھنا زیادہ مزیدار اشیاء سے ہے اور اس کے نزدیک اس کا مخفی رکھنا بہت بہتر اور خوبصورت ہے۔

۲... قولہ مَظِنَّہ:۔ میم پر زبر، زا کے نیچے زیر اور نون پر شد، ظن کا مقام یعنی خیال کرنے کی جگہ ۱۲

۳... قولہ شَمَّہ :۔ ش پر زبر اور م پر شد، عربی زبان میں تھوڑی خوشبو اور کسی چیز کو ایک بار سونگھنے کے معنی میں آتا ہے، مجازاً فارسی زبان میں تھوڑا اور کم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ۱۲

۴... قولہ اشارت است:۔ اشارہ اس آیہ کریمہ کی طرف جو پارہ وَمَا اُبَرِّئُ (۱۳) سورہ الرعد میں واقع ہے۔ ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے آپ کو نہ بدلیں، جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کے ساتھ تکلیف وعذاب کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو کوئی روک نہیں سکتا اور اللہ کے سوا اور کوئی کارساز ومالک نہیں ہے۔ ۱۲

۵... قولہ اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ:۔ علامہ محمد مراد مکی رحمہ اللہ (مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے) فرماتے ہیں: اس حدیث پاک کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں اور ابن ماجہ اور امام حاکم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری میں فرمایا: یہ حدیث حسن ہے۔ ۱۲

☆ زلّات...... لغزشہائے ۱۲...... خطائیں۔ ...... ☆ اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ...... یعنی ندامت بر کردہ خویش توبہ است ۱۲...... اپنے اعمال پر ندامت کرنا توبہ ہے۔ ...... ☆ استشفاع...... شفاعت طلبیدن ۱۲...... شفاعت طلب کرنا۔ ...... ☆ مقام گزشت...... عفو وتجاوز ودرگزر ۱۲...... معاف کرنا اور درگزر کرنا۔ ...... ☆ سائر...... باقی ۱۲...... باقی۔ ...... ☆ تسوید...... تحریر ۱۲...... دستاویز۔ ☆ ندامت...... پشیمانی ۱۲ شرمندگی۔ ...... ☆ الّا...... ورنہ ۱۲...... وگرنہ۔ ...... ☆ پیر دستگیر...... خواجہ عبدالباقی قدس سرہ ۱۲...... مراد حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ...... ☆ این...... خلافت وسجادگی حضرت دہلی ۱۲...... حضرت خواجہ باقی باللہؒ کی درگاہ کا انتظام۔ ...... ☆ ممنوع...... یعنی مسلم نیست ۱۲...... یعنی ثابت نہیں۔ ...... ☆ حضرت ایشان...... پیر دستگیر حضرت خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ ۱۲...... یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ......

Marfat.com

بیان کیا جائیگا۔وَهُوَ سُبْحَانَهُ الْمُوَفِّقُ (اور اللہ سبحانہ ہی توفیق بخشنے والا ہے)۔

آپ نے بعض دوستوں کے بارے میں لکھا تھا، اس فقیر نے ان کی لغزشوں کو معاف کر دیا، حق سبحانہ وتعالیٰ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے وہ بھی معاف فرمائے، لیکن آپ ان دوستوں کو نصیحت فرمادیں کہ حضور اور غیبت (سامنے اور پیٹھ پیچھے) میں (اس فقیر کو) آزار وتکلیف دینے کے درپے نہ ہوا کریں اور اپنی وضع قطع اور حالتوں کو نہ بدلیں، اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ط وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءً فَلَا مَرَدَّ لَهٗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (رعد۔١١: ترجمہ: یعنی اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جبتک وہ اپنے آپ کو نہ بدلیں، اور جب اللہ تعالیٰ کسی کے ساتھ برائی وعذاب کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو کوئی روک نہیں سکتا اور اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی کارساز ومالک وحاکم نہیں ہے)۔

آپ نے میاں شیخ اللہ داد کے بارے میں خاص طور پر لکھا تھا، فقیر کو اس میں کچھ مضائقہ نہیں ہے لیکن مشارٌ الیہ (شیخ اللہ داد مذکور) کے لئے اپنی وضع تبدیل کرنے سے نادم ہونا ضروری ہے کیونکہ اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ (ندامت بھی توبہ ہی ہے)۔ شفاعت (معافی) چاہنا ندامت کی فرع ہے، بہر حال فقیر اپنی طرف سے معاف کرتا ہے، اور دوسری جانب کو آپ جانیں—— دوسرے یہ کہ سرہند کو اپنا گھر تصور فرمائیں۔ محبت کا تعلق اور پیر بھائی ہونے کی نسبت اس قسم کی نہیں ہے کہ عارضی باتوں سے ٹوٹ جائے، زیادہ کیا لکھوں والسلام۔ مخدوم زادے اور گھر کے سب حضرات دعا کے ساتھ مخصوص ہیں۔

اس خط کے لکھنے کے بعد دل میں خیال آیا کہ دوستوں کی لغزشوں اور ان سے معاف کر دینے کے بارے میں بات کو زیادہ وضاحت کے ساتھ لکھا جائے کیونکہ مختصر طور پر لکھنے میں بات صاف نہیں ہوتی، نہ معلوم کیا سمجھا جائے—— میرے مخدوم، معاف کرنا اس وقت سمجھا جائے جبکہ وہ لوگ ان وضع وقطع کو برا جانیں اوران سے پشیمان ہوں ورنہ معافی کی کوئی گنجائش نہیں۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی پہلا حصہ

﴿صہ٩١﴾☆ تاب...... طاقت ١٢...... ہمت، قوت۔...... ☆ حضور...... روبروئے خود ١٢...... اپنے سامنے۔...... ☆ سفارت...... بکسر رسالت وپیغمبری١٢...... رکی زیر سے، نبوت وپیغمبری۔...... ☆ وَالضَّرُوْرَةُ تَقَدَّرُ بِقَدَرِهَا...... یعنی ضرورت باندازہ ضرورت گرفتہ میشود ١٢ ضرورت کی شے بقدر ضرورت ہی حاصل کی جاتی ہے۔...... ☆ پیر دستگیر...... یعنی حضرت خواجہ عبدالباقی قدس سرہٗ١٢...... یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ۔...... ☆ تکمیل...... بکمال رسانیدن ١٢...... کمال تک پہنچانا۔...... ☆ صناعتہ...... علم وحرفت ١٢...... علم وحرفت۔...... ☆ بتلاحق...... بیک دیگر پیوستن...... ایک دوسرے سے مل جانا۔...... ☆ افکار...... جمع فکر ١٢...... فکر کی جمع...... ☆ نحوے...... علم نحو ١٢ علم نحو۔...... ☆ سیبویہ...... لقب است عمرو بن عثمان شیرازی را کہ امام است معروف در علم نحو وصرف مرکب است از سیب بمعنے تفاح ودیہ اسم صوت١٢...... یہ جناب عمرو بن عثمان شیرازی کا لقب ہے جو کہ علوم نحو وصرف کے امام تھے سیبویہ سیب و ''دیہ'' کا مرکب ہے سیب پھل کا نام ہے اور دیہ آواز کا نام ہے۔...... ☆ وضع...... مقرر١٢...... ☆ خواجہ عبدالخالق...... شمہ از احوال حضرت خواجہ عبدالخالق عجدوانی قدس سرہ العزیز بحاشیہ مکتوب ششم بمعرض تحریر آمدہ ١٢...... حضرت خواجہ عبدالخالق عجدوانی قدس سرہٗ کا (مختصر حال) جن کا ذکر قبل ازیں مکتوب ٦ کے حاشیہ میں تحریر میں آچکا ہے۔...... ☆ صدد...... درپے ١٢...... مصروف عمل رہے ہیں۔...... ☆ مساس...... سودگی یعنی علاقہ ١٢...... علاقہ، تعلق۔...... ☆ فقیر بیچارہ ١٢...... مجبور، بے بس۔...... ☆ نحوی...... اندکے ١٢...... ☆ ممد...... مددکنندہ ١٢...... مددگار۔...... ☆ تسویلات...... آرائشہا وزیبائشہا ١٢...... آراستہ وپیراستہ، زیب وزینت۔......

Marfat.com

اور آپ نے لکھا تھا کہ ''پیر دستگیر (حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ) نے یہ مقام (یعنی خلافت دہلی کی سجادگی) ان لوگوں کی موجودگی میں شیخ الہ داد کے سپرد کیا تھا''۔ یہ ایک بات ذرا وضاحت چاہتی ہے۔ اگر انھوں نے سپرد کرنا اس معنی میں کہا ہے کہ فقراء اور آنے جانے والے لوگوں کی خدمت کرے اور ان کے کھانے پینے کا خیال رکھے، تو یہ بات ماننے کے قابل ہے اور اگر اس معنی میں کہا ہے کہ طالبانِ طریقت کی تربیت کرے اور پیری کی گدی پر بیٹھے تو یہ بات قابل تسلیم نہیں ہے۔ اور آخری مرتبہ کی ملاقات میں حضرت پیر و مرشد قدس سرہ نے اس فقیر سے فرمایا تھا کہ تم تجویز کرو کہ شیخ اللہ داد ہماری جانب سے جا کر بعض طالبوں کو ذکر بتائے اور بعض طالبوں کے حالات ہم تک پہنچائے کیونکہ اب ہم میں اپنے سامنے بلانے اور ذکر بتانے اور احوال پوچھنے کی طاقت نہیں ہے۔ فقیر اس بارے میں بھی تردد میں تھا چونکہ ضرورت تھی اس لئے فقیر نے بھی اس قدر تجویز کر دیا —— اس قسم کی تبلیغ محض ایک طرح کی سفارت (ایلچی) کی قسم سے ہے، خاص طور پر جبکہ ضرورت کی وجہ سے ہو۔ وَالضَّرُوْرَةُ تَتَقَدَّرُ بِقَدْرِهَا (اور ضرورت کی چیز بقدر ضرورت ہی حاصل کی جاتی ہے) پس یہ سفارت بھی آں موصوف قدس سرہ کی زندگی تک ہی رہے گی، آں موصوف قدس سرہ کی رحلت فرمانے کے بعد (ان کی طرف سے) ذکر بتانا اور طالبوں کا حال پوچھنا خیانت میں داخل ہے۔

آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ ''پیر دستگیر (حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ) کی نسبت باقی رہتی ہے'' یعنی اس میں زیادتی اور نقصان واقع نہیں ہوتا —— میرے مخدوم! ہر فن و صنعت کا مکمل ہونا بہت سی فکروں کے ملنے پر موقوف ہے، جو علمِ نحو سیبویہ نے وضع کیا تھا متاخرین کی فکروں نے اس کو دس گنا زیادہ کر دیا ہے، اُسی اصلیت پر رہنا خود عین نقص ہے۔ وہ نسبت جو حضرت خواجہ نقشبند (سید بہاؤالدین بخاری) قدس سرہ رکھتے تھے حضرت خواجہ عبدالخالق (غجدوانی قدس سرہ العزیز) کے زمانہ میں نہیں تھی وعلیٰ ھذا القیاس —— خاص طور پر ہمارے حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہ اس نسبت کی تکمیل کے درپے رہے ہیں اور اس کو مکمل نہیں جانتے تھے۔ اگر ان کی زندگی وفا کرتی (یعنی مزید زندہ رہتے) تو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کے ارادہ کے ساتھ اس نسبت کو معلوم نہیں کہاں تک لے جاتے، اس نسبت کے متعلق یہ کوشش کرنا کہ اس میں زیادتی و اضافہ نہ ہو، مناسب نہیں ہے —— یہ فقیر نہیں جانتا کہ یہ نسبت (ایک ہی مقام) پر کس طرح باقی رہے گی —— آپ خود ایک علیحدہ نسبت رکھتے ہیں جو اُن (یعنی پیر و مرشدنا) کی نسبت سے کچھ تعلق نہیں رکھتی —— اور یہ بات کئی دفعہ حضرت قدس سرہ کے حضور میں متعین ہو چکی تھی —— بیچارہ شیخ اللہ داد کیا جانے کہ نسبت کیا ہوتی ہے تھوڑا سا قلبی حضور اس کو حاصل ہے، نیز اس کو خود بھی معلوم ہے کہ اسکی کیا حالت ہے۔ بیان فرمائیں کہ اس نسبت کا باقی رکھنے والا کون ہے تا کہ فقیر بھی اس شخص کا مددگار ہو، واقعات کا کچھ اعتبار

☆ متعسّر ...... دشوار ۱۲ ...... مشکل، پیچیدہ۔ ...... ☆ اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی ...... مگر آنکس کہ حق سبحانہ وتعالیٰ اور امحفوظ دارد ۱۲ وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ ...... ☆ سلب کردن ...... واپس گرفتن ۱۲ ...... واپس لے لینا، چھین لینا۔ ...... ☆ آواز یکہ ...... جواب است از اشتباہے کہ ناشی است از باقی ماندن بعض آثار بعد از سلب کردن ...... یہ اس شبہ کا جواب ہے جو (نسبت) سلب کرنے کے بعد بعض آثار کے باقی رہنے سے پیدا ہوتا ہے۔ ...... ☆ اخگری را ...... آتش پارہ کلان کہ بعربی جمرہ گویند ۱۲ ...... آگ کا بڑا ٹکڑا جس کو عربی میں جمرہ کہتے ہیں۔

﴿صہ ۹۲﴾ ☆ مکنونست ...... پوشیدہ ۱۲ ...... چھپی ہوئی۔ ......

Marfat.com

نہ کریں کیونکہ وہ تو خیالی ہیں اور کچھ صداقت نہیں رکھتے ،شیطان طاقتور دشمن ہے اس کے بہکانے اور مکروں سے بچنا بہت مشکل ہے اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰه تَعَالٰی (مگر جس کو اللہ تعالیٰ بچائے وہ بچ جاتا ہے)۔

اور آپ نے حاصل شدہ نسبتوں کے سلب ہونے کے بارے میں لکھا تھا—— میرے مخدوم! وہ سلب کرنا اختیار کے ساتھ نہیں تھا جیسا کہ آپ کے سامنے ذکر ہوا تھا، وہ سلب اب بھی اپنی حالت پر باقی ہے دور نہیں ہوا، اس کے دور ہوجانے کا خیال کرنا وہم وخیال ہے، وہ آواز جو دل سنیں اس حالت سے کوئی تعلق نہیں رکھتی، جب آگ کے انگارے کو سرد کردیتے ہیں اور آگ اس سے ختم ہوجاتی ہے تو پانی ڈالنے کے بعد بھی کچھ آواز اس میں باقی رہتی ہے لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ ابھی آگ اس میں چھپی ہوئی ہے واقعات کا کچھ اعتبار نہیں ہے، یہ بات اگر آج پوشیدہ ہے تو انتظار کریں کل انشاءاللہ تعالیٰ ظاہر ہوجائے گی چونکہ آپ نے مبالغہ کے ساتھ لکھا تھا اس لئے ضروری سمجھتے ہوئے اس کے جواب میں یہ بات لکھی گئی ورنہ بے موقع بات کرنے کی فرصت کہاں!۔

تینتیسواں مکتوب

برے علماء کی مذمت کے بیان میں جو دنیا کی محبت میں گرفتار ہیں اور انھوں نے علم کو دنیا حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا ہوا ہے، اور زاہد و پرہیزگار علماء کی تعریف میں جو کہ دنیا سے بے رغبت ہو چکے ہیں، ملا حاجی محمد لاہوری کی طرف صادر ہوا۔

عرضداشت: ۔ علماء کے لئے دنیا کی محبت اور اس میں رغبت کرنا ان کے جمال کے چہرہ کا بدنما داغ ہے۔ مخلوقات کو اگرچہ ان سے بہت سے فائدے حاصل ہوتے ہیں لیکن ان کا علم ان کے اپنے حق میں نفع بخش نہیں ہوا، اگرچہ شریعت کی تائید اور ملت کی تقویت انہی کی وجہ سے قائم ہے لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ دین کی یہ تائید وتقویت فاجر وفاسق لوگوں سے بھی واقع ہوجاتی ہے جیسا کہ سید الانبیاء علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے اس فاجر شخص کی دینی تائید کے بارے میں خبر دی ہے اور فرمایا ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ (البتہ اللہ تعالیٰ ضرور اس دین یعنی اسلام کو ایک فاجر آدمی کے ذریعہ سے بھی مدد دیگا)

یہ (علماء سوٗ) پارس پتھر کی مانند ہیں کہ تانبے اور لوہے کی جو چیز بھی اس کے ساتھ رگڑ کھاتی ہے سونا ہوجاتی ہے اور وہ

حاشیہ متن

﴿صہ ۹۲﴾ ۱؎ جاننا چاہیے کہ لفظِ سیوم کی تحقیق مکتوب ۳ کے حاشیہ پر لکھی گئی ہے، وہاں سے ملاحظہ کریں۔ ۱۲

۲؎ ... قولہ کلفِ چہرۂ ...الخ: ۔اولین دونوں حرفوں پر زبر ہے، معنی سیاہی وسرخی ملا رنگ جو چہرے پر ظاہر ہوتا ہے اور چاند کے چہرے کی سیاہی اور داغ۔۱۲

۳؎ ... قولہ فُجور: ۔ پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، معنی حق سے ہٹنا، دین سے ایک طرف ہوجانا، نافرمانی اور تباہی کرنا، نماز کا ضائع کرنا گناہوں اور زنا پر دلیر ہونا۔۱۲ (منتخب)

۴؎ ... قولہ فُتور: ۔ف اور ت پر پیش، معنی سختی کے بعد نرم ہونا، تیزی کے بعد ساکن ہونا، کام کرنے میں سستی کرنا، جوڑوں کا نرم اور سست ہونا، اس جگہ دین میں سستی کرنا معنی مراد ہیں۔ ۱۲ (منتخب)

Marfat.com

خود اپنی ذات میں پتھر ہی رہتا ہے، اور اسی طرح وہ آگ جو پتھر اور بانس میں پوشیدہ موجود ہے دنیا کو اس آگ سے بہت سے فائدے حاصل ہیں لیکن وہ پتھر اور بانس اپنے اندر کی موجودہ آگ سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کرتے، بلکہ ہم کہتے ہیں کہ یہ علم اُن (علمائے سوٗ) کی اپنی ذات میں مضر ہے کیونکہ اس علم نے حجت کو ان پر پورا کردیا، اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَالِمٌ لَمْ یَنْفَعْهُ اللّٰهُ بِعِلْمِهٖ (بیشک قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ عذاب کا مستحق وہ عالم ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اس کے علم سے کچھ نفع نہیں دیا)

وہ علم جو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کے نزدیک معزز ہے اور موجودات میں اشرف ہے وہ ان کے لئے مضر کیوں نہ ہو جبکہ انھوں نے اس علم کو کمینی دنیا یعنی مال وجاہ وریاست کے حاصل کرنے کا وسیلہ بنالیا ہے حالانکہ دنیا حق تعالیٰ کے نزدیک ذلیل وخوار اور مخلوقات میں سب سے بدتر ہے۔ پس خدائے تعالیٰ کی عزت دی ہوئی چیز کو ذلیل کرنا اور اللہ تعالیٰ کی ذلیل کی ہوئی چیز کو عزت دینا نہایت برا ہے، اور حقیقت میں حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے۔ اور تعلیم دینا اور فتوے لکھنا اس وقت فائدہ دیتا ہے جبکہ خالص اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہو، اور جاہ وریاست کی محبت اور مال ومرتبہ کے حاصل کرنے کی آمیزش سے پاک وخالی ہو، اور اس کی علامت دنیا میں زہد و پرہیزگاری اختیار کرنا اور دنیا ومافیہا سے بے رغبت رہنا ہے —— جو علماء اس بلا میں مبتلا اور اس کمینی دنیا کی محبت میں گرفتار ہیں وہ علمائے دنیا میں سے ہیں، یہی لوگ علمائے سوٗ اور لوگوں میں سب سے برے اور دین کے چور ہیں حالانکہ یہ لوگ اپنے آپ کو دین کا پیشوا جانتے ہیں اور اپنے آپ کو مخلوقات میں سب سے بہتر خیال کرتے ہیں، وَیَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰی شَیْءٍ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ اِسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ (مجادلہ۔۱۸تا۱۹: ترجمہ:۔ اور یہ

۵… حدیث کے جو الفاظ صحیح بخاری میں ہیں اس طرح ہیں: عن ابی ھریرہ ﷺ قال شھدنا مع رسول اللّٰہ خیبرَ فقال لرجلٍ ممّن یدّعی الاسلامَ: ھذا من اھلِ النار، فلمّا حضر القتالُ قاتل الرجلُ قتالاً شدیدًا فأصابتہ جراحۃٌ، فقیل: یارسولَ اللّٰہ، الذی قُلتَ إنہ من أھلِ النار فإنہ قد قاتل الیوم قتالاً شدیداً وقدمات، فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم إلی النار۔ قال فکادبعض الناس أن یرتاب فبینما ھم علی ذلک إذ قیل انہ لم یمت ولکنّ بہ جراحًا شدیدًا فلما کان من اللیل فلم یصبر علی الجراح فقتل نفسہ، فأُخبرَ النبیُّ بذلک فقال: اللّٰہ أکبر، أشھدُ أنی عبدُاللّٰہ ورسولہ ثم أمر بلالاً فنادی بالناس: إنہ لایدخُلُ الجنۃَ إلا نفسٌ مسلمۃٌ، وإن اللّٰہ لیُؤیّدُ ھذا الدین بالرجل الفاجر۔
(بخاری کتاب الجہاد، باب ان اللّٰہ یؤید الدین…الخ)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ ﷺ نے بیان کیا کہ ہم خیبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو آپ نے ایک آدمی کے بارے میں جو اسلام کا دعویدار تھا فرمایا: یہ دوزخی ہے جب لڑائی کا وقت آیا تو وہ آدمی بڑی سختی سے لڑا تو اس کو ایک زخم آگیا، حضور سے عرض کیا گیا کہ وہ شخص جس کے بارے آپ نے فرمایا کہ وہ جہنمی ہے، آج تو اس نے (مسلمانوں کی طرف سے) بہت سخت جنگ کی ہے اور وہ مرگیا ہے، اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: وہ جہنم کی طرف گیا، قریب تھا کہ کچھ لوگ شک میں پڑ جائیں، لوگ اسی حال میں تھے کہ کہا گیا وہ نہیں مرا لیکن اس کو بہت شدید زخم لگا، پھر جب رات ہوئی تو زخم پر صبر نہ کرسکا تو اس نے خودکشی کرلی، نبی ﷺ کو اس بات کی خبر دی گئی تو آپ نے فرمایا: اللہ اکبر میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، پھر آپ نے حضرت بلال ﷺ کو حکم دیا کہ لوگوں کو پکار کر کہیں کہ کوئی جنت میں داخل نہیں ہوگا سوائے مسلمان کے، اور بے شک اللہ تعالیٰ اس دین اسلام کی تائید فرماتا ہے فاسق وفاجر کے ذریعہ۔

علامہ محمد مراد مکی کہتے ہیں کہ اس حدیث کو امام بخاری اور مسلم نے حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے اور ترمذی نے حضرت انس اور طبرانی کبیر میں اور ابونعیم نے حلیہ میں اور ابن عدی نے کامل میں مختلف الفاظ سے روایت کیا ہے۔ ۱۲

Marfat.com

لوگ گمان کرتے ہیں کہ ہم کسی اچھی حالت پر ہیں، خبردار یہ لوگ جھوٹے ہیں، ان پر شیطان نے غلبہ پالیا ہے پھر اس نے ان کو اللہ کے ذکر سے غافل کردیا۔ یہ لوگ شیطان کے گروہ ہیں۔ آگاہ رہو کہ شیطان کے گروہ والے ہی خسارہ پانے والے ہیں)

اکابرین میں سے ایک بزرگ نے شیطان ملعون کو دیکھا کہ فارغ (بیکار) بیٹھا ہے اور گمراہ کرنے اور بہکانے سے بےفکر ہو چکا ہے۔ اس بزرگ نے اس سے اس فراغت کی وجہ دریافت کی اس نے جواب دیا کہ اس زمانے کے برے علماء نے خود ہی اس کام میں میری بہت بڑی مدد کی ہے انھوں نے مجھے اس کام سے فارغ کردیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس زمانے میں شرع کے کاموں میں جو سستی اور سہل پسندی ونفاق پیدا ہوگیا ہے اور دین وملت کے رواج دینے میں جو خلل وسستی ظاہر ہوئی ہے وہ سب برے علماء کی نحوست اور نیتوں کے خراب ہوجانے کے باعث ہے — ہاں وہ علما جو دنیا سے بے رغبت ہیں اور جاہ (عزت) ومال اور بلندی (سرداری) کی محبت سے آزاد ہیں وہ علمائے آخرت میں سے ہیں اور انبیائے عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وارث ہیں، اور مخلوقات میں سے بہتر یہی علما ہیں کہ کل قیامت

۶... قولہ ان اشد الناس... الخ:۔ یعنی بے شک قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ عذاب کا مستحق وہ عالم ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اسکے علم سے کچھ نفع نہ دیا۔

علامہ محمد مراد کی فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابن عساکر نے حضرت ابوہریرہ ﷺ سے، نیز اسکو طبرانی نے روایت کیا ہے معجم صغیر میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں انہی سے، اور ابن عدی اور حاکم نے اپنی مستدرک میں بھی مختلف الفاظ سے روایت کیا ہے، وقال صلی اللہ علیہ وسلم ان من أشر الناس عنداللہ منزلۃ یوم القیامۃ عالم لاینتفع بعلمہ رواہ الدارمی۔ تحقیق تمام لوگوں میں سے بدترین اللہ کے نزدیک قدرومنزلت کے لحاظ سے وہ عالم ہوگا جو اپنے علم سے فائدہ نہ حاصل کرے گا اور اس پر عمل نہ کرے گا۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الا ان شر الشر شرار العلماء یعنی آگاہ رہو کہ سب شروں میں سب سے بڑھ کر علماء کا شر ہے، رواہ الدارمی

۷... قولہ آنرا وسیلہ:۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم من تعلم علما مما یبتغیٰ بہ وجہ اللہ لا یتعلم الا لیصیب بہ عرضامن الدنیا لم یجد عرف الجنہ یوم القیامۃ۔ رواہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ۔ یعنی جو شخص ایسا علم جس سے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات مقدس کی طلب کی جاتی ہے، اس غرض کے لئے سیکھتا ہے کہ اس سے دنیا کا متاع حاصل کرے وہ شخص قیامت کے روز بہشت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

۸... قولہ ذلیل وخوار... الخ:۔ قولہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کانت الدنیا تعدل عنداللہ جناح بعوضۃ ما سقی کافرا منہاشربۃ۔ رواہ احمد و الترمذی وابن ماجہ۔ یعنی اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی قدر و قیمت ایک مچھر کے پر اور بال کے برابر بھی ہوتی کسی کافر کو اس میں سے ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا اور نیز ترمذی وابن ماجہ میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار ہو کہ بالضرور دنیا ملعون ہے، اور جو کچھ دنیا میں ہے وہ سب بھی ملعون ہے مگر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور جس کو اللہ تعالیٰ دوست رکھے یعنی اعمال صالحہ کرنے والا اور علم سکھانے والا اور سیکھنے والا۔

ب... قولہ مُوَدَّعْ:۔ تودیع مصدر سے اسم مفعول ہے بمعنی سپرد کرنا یا اِیْدَاع سے اسم مفعول مُوْدَعْ ہے، ایداع کے معنی امانت رکھنا ہے۔ غ د م

☆متن.......... بین السطور.......... معانی..........

☆زہاد.......جمع زاہد بمعنی بے رغبت ۱۲.......دنیا جمع کرنے سے پرہیز کرنیوالے.......☆مِس.......بکسر میم نحاس ہندی تانبا ۱۲....... تانبا.......☆نے.......یعنی قصب ہندی بانس ۱۲.......م کی زیر سے، ہندی میں بانس.......☆مضر.......ضرر رسانندہ ۱۲.......نقصان پہنچانے والا.......☆دنیہ.......کمینہ ۱۲.......ذلیل، کمینہ.......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی پہلا حصہ

Marfat.com

کے دن ان کی سیاہی کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہونے والوں کے خون کے ساتھ وزن کریں گے اور اس سیاہی کا پلّہ بھاری رہے گا۔ــــ اور نَـوْمُ الْعُلَمَآءِ عِبَادَةٌ (علما کی نیند بھی عبادت ہے) ان ہی کے حق میں ثابت ہے۔ یہی حضرات ہیں جن کی نظروں کو آخرت کا جمال پسند آیا ہے، اور دنیا کی برائی اور اس کی خرابی ان کو ظاہر ہو چکی ہے، انھوں نے اس (آخرت) کو بقا کی نظر سے دیکھا اور اس (دنیا) کو زوال کے داغ سے داغدار پایا۔ اسی لئے اپنے آپ کو باقی کے سپرد کر دیا اور فانی سے اپنے آپ کو باز رکھا ــــ آخرت کی عظمت کا مشاہدہ حق تعالیٰ کی عظمت کے مشاہدہ کا ثمرہ ہے اور دنیا وفیہا کو ذلیل رکھنا آخرت کی عظمت کے مشاہدہ کرنے کا نتیجہ ہے ــــ لِاَنَّ الدُّنْيَاوَالْاٰخِرَةَ ضَرَّتَانِ اِنْ رَضِيَتْ اِحْدٰهُمَا سَخِطَتِ الْاُخْرٰى (کیونکہ دنیا اور آخرت دو سوکنیں ہیں یعنی دو عورتیں ایک مرد کے نکاح میں ہونے کی مانند ہیں اگر ان میں سے ایک راضی ہوگی تو دوسری ناراض ہو جائیگی)ــــ اگر (کسی شخص کو) دنیا عزیز ہے تو آخرت ذلیل ہے اور اگر دنیا ذلیل ہے تو آخرت عزیز ہے ان دونوں کا جمع ہونا دو ضدوں کے جمع ہونے کی قسم سے ہے،

﴿صہ ۹۳﴾ ۱؎ لُصُوص پہلے دونوں حروف پر پیش ہے اور لام کے زیر سے لِصّ کی جمع ہے صاد پر شد ہے بمعنی چور۔

مثنوی عالمان ہستند امین دین حق یا امیراں گر نباشد ہم طبق خائطو ہم پس لصوص دین شدند فاحذروہم درحق ایشان زدند

ترجمہ:۔ (ربانی) علما دین حق کے امین ہیں اگر امیروں کے ہم مشرب نہ بنے ہوں، اور اگر اہل دنیا کے ساتھ مل جائیں تو وہ دین کے چور ہیں، بچوان سے کیونکہ ان کے حق میں فاحذروا آیا ہے یعنی ان سے حذر (پرہیز) کرو۔ ۱۲

۲؎ ... قوله تعالىٰ ويحسبون... الخ: اور یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ ہم کسی اچھی حالت پر ہیں، خبردار یہ لوگ جھوٹے ہیں، ان پر شیطان نے غلبہ پالیا ہے، پھر اس نے ان کو اللہ کے ذکر سے غافل کر دیا، یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں، آگاہ رہو یہ آیہ کریمہ پارہ قَدْ سَمِعَ اللّٰهِ (۲۸) سورہ مجادلہ میں واقع ہے۔ کہ شیطان کے گروہ والے ہی خسارہ پانے والے ہیں۔

۳؎ ... قوله وَزن خواهند کردا... الخ:۔ علامہ محمد مراد مکی رحمۃ اللہ (مترجم مکتوبات) فرماتے ہیں کہ اس قول میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام غزالی قدس سرہٗ نے احیاء علوم الدین میں مرفوعاً روایت کیا ہے، اس کو علامہ ابن عبدالبر نے ضعیف سند کے ساتھ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بیان کیا ہے، علامہ عراقی نے اس طرح فرمایا ہے۔ اور اس کے شارح نے کہا ہے کہ شیرازی اس کو القاب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے طریق سے لائے ہیں۔ نیز ابن الجوزی اور دیلمی نے بھی روایت کیا ہے۔ انتہی ملخصًا

۴؎ ... قوله ونوم العلماء ...الخ:۔ علامہ محمد مراد مکی رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ اِس میں اُس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام غزالی قدس سرہٗ نے اِحیا میں بیان کیا ہے، اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں ونَفَسُہٗ تَسْبِيْحٌ یعنی عالم کا سانس لینا تسبیح ہے، علامہ عراقی نے کہا کہ مشہور لفظ عَالِم کی بجائے صَائِم ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس میں کوئی ضرر نہیں کیونکہ عالم کی بزرگی صائم قائم پر ثابت ہے، بلکہ بہت سی روایتوں میں مطلق عابد پر کئی درجہ بزرگی ثابت ہے۔ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ عزیز...... علم ۱۲...... علم۔...... ☆ ذلیل...... دنیا ۱۲...... دنیا۔...... ☆ معارضہ...... مقابلہ ۱۲...... مقابلہ۔...... ☆ تدریس...... سبق دادن ۱۲...... سبق پڑھانا۔...... ☆ افتاء...... فتویٰ دادن ۱۲...... فتویٰ لکھنا، فتویٰ دینا۔...... ☆ شائبہ...... آلودگی ۱۲...... آمیزش۔...... ☆ رفعت...... بالکسر بلندی ۱۲...... ر کی زیر سے، معنی بلندی، اونچائی۔...... ☆ خلو...... خالی شدن ۱۲...... تہی دامن ہونا۔...... ☆ مافیہا...... آنچہ دراست ۱۲...... جو کچھ اس میں ہو۔...... ☆ سوء...... بد ۱۲...... بدعمل علماء۔...... ☆ شرار...... بدترین ۱۲...... سب سے برے۔...... ☆ لُصوص...... دزدان ۱۲...... جمع لص معنی چور معنی زیادہ چور جمع۔...... ☆ عزیزے...... یکے از اکابرین ۱۲...... اکابرین میں سے ایک بزرگ۔...... ☆ لعین...... اے ملعون ومطرود ۱۲...... ملعون، پھٹکارہ ہوا۔......

Marfat.com

ع۔ مَا اَحْسَنَ الدِّیْنَ وَالدُّنْیَا لَوِاجْتَمَعَا کیا ہی اچھا ہے کہ ہوں دین و دنیا جمع

ہاں بعض مشائخ نے جو کہ اپنی خواہش اور ارادے سے پوری طرح نکل چکے ہیں بعض نیک و درست نیتوں کے ساتھ اہل دنیا کی صورت اختیار کی ہے اور بظاہر دنیا میں رغبت کرنے والے معلوم ہوتے ہیں وہ حقیقت میں (دنیا سے) کوئی تعلق نہیں رکھتے اور سب سے فارغ و آزاد ہیں —— رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (سورۂ نور۔۳۷ ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کو تجارت اور خرید و فروخت اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں کرتی)۔ اور تجارت و بیع ان کو ذکر خدا سے نہیں روکتی، اور ان امور کے ساتھ عین تعلق کی حالت میں ان امور سے بالکل بے تعلق ہیں —— حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ العزیز نے فرمایا ہے کہ میں نے منیٰ کے بازار میں ایک تاجر کو دیکھا کہ اس نے کم و بیش پچاس ہزار دینار کی خرید و فروخت کی اور اس کا دل ایک لحظہ بھی حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے غافل نہیں ہوا۔

☆ تضلیل ...... گمراہ کردن ۱۲...... گمراہ کرنا۔...... ☆ سرّ ...... راز ۱۲...... بھید، پوشیدہ امر ☆ مداہنت ...... بمعنی پوشیدن و خیانت و نفاق کردن و دروغ گفتن ۱۲...... چھپانا، خیانت و منافقت کرنا اور جھوٹ بولنا۔...... ☆ رفعت ...... بلندی ۱۲...... بلندی۔...... ☆ وَرَثَہٗ ...... بفتحتین جمع وارث ۱۲...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر، جمع وارث۔ ☆ چربید ...... از چربیدن بمعنی غالب آمدن و افزون آمدن ۱۲...... غالب آنا بلند ہونا ☆ نوم العلما عبادۃ ...... وخواب علما عبادت است ۱۲...... علما کی نیند بھی عبادت ہے۔...... ☆ شناعت ...... زشتی ۱۲...... برائی۔...... ☆ مُتَّسم ...... داغدار ۱۲...... داغدار، عیب دار۔...... ☆ عظمت ...... بہر سہ حروف اول مفتوح بمعنی بزرگی و قدر ۱۲...... تینوں حروف پر زبر، معنی بزرگی، قدر و منزلت۔......

﴿صہ۹۴﴾ ۱؎ قولہ: لان الدنیا الخ:۔ ترجمہ:۔ کیونکہ دنیا اور آخرت دونوں سوکنیں ہیں یعنی دو عورتیں ایک مرد کے نکاح میں ہونے کی مانند ہیں، اگر ان میں سے ایک راضی ہو گی تو دوسری ناراض ہو گی۔

اس قول سے اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام احمد و بیہقی نے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی دنیا کو دوست رکھے خود کو نقصان پہنچاتا ہے، اور جو شخص آخرت کو دوست رکھے وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچاتا ہے، پس باقی رہنے والی کو اختیار کرو فانی کے مقابلہ میں، چونکہ دنیا و آخرت باہم ایک دوسرے سے جمع نہیں رہ سکتیں تو ایسی چیز کو اختیار کر جو باقی رہنے والی ہے یعنی آخرت —— اور ترجیح نہ دو ایسی چیز کو جو فانی ہے —— یعنی دنیا۔

۲؎ ... قولہ ما احسن ......:۔ کیا ہی اچھا ہے اگر دین و دنیا جمع ہوں جاننا چاہیے کہ یہ قول لو کے لفظ سے محل استدلال ہے جو وضع کیا گیا ہے انتفائے ثانی کیلئے انتفائے اول کے سبب سے۔

۳؎ ... قولہ: رِجَالٌ لَّاتُلْهِيهِمْ ... الخ:۔ یہ اشارہ اس آیت کی طرف جو پارہ قَدْ اَفْلَحَ (۱۸) سورۂ نور میں واقع ہے یعنی تسبیح کرنے والے مراد ہیں جن کو تجارت اور خرید و فروخت اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں کرتی۔ ۱۲

☆ اضداد ...... جمع ضد ۱۲...... معنی ہٹ دھرمی کرنا، ضد کی جمع ہے۔...... ☆ بایست ...... ارادہ ۱۲...... ارادہ، عزم۔......

Marfat.com

چونتیسواں مکتوب

عالم امر کے جواہر خمسہ (پانچ لطائف) کو حتی الامکان شرح وتفصیل کے ساتھ بیان میں۔ یہ بھی ملا حاجی محمد لاہوری کی طرف صادر ہوا۔

عرضداشت:۔ دونوں جہان کی سعادت کا حاصل ہونا سردارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع پر وابستہ ہے وہ فلسفی جس نے اپنی بصیرت کی آنکھ میں صاحبِ شریعت ﷺ کی متابعت کا سرمہ نہیں لگایا ہے، وہ عالم امر کی حقیقت (کو دیکھنے) سے اندھا ہے، چہ جائیکہ اس کو مرتبۂ وجوب باری تعالیٰ وتقدس کا شعور ہو، اس کی کوتاہ نظر صرف عالمِ خلق پر لگی ہوئی ہے اور وہاں بھی نامکمل ہے جن پانچ جواہر کو اہل فلسفہ نے ثابت کیا ہے وہ سب عالم خلق میں ہیں، نفس اور عقل کو جوانھوں نے مجردات (یعنی جو مادہ سے پاک ہو) سے شمار کیا ہے، یہ ان کی نادانی ہے۔ نفسِ ناطقہ تو یہی نفسِ امارہ (برائی کی طرف بہت امر کرنے والا) ہی ہے جو کہ تزکیہ (رذائل سے پاک کرنے) کا محتاج ہے اور اس کی ہمت ذاتی طور پر کمینگی اور پستی کی طرف ہے اس کو عالم امر کے ساتھ کیا نسبت، اور تجرد کے ساتھ کیا مناسبت، اور عقل خود معقولات میں سے سوائے ان امور کے جو محسوسات کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں بلکہ انھوں نے محسوسات کا حکم پیدا کرلیا ہے اور کچھ ادراک نہیں کرتی، لیکن جو امر محسوسات کے ساتھ مناسبت نہیں رکھتا اور جس کی نظیر ومثال مشاہدات میں ظاہر نہیں ہے وہ عقل کے ادراک میں نہیں آتا اور اس کی بندش عقل کی کنجی سے نہیں کھلتی اس لئے اس (عقل) کی نظر بیچونی کے احکام (معلوم کرنے) سے کوتاہ ہے اور غیبِ محض میں گمراہ ہے اور یہ (عقل کے) عالمِ خلق (سے ہونے) کی علامت ہے —— عالمِ امر کا رخ بیچونی کی طرف اور اس کی توجہ بیچگونی کی طرف ہے —— عالمِ امر کی ابتدا مرتبۂ قلب ہے اور قلب کے اوپر روح اور روح

حاشیہ متن

﴿صہ۹۴﴾ ۴ قلفی راز ہرنے تادم زند دم زند دین ھقش برہم زند
قلفی کو طاقت نہیں ہے کہ دعویٰ کرے۔ دعوی کرے گا تو اپنے سچے دین کو خراب کرے گا۔

۵... کیا مقام ہے فلسفی کا کہ اس مرتبۂ وجوب یعنی حق تعالیٰ وتقدس کا شعور ہو۔

۶... قولہ: جواہر خمسہ ای الحال و المحل والمرکب منھا النفس و العقل یعنی ا:۔صورت جسمیہ ہو یا نوعیہ۔۲:۔ ہیولیٰ۔ ۳:۔جسم۔۴:۔نفس۔۵:۔عقل۔
لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن............بین السطور...........معانی......

☆بکحل......سرمہ۱۲......سرمہ۔......☆مکتحل......سرگین ۱۲......سرمئی۔......☆مقصور......بند ۱۲......بند۔......☆نمودہ......
فلاسفہ ۱۲......فلاسفہ۔......☆مجردات......ازمادہ ۱۲......مادہ سے پاک۔......☆خود......البتہ ۱۲......بےشک۔......☆نفس امارہ بمبالغہ امر کنندہ بہ بدی۱۲......مبالغے کے ساتھ بدی کا حکم کرنے والا۔......☆تزکیہ......پاک کردن از رذائل ۱۲......اعمال رذائل سے پاک کرنا۔

﴿صہ۹۵﴾ ۱ قولہ: مرتبہ قلب... الخ:۔ جاننا چاہئے کہ لطیفۂ قلب کا مقام بائیں پستان سے دو اُنگل نیچے مائل بہ پہلو اور اس کا نور سرخ ہے، اور لطیفہ روح کا مقام دائیں پستان سے دو انگشت نیچے مائل بہ پہلو ہے اور اس کا نور سفید ہے، اور لطیفہ سری کا مقام سینہ کے درمیان ہے اور اس کا نور سبز ہے، اور لطیفہ خفی کا مقام اَبرو (بھوں) کے اوپر ہے اور اس کا نور نیلگوں ہے، اور لطیفہ اخفی کا مقام اُمّ الدماغ (وہ جھلی جس میں

Marfat.com

کے اوپر سِرّ اور سِرّ کے اوپر خفی اور خفی کے اوپر اخفیٰ ہے۔ اگر عالمِ امر کے (ان) پانچ مراتب کو جواہر خمسہ کہیں تو اس کی گنجائش ہے، اور فلسفی نے چند ٹھیکریوں کو جمع کر کے اپنی نظر کی کوتاہی کے باعث ان کو جواہر سمجھ لیا ہے۔

عالمِ امر کے ان جواہر خمسہ کا حاصل کرنا اور ان حقائق پر اطلاع پانا حضرت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کامل فرمانبرداروں کو حاصل ہے۔ جب عالمِ صغیر یعنی انسان کے اندر عالم کبیر کی ہر چیز کا نمونہ ہے تو عالم کبیر میں بھی ان جواہر خمسہ کے اصول ثابت ہیں۔ انسان کے قلب کی طرح عرش مجید عالمِ کبیر کے ان جواہر خمسہ کا مبدأ ہے اور اسی مناسبت کی وجہ سے قلب کو بھی اللہ تعالیٰ کا عرش کہتے ہیں اور جواہر خمسہ کے باقی مراتب عرش کے اوپر ہیں۔

عالم کبیر میں عرش، عالمِ خلق اور عالمِ امر کے درمیان برزخ (واسطہ) ہے جس طرح عالمِ صغیر میں انسان کا قلب عالمِ خلق اور عالمِ امر کے درمیان برزخ ہے، قلب و عرش اگرچہ بظاہر عالمِ خلق میں ہیں لیکن (حقیقت میں) یہ عالمِ امر سے ہیں اور بیچونی وبیچگونی (بے کیف ہونے) سے کچھ حصہ رکھتے ہیں۔ ان جواہر خمسہ کی حقیقت پر مطلع ہونا اولیاء اللہ میں سے کاملین کے حق میں ثابت ہے جو مراتبِ سلوک کو تفصیل کے ساتھ طے کر کے مرتبۂ نہایت النہایت تک پہنچ گئے ہیں۔

ے هر گدائے مردِ میداں کے شود پشۂ آخر سلیماں کے شود

ترجمہ:۔ نہیں ہوتا بھکاری مردِ میداں کہ مچھر بن نہیں سکتا سلیماں

اور اگر محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے کسی صاحبِ دولت کی بصیرت کی آنکھ کو مرتبۂ وجوب کی تفصیل کے لئے بقدر امکان کھول دیں تو وہ بھی اس مقام میں ان جواہر کے اصول کا مطالعہ کر لیتا ہے اور عالم صغیر و کبیر کے ان جواہر کو ان حقیقی جواہر کے ظلال کی صورت میں معلوم کر لیتا ہے۔ ع۔ ایں کارِ دولت ست کنوں تا کرا رسد ترجمہ:۔ یہ ہے عظیم کام، ملے دیکھئے کسے

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم ۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اُردو حصہ

دماغ لپٹا ہوا ہے) ہے اور اس کا نور آنکھ کی سیاہی کی مثل سیاہ ہے ۱۲

یہ وضاحت ضیاء القلوب مصنفہ مولانا ومقتدانا ومرشدنا حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرۃ الاقدس نور مرقدہٗ میں ہے — جاننا چاہیے کہ شاہ غلام علی نقشبندی مجددی قدس سرہ نے اپنے رسالہ سبع سیارہ میں لطیفہ خفی کا مقام دائیں پستان کے برابر دو انگل کے فرق سے بتایا ہے اور لطیفہ اخفیٰ عین سینہ کے درمیان لکھا ہے، اس کو سمجھ لیں۔ ۱۲

۲ ... قولہ خَذَف: خ اور ذ نقطہ والی پر زبر، معنی: ٹھیکری کا ٹکڑا، خَذْف صرف خ پر زبر ذ پر جزم۔ سنگریزے، کھجور کی گٹھلی وغیرہ پھینکنا دو انگلیوں سے یا گوپھن سے۔ ۱۲

۳ ... قال اللہ تعالیٰ الا لہ الخلق و الامر یعنی آگاہ رہو کہ عالم خلق اور عالم امر اسی کی ملکیت ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆خود ...... البتہ ۱۲ ...... بے شک۔ ...... ☆نظر او ...... عقل ۱۲ ...... دانائی، عقل مراد ہے۔ ...... ☆انگاشتہ ...... فلسفی ۱۲ ...... فلسفہ جاننے والے۔ ...... ☆برزخ ...... واسطہ ۱۲ ...... وسیلہ۔ ......

﴿صہ۹۶﴾ ۱ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ قَدْ سَمِعَ اللّٰه (۲۸) سورۂ جمعہ میں ہے یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔ ۱۲

۲ ... قولہ وما اوتیتم ... الخ:۔ یعنی اور تم کو علم و دانش بالکل تھوڑا دیا گیا ہے۔ یہ قول اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ سبحان الذی (۱۵) سورۂ بنی اسرائیل میں واقع ہے۔ ۱۲

۳ ... قولہ صفات اضافیہ :۔ یعنی پیدا کرنا، رزق دینا، مارنا، زندہ کرنا، رنج والم دینا اور انعام کرنا وغیرہ۔ ۱۲

Marfat.com

جب عالم امر کے حقائق کا ظاہر کرنا اس کے پوشیدہ معنوں اور دقیق مطالب کی وجہ سے ہے تو پھر ہر کوتاہ نظر شخص اس سے کیا حاصل کر سکتا ہے۔ راسخ العلم حضرات (جن کو علم میں رسوخ حاصل ہے) جو کہ وَمَا أُوتِيتُم مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا (بنی اسرائیل: ۸۵ اور تم کو علم (اسرار الٰہی) سے تھوڑا سا حصہ دیا گیا ہے) کے شرف سے مشرف ہیں وہ اس کی حقیقت سے آگاہ ہیں۔

ع۔ هَنِيئًا لِأَرْبَابِ النَّعِيمِ نَعِيمُهَا ترجمہ: مبارک منعموں کو ان کی نعمت

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز ورنہ در مجلسِ رنداں خبرے نیست کہ نیست

ترجمہ: مصلحت کا یہ تقاضا ہے عیاں راز نہ ہو ورنہ رندوں سے تو پوشیدہ کوئی راز نہیں

وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلَىٰ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَىٰ وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفَىٰ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ وَالتَّسْلِيمَاتِ أَتَمُّهَا وَأَدْوَمُهَا (اور سلام ہو آپ پر اور اس شخص پر جو ہدایت کی پیروی کرے اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیروی کو لازم پکڑے)۔

نیز دل میں آیا کہ جواہر مقدسہ علیا کا تھوڑا سا بیان بھی تحریر کیا جائے ——— جاننا چاہیے کہ ان جواہر کی ابتدا صفات اضافیہ سے ہے جو کہ وجوب اور امکان کے درمیان برزخوں (واسطوں) کی مانند ہیں اور ان کے اوپر صفاتِ حقیقیہ ہیں جن کی تجلیات سے روح کو حصہ حاصل ہے اور قلب کو صفاتِ اضافیہ کے ساتھ تعلق ہے اور وہ ان کی تجلیات سے مشرف ہے، اور ان جواہر علیا (یعنی جواہر خمسہ مذکورہ) میں سے باقی جواہر جو کہ صفاتِ حقیقیہ سے اوپر ہیں حضرت ذات تعالیٰ و تقدس کے دائرہ میں داخل ہیں اسی لئے ان تین مراتب (یعنی سر، خفی اور اخفی) کی تجلیات کو تجلیات ذاتیہ کہتے ہیں، ان کے متعلق گفتگو کرنا مصلحت کے خلاف ہے۔ ع۔ قلم ایں جا رسیدہ و سر بشکست ترجمہ: قلم آیا یہاں تو ٹوٹ گیا

ف ... قولہ صفات حقیقیہ: یعنی ارادہ وقدرت، سمع وبصر، کلام، علم، حیوٰۃ اور تکوین۔ ۱۲ مصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ حسب الامکان ..... بقدر ممکن ۱۲ ..... ممکن حد تک۔ ..... ☆ هَنِيئًا لِأَرْبَابِ النَّعِيمِ نَعِيمُهَا ..... یعنی گوارا باد ارباب نعمت را نعمتہائے آں یعنی جنت ۱۲ ..... ارباب نعمت کو اس کی نعمتیں یعنی جنت مبارک ہو۔ ..... ☆ رنداں ..... یعنی ہمہ خبر ما پیش نظر ایشاں اند ۱۲ یعنی ہماری ہر خبر ان کے پیش نظر ہے۔ ☆ شمہ ..... اندکے از حال ۱۲ ..... حال میں سے تھوڑا سا۔ ..... ☆ کالبرازخ ..... مانند وسائط ۱۲ مانند وسیلے، ذریعے۔ ..... ☆ بین ..... درمیان ۱۲ ..... درمیان، وسط۔ ..... ☆ بقیہ ..... یعنی سر و خفی و اخفی ۱۲ ..... یعنی جواہر سر، خفی، اخفی ☆ جواہرِ علیا ..... خمسہ مذکورہ ۱۲ ..... پانچ جن کا پہلے ذکر ہوا ہے۔ ..... ☆ سہ گانہ ..... یعنی سر و خفی و اخفی ۱۲ ..... یعنی سر، خفی، اخفی۔

پینتیسواں مکتوب

صحبت ذاتی کے مقام کے بیان میں جس میں کہ انعام وایلام برابر ہوتا ہے۔ یہ بھی میاں حاجی محمد لاہوری کی طرف صادر ہوا۔

عرضداشت: ۔ نَجَّانَا اللهُ سُبْحَانَهُ وَإِيَّاكُمْ عَنْ زَيْغِ الْبَصَرِ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْبَشَرِ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ (اللہ تعالیٰ بطفیل سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم نظر کی کجی یعنی غیر اللہ کی طرف مائل ہونے سے بچائے) ——— سیر سلوک سے مراد نفسِ امارہ کا تزکیہ اور اس کی تطہیر (پاک کرنا) ہے تاکہ جھوٹے خداؤں کی عبادت سے جو کہ خواہشاتِ نفسانی کے وجود سے پیدا ہوتے ہیں چھٹکارا حاصل ہو جائے اور حقیقت میں ایک واحد و برحق معبود خدائے تعالیٰ و تقدس کے سوا کوئی

Marfat.com

توجہ کا قبلہ نہ رہے اور اس پر کسی بھی مقصد کو اختیار نہ کرے خواہ وہ دینی مقاصد میں ہو یا دنیوی مطالب میں سے —— دینی مقاصد اگرچہ نیکیوں میں سے ہیں لیکن یہ ابرار کا کام ہے مقربین ان کو برائیاں جانتے ہیں سوائے ایک ذاتِ حق کے اور کسی کو اپنا مقصود خیال نہیں کرتے، یہ دولت فنا کے حاصل ہونے اور محبتِ ذاتی کے ثابت ہونے پر منحصر ہے کیونکہ اس مقام میں انعام (نعمت دینا) وایلام (رنج والم دینا) برابر ہے، عذاب میں بھی وہی لذت ہے جو کہ نعمت دینے میں ہے۔ (یہ حضرات) اگر بہشت کی طلب کرتے ہیں تو اسی لئے کہ وہ حق تعالیٰ وتقدس کی رضا کا مقام ہے اور اس کے طلب کرنے میں حق تعالیٰ شانہٗ کی رضامندی ہے اور دوزخ سے پناہ اس لئے مانگتے ہیں کہ وہ حق تعالیٰ کے غضب کا مقام ہے بہشت کے طلب کرنے سے ان کا مقصد نفس کی لذت طلب کرنا نہیں ہے اور نہ ہی دوزخ سے ان کا پناہ مانگنا رنج وتکلیف کے باعث ہے، کیونکہ جو کچھ محبوب کی طرف سے ہے وہ اُن بزرگوں کے نزدیک پسندیدہ اور عین مرضی کے مطابق ہے۔ كُلُّ مَا يَفْعَلُهُ الْمَحْبُوْبُ مَحْبُوْبٌ (محبوب جو کام کرتا ہے وہ بھی محبوب (پسندیدہ) ہی ہوتا ہے) —— اخلاص کی حقیقت یہاں حاصل ہوتی ہے اور باطل خداؤں (کی عبادت) سے چھٹکارا اسی مقام میں میسر ہوتا ہے اور کلمہ توحید اسی وقت درست ہوتا ہے وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقَتَادِ (اور اس کے بغیر بے فائدہ رنج وتکلیف اٹھاتا ہے)۔

محبت ذاتی جو کہ اسماء وصفات کے ملاحظہ اور محبوب کے انعام واکرام کے وسیلہ کے بغیر ہو مقصود کا حاصل ہونا بہت مشکل ہے اور سرّت کو جلادینے والی اس محبت کے بغیر فنائے مطلق حاصل نہیں ہوتی۔

حاشیہ متن

﴿صہ۹۶﴾ ـــ حق سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو بطفیل سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم نظر کی کجی یعنی غیر اللہ کی طرف مائل ہونے سے نجات بخشے۔۱۲

﴿صہ۹۷﴾ ۱ قولہ فنا:۔ فنا سے مراد مشاہدۂ ذات حق تعالیٰ جل ذکرہٗ وعزّ برہانہٗ کے غلبہ کی وجہ سے ماسوائے حق تعالیٰ کا نسیان ہے۔۱۲ معارف

۲... یعنی فنائے مطلق حاصل ہونے اور محبت ذاتی ثابت ہوئے بغیر خاردار درخت پر ہاتھ مارنا ہے یعنی بے فائدہ رنج وتکلیف اٹھانا ہے۔ ۱۲

۳... قولہ در خلّ وفلّ:۔ خ نقطے والی پر زبر اور ل پر شد، معنی کپڑے کی پھٹن، اور اونٹ کے بچے کی زبان کا پھٹنا کہ دودھ نہ چوسے، لاغر ہونا، کمزور اور نحیف مرد، پرانا کپڑا اور ترش چیز۔ فلّ ف پر زبر اور ل پر شد، چھری کی دھار میں خرابی اور تلوار کی دھار کے دندانے۔ ۱۲

۴... مثنوی: ہر کرا جامہ زعشقے چاک شد او زحرص وعیب کلی پاک شد شاد باش اے عشق خوش سودائے ما اے طبیب جملہ علت ہائے ما

اے دوائے نخوت وناموس ما اے تو فلاطون وجالینوسِ ما علت عاشق زعلتہا جدا است عشق اصطرلابِ اسرارِ خدا است

چون قلم اندر نوشتن می شتافت چون بعشق آمد قلم برخود شگافت

ترجمہ: جس کسی کا لباس عشق سے چاک ہوا وہ حرص وآرزو کے ہر عیب سے پاک ہوگیا۔ اے ہمارے اچھی دیوانگی (اضطراب) رکھنے والے عشق تم خوش رہو۔ اے ہماری تمام بیماریوں کے طبیب۔ اے ہماری عزت وناموس کی دوا تو ہمارا افلاطون اور جالینوس ہے، عاشق کی بیماری (دیگر) تمام بیماریوں سے ممتاز ہے، عشق اسرار خداوندی کے معلوم کرنے کا ذریعہ ہے، جب قلم لکھنے کے لئے رواں ہوتا ہے جب عشق کا ذکر آتا ہے تو قلم خود بخود پھٹ جاتا ہے۔ ۲۱

۵... قولہ زَفت:۔ زا پر زبر، معنی سخت، درشت، فربہ، مضبوط اور کھانے والی وہ تیز چیز جو زبان کو زخمی کردے۔۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ تطہیر آن...... از رذائل ۱۲...... اخلاقِ رذیلہ سے۔...... ☆ متساوی...... برابر ۱۲...... برابر۔...... ☆ تعذیب...... عذاب کردن ۱۲ عذاب کرنا۔...... ☆ التذاذ...... لذت گرفتن ۱۲...... لذت حاصل کرنا۔...... ☆ از تنعیم...... نعمت دادن ۱۲...... نعمت دینا، انعام دینا۔...... ☆ سخط مولیٰ...... غضب حق ۱۲...... حق تعالیٰ کا غضب، ناراضگی۔ ☆ فِرار...... بکسر اول گریختن وترسیدن ۱۲...... ف کی زیر سے، بھاگنا، ڈرنا۔ ☆ كُلُّ مَا يَفْعَلُهُ الْمَحْبُوْبُ...... ہر آن کارے کہ محبوب کند محبوب است ۱۲...... ہر وہ کام جو محبوب کرے وہ محبوب ہے۔......

Marfat.com

مثنوی عشق آں شعلہ است کوچوں برفروخت — ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت
تیغ لا در قتلِ غیر حق براند — درنگر زاں پس کہ بعد لا چہ ماند
ماند الا اللہ باقی جملہ رفت — شاد باش اے عشق شرکت سوز زفت

ترجمہ:۔ جبکہ روشن عشق کا شعلہ ہوا — ماسوا معشوق کے سب جل گیا
غیر حق کو تیغ لا سے قتل کر — بعدازاں کر اس کے باقی پر نظر
رہ گیا اللہ باقی سب فنا — عشق شرکت سوز تجھ کو مرحبا

چھتیسواں مکتوب

اس بیان میں کہ شریعتِ مقدسہ دنیا اور آخرت کی تمام سعادتوں کی ضامن ہے اور کوئی مقصد ایسا نہیں ہے جس کے حاصل کرنے میں شریعت کے ماسوا کسی اور چیز کی ضرورت پڑے اور طریقت وحقیقت دونوں شریعت کے خادم ہیں اور اس کے مناسب امور کے بیان میں، یہ بھی ملا حاجی محمد لاہوری کی طرف صادر ہوا۔

عرضداشت:۔ حَقَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ بِحَقِیْقَۃِ الشَّرِیْعَۃِ الْمُصْطَفَوِیَّۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ وَ یَرْحَمُ اللّٰہُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنًا (حق تعالیٰ سبحانہ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم وتحیۃ کی شریعت کی حقیقت سے آگاہ فرمائے اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم کرے جس نے اس دعا پر آمین کہی)——شریعت کے تین جزو ہیں: علم، عمل اور اخلاص جبتک یہ تینوں جز ثابت نہ ہوجائیں اسوقت تک (حقیقت میں) شریعت ثابت نہیں ہوتی، اور جب (حقیقت میں) شریعت ثابت ہوگئی تو حق سبحانہ وتعالیٰ کی رضامندی حاصل ہوگئی جو کہ دنیا اور آخرت کی تمام سعادتوں سے اوپر (افضل) ہے وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکْبَرُ (توبہ ۷۲: ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب نعمتوں سے بڑھ کر ہے)۔

☆متن..........بین السطور..........معانی

﴿صہ۹۷﴾☆متکفِّل.......ضامن وکفیل ۱۲.....ضمانت دینے والا کفالت کرنے والا۔.....☆بماوارائے.......بماسوائے.....جو اس کے علاوہ ہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ۹۸﴾ ۱ قولہ حققنا...الخ: ۔یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی حقیقت سے متصف فرمائے، اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم کرے جس نے اس پر آمین کہی۔ ۱۲

۲... قولہ ورضوان: ۔اللہ تعالیٰ کی قلیل رضامندی بھی اسکی تمام نعمتوں کے مقابلہ میں بہت بڑی ہے یہ خوشنودی بہت بڑی کامیابی ہے اللہ تعالیٰ کا یہ قول پارہ واعلموا (۱۰) سورہ توبہ میں واقع ہے۔ ۱۲

۳... قولہ طریقت وحقیقت: ۔جاننا چاہیے کہ حقیقت سے مراد شریعت کی حقیقت ہے، نہ یہ کہ حقیقت، شریعت سے الگ ہے طریقت سے مقصود شریعت کی حقیقت کو حاصل کرنا نہ یہ کہ شریعت وحقیقت کے خلاف کوئی امر۔ پس شریعت کی حقیقت متحقق ہونے سے پہلے شریعت کی صرف صورت حاصل ہوتی ہے۔ اور حقیقتِ شریعت کا حصول مقام اطمینان حاصل ہونے اور درجہ ولایت تک پہنچنے کے بعد ہے۔ (معارف لدنیہ، معرفت ۲۵)

۴... قولہ بل...الخ: ۔یعنی بلکہ وہ احوال، مواجید اور علوم ومعارف وہ سب کے سب اوہام وخیالات ہیں جن سے اطفال طریقت کی تربیت مطلوب ہوتی ہے اور ترقی بخشی جاتی ہے، یعنی معدات، مقدمات، اور مبادی مطلوب ہیں نہ ان کا عین۔ ۱۲

Marfat.com

پس شریعت تمام دنیوی واخروی سعادتوں کی ضامن ہوئی ،کوئی بھی مقصد نہیں جس کے حاصل کرنے میں شریعت کے ماسوا کسی اور چیز کی ضرورت پیش آئے۔طریقت اور حقیقت کہ جس کے ساتھ صوفیائے کرام ممتاز ہیں—— شریعت کے تیسرے جزو یعنی اخلاص کی تکمیل میں شریعت کے خادم ہیں پس ان دونوں کے حاصل کرنے کا مقصود شریعت کا کامل کرنا ہے نہ کہ شریعت کے سوا کوئی اور امر ہے۔

احوال ومواجید (وجد وحال)،علوم ومعارف جو کہ صوفیائے کرام کو راہ سلوک طے کرنے کے دوران حاصل ہوتے ہیں (اصلی) مقاصد میں سے نہیں ہیں بلکہ وہم وخیالات ہیں جن سے طریقت کے طلباء کی تربیت کی جاتی ہے،ان سب سے گذر کر مقام رضا تک پہنچنا چاہیے جو کہ جذبہ وسلوک کے مقامات میں آخری مقام ہے کیونکہ طریقت وحقیقت کی منزلوں کے طے کرنے سے اس کے سوا اور کچھ مقصود نہیں ہے کہ اخلاص حاصل ہو جائے جو کہ حق تعالیٰ کی رضا (خوشنودی) حاصل ہونے کے لئے لازمی ہے—— تینوں قسم کی تجلیات (یعنی تجلیاتِ افعالیہ،صفاتیہ اور ذاتیہ) اور عارفانہ مشاہدات سے گذار کر ہزاروں سالکوں میں سے کسی ایک کو اخلاص اور مقامِ رضا کی دولت نصیب فرماتے ہیں،کم سمجھ لوگ احوال ومواجید (حال ووجد) کو اصلی مقاصد میں سے شمار کرتے ہیں اور مشاہدات وتجلیات کو اصل مطلب خیال کرتے ہیں اس لئے وہ وہم وخیال کی بندش میں پھنسے رہتے ہیں اور شریعت کے کمالات سے محروم رہتے ہیں۔ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ط اَللّٰهُ يَجْتَبِىْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِىْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ط (شوریٰ۔۱۳: ترجمہ۔یعنی مشرکین کو یہ بات جس کی طرف ان کو بلایا جاتا ہے بڑی بھاری اور مشکل معلوم ہوتی ہے،اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی طرف جذب کر لیتا ہے اور اسی کو اپنی طرف ہدایت دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے)۔

ہاں اخلاص کے مقام کا حاصل ہونا اور رضا کے مرتبہ تک پہنچنا ان احوال ومواجید کے طے کرنے پر موقوف اور ان علوم ومعارف کے ساتھ وابستہ ہے،پس یہ سب امور مطلوب حاصل کرنے کے وسائل اور مقصود تک پہنچنے کے ابتدائی اسباب ہیں اور اس فقیر (حضرت مجدد علیہ الرحمہ) پر اس مطلب کی حقیقت اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کے طفیل اس راہ سلوک میں پورے دس

۵…… قولہ کَبُر……الخ:۔یہ پارہ الیہ یرد (۲۵) سورہ شوریٰ میں واقع ہے۔مشرکین کو یہ بات بڑی ناگوار ہوتی ہے جس کی طرف ان کو بلایا جاتا ہے اللہ تعالیٰ جسکو چاہتا ہے اپنی طرف جذب کر لیتا ہے،اسے ہی اپنی طرف ہدایت دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس آیہ کریمہ میں جذبہ وسلوک کی طرف اشارہ ہے،جیسا کہ شریعت وطریقت کے علوم میں مہارت رکھنے والے اور دانا وزیرک پر پوشیدہ نہیں ہے۔۱۲

☆اثناء……میان ۱۲……دوران۔……☆رضا باید……خوشنودی حق تعالی ۱۲……حق تعالی کی رضامندی۔……☆رضا است…… خوشنودی حق تعالی ۱۲……حق تعالی کی رضامندی۔……☆سہ گانہ……یعنی افعالیہ وصفاتیہ وذاتیہ ۱۲……☆مشاہدات……یعنی آنچہ در مشاہدہ عرفاء وروندگان ایں راہ می در آید۔……جو کچھ عارفوں کے مشاہدہ میں اور اس راہ (سلوک) پر چلنے والوں کو پیش آتا ہے۔……☆منوط……معلق و موقوف ۱۲……موقوف اور معلق (لٹکا ہوا) ہے۔……☆مربوط……وابستہ ۱۲……بندھا ہوا،وابستہ۔……☆معدات……اسباب وذرائع و وسائل ۱۲……یعنی اسباب،ذریعے اور وسیلے۔……☆شاہد……معشوق ۱۲……جس سے عشق کیا جائے (محبوب)۔……

﴿صہ۹۹﴾ ۱؎ قوله: الحمد لله على ذلك ...الخ :-قاله قدس سره عملا بقوله عليه الصلوة والسلام على مارواه الحاكم فى المستدرك ماانعم الله على عبد من نعمة فقال الحمد لله الا وقدادى شكر ها،فان قالها الثانية جدد الله له

Marfat.com

سال گذرنے کے بعد واضح طور پر ظاہر ہوئی اور "شاہد شریعت" (شریعت کا معشوق) کماحقہ جلوہ گر ہوا۔ اگرچہ شروع ہی سے احوال و مواجید میں گرفتار نہیں تھا اور شریعت کی حقیقت کے ساتھ متحقق ہونے کے سوا اور کوئی مطلب پیش نظر نہیں تھا لیکن پورے دس سال گذرنے کے بعد معاملہ کی اصل حقیقت جیسی کہ چاہیے تھی ظاہر ہوئی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ (اس پر اللہ تعالیٰ کا بے حد حمد و شکر ہے، ایسا حمد و شکر جو کہ اغراض فاسدریا وسمعہ سے پاک اور اس کی ذات و صفات کے اعتبار سے مبارک ہے) —— مغفرت پناہ میاں شیخ جمال کے فوت ہونے سے تمام مسلمانوں کے لئے رنج وغم اور پریشانی لاحق ہے، ان کے مخدوم زادوں کو اس فقیر کی جانب سے تعزیت کرنے کے بعد فاتحہ پڑھیں۔ والسلام۔

ثوابها، فان قالها الثالثة غفر الله له ذنوبه، انتهى ترجمہ:۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ نے کلمہ شکر الحمد للہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول پر عمل کرتے ہوئے کہا ہے اس حدیث کو امام حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی بندے کو کوئی نعمت عطا فرماتا ہے تو وہ بندہ الحمد للہ کہتا ہے تو اس نے اس نعمت کا شکر ادا کر دیا، اگر وہ یہ کلمہ دوسری بار کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو جدید ثواب دیتا ہے، اگر وہ اسی کلمہ کو تیسری بار کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرتا ہے۔ وقوله حمدًا: منصوب ہے الحمد مذکور کی وجہ سے ذات کے اعتبار سے یا فعل کے معنی کو شامل ہونے کی وجہ یا فعل مقدر کے سبب جو الحمد مذکور پر دلالت کرتا ہے۔ وقوله طيبًا: یعنی ریا اور شہرت سے خالص حمد اور فاسد اغراض سے خالی۔ وقوله مباركًا فيه: یعنی حمد میں برکات ہو، جار اپنے مدخول سے مل کر فاعل کے قائم مقام ہو گیا یعنی برکت والی دائمی حمد جو منقطع نہ ہو، کیونکہ اللہ کی نعمتیں ختم نہیں ہوتیں، اسی طرح حمد بھی ہونی چاہیے۔ وقوله فيه: یعنی ذات کے اعتبار سے، وقوله عليه: یعنی آثار کے اعتبار سے۔

☆عشرہ ...... وہ سال کامل ۱۲ ...... مکمل دس سال۔ ...... ☆ امر کما هو ...... یعنی کماحقہ و چنانکہ شاید و باید ۱۲ ...... جیسا کہ حق تھا اس طرح یقینی کامیابی حاصل ہوئی۔ ☆عزا ...... بفتح صبر بر مصیبت و صبر کردن و مجازاً بمعنی ماتم پرسی ۱۲ ...... ع پر زبر، مصیبت پر صبر کرنا، یہاں مجازاً ماتم پرسی کرنا۔

سینتیسواں مکتوب

نبی کریم ﷺ کی روشن سنت کی پیروی پر آمادہ کرنے اور نسبتِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے حاصل کرنے کی ترغیب دینے کے بارے میں شیخ محمد چتری کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت:۔ پاکیزہ مکتوبِ گرامی جو کہ آپ نے مہربانی فرما کر صادر فرمایا تھا اس کے مطالعہ سے بہت مسرت و خوشی ہوئی، آپ نے اس طریقہ عالیہ نقشبندیہ پر اپنی استقامت اور ثابت قدمی کے بارے میں تحریر فرمایا تھا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ (اس بات پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا بے حد شکر ہے) حق سبحانہ وتعالیٰ اس طریقہ عالیہ کے بزرگوں کی برکت سے آپ کو بے انتہا ترقیاں عنایت فرمائے۔ ان بزرگوں کا طریقہ سرخ گندھک (یعنی اکسیر) ہے اور سنتِ نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی تابعداری پر منحصر ہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ۹۹﴾ ۲ قوله كبريت:۔ کاف کے نیچے زیر، اور یا معروف ہے تا پر دو نقطے، یعنی گوگرد جس کو اردو میں گندھک کہتے ہیں۔ وقوله احمر: بمعنی سرخ اور گوگرد سرخ سے اکسیر کی طرف اشارہ ہے کیونکہ اکسیر اسی سے بنائی جاتی ہے، اکسیر کو کیمیا بھی کہتے ہیں، سونا بنانے کے لئے گندھک سرخ اس کا جزو اعظم ہے۔ ۱۲

۳ ... قوله نيسان:۔ نون پر زبر اور س بغیر نقطہ کے۔ اہل روم کے سال کے ساتویں مہینہ کا نام نیسان ہے اور وہ مدت آفتاب کے برج حمل میں ہونے کی

Marfat.com

یہ فقیر اپنے موجودہ حال کی نسبت لکھتا ہے کہ بہت عرصے تک علوم ومعارف اور احوال ومواجید ماہِ نیساں کے بادل کی طرح بکثرت ولگا تار وارد ہوتے رہے اور جو کام کہ کرنا چاہیے تھا حق سبحانہ وتعالیٰ کی عنایت سے ہوگیا—اور اب اس کے سوا اور کوئی آرزو باقی نہیں رہی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں میں سے کوئی سنت زندہ کی جائے اور احوال ومواجید اہل ذوق کے سپرد رہیں۔

آپ کو چاہیے کہ (اپنے) باطن کو (اپنے سلسلہ کے) خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی نسبت سے معمور رکھتے ہوئے (اپنے) ظاہر کو ظاہری سنتوں کی پیروی سے پوری طرح آراستہ ومزین بنائیں۔

ع۔ کار این ست غیر ایں ہمہ ہیچ   ترجمہ:۔کام ہے اصلی یہی باقی تو سب کچھ ہیچ ہے

پانچوں وقت کی نماز کو اول وقت میں ادا کیا کریں، سوائے سردیوں میں عشا کی نماز کے کہ تہائی رات تک اس میں تاخیر کرنا مستحب ہے، اس امر میں فقیر بے اختیار ہے، نہیں چاہتا کہ نماز کے ادا کرنے میں بال برابر (ذراسی) بھی تاخیر ہو اور کسی بشری تقاضے سے عاجز ہونا اس سے مستثنیٰ ہے۔

ہے، اس ماہ میں بارش کے قطرات صدف میں گرتے ہیں تو مروارید پیدا ہوتا ہے، اس ماہ کو بھی مجازاً نیسان کہتے ہیں۔ ۱۲

ﻜ... لما رواه الترمذی عن ام فروة ،قالت سئل النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ای الاعمال افضل؟ قال الصلوٰة لاول وقتها۔ وعن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:الوقت الاول من الصلوٰة رضوان اللّٰه،والوقت الأخر عفو اللّٰه۔

امام ترمذی نے ام فروہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا۔کونسا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: اول وقت پر نماز پڑھنا۔عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز کو اول وقت پڑھنا اللہ کی خوشنودی ہے، اور آخر وقت میں پڑھنا اللہ کی معافی ہے۔ ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

۵... لما رواه الترمذی واحمد وابن ماجه عن ابی هریره رضی اللہ عنہ قال :قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لو لا ان اشق علی امتی لا مرتهم ان یؤ خر واالعشاء الی ثلث اللیل اونصفه ،هذا شك من الراوی۔ ترجمہ:۔امام ترمذی، امام احمد اور امام ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر میں اپنی امت پر مشقت نہ سمجھتا تو ان کو حکم دیتا کہ وہ عشا کی نماز تیسرا حصہ رات گذرنے یا نصف رات گذرنے پر پڑھتے ،تیسرا حصہ یا نصف یہ راوی کو شک ہے۔ ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن............بین السطور..........معانی

☆تحریض......انگیختن ۱۲......ابھارنا۔......☆مسرور......خوشنود ۱۲......راضی۔......☆دررنگ......مانند ۱۲......مثل۔......

☆الّا......مگر ۱۲......وگرنہ۔......☆احیائے......زندہ کردن ۱۲......زندہ کرنا۔......☆درین......جواب سوال مقدر است فافہم ۱۲ سوال مقدر کا جواب ہے سمجھ لیں۔............

Marfat.com

اڑتیسواں مکتوب

ذاتِ بحت (خالص ذات) تعالیٰ وتقدس کے ساتھ جو اسماء وصفات اور شیون واعتبارات سے منزہ و پاک ہے تعلق قائم کرنے کے بارے میں اور ناقص لوگوں کی مذمت میں جو چون کو بیچون تصور کر کے اس کے ساتھ پھنسے ہوئے ہیں اور اہلِ فنا کے مرتبوں کے مختلف ہونے کے بارے میں کیونکہ اسی تفاوت پر علوم ومعارف مرتب ہوتے ہیں اور اسی قسم کے دوسرے امور کے بیان میں، یہ بھی شیخ محمد چتری کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت:۔ آپ کا مکتوب شریف موصول ہو کر باعثِ مسرت ہوا، حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھے اور ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے غیر کے حوالہ نہ کرے۔ جو کچھ حق تعالیٰ شانہٗ کی ذاتِ محض کے سوا ہے اس کو غیر حق سے تعبیر کیا جاتا ہے اگرچہ وہ حق تعالیٰ کے اسماء وصفات ہی ہوں، اور یہ جو متکلمین نے صفاتِ حق جل شانہٗ کو لَا ھُوَ وَلَا غَیْرُہٗ کہا ہے اس کے کچھ اور معنی ہیں، اور غیر سے ان کی مراد اصطلاحی غیر ہے اور انھوں نے انہی (اصطلاحی معنی) کی نفی کی ہے، مطلق طور پر نفی نہیں کی، اور کسی خاص لحاظ سے نفی کرنے سے عام طور پر نفی کرنا لازم نہیں آتا، اور حق تعالیٰ کی ذاتِ بحت (محض) سے سلب یعنی نفی کرنے کے سوا اور کچھ تعبیر نہیں کر سکتے۔ اس مرتبہ جو کچھ اثبات ہے وہ الحاد ہے اور تمام تعبیروں سے بہتر تعبیر اور سب عبارتوں سے جامع عبارت لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ (شوریٰ۔۱۱) ہے جس کا فارسی ترجمہ بیچون و بے چگون ہے، (یعنی وہ بے مثل و بے مثال ہے) اور علم وشہود اور معرفت کو اس سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف کوئی راہ نہیں ہے جو کچھ دیکھتے، جانتے اور پہنچانتے ہیں، یہ سب اس (حق تعالیٰ شانہٗ) کا غیر ہے، اس کے ساتھ گرفتار ہونا (تعلق قائم کرنا) اس کے غیر کے ساتھ گرفتار ہونا ہے، پس ان سب کی نفی کرنا لازمی ہے اور ان سب کو کلمۂ لَآ اِلٰہَ کے نیچے لا کر کلمۂ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ اس ذات بیچون و بے چگون کا اثبات کرنا چاہیے، اور یہ اثبات شروع میں تقلید کے طور پر ہوتا ہے اور آخر میں تحقیق کے طور پر۔

حاشیہ متن

﴿صہ۱۰۰﴾ ۱؎ قولہ غیر مصطلح:۔ یعنی ما باین کہ جو نہ عینِ ذات ہو اور نہ ذات سے قائم ہو لا ھو یعنی عینیت واتحاد کی نفی ہے، پس ان کے قول لا ھو ولا غیرہ کے معنی یہ ہیں کہ باری تعالیٰ کی صفات ذات پر زائد ہیں اور اسکے ساتھ قائم ہیں۔ ۱۲

۲؎ … قولہ نفی خاص… الخ:۔ یعنی صفات سے غیریتِ مصطلحہ کی نفی لازم ہے، غیریت مطلقہ کی نفی نہیں ہے، پس اس لحاظ سے حضرات متکلمین کے قول لا ھو ولا غیرہ ہمارے اس قول کے منافی ہے جس میں غیر کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے اگر چہ اسماء وصفات ہوں یہ نہیں ہے۔ ۱۲

۳؎ … قولہ سلوب:۔ مثلاً وہ جسم نہیں ہے، نہ جوہر نہ عرض، نہ متصل نہ منفصل اور نہ خارج نہ داخل اسی سے سمجھ لیجئے۔ ۱۲

۴؎ … قولہ راہ نیست:۔ اسی معنی میں بعض اکابر نے فرمایا ہے: سبحان من لم یجعل للخلق الیہ سبیلا الا بالعجز عن معرفتہ، ونیز لا یعرف اللہ الا اللہ۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک کہ ادراک است عجز از درکِ ادراک۔ ترجمہ: پاک ہے جس نے مخلوق کے لیے اپنی طرف کوئی راہ نہیں بنائی سوائے اپنی معرفت سے عاجزی (معرفت سے عاجزی ہی معرفت ہے) اور نیز اللہ تعالیٰ کی معرفت کوئی نہیں رکھتا سوائے اللہ کے۔ خاک کو عالمِ پاک سے کیا نسبت ہے، درکِ ادراک سے عجز ہی ادراک ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ے … مشکوٰۃ: م کی زیر، اس کے معنی فراخ طاق کے ہیں جس میں چراغ اور قندیل رکھتے ہیں، اس لفظ کا صحیح رسم الخط ک کے بعد واؤ اور گول ۃ ہے، مگر واؤ کی جگہ الف مقصورہ پڑھا جاتا ہے، یہی حال ہے لفظ صلوٰۃ، زکوٰۃ اور حیوٰۃ کا۔ ۱۲ (غیاث)

Marfat.com

بعض سالکوں نے جو مقصد کی انتہا تک نہیں پہنچے ہیں چون کو بیچون خیال کرلیا ہے اور اس کو شہود و معرفت سمجھ لیا ہے، تقلید والے لوگ ان (ناقص سالکین) سے کئی درجے بہتر ہیں کیونکہ ان کی تقلید نور نبوت علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات کی قندیل سے حاصل کی گئی ہے کہ جس میں سہو وخطا کو دخل نہیں ہے اور ان ناقص سالکین جماعت کا مقتدا (یعنی جس کی وہ تقلید کرتے ہیں) وہ غیر صحیح (یعنی غلط) کشف ہے۔

ع۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تابکجا ترجمہ:۔ دیکھو ایک راستہ کا دوسرے راستہ سے کس قدر فرق ہے

اور درحقیقت وہ جماعت ذات کی منکر ہے کیونکہ وہ اگرچہ مشاہدۂ ذات کا اثبات کرتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ یہ ثابت کرنا ہی عین انکار ہے۔ مسلمانوں کے امام، امام اعظم کوفی ﷺ نے فرمایا ہے: سُبْحَانَكَ مَاعَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ وَلٰكِنْ عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ (یعنی اے اللہ! تو پاک ہے، ہم نے کماحقہٗ تیری عبادت نہیں کی لیکن ہم نے جیسا کہ تیرے پہچاننے کا حق ہے تجھ کو پہچان لیا ہے)۔ عبادت کا حق ادا نہ ہونا خود ہی ظاہر ہے لیکن معرفت کے حق کا حاصل ہونا اس بنا پر ہے کہ اس ذات تعالیٰ وتقدس میں معرفت کی انتہا اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ اس کو بیچون و بے چگون ہونے کے ساتھ پہچان لیں ــــ کوئی سادہ دل (بیوقوف) آدمی یہ گمان نہ کرے کہ اس معرفت میں تو عام وخاص، مبتدی ومنتہی سب برابر ہیں (تو پھر عوام وخواص میں کیا فرق ہے) ہم (اس کے جواب میں) کہتے ہیں اس (سادہ دل) نے علم اور معرفت میں امتیاز نہیں کیا ہے۔ مبتدی کو (اس امر کا) علم ہے اور منتہی کو اس کی معرفت حاصل ہے، معرفت فنا کے بغیر حاصل نہیں ہوتی اور یہ دولت فانی فی اللہ کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہوتی۔ مولانا روم فرماتے ہیں۔

مکتوبات امام ربانی (اردو) جلد اول حصہ پنجم دفتر اول

ے ہیچکس را تا نگردد او فنا نیست رہ در بارگاہِ کبریا

ترجمہ:۔ جب تک انسان کو نہ حاصل ہو فنا پائے کیونکر بارگاہِ کبریا

پس جب معرفت علم کے علاوہ ہوئی تو جاننا چاہیے کہ عقلِ مشہور کے سوا ایک اور امر ہے جس کو معرفت سے تعبیر کرتے ہیں اور اس کو ادراک بسیط بھی کہتے ہیں۔

☆متن.......... بین السطور.......... معانی......

☆بحت...... بالفتح خالص وصرف وخالص کردن ۱۲...... خالص ذات واجب الوجود تعالیٰ وتقدس۔...... ☆منزہ...... پاک ۱۲...... پاک، مطہرہ۔...... ☆منزہ...... اسم مفعول از تنزیہ بمعنی پاک کردن از چیز ہائے زشت ۱۲...... تنزیہ بمعنی پاک کرنا سے اسم مفعول ہے، ہر بری شے سے پاک، مطہر ☆ آنکہ...... جواب سوال مقدر است ۱۲...... سوال مقدر کا جواب ہے۔...... ☆خواستہ...... ارادہ کردہ ۱۲...... ارادہ کیا ہوا۔......

☆ذات...... مجردہ بحتہ صرفہ ۱۲...... محض صرف ذات۔...... ☆سلوب...... جمع سلب بمعنی نفی نمودن ۱۲...... سلب کی جمع، معنی نفی ظاہر کرنا۔

☆الحاد...... از راہ مستقیم میل نمودن ۱۲...... صراط مستقیم سے ہٹ جانا۔...... ☆لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ...... نیست مثل او چیزے ۱۲ اسکی مثل کوئی شے نہیں۔...... ☆تقلید...... دراثبات ذات بیچون وبیچگون ۱۲...... ذات بیچون و بے چگون کے ثابت کرنے میں۔......

☆مقتبس...... اسم مفعول از اقتباس بمعنی علم آموختن از کسے وآتش فرا گرفتن وفائدہ گرفتن ۱۲...... کسی سے علم سیکھنا، آگ حاصل کرنا، اور فائدہ اٹھانا

﴿ص ۱۰۱﴾ ۱؎ قولہ انکار است:۔ کیونکہ انہوں نے چون کو حقیقت کے برخلاف بیچون تصور کرلیا ہے اور مطلب حقیقی چون وچگون ہونے سے پاک ومنزہ ہے۔ ۱۲

۲؎... قولہ سبحانک... الخ:۔ یعنی منزہ ومبرہ ہستی تمام عیوب اور نقائص سے حتی کہ چونی وچگونی سے، ہم نے کماحقہ تیری عبادت نہیں کی ہے جیسا کہ

Marfat.com

شعر فریاد حافظ اینہمہ آخر بہرزہ نیست　　ہم قصہ غریب وحدیثِ عجیب ہست

حافظ جو کہہ رہا ہے وہ بیکار تو نہیں　　یہ بات بس غریب بھی ہے اور عجیب بھی

مثنوی: اتصالے بے تکیف بے قیاس　　ہست رب الناس با جانِ ناس

لیک گفتم ناس را نسناس نہ　　ناس غیراز جانِ جاں آشناس نہ

ترجمہ: حق سے انساں کا عجب ہے اتصال　　عقل وکیفیت میں کیونکر آئے گا؟

یہ ہے بات انسان کی، حیواں کی نہیں　　جانِ جاں کا بس ہے انساں آشنا

اور جبکہ فنا میں بھی مرتبے مختلف ہیں اس لئے بالضرور منتہیوں کو بھی حق تعالیٰ کی معرفت میں ایک دوسرے پر فضیلت ہوگی، جس شخص کی فنا کامل ترین ہوگی اس کی معرفت بھی کامل ترین ہوگی اور جس کی فنا کم درجے کی ہوگی اس کی معرفت بھی کم درجہ کی ہوگی۔ علیٰ ہذا القیاس۔

سبحان اللہ! بات کہاں پہنچ گئی۔ چاہیے تو یہ تھا کہ میں اپنی بے حاصلی ونامرادی، بے استقامتی اور بے ثباتی کی نسبت کچھ لکھتا اور دوستوں سے مدد طلب کرتا۔ مجھے اس قسم کی باتوں سے کیا مناسبت

؎ آ کہ از خویشتن چو نیست جنین　　چہ خبر دارد از چناں وچنیں

ترجمہ:۔ جبکہ واقف نہیں ہے خود سے جنین　　پھر وہ کیا جانے ہے چناں وچنیں

لیکن بلند پایہ ہمت اور ذاتی خصلت اجازت نہیں دیتی کہ انسان کمینے مرتبوں اور ادنیٰ سرمایوں کی طرف اتر آئے یا ان کی طرف توجہ کرے، اگر کہتا ہے تو اسی (حق تعالیٰ) کے بارے میں کہتا ہے اگرچہ کچھ نہیں کہتا ہے اور اگر تلاش کرے تو اسی کو تلاش کرے اگرچہ کچھ بھی نہیں پاتا ہے، اگر کچھ حاصل رکھتا ہے تو اسی کو رکھتا ہے اگرچہ کچھ بھی نہیں رکھتا ہے، اور اگر واصل ہے تو اسی کے

چاہیے اور لائق ہے لیکن ہم نے پہچان لیا تجھے جو تیری پہچان کا حق ہے یعنی بیچونی اور بیچگونی کے ساتھ۔ ۱۲

۳... قولہ نسناس:۔ ن پر زبر، اس میں دو نون اور دو سین بغیر نقطہ کے، ایک قسم کا حیوان ہے جو ایک پاؤں سے سعی کرتا ہے، اس لفظ کی مزید تحقیق مکتوب ۳۰ کے حاشیہ پر تحریر ہو چکی ہے۔ ۱۲　　المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ عدم...... مضمون فقرہ اول ۱۲...... پہلے جملہ کا مضمون۔...... ☆ حصول...... مضمون فقرہ دوم ۱۲...... دوسرے جملہ کا مضمون۔...... ☆ سادہ...... احمقے ونادانے ۱۲...... نادان وجاہل۔...... ☆ مستوی...... پس فرق بیان عوام وخواص چیست ۱۲...... پھر عوام وخواص میں کیا فرق ہے۔...... ☆ بہرزہ...... بالفتح بیہودہ ۱۲...... بیہودہ۔...... ☆ ناس...... یعنی انسان بجز شناسندہ حق سبحانہ تعالیٰ ودیگرے نیست ۱۲...... یعنی انسان وہی ہے جو حق تعالیٰ کو پہچانتا ہے، دوسرا نہیں ہے۔ ☆ لاجرم لابد وضرور ۱۲...... ضروری۔ ☆ فنائی...... تفاضل بیان منتہیان در معرفت حق تعالیٰ ۱۲...... بلند ترین حق تعالیٰ کی معرفت رکھنے والوں کے مختلف درجے...... ☆ اتم...... کامل تر ۱۲...... کامل تر ہے۔ ☆ دونِ...... پائین ۱۲...... نیچے۔ ☆ جنین...... بجیم عربی بروزن کریم درشکم مادر باشد ۱۲...... جنین کریم کے وزن پر ہے معنی وہ بچہ جو ابھی ماں کے شکم میں ہو۔

﴿ص ۱۰۲﴾ ۱ قولہ کل... الخ:۔ یعنی ہر ایک کے لئے وہی چیز آسان ہوتی ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے، یہ ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے جس کو بخاری ومسلم میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا گیا ہے۔ ۱۲

۲... قولہ ما اٰتکم... الخ:۔ یعنی جو کچھ تمہیں رسول ﷺ دیں اسکو لے لو اور جس سے تم کو منع کریں اس سے رک جاؤ، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ یہ آیت کریمہ پارہ قَدْسَمِعَ اللّٰہُ (۲۸) سورہ حشر میں واقع ہے۔ ۱۲

Marfat.com

ساتھ واصل ہے اگر چہ (یہ واصل ہونا) بجا صلی ہے۔ بعض بزرگان طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم العلیہ (اللہ تعالیٰ ان کے بلند رازوں کو پاکیزہ بنائے) کی عبارتوں میں شہودِ ذاتی کا ذکر ہے اس کے معنی کاملین کے سوا کسی دوسرے پر ظاہر نہیں ہیں ناقصوں کے لئے ان کے معنی کا سمجھنا ناممکن ہے۔

در د نیابد حال پختہ ہیچ خام — پس سخن کو تاہ باید والسلام

ترجمہ:۔ حالِ کامل جب نہ جانے کوئی خام — پھر تو خاموشی ہے بہتر۔ والسلام

آپ نے اپنے مکتوب کے عنوان کو کلمہ ھُوَ الظَّاھِرُ ھُوَالْبَاطِنُ سے مزین فرمایا تھا۔ میرے مخدوم! ھوالظاہر ھوالباطن درست ہے لیکن کچھ عرصہ گذرا ہے کہ فقیر اس عبارت سے توحیدِ (وجودی) کے معنی نہیں سمجھتا، اور اس کے معنی سمجھنے میں علماء کے موافق ہے اور ان (علماء) کی درستی توحیدِ (وجودی) والوں کی درستی سے بڑھ کر معلوم ہوئی، کُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ (ہر ایک کے لئے وہی چیز آسان ہوتی ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے)

مصرعہ ہر کسے را بہر کارے ساختند — ہر کسی کے واسطے اک کام ہے

جو کچھ انسان پر لازم ہے اور جس کے ساتھ وہ مکلف ہے وہ اوامر کا بجالانا اور نواہی سے بچنا ہے (جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے) وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا وَاتَّقُو اللّٰہَ (سورہ حشر۔۷: ترجمہ:۔ جو کچھ تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیں اس کو لے لو جس سے تم کو منع کریں اس سے رک جاؤ، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو)—— اور چونکہ انسان کو اخلاص کا حکم دیا گیا ہے اور یہ (اخلاص) فنا کے بغیر حاصل نہیں ہوتا اور محبت ذاتیہ کے بغیر میسر نہیں ہوتا اس لئے بالضرور فنا کے مقدمات یعنی مقاماتِ عشرہ (دس مقامات) کو حاصل کرنا چاہیے، اگر چہ فنا محض اللہ تعالیٰ کی بخشش (سے حاصل ہوتی) ہے لیکن اس کے مقدمات اور مبادی (ابتدائی امور) کسب سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگر چہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو ان مقدمات (ابتدائی امور) کا کسب کئے بغیر اور اپنی حقیقت کو ریاضتوں اور مجاہدوں کے ذریعہ پاک صاف کئے بغیر حقیقتِ فنا سے مشرف کر دیئے جاتے ہیں۔ اور اس وقت اس کا حال دو صورتوں سے خالی نہیں ہے یا تو اس کو مقامِ نہایت النہایات میں روک لیتے ہیں یا اس کو

---

۳ ... قولہ مقاماتِ عشرہ:۔ یعنی راہ سلوک کے دس مقام ہیں جن میں سے پہلا مقام توبہ اور آخری مقام رضا اور درمیان کے مقامات: زہد، توکل، صبر، قناعت، شکر، خوف، رجا اور فقر ہیں، تفصیل کے لئے احیاء علوم الدین، عوارف المعارف اور قوت القلوب وغیرہ ملاحظہ فرمائیں۔ جاننا چاہیے کہ مراتب کمال میں مقام رضا سے اوپر اور کوئی مقام متصور نہیں ہے، اور اس مقام کی حقیقت کما حقہ آخرت میں ظاہر ہوگی۔ ۱۲

۴ ... قولہ ح:۔ حِیْنَئِذٍ (علمائے سلف حینئذ کی جگہ ح لکھ دیتے تھے) یعنی اس وقت جب سالک کو بغیر ریاضت ومجاہدہ اور مقدماتِ فنا حاصل کئے بغیر فنائے حقیقی سے مشرف کرتے ہیں، اس کا حال دو صورتوں سے خالی نہیں ہے۔ ۱۲

۵ ... قولہ بموقف... الخ:۔ یعنی این مقامات کا آخری مقام وقوف ہے یعنی نہایت النہایت۔ ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ از...... حق ۱۲...... مراد حق تعالیٰ۔...... ☆ نامہ...... کتابت ۱۲...... تحریر نامہ، لکھا ہوا، خط۔...... ☆ ھُوَ الظَّاھِرُ ھُوَالْبَاطِنُ اوست تعالیٰ وتقدس ظاہر و اوست تعالیٰ باطن ۱۲...... حق تعالیٰ ہی ظاہر اور وہی باطن ہے۔...... ☆ توحید...... وجودی ۱۲...... توحید وجودی۔...... ☆ بیفنا...... یعنی حقیقت آن ۱۲...... حقیقت یہی ہے، اسکی حقیقت۔...... ☆ عشرہ...... دہ ۱۲...... دس۔...... ☆ مَوْہبت...... عطیہ و بخشش ۱۲...... انعام وعطیات۔...... ☆ مَوْہبت...... بفتح میم وکسر ہا و فتح موحدہ ۱۲...... م اور ب پر زبر اور ہا کے نیچے زیر پڑھی جاتی ہے۔......

Marfat.com

ناقص لوگوں کی تکمیل کے لئے عالم (دنیا) کی طرف لوٹا دیتے ہیں۔ پہلی صورت میں اس کی سیر مذکورہ بالا (دس) مقامات میں واقع نہیں ہوتی اور وہ تجلیات اسمائی وصفاتی کی تفصیلات سے بے خبر رہتا ہے اور دوسری صورت میں جب اس کو عالم کی طرف لوٹاتے ہیں تو (رجوع کے وقت) اس کی سیر مقامات کی تفصیل پر واقع ہوتی ہے اور ان تجلیات سے جن کی انتہا نہیں ہے اس کو مشرف کرتے ہیں وہ (ظاہر میں) مجاہدہ کی صورت رکھتا ہے لیکن حقیقت میں کمال درجہ کے ذوق ولذت میں ہے، بظاہر ریاضت میں ہے لیکن باطن میں نعمت ولذت میں ہے۔

مصرعہ ایں کار دولت است کنوں تا کرا دہند — یہ ہے عظیم کام، ملے دیکھیے کسے

اگر یہ کہا جائے کہ جب اخلاص ان احکامات میں سے ہے جن کا بجالانا واجب اور اس کی حقیقت فنا کے بغیر حاصل نہیں ہوتی تو نیک و ابرار عالم اور اچھے صالحین حضرات جو فنا کی حقیقت سے مشرف نہیں ہوئے ہیں وہ اخلاص کے ترک کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوں گے۔ تو ہم (اس کے جواب میں) کہیں گے کہ نفسِ اخلاص ان کو حاصل ہے اگرچہ اخلاص کے بعض افراد کے ضمن میں ہو اور فنا حاصل ہونے کے بعد کمالِ اخلاص حاصل ہوجاتا ہے اور اس کے تمام افراد کو شامل ہوتا ہے اور اس لئے (مشائخ قدس سرہم کے کلام میں) کہا گیا ہے اخلاص کی حقیقت فنا کے بغیر حاصل نہیں ہوتی اور (ان حضرات نے) یہ نہیں کہا کہ نفس اخلاص فنا کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔

☆**باز دارند**......ایستادہ کنندہ ۱۲......کھڑا کرنا، رکنا...... ☆**تکمیل**......بکمال رسانیدن ۱۲......کمال تک پہنچانا...... ☆**مذکور دہ گانہ** ۱۲......ذکر کیے گئے، دس مقام...... ☆**میشود**......دروقت رجوع بعالم ۱۲ جب دنیا کی طرف متوجہ ہو......

﴿۱۰۳﴾ ۱؎ قولہ مامورات:۔قال اللہ تعالیٰ:الا للہ الدین الخالص وقال عز من قائل :وما امروا الا لیعبدو واللہ مخلصین لہ الدین حنفاء ترجمہ:۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اللہ ہی کیلئے دین خالص ہے، نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا حالانکہ نہیں حکم دیا گیا تھا انہیں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں دین کو اس کیلئے خالص کرتے ہوئے۔

۲؎...... قولہ جمیع افراد:۔یعنی کمال اخلاص یہ ہے کہ اس کے تمام مدارج طے کیے جائیں اور وہ مترتب ہے فنا پر اور اس پر موقوف ہے نہ مطلق اس پر تا کہ مذکور محذور لازم آئے۔ ۱۲

☆**ریاضت**......در ۱۲......مجاہدہ میں۔...... ☆**تنعم**......در ۱۲......انعام میں۔...... ☆**الامتثال**......پیروی ۱۲......پیروی......

☆**بعضے**......فردادنی ۱۲......اخلاص کا ادنیٰ فرد۔...... ☆ **گفتہ**......درکلام مشائخ قدس سرہم ۱۲......مشائخ عظام کے کلام میں قدس سرہ۔

انتالیسواں مکتوب

اس بیان میں کہ کام کا دارومدار دل پر ہے محض ظاہری اعمال اور رسمی عبادتوں سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوتا، اور اسی قسم کے دیگر امور کے بارے میں، یہ بھی شیخ محمد چتری کی طرف ارسال فرمایا۔

عرضداشت:۔حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل (جو کجی چشم سے پاک ہیں) اپنے غیر سے ہٹا کر اپنی پاک جناب کی طرف توجہ نصیب فرمائے۔

کام کا دارومدار دل پر ہے، اگر دل حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے غیر کے ساتھ پھنسا ہوا ہے تو خراب اور ابتر ہے محض ظاہری

Marfat.com

اعمال اور رسمی عبادتوں سے کوئی کام نہیں بنتا، اللہ تعالیٰ کے غیر کی طرف التفات کرنے سے دل کو بچانا اور اعمال صالحہ جو بدن سے تعلق رکھتے ہیں اور شریعت نے ان کے بجالانے کا حکم دیا ہے یہ دونوں امور ضروری ہیں، بدنی اعمالِ صالحہ کے بجالانے کے بغیر دل کی سلامتی کا دعویٰ کرنا باطل ہے جس طرح اس دنیا میں بغیر بدن کے روح کا ہونا متصور نہیں ہے اسی طرح بدنی نیک اعمال کے بغیر دل کے احوال کا حاصل ہونا محال ہے۔ بہت سے ملحد (بے دین وگمراہ لوگ) اس زمانے میں اس قسم کے دعوے کرتے ہیں۔ نَجَّانَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَنْ مُعْتَقِدَاتِهِمُ السُّوْءِ بِصَدَقَةِ حَبِيْبِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِيَّةُ (اللہ تعالیٰ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے صدقہ میں ہم کو ان کے ان برے اعتقادات سے نجات بخشے)۔

حاشیہ متن

﴿ص١٠٣﴾ ٣ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ٥ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ٥ (سورہ شعرا آیہ ٨٨، ٨٩) ترجمہ:۔ جس دن نہ مال کام آئے گا نہ بیٹے، مگر وہ جو اللہ کے حضور حاضر ہوا سلامت دل لے کر۔ وَقَالَ عَزَّ مِنْ قَائِلٍ: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ٥ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ٥ ترجمہ:۔ بے شک جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے فردوس کے باغ ان کی مہمانی ہے، وہ ہمیشہ اُن ہی میں رہیں گے وہ جگہ بدلنا نہ چاہیں گے۔ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن............ بین السطور............ معانی............

☆ ادوان...... غیر خود ١٢...... اپنے علاوہ سے، اپنے غیر سے۔...... ☆اعراضے...... روگردانی ١٢...... منہ پھیرنا۔...... ☆اقبالے...... توجے ١٢...... توجہ۔...... ☆صوری...... ظاہری ١٢...... ظاہری۔...... ☆سلامتی...... مبتداء ١٢...... یہ مبتداء ہے۔...... ☆سلامتی...... معطوف علیہ ١٢...... یہ معطوف ہے، اس پر عطف ہے۔...... ☆اعمال...... معطوف ١٢...... یہ معطوف ہے۔...... ☆ باتیان...... بکردن ١٢ کرنے کا حکم۔...... ☆ ہر...... خبر ١٢...... یہ خبر ہے۔...... ☆نشاۃ...... عالم ١٢...... جہان دنیا۔ ☆ محالست...... غیر ممکن...... ناممکن۔ ☆ ملحدان...... کجروان ودور افتادگان از راہ راست ١٢...... راہ راست سے ہٹے ہوئے اور دور پڑے ہوئے۔ ☆ مینمایند...... وگویند کہ مارا باعمال صالحہ احتیاجے نیست احوال قلبی بس است ١٢...... اور کہتے ہیں ہمیں نیک اعمال کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہمیں قلبی احوال ہی کافی ہیں۔......

چالیسواں مکتوب

مقام اخلاص حاصل کرنے کے بیان میں جو کہ شریعت کے تین اجزا میں سے ایک جزو ہے اور اس جزو کے کامل کرنے میں طریقت اور حقیقت دونوں شریعت کے خادم ہیں اور اس کے مثل دوسرے امور کے بیان میں، یہ بھی شیخ محمد چتری کی طرف صادر فرمایا۔

عرضداشت: ۔نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَنُسَلِّمُ (ہم اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتے ہیں اور اس کے نبی ﷺ پر صلوۃ وسلام بھیجتے ہیں)۔ اے میرے مخدوم! سلوک کی منزلیں اور جذبہ کے مقامات طے کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ سیر وسلوک سے مقصود مقامِ اخلاص کا حاصل کرنا ہے جو آفاقی وانفسی (بیرونی واندرونی) معبودوں کی فنا پر موقوف ہے اور یہ اخلاص شریعت کے اجزا میں سے ایک جزو ہے کیونکہ شریعت کے تین جزو ہیں: علم، عمل اور اخلاص۔ پس طریقت اور حقیقت دونوں شریعت کے جزوِ اخلاص کو کامل کرنے میں شریعت کے خادم ہیں، اصلی مقصد تو یہی ہے، مگر ہر شخص کی سمجھ یہاں تک نہیں پہنچتی، اکثر اہل دنیا

Marfat.com

خواب وخیال کے ساتھ مطمئن ہوگئے ہیں اور انھوں نے اخروٹ اور منقیٰ (یعنی معمولی چیزوں) کو کافی سمجھ لیا ہے، وہ شریعت کے کمالات کو کیا جانیں اور طریقت وحقیقت کی اصلیت تک کیسے پہنچ سکتے ہیں، یہ لوگ شریعت کو پوست خیال کرتے ہیں اور حقیقت کو مغز (گودا) جانتے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ معاملہ کی حقیقت کیا ہے، وہ صوفیوں کی (حالتِ سکر میں کہی ہوئی) باطل باتوں پر دھوکا کھائے ہوئے ہیں اور احوال ومقامات پر فریفتہ ہیں۔ هَدَاهُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ سَوَاءَ الطَّرِيْقِ وَالسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادَ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔

قَدْ تَمَّ الْقِسْمُ الْاَوَّلُ مِنَ الدَّفْتَرِ الْاَوَّلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَحُسْنِ تَوْفِيْقِهٖ وَيَلِيْهِ الْقِسْمُ الثَّانِيْ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ٥

وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَاَرْحَمُ الرَّ حِمِيْنَ ط

ترجمہ:۔ دفتر اول مکتوب امام ربانی" کا حصہ اول مکمل ہوگیا ہے اللہ کی مدد اور اسکی اچھی توفیق سے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوسرا حصہ شروع ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے آقا تمام مخلوق سے افضل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر صلاۃ ہو اور آپ کی آل واصحاب تمام پر اور ان کے ساتھ ہم پر بھی رحمت ہو، اور وہی سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

حاشیہ متن

﴿صہ ۱۰۴﴾ ۱ قولہ جوز:۔ (ج پر زبر) گوز (گ پر زبر) فارسی لفظ ہے عربی میں جوز ہوا، اس کے معنی کسی چیز کے درمیان اور وسط کے ہیں، گردگان (گول) کے معنی میں ہے۔ اردو میں اسے اخروٹ کہتے ہیں، ایک درخت کا پھل ہے جو گول ہوتا ہے، جوزِ ہندی ناریل کے مغز کو کہتے ہیں ۔۱۲ غیاث

۲ ... قولہ مویز:۔ (م پر زبر اور و کے بعد یا (ی) ہے) بڑے انگور کی ایک قسم ہے، جو انگور کو خشک کر کے محفوظ رکھتے ہیں اور عام لوگ اس کو مُنَقّا کہتے ہیں، اور ہندی (اردو) میں اس کی بیل کو داکھ کے نام سے پکارتے ہیں۔ ۱۲

۳ ... قولہ تُرّہات:۔ (ت پر پیش اور را بغیر نقطہ پر شد) لہو ولعب سے ملی ہوئی باطل باتیں، تُرّہت کی جمع ہے جو باطل کے معنی میں ہے۔۱۲ غیاث اور یہاں وہ کلمات مراد ہیں جو سالکین سے دورانِ راہِ سلوک سکر ومستی کی حالت میں صادر ہوتے ہیں۔ ۱۲

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔ لمصححه سلمه الله تعالیٰ ووفقه لما يحب ويرضى۔

☆ متن .... بین السطور .... معانی ......

☆ آفاقی ...... بیرونی ۱۲ ..... ظاہری ..... ☆ انفسی ...... اندرونی ۱۲ ..... اندرونی ..... ☆ بجوز ...... کنایہ است از چیزے اندک ۱۲ یہ تھوڑی چیز کی طرف اشارہ ہے ......

پہلا دفتر، مکتوبات امام ربانی، پہلا حصہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان

حضرت خواجہ باقی باللہؒ

"میاں شیخ احمد آفتابی است کہ مثل ما ہزاراں ستارگان در ضمن ایشاں گم است واز کمل اولیأ متقدمین خال خالے مثل ایشاں گزشتہ باشند"۔

ترجمہ

"میاں شیخ احمد (سرہندی) ایسے آفتاب ہیں کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے ان کے ضمن (انوار) میں گم ہیں اور کاملین اولیاءِ متقدمین میں ان جیسا خال خال ہوا ہوگا۔یعنی بہت کم"۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ

(از مولانا محمد داؤد فاروقیؒ ابن حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ پسروری ثم امرتسری)

ہوئے دنیا میں گاکُنتُرُوک جب احکام قرآنی — زبانوں ہی پہ باقی رہ گیا نام مسلمانی
ہزاروں بدعتیں پیدا ہوئیں آئین مذہب میں — مقولے این وآں کے بن گئے الہام ربانی
ہراک نافہم نے دعویٰ کیا فہمِ معارف کا — ہراک جاہل نے برپا کر دیا شور ہمہ دانی
غرض جب چھاگئی ہرسمت تاریکی ضلالت کی — مکدر ہو گئی حسن صداقت کی درخشانی
ہوا اس وقت یکسر اقتضا الطاف سرمد کا — کہ ہو دینِ متین کی پھر سے تجدید ونگہبانی
مجدّد الف ثانی کے ہوئے پیدا زمانے میں — شب تاریک میں بدر الدجیٰ کی جیسے تابانی
شرف اس کا ملا سر ہند کی خاکِ مقدس کو — کہ ہو دن رات اس پر بارش انوار یزدانی

Marfat.com

حضرت الحاج مولانا نور احمد پسروری ثم امرتسری رحمۃ اللہ علیہ

(مصحح ومحشی مکتوبات شریف کے مختصر سوانح حیات)

حضرت حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری

عمر ہا در کعبہ وبت خانہ می نالہ حیات
تاز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

﴿ابتدائی حالات﴾

آپ پسرور ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے، آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی شیخ شہاب الدین فاروقی رحمۃ اللہ علیہ تھا۔ ابتدائی تعلیم پسرور میں حاصل کی اس کے بعد تحصیل وتکمیل علوم کے لئے یو۔ پی (ہندوستان) روانہ ہوگئے۔

﴿اساتذہ کرام﴾

یہ تو بالکل صحیح طور پر معلوم ہے کہ آپ نے حضرت مولانا مولوی احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا شاہ فضل الرحمان گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۱۳ھ) اور حضرت حاجی رحمت اللہ کیرانوی ثم مکی رحمۃ اللہ علیہ سے علوم دینیہ پڑھے۔ مگر یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ کس زمانے میں آپ نے تکمیل علوم کی اور کس کس سے کون کون سی کتابیں پڑھیں۔

حضرت مولانا حاجی رحمت اللہ کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے فوراً بعد ہندوستان سے ہجرت فرما گئے تھے اور اس وقت حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ کی عمر صرف چھ سات برس ہوگی۔ اس لئے یہ یقینی امر ہے کہ حضرت حاجی صاحب کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ سے مکہ معظمہ پہنچ کر ہی فیض یاب ہوئے۔

﴿سفر حجاز﴾

برصغیر پاک وہند کے علماء وفضلاء سے استفادہ کے چند سال بعد ۱۲۹۹ھ بمطابق ۱۸۸۱ء میں عازم حجاز مقدس ہوئے۔ مکہ معظمہ پہنچ کر حضرت مولانا حاجی رحمت اللہ کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ بانی مدرسہ صولتیہ سے اکتساب علم کیا۔ آپ چونکہ قریباً فارغ التحصیل ہونے کے بعد مکہ مکرمہ گئے تھے۔ اس لئے حضرت حاجی صاحب کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ عرصہ تک پڑھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔

﴿مدرس مدرسہ صولتیہ﴾

اس کے بعد حضرت حاجی صاحب کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو اپنے مدرسہ میں مدرس مقرر فرمادیا اور آپ عرصہ چھ یا سات سال یہاں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے اس دوران میں حجاز مقدس کے اکثر علماء وفضلاء سے آپ کے روابط قائم ہوگئے اور انہوں نے آپ کی علمی فضیلت اور فقہی بصیرت کا اعتراف کیا۔

﴿شیخ العرب والعجم سے بیعت﴾

مکہ معظمہ میں قیام کے زمانے میں آپ شیخ العرب والعجم حضرت مولانا شاہ امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور ان سے بہت زیادہ روحانی استفادہ کیا۔ حضرت حاجی صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ آپ پر بے حد مہربان تھے۔

﴿واپسی پاک وہند﴾

سات آٹھ سال مکہ شریف میں قیام پذیر رہے اور سات حج کرنے کے علاوہ کئی دفعہ روضہ نبی ﷺ کی حاضری کی بے پایاں سعادتیں حاصل کرنے کے بعد آپ اپنے استاد گرامی حضرت کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ کے حسب ارشاد ''ویلور'' علاقہ مدراس میں تشریف لے آئے اور یہاں تبلیغ وتدریس کا سلسلہ شروع کیا۔

حضرت مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۱۳۰۷ھ میں پاک وہند واپس لوٹے تھے اور ''ویلور'' پہنچتے ہی مدرسہ ''باقیات الصالحات'' جاری کیا۔ جواب تک بدستور دینی خدمات سرانجام دے رہا ہے ایک روایت یہ ہے کہ اس مدرسے کے بانی تو کوئی اور صاحب تھے مگر اس کے سب سے پہلے مدرس اعلیٰ اور مہتمم حضرت مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہی مقرر ہوئے تھے۔ چند سال ''ویلور'' گزارنے کے بعد آپ ''مدرسہ اسلامیہ'' ضلع رائے بریلی میں اول مدرس مقرر رہوئے۔

Marfat.com

﴿ورودِ امرتسر﴾

مدرسہ اسلامیہ ''سلون'' میں قریباً ایک سال تدریسی خدمات سرانجام دینے کے بعد ۱۳۱۵ھ بمطابق ۱۸۹۷ء میں آپ امرتسر تشریف لے آئے اور یہاں کی مسجد حاجی شیخ بڈھا مرحوم کے امام وخطیب مقرر ہو گئے۔ مولانا علیہ الرحمۃ کے ورودِ امرتسر کے چندروز بعد ہی آپ کی شہرت سارے علاقے میں پھیل گئی اور آپ کے علوم وفیوض کے انوار امرتسر میں چمکنے لگے اور ہر طبقہ کے لوگ آپ کی خدمت اقدس میں حاضری کو سعادت عظمیٰ سمجھنے لگے۔

امرتسر پہنچتے ہی آپ نے ''مدرسہ نعمانیہ'' کی بنیاد ڈالی اور اس کے انتظام وانصرام کی خاطر ''انجمن نعمانیہ امرتسر'' کی تشکیل کی۔ مدرسہ نعمانیہ سے ہزاروں تشنگان علوم نے اپنی پیاس بجھائی اور سینکڑوں عالم اجل بن کر آسمان علم پر آفتاب وماہتاب بن کے چمکے۔ اس کے بعد آپ نے ''مدرسہ تجوید القرآن'' جاری کیا، جہاں سے ہزاروں لوگ حافظ قرآن اور قاری بن کر اطراف واکناف ملک میں پھیل گئے، آپ نے ''انجمن حفظ المسلمین امرتسر'' بھی قائم کی، (بعد میں اس انجمن کا نام انجمن تبلیغ الاسلام رکھ دیا گیا تھا۔) جس کی طرف سے مذاہب باطلہ کے رد میں لٹریچر شائع ہوتا تھا۔ مسجد نور تعمیر کرائی اور ماہنامہ ''الفیض'' جاری کیا (یہ پرچہ حضرت مولانا علیہ الرحمۃ کی زیرنگرانی چھپتا تھا اور اس کے مدیر حضرت مولانا محمد سلیمان فاروقی بی۔ اے مدظلہ اور مولانا ابوداؤد فاروقی مرحوم ومغفور تھے) جو تصوف اور صوفیہ صافیہ کا ترجمان تھا۔

﴿حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت﴾

قارئین کرام کو تو یہ معلوم ہو چکا ہے کہ حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے مکہ شریف میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کی تھی اور حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ چشتیہ صابریہ کے بلند پایہ شیخ تھے۔ مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان واپس تشریف لانے اور قبلہ حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے چند سال بعد حضرت مولانا شاہ محی الدین عبداللہ ابوالخیر دہلوی قدس سرہٗ کے مرید ہو کر نقشبندی مجددی بھی ہو گئے (حضرت شاہ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کی بیعت کے بعد بھی آپ نے شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی سے جو فیوض حاصل کئے تھے اس کے معترف رہے ان دونوں بزرگوں سے آپ کو جو تعلق تھا۔ وہ مکتوبات کی پیشانی ''بامداد یزدانی وفضل رحمانی'' لکھ کر واضح کیا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ بیعت ثانی کے بعد بیعت اولیٰ فسخ نہیں اس لئے آپ چشتی صابری، نقشبندی مجددی تھے۔) شیخ العرفاء حضرت شاہ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ نے آپ پر خصوصی توجہ فرمائی اور خرقہ خلافت سے سرفراز فرمایا۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق کے باعث نقشبندیت کا رنگ ایسا غالب آیا کہ آپ نے اپنے آپ کو سلسلہ مجددیہ کے لئے وقف کر دیا اور ایسی بے مثال خدمات سرانجام دیں کہ جب تک سلسلہ مجددیہ کا نام زندہ رہے گا، اس کے ساتھ مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی بھی باقی رہے گا۔

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بہ عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

﴿مسلک﴾

حضرت مولانا علیہ الرحمۃ بڑے عالی ظرف اور معتدل مزاج حنفی المذہب اور صوفی المشرب بزرگ تھے فرقہ بندی اور پارٹی بازی وغیرہ قسم کے گھٹیا خیالات سے آپ کو دور کا تعلق بھی نہیں تھا۔ ان کے اساتذہ کرام اور مشائخ عظام حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی، حضرت علامہ حسن کانپوری، مجاہد جنگ آزادی مولانا رحمت اللہ کیرانوی ثم مکی، حضرت امداد اللہ مہاجر مکی اور حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ کا جیسا معتدل مسلک تھا، ویسا ہی ان کا تھا۔

﴿مقام علم وعمل﴾

حضرت مولانا الحاج مفتی نور احمد چشتی صابری، نقشبندی مجددی نور اللہ مرقدہٗ کے علمی اور روحانی مقام کو بیان کرنا مجھ جیسے ہیچمدان کا کام نہیں، اس لئے ذیل میں چند فضلاء اور صوفیاء کی آراء نقل کی جاتی ہیں، جن کے مطالعہ سے قارئین کرام کو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ صاحب تذکرہ کس پائے کے بزرگ تھے۔

(۱) مشہور کانگرسی اور احراری لیڈر مولانا حبیب الرحمٰن مرحوم لدھیانوی لکھتے ہیں: ''والد صاحب نے مجھے امرتسر مولانا نور احمد مرحوم کی خدمت میں پڑھنے کو بھیج دیا۔ حضرت مولانا کا مدرسہ شیخ بڈھے کی مسجد چوک فرید میں تھا اسی محلے میں مولانا خود بھی رہتے تھے۔

مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ اپنے زمانے کے شیخ، محدث اور شب بیدار بزرگ تھے۔ حضرت مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کئی سال تک مکہ معظمہ میں رہے تھے مولانا رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے اور حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے۔ مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پڑھانے میں کچھ ایسی برکت تھی کہ سبق پڑھتے پڑھتے یاد ہو جاتا تھا۔ میرے ساتھ مفتی محمد نعیم صاحب، مولانا

Marfat.com

مفتی محمد عبداللہ جو اس وقت مدرسہ انواریہ کے مہتمم ہیں، مولانا محمد عبداللہ میرے پھوپھی زاد بھائی، مولانا عتیق الرحمان جو میرے رشتہ میں بھائی ہوتے ہیں میرے ساتھ پڑھتے تھے۔مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ایک نابینا حافظ سے علم تجوید کے مطابق قرآن مجید پڑھنے کی مشق کروائی۔ میں ۱۹۱۴ء تک مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ ہی میں تعلیم پاتا رہا'' (رئیس احرار (سوانح حیات مولانا حبیب الرحمٰن) مطبوعہ دہلی صہ ۹۷)

(۲) مولانا ابو احمد عبداللہ صاحب لدھیانوی مقیم حال گوجرانوالہ تحریر فرماتے ہیں: ''مولانا نور احمد اسم بامسمّٰی نور احمد تھے۔آپ کے گورے رنگ والے چہرے سے صاحب فراست جمال احمدی ﷺ کی کرنیں محسوس کرتا۔حضرت مولانا سید محمد انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ آپ کو ''عالم ربانی'' کہا کرتے تھے۔مولانا نور احمد بڑے متجر عالم تھے۔علوم نقلیہ اور عقلیہ کے ماہر تھے آپ کے علوم کی حدود اربعہ کا بیان کرنا ہمارے انداز سے باہر کی چیز ہے،علوم شریعت وطریقت اور حقیقت میں آپ ایک مخصوص مقام پر تھے'' (ماہنامہ دارلعلوم دیو بند اگست ۱۹۶۱ء صہ ۲۲)

(۳) حکیم منشی مہرالدین صاحب مدظلہٗ امرتسری راوی ہیں: ''کہ جن دنوں انجمن حفظ المسلمین امرتسر نے مولانا آسی امرتسری مرحوم کا عربی رسالہ ''البحثات'' شائع کیا تو ایک دن مسجد شیخ خیرالدین مرحوم میں بیٹھے ہوئے مولانا مفتی محمد حسن صاحب مرحوم مغفور سے اس موضوع پر گفتگو شروع ہوگئی دوران گفتگو مفتی صاحب نے فرمایا ''میں نے تحقیق مسائل اور عربی ادب کے سلسلے میں حضرت مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد عالم آسی رحمۃ اللہ علیہ کے علم واستعداد کو جہاں تک سمجھا تھا اس سے بہت آگے پایا۔''

(۴) استاذی المکرم حضرت مولانا عبدالرحمٰن مرحوم ہزاروی نائب مدرس مدرسہ نعمانیہ امرتسر سے محترم الحاج حکیم محمد علی صاحب مدظلہ نے پوچھا کہ حضرت مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مرتبہ بلحاظ ولایت کیا تھا؟ مولانا عبدالرحمٰن مرحوم نے جواباً فرمایا ''مولانا نور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے قطب تھے'' (مکتوب حکیم صاحب موصوف بنام احقر محمد موسیٰ)

(۵) مخدومی حضرت مولانا آسی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ۔جو عربی ادب کے بے مثل استاد تھے اور حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہونے کی وجہ سے حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ کے پیر بھائی تھے۔انہوں نے ایک دفعہ راقم الحروف کی موجودگی میں ایک بہت بڑے عالم کو (جو مولانا آسی کے پاس بغرض ملاقات آئے تھے) یہ مولانا ''مولانا نور احمد مرحوم اپنی مثال آپ تھے ان جیسی خصائص وخصائل کے مالک روز روز پیدا نہیں ہوتے''

(بلفظہ بقدر حافظہ)

(۶) شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ نے ایک امرتسری سائل کو فرمایا تھا کہ ''مسجد شیخ بڈھا میں جو خدا کے ولی رہتے ہیں، ان سے دعا کراؤ۔ (اس واقعہ کی تفصیل مولانا کی مفصل سوانح حیات میں ملے گی۔ ۱۲)

(۷) حضرت پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مریدوں کو تلقین فرمایا کرتے تھے کہ: ''جب بھی کوئی مسئلہ پوچھنا ہو تو مولانا نور احمد صاحب موصوف سے دریافت کیا کرو''

حضرت لاثانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ خود بھی مولانا موصوف کی ملاقات کے لئے آیا کرتے تھے اور کئی کئی دن ان کے پاس مسجد شیخ بڈھا میں قیام فرماتے حضرت مولانا مرحوم بھی ''علی پور'' ثانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو ملنے جاتے۔غرض کہ مولانا صاحب اور پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا روحانی تعلق نہایت گہرا تھا۔

﴿تراجم وتوالیف﴾

(۱) مکتوباتِ امام ربانی:۔مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو تصحیح وتحشیہ کے ساتھ شائع کیا۔

(۲) مبداء ومعاد:۔حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ السامی کے اس مبارک رسالے کو تصحیح اور ضروری نوٹ لکھ کر شائع فرمایا،یہ رسالہ ۱۳۳۰ھ میں طبع ہوا۔

(۳) جلد ثالث مکتوبات خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ:۔حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے خلف الرشید حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کے مکاتیب شریفہ فن تصوف کی پاک اور اصلی تعلیمات کا ایک بیش بہا گنجینہ ہیں۔ان کے مکتوبات کی پہلی اور دوسری جلد تو مختلف مطابع کی طرف سے شائع ہوچکی تھی،مگر تیسری جلد نایاب تھی چنانچہ بعض حضرات کو ان کی تیسری جلد کا علم نہ تھا۔اس نادر ونایاب مجموعہ مکاتیب کو تصحیح وتنقیح اور نہایت ہی گرانقدر حواشی لکھ کر بڑے اہتمام سے شائع کرایا۔

(۴) کنز الہدایات:۔یہ کتاب حضرت مولانا محمد باقر لاہوری رحمۃ اللہ علیہ بن مولانا شرف الدین رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے اس کو بھی مولانا مرحوم نے تصحیح وغیرہ کے بعد نہایت عمدہ کاغذ پر بڑی عمدگی سے چھپوایا۔یہ کتاب ۱۲۴ صفحات پر مشتمل ۱۳۳۵ھ میں شائع ہوئی تھی اور اس کے آخر میں رسالہ کحل الجواہر، رسالہ ملا جامی رحمۃ اللہ علیہ دربیان ذکر خفی مختصر سوانح حیات حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ از شاہ رؤف

Marfat.com

احمد رحمۃ اللہ علیہ شامل کر دیئے گئے ہیں۔

(۵) شمائل ترمذی:۔اس مشہور و معروف رسالہ کا ترجمہ کیا، اس کی عبارت جلی مع اعراب کے اور ترجمہ بین السطور ہے یہ نوے صفحات کا رسالہ ۱۳۴۱ھ میں زیور طبع سے آراستہ ہوا۔

(۶) ھدایۃ الطالبین:۔یہ کتاب قیوم دوراں حضرت شاہ ابو سعید دہلوی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف لطیف ہے۔اصل کتاب فارسی میں ہے۔مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا اردو ترجمہ کرنے کے علاوہ اس کے بعض مشکل مسائل کا حل بھی لکھ دیا۔ترجمہ اس طرح کیا کہ ایک کالم میں اصل فارسی عبارت لکھی اور اس کے بالمقابل ترجمہ دے دیا۔یہ کتاب بڑے سائز کے ۱۰۸ صفحات پر مشتمل ۱۳۴۴ھ بمطابق ۱۹۲۶ء میں طبع ہو کر مطبوع اہل نظر ہوئی۔

(۷) ملفوظات مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ:۔حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۹۵ھ) کے ملفوظات کا ترجمہ کیا۔جو ماہنامہ ''الفیض'' امرتسر میں بالاقساط شائع ہوتا رہا۔اس ترجمے کی پہلی قسط رمضان المبارک ۱۳۴۳ھ کے پرچے میں شائع ہوئی۔اس کے بعد یہ سلسلہ ایک عرصے تک جاری رہا مگر جہاں تک میرا خیال ہے یہ ترجمہ مکمل نہیں ہو سکا تھا۔

(۸) شرح اسماء الحسنٰی:۔اسماء الحسنٰی کی نہایت عمدہ شرح و تفسیر تحریر فرمائی، جو ماہنامہ ''الفیض'' میں قسط وار شائع ہوتی رہی۔اس مضمون کی پہلی قسط جمادی الاٰخری ۱۳۴۲ھ میں چھپی۔علاوہ ازیں اور بھی بہت سے متصوفانہ مضامین ''الفیض'' میں چھپتے رہے، جو مستقل تصانیف کی حیثیت رکھتے ہیں۔

انتقال پرملال

آسمان علم و عرفان کا یہ بدر کامل ۱۳ شعبان المعظم ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۳۰ء اذان فجر سے چند ساعت قبل غروب ہوا۔

صورت از بے صورتی آمد بروں — باز شد انا الیہ راجعون

مزار مبارک آپ رحمۃ اللہ علیہ کا امرتسر میں ''مسجد نور'' کے دائیں جانب مسجد کی دیوار کے ساتھ متصل ہے۔ نور اللہ مرقدہٗ و برد اللہ مضجعہ

قطعہ تاریخ

از حضرت مولانا محمد عالم آسی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ ؎

مولانا جب فوت ہوئے — دل کو پہنچا صدمہ آہ
عالم فاضل عارف تھے — کامل اکمل حق آگاہ
خوف خدا رکھتے تھے — عابد ذاکر شام و پگاہ
فیض جہاں جاری تھا — علم پڑھاتے عالی جاہ
آسی نے تاریخ لکھی — ''فیض رسان عالم آہ''

۱۳۴۸ھ

نوٹ:۔دیگر قطعات تاریخ مفصل سوانح حیات میں درج کئے گئے ہیں۔

لاہور — محمد موسیٰ عفی عنہ ۱۸ جمادی الاخریٰ ۱۳۸۴ھ

؎ ''آپ'' (حضور قبلہ عالم حضرت مولانا سید محمد حبیب اللہ شاہ صاحب قدس سرہٗ گجرات شریف پاکستان) کے ایک مشفق استاد مولانا محمد عالم آسیؒ تھے علمی تبحر کی وجہ سے انہیں بحر العلوم کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔حضرت صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ انہوں نے مجھے گودی میں بٹھا کر قرآن حکیم پڑھایا ہے۔

مشہور عالم دین مولانا محمد عالم آسیؒ ایم۔اے۔او ہائی سکول امرتسر میں مدرس تھے انہوں نے آپؒ کی تعلیم و تربیت کی طرف خاص توجہ دی تھی کہ یہ سلسلہ بڑھتے بڑھتے یہاں تک پہنچا کہ اسکول کے اوقات تعلیم سے فارغ ہو کر آپؒ مولانا محمد عالم آسیؒ صاحب ان کی رہائش گاہ (آپ بورڈنگ ہاؤس کے سپرنٹنڈنٹ بھی تھے لہٰذا وہیں رہتے تھے) پر علم دین کے اعلیٰ مدارج طے کرنے لگے حتی کہ آپؒ تفسیر، حدیث، فقہ، اصول اور ادبیات کے عربی و فارسی میں ایک جید عالم بن گئے البتہ دورہ حدیث کی ایک سند آپؒ نے حضرت صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمۃ سے بھی حاصل کی تھی علاوہ ازیں آپؒ نے تقابل ادیان کے مطالعہ کی ضرورت محسوس کی تو آپؒ نے قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابوں مثلاً تورات، زبور، انجیل، نئے اور پرانے عہد نامہ کا بھی مطالعہ کیا ازاں بعد ان کے کلیسائی وفاق کے امتحانات میں شامل ہوئے۔امتحان سے کامیاب ہوئے اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔'' ''ذکر سعید''

اگرچہ واقعاتی مناظر سے کوئی ثبوت ہمارے علم میں تو نہیں کہ حضور قبلہ عالم حضرت مولانا سید محمد حبیب اللہ شاہ صاحب قدس سرہٗ العزیز کی ملاقاتیں حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی ہوں۔لیکن قرائن عصری (ہم زمانی و ہم مکانی) اور اپنے استاد گرامی حضرت مولانا محمد عالم آسی رحمۃ اللہ علیہ سے گہری رفاقت (جو درج بالا سطور سے ثابت ہے) کے حوالے سے ہمارے حضورؒ کی حضرت مولانا نور احمدؒ پسروری ثم امرتسری سے صحبت اور افادہ و استفادہ لابدی ہے۔

Marfat.com

تخریجِ احادیث

باب اول (احادیث ۱......۱۵)

(i) فصل اول (عربی متن)

(ii) فصل دوم (فارسی ترجمہ)

باب دوم (آثارِ صحابہ ۱۶......۱۶)

(i) فصل اول (عربی متن)

(ii) فصل دوم (فارسی ترجمہ)

باب سوم (۱۷......۲۳)

(حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے وہ اقوال جنکا مفہوم احادیث سے ماخوذ ہے)

(i) فصل اول (عربی متن)

(ii) فصل دوم (فارسی متن)

از قلم

ڈاکٹر محمد بابر بیگ مطاعی

ایم اے (عربی، اسلامیات، معاشیات)

فاضل عربی، بی سی (اسلامک لاء)

ایم فل (اقبالیات) پی. ایچ. ڈی (اسلامیات)

Marfat.com

باب اوّل

فصل اوّل (عربی متن)

(۱) ''رُبَّ قارئ القراٰن والقراٰنُ یلعنہ'' (دفتر اوّل: مکتوب ۹)

حضرت مجدد علیہ الرحمہ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا ہے۔ البتہ ایک دوسرے مکتوب میں مرفوعاً بیان کرتے ہوئے فرمایا: ''قال علیہ علیٰ الہ الصلوۃ والسّلام: رب تالٍ للقرآن والقرآن یلعنہ'' ۱

اور علامہ نور احمد امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے حاشیہ پر تصریح کی کہ بعض نسخوں میں بلفظ ''قاریٔ'' اور بعض میں ''تال القرآن'' ہے ۲

اسے علامہ احمد بن عبد الکریم نے اپنی کتاب منار الہدیٰ میں مرفوعاً بیان کیا، چنانچہ فرمایا: ''قولہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی حق من لّم یعمل بالقرآن: ربّ قارئ للقرآن والقرآن یلعنہ'' ۳

علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ ''فتاوٰی حدیثیہ'' میں لکھتے ہیں: ''فِی خبرٍ: رب قارئ والقرآن یلعنہ'' ۴

امام غزالی علیہ الرحمۃ اپنی کتاب ''احیا علوم الدین'' میں ارشاد فرماتے ہیں: ''قال انس بن مالک رضی اللّٰہ عنہ: ربّ تالٍ للقرآن والقرآن یلعنہٗ'' ۵

لیکن علامہ بایزید انصاریؒ نے ''مقصود المؤمنین'' میں فرمایا: ''قال علیہ السلام: ربّ تالٍ للقرآن والقرآن یلعنہٗ'' ۶

اس خبر سے مقصود یہ ہے کہ بہت سے لوگ قرآن مجید پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے لعنت کا موجب بنتے ہیں۔ اور انکا ایمان بھی ضائع ہو جاتا ہے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب جامع میں فرماتے ہیں کہ: حدّثنا محمد بن اسماعیل الواسطی ناوکیع نا ابو فروۃ ویزید بن سنان عن أبی المبارک عن صھیب قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: ماآمن بالقرآن من استحلّ محارمہ'' ۷

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے اس حدیثِ ترمذی کو ضعیف قرار دیا ۸

پھر حدیث (اقرء القرآن مانھاک فان لم ینھک فلست تقرؤہ) بھی اسی خبر زیر تحقیق پر دال ہے۔ اسے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

---

۱ مکتوبات امام ربانیؒ: دفتر دوم مکتوب ۵۳

۲ ایضاً..........: برحاشیہ

۳ احمد بن عبد الکریم ابن الشیخ محمد بن الشیخ عبد الکریم ''منار الہدیٰ'' (طبع بالمطبعۃ المیمنۃ علیٰ نفقۃ أصحابھا مصطفی البابی الحلبی واخویہ بکری وعیسیٰ۔ بمصر رجب ۱۳۲۲ ہجری) صفحہ ۹۔ باب: فوائد مھمۃ تحتاج الیٰ صرف الھمۃ'' بیان: ''الفائدہ الثانیہ فی الوقف والا بتداء''

۴ ابن حجر مکی، شہاب الدین، احمد (۸۸۹ھ ــــ ۹۷۴ھ): الفتاویٰ الحدیثیہ (شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ: مصطفی البابی الحلبی واولادہٗ بمصر، الطبعۃ الثانیہ ۱۳۹۰ ہجری/۱۹۷۰ء) صفحہ: ۲۲۵، مطلب: فیمن یجمع أیات من القرآن ثم یقرأھا کما تقرأ السور ھل یکرہ''

۵ الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد، الامام (المتوفی ۵۰۵ ہجری): احیا علوم الدّین (وبذیلہ المغنی عن حمل الاسفار فی الاسفار فی تخریج مافی الاحیاء من الاخبار للعلامۃ زین الدین العراقی أبی الفضل عبدالرحیم بن الحسین المتوفی سنۃ ۸۰۶ ہجری) (داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان) جلد اوّل صفحہ ۲۷۴ کتاب آداب تلاوۃ القرآن، باب اوّل: فضل القرآن واھلہ بیان: ذمّ تلاوۃ القرآن''

۶ بایزید انصاری (۹۳۱ ہجری۔ ۹۸۰ ہجری) مقصود المؤمنین (حقّقہٗ الدکتور ولی خان المسعودی) مجمع البحوث الاسلامیہ، اسلام آباد ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء) صفحہ ۱۳۵ فصل اوّل: بیان: العلم ومعرفۃ الوعظ والنصیحۃ''

۷ ترمذی، ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ۔ امام (۲۰۹ھ۔ ۲۷۹ھ) جامع ترمذی (ایچ۔ ایم سعید کمپنی۔ ادب منزل کراچی) جلد دوم صہ ۱۱۹۔ ابواب فضائل القرآن، باب ۲۰

۸ سیوطی۔ جلال الدین، عبد الرحمٰن بن أبی بکر۔ امام (۸۴۹ھ۔ ۹۱۱ھ): الجامع الصغیر (المکتبہ الاسلامیہ۔ لائلپور۔ رمضان ۱۳۹۴ھ) جلد ۲، صفحہ ۱۴۰۔ حرم المیم''

Marfat.com

نے احیاء العلوم میں ذکر کیا [9]

اور علامہ عراقی نے تخریج احیاء میں فرمایا: ”حدیث: أقرأ القران ...الخ-أخرجه الطبرانی من حدیث عبدالله بن عمر وبسندٍ ضعیفٍ“ [10]

(٢) ”کم من صائم لیس من صیامہٖ الا الظمأ والجوع“ (دفتر اول مکتوب ۹)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا، البتہ دفتر دوم مکتوب ۵۳ میں بحیثیت قول محمد مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء بیان کیا۔

اسے امام دارمیؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بیان کیا لیکن لفظ ”الجوع“ ذکر نہیں کیا، چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ”أخبر اسحاق بن عیسیٰ عن عبد الرحمن بن أبی الزنار عن عمرو بن أبی عمر وعن سعید المقبری عن ابی ہریرہ (رضی اللہ عنہ) عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: کم من صائم لیس له من صیامه الا الظمأ و کم من قائم لیس له من قیامہٖ الا السهر“ [11]

البتہ امام غزالی نے ”منہاج العابدین“ میں فرمایا: ”قال صلی اللّٰہ علیه وسلم کم من صائم لیس له من قیامه الا السهر و کم من صائم لیس له من صیامه الا الجوع والظلمأ“ [12] مگر امام غزالی نے مخرج بیان نہیں کیا۔

البتہ امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی کتاب ”الزھد“ اور ”مسند“ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا اور لفظ ”الجوع“ ذکر کیا مگر لفظ ”الظلمأ“ بیان نہیں کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ”ثنا أبو خالد الاحمر عن اسامة عن سعید عن ابی هریرہ رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کم من صائم لیس له من صیامه الا الجوع و کم من قائم لیس له من قیامه الا السهر“ [13]

امام ابن ماجہ نے اپنی ”سنن“ میں لفظ ”کم“ کی بجائے ”رُبَّ“ ذکر کیا اور امام احمد کی طرح روایت کیا چنانچہ آپ فرماتے ہیں ”حدثنا عمر وبن رافع ثنا عبداللہ بن المبارک عن اسامة بن زید عن سعید المقبری عن ابی هریرہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم رُبَّ صائمٍ لیس له من صیامه الا الجوع ورُبَّ قائمٍ لیس له من قیامه الا السهر“ [14]

علامہ سیوطی نے اس حدیث ابن ماجہ کو حدیث صحیح قرار دیا۔ [15]

امام قضاعی نے ”مسند الشہاب“ میں اسے حضرت ابن عمرؓ سے مرفوعاً بلفظ ”رُبَّ“ بدل ”کم“ اور بلفظ ”العطش“ بدل ”الظلمأ“ روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ: ”اخبرنا قاضی القضاة أبو العباس احمد بن محمد بن عبداللہ السعدی وأبو عبداللہ محمد بن جعفر البغدادی قالا: ثنا أبو احمد بن عبداللہ بن محمد بن المفسر أنبأ أحمد بن علی بن سعید [القاضی] المروزی ثنا یحییٰ بن معین ثنا یزید بن عبد ربه ثنا بقیه عن معاویة بن یحییٰ الأطرابلسی عن موسیٰ بن عقبة عن نافع عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: رُبَّ قائمٍ لیس له من قیامہٖ

[9] احیاء علوم الدین، جلد اول صفحہ ۲۷۴: کتاب آداب التلاوۃ۔ باب اول بیان ذم تلاوۃ الغافلین“

[10] أیضا........ برحاشیہ

[11] الدارمی: أبو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن (۱۸۱ھ-۲۵۵ھ) سنن الدارمی، جلد ۲، صفحہ ۲۱۱ (نشر السنۃ۔ ملتان) کتاب الرقائق، باب المحافظۃ علی الصوم۔ حدیث ۲۷۲۳

[12] غزالی: أبو حامد محمد بن محمد: (متوفی ۵۰۵ھ): منہاج العابدین (مکتبۃ الجندی مصر ۱۳۷۳ھ) صفحہ ۶۸۔ فصل: ۵ (البطن وحفظہ)

[13] امام احمد بن حنبل: (ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل الشیبانی) (۱۶۴ھ-۲۴۱ھ) ”مسند“ (المکتب الاسلامی للطباعۃ والنشر) جزء ۲ صفحہ ۴۴۱ ذکر ”مسند أبی ہریرہؓ“ ایضا کتاب الزھد (دار الکتب العلمیۃ۔ بیروت، لبنان) صفحہ ۵۷، بیان: ”زہد ایوب علیہ السلام“

[14] ابن ماجہ، ابو عبداللہ محمد بن یزید بن عبداللہ (۲۰۷ھ-۲۷۵ھ) ”سنن“ (احیا التراث العربی، بیروت۔ لبنان ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء) جلد ۲۔ صفحہ ۵۳۹۔ کتاب الصیام، باب: ”ما جاء فی الغیبۃ والرفث للصائم: حدیث ۱۶۹۰“

[15] الجامع الصغیر جزء ۲۔ صفحہ ۲۱ حرف الراء“

Marfat.com

إلّا السّهر ورُبَّ صائمٍ ليس لهٗ من صيامه إلّا الجوع والعطش‘‘ ۱۶

البتہ علامہ طبرانیؒ نے اپنی کتاب ’’المعجم الکبیر ‘‘میں انہیں اسنادِ قضاعی سے بلفظ: ’’رُبَّ صائمٍ حظّه من صيامه الجوع والعطش ورُبَّ قائم حظّهٗ من قيامه السهر ‘‘روایت کیا۔ ۱۷ اور علامہ ھیثمی نے ’’مجمع الزوائد ‘‘میں فرمایا: ’’رواہ الطبرانی فی الکبیر ورجالہ موثقون‘‘ ۱۸

پھر علامہ سیوطی نے اس روایت طبرانی کو حدیث صحیح قرار دیا۔ ۱۹

(۳) ’’کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم متواصل الحزن دائم الفکر‘‘

(دفتر اول: مکتوب ۱۰)

اسے علامہ شیخ شرف الدین بن یحییٰ منیری علیہ الرحمۃ نے اپنے مکتوبات میں بعینہٖ ذکر کیا لیکن مخرج بیان نہیں کیا۔ ۲۰

البتہ علامہ ابن جوزیؒ نے اپنی کتاب ’’الوفا باحوال المصطفیٰ‘‘ میں فرمایا: ’’عن الحسن بن علی رضی اللّٰه عنه عن خاله هند قال: كان رسول اللّٰه صلی اللّٰه الاحزان دائم الفكر ليست له راحة‘‘ ۲۱

اور امام ترمذیؒ ’’شمائل‘‘ میں روایت کرتے ہیں کہ: ’’حدثنا سفيان بن وكيع أنبأنا جميع بن عمر وبن عبدالرحمن العجلی ثنیٰ رجل من بنی تميم من ولد أبی هالة زوج خديجه يكنی أبا عبداللّٰه عن ابن لأبی هالة عن الحسن بن علی قال سألت خالی هند بن أبی هالة وكان وصافاً،قلت صف لی منطق رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم ،قال كان رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم متواصل الاحزان دائم الفكرة ليست له راحة...الخ‘‘ ۲۲

جبکہ امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں اسے ’’سفیان بن وکیع‘‘ کی بجائے ’’مالک بن اسمٰعیل الھندی‘‘ کے طریق سے روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔ ’’أخبر أبو عبداللّٰه الحافظ ثنا أبو سعيد أحمد بن محمد بن عمر ولأ حميسی من أصل كتبه الحسين بن حميد بن الربيع اللخمی ثنا أبو غسان مالك بن اسمٰعيل الهندی ثنا جميع عمرو بن عبدالرحمن العجلی حدثنی رجلٌ بمكة عن أبی هالة التّميمی عن الحسن بن علی قال سألت خالی هند بن أبی هالة التميمی وكان وصافا عن حلية النبی صلی اللّٰه عليه وسلم قال:قلت صف لی منطقه،قال كان رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم متواصل الاحزان ،دائم الفكرليست له راحة...الخ‘‘ ۲۳

---

۱۶ القضاعی۔ أبوعبداللہ۔ محمد بن سلامۃ بن جعفر بن علی القاضی۔ (متوفی۔ ۴۵۴ھ/۱۰۶۲م) ’’مسند الشہاب‘‘(مؤسسۃ الرسالہ۔ بیروت ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء) جلد۲۔ صفحہ ۳۰۹ بیان: رُبَّ قائم ليس له من قيامه الا السهر ‘‘حدیث ۱۴۲۴

۱۷ الطبرانی۔ أبوالقاسم سلمان بن احمد۔ الحافظ: (متوفی ۳۶۰ھ) ’’المعجم الکبیر ‘‘(المکتبۃ الفیصلیۃ ۱۳۹۷ھ) جلد ۱۲، صفحہ ۳۸۲، حدیث ۱۳۴۱۳، بیان: نافع عن ابن عمر رضی اللّٰه عنه

۱۸ الھیثمی۔ علی بن أبی بکر۔ (متوفی ۸۰۲ھ) ’’مجمع الزوائد ومنبع الفوائد‘‘ (دارالکتاب، بیروت۔ لبنان۔ ۱۹۶۷ء) جلد ۳، صفحہ ۲۰۲، کتاب الصیام، بیان: ’’رُبَّ صائم حظّهٗ من صيامه الجوع

۱۹ الجامع الصغیر، جلد ۲، صفحہ ۲۱، حرف الرّاء

۲۰ ابن یحییٰ منیری (شرف الدین، شیخ احمد بن یحییٰ منیری): سہ صدی مکتوبات (طبع: مطبع اسلامی۔ لاہور) صفحہ ۴۶۳، حصہ دوم، جز مکتوب دو صدی، مکتوب: ۴۷۔ در کمال محبت و بلندی ہمت۔

۲۱ ابن الجوزی:۔ أبوالفرج، عبدالرحمٰن (۵۱۰ھ۔ ۵۹۷ھ) ألوفا باحوال المصطفیٰ (دارالمعرفۃ للطباعۃ والنشر ، بیروت، لبنان ۱۱۷۲ھ) جز ۲، صفحہ ۵۳۸: أبواب خوفہ وتضرعہ وحزنہ وفکرہ وغیرھا، باب ۴، ذکر خوفہ، وفکرہ۔

۲۲ الترمذی:۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ، امام (۲۰۹ھ۔ ۲۷۹ھ) شمائل (ملحق بجامع ترمذی) (ایچ۔ ایم سعید کمپنی، کراچی) باب: کیف کان کلام رسول اللہ ﷺ

۲۳ بیہقی:۔ ابوبکر احمد بن حسین (۳۸۴ھ۔ ۴۵۸ھ) (دارالکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان۔ الطبعۃ الاولیٰ ۱۴۱۰ھ/۱۹۹۰ء) جلد ۲، صفحہ ۱۵۴، ۱۵۵: شعبہ نمبر ۱۴/ باب: حب النبی صلی اللّٰه عليه وسلم، فصل: خلقه وخلقه صلی اللّٰه عليه وسلم، حدیث ۱۴۳۰۔

Marfat.com

علامہ ابن سعد نے طبقات کبریٰ میں بھی بطریق مالک بن اسماعیل روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''أخبرنا مالك بن اسمٰعيل أبو غسّان النهدى أخبرنا جميع بن عمر ابن عبدالرحمن العجلى حدثنى رجلٌ بمكة عن أبى هالة التّميمى عن الحسن بن على قال سألت خالى هند بن أبى هالة التميمى وكان وصافا عن حلية النبى صلى اللّٰه عليه وسلم قال:قلت صف لى منطقه،قال كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم متواصل الاحزان ،دائم الفكرة ليست له راحة... الخ''[۲۴]

قاضی عیاض علیہ الرحمۃ اپنی کتاب ''الشفا'' میں اس حدیث کو باختصار ہی ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''قال ابن أبى هالة رضى اللّٰه عنه كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم متواصل الأحزان دائم الفكر،ليست له راحة''[۲۵]

اور حاشیہ ''الشفا'' پر محمد امین قرۃ علی اور اسامۃ الرّفاعی وغیرہ لکھتے ہیں کہ: قال ابن القيّم كما سيأتى انّه لم يثبت وفى سنده من لايعرف ولاأعلم صحته''[۲۶] لیکن یہ فضائل مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم محل بحث نہیں کیونکہ شرّاح حدیث نے اسکی معنوی توجیہہ کو حسن قرار دیا۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ علیہ اپنی کتاب ''الشرح علیٰ کتب الشفا'' میں لکھتے ہیں: ''(كان متواصل الأحزان) أى متتابعها بشدائد الاحوال وموارد الاهوال حالاً ومالاً ولكونه فى سبحنه سبحانه المقتضى احزانه وماأحسن قول ابن عطاء:مادمت فى هذه الدار لاتستغرب وقوع الاكدار۔[۲۷]

(٤) آنسرور فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام: ''ماأوذى نبىّ مثل ماأوذيت'' (دفتر اول مکتوب۱۰)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبها الصلوٰت والتسليمات کو عین القضاۃ ھمدانی نے ''تمہیدات'' شیخ شرف الدین ابن یحیٰ منیریؒ ''سہ صدی مکتوبات'' علامہ سید حسین واعظ کاشفی ''تفسیر حسینی'' اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے ''مدارج النبوۃ'' میں مرفوعاً بلفظہٖ بیان کیا۔[۲۸]

امام ابونعیم علیہ الرحمۃ نے حلیۃ اولیاء میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا لیکن ''نبىّ'' کی بجائے ''أحدٌ'' بیان کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''حدثنا أبراهيم بن محمد بن يحيىٰ وابراهيم بن عبداللّٰه بن اسحق قالا ثنا أحمد بن محمد الأزهرى ثنا محمد بن سلمان بن هشام ثنا وكيع عن مالك عن انس رضى اللّٰه عنه قال:قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم:ماأوذى أحدٌ مثل ماأوذيت فى اللّٰه''[۲۹]

---

۲۴ ابن سعد:۔محمد (۱۶۸ھ۔۲۳۰ھ) الطبقات الکبریٰ (دار صادر، بیروت ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۰ء) جلد اول، صفحہ ۴۲۲، ذکر: صفة خلق رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم۔

۲۵ قاضی عیاض بن موسیٰ: (۴۷۶ھ۔۵۴۴ھ): کتاب الشفاء (دار الوفا للطباعۃ والنشر۔دمشق ۱۳۹۲ھ) صفحہ ۲۸۷، باب دوم: تكميل اللّٰه تعالىٰ له المحاسن خَلقاً وخُلقاً۔ فصل ۲۳: بیان: كان متواصل الأحزان ۔دائم الفكرة۔

۲۶ أیضاً بر حاشیہ۔

۲۷ علی بن سلطان، قاری متوفی ۱۰۱۴ھ: الشرح علی کتاب الشفاء (المطبعۃ العامرۃ، مصر ۱۳۰۸ھ) جلد اول، صفحہ ۳۱۸۔ باب ثانی (۲) فصل: أمّا خوفه صلى اللّٰه عليه وسلم

۲۸ عین القضاۃ ہمدانی:۔أبو المعالی عبداللہ بن علی بن الحسن بن علی المیانجی: (۴۹۲ھ۔۵۲۵ھ) ''تمہیدات'' (بامقدمہ وتصحیح وتحشیہ وتعلیق عفیف عسیران) (ناشر: کتابخانہ منوچہری، خیابان شاہ آباد، ایران، چاپ دوم) صفحہ ۲۰۳، تمہید ۸: أسرار حکمتِ قرآن وخلقت انسان، بیان: ۲۶۲۔

+ سہ صدی مکتوبات: صفحہ ۳۴۸، حصہ دوم، جزء مکتوبات دوصدی، مکتوب چہارم در نزول بلا۔

+ أیضاً صفحہ ۲۵۰، حصہ اول، مکتوب ۸۸ در غفلت۔

+ واعظ کاشفی، سید، حسین: متوفی (۹۱۰ھ) ''تفسیر حسینی'' (در مطبع کریمی واقع بمبئی بحلیہ طبع کرد) باہتمام قاضی عبدالکریم بن قاضی نور محمد پلندی۔۱۳۲۰ھ پارہ:۲، رکوع: ۲۶، زیر تفسیر آیت ۲۱۴ (أم حسبتم أن تدخلو الجنة ولمّا يأتكم الّذين خلوامن قبلكم)

+ دہلوی:۔شیخ عبدالحق، محدث: (۱۵۱۵ء۔۱۶۴۲ء) ''مدارج النّبوۃ'' (مطبع نامی منشی نولکشور، کانپور) بار اوّل ۱۳۱۲ھ، جلد اوّل، صفحہ ۴۵، باب اوّل: ''در حسن خلقت وجمال صورت ذی صلی اللہ علیہ وسلم وصل در صبر وحلم وعفو''

۲۹ الاصفہانی:۔أبونعیم، احمد بن عبداللہ (متوفی ۴۳۰ھ) ''حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء'' (دار الکتب العربی، بیروت، لبنان۔۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء) جزء ۶، صفحہ ۳۳۳، باب: مالک بن انس رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

بعدازاں امام ابونعیم فرماتے ہیں: ''غريب من حديث مالك تفرد به وكيع''[۳۰]

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث ابی نعیم کو ''حسن'' قرار دیا[۳۱] اور امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے اس معنی کی ایک حدیث حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی۔ چنانچہ آپ اپنی ''جامع'' میں فرماتے ہیں: ''حدثنا عبدالله بن عبدالرحمن انا روح بن أسلم أبو حاتم البصري نا حماد بن سلمة نا ثابت عن انس رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لقد اخفت في الله وما يخاف أحدٌ ولقد او ذيت في الله ولم يوذ أحد ولقد علي ثلثون من بين يوم وليلة ومالي ولبلالٍ طعامٌ ياكله ذو كبدٍ إلّا شئ يواريهٔ أبط بلالٍ''[۳۲]

اور بعدازاں فرمایا ''هذا حديث حسنٌ صحيحٌ''[۳۳]

(۵) ''كان الله ولم يكن معه شئ''

(دفتر اوّل مکتوب ۱۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث ذکر کیا۔

اسے سید گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ نے ''جواہر العشاق'' میں بلفظہٖ ذکر کیا لیکن اس کے حدیث یا قول ہونے کی وضاحت نہیں کی''[۳۴]

لیکن علامہ ابن حجر مکی نے اپنے فتاویٰ میں مرفوعاً بعینہٖ بیان کیا۔[۳۵]

اور علامہ دیار بکری علیہ الرحمۃ نے ''تاریخ الخمیس'' میں فرمایا ''في الحديث الصحيح: كان الله ولم يكن معه شئ''[۳۶]

البتہ امام بخاریؒ نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ: (كان الله ولم يكن شئ قبلهٔ...الخ) روایت کیا چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ''حدثنا عبدان عن أبي حمزه عن الا عمش عن جامع بن شداد عن صفوان بن محرز عن عمران بن حصين اني عندالنبي صلى الله عليه وسلم اذجآء قوم من بني تميم فقال اقبلواالبشرى يابني تميم قالوا أبشرتنا فأعطنا فدخل ناس من اهل اليمن فقال اقبلو البشرى يا اهل اليمن اذلم يقبلها بنو تميم قالوا قد قبلنا جئناك لنتفقه في الدين ولنسالك عن اول هذاالامر ما كان قال: كان الله ولم يكن شيء قبله وكان عرشه على المآء ثم خلق السموت والأرض...الخ''[۳۷]

پھر آپ نے ایک دوسرے طریق (حدثنا عمر بن حفص بن غيات ثنا أبي ثنا الاعمش ...الخ) سے مرفوعاً بلفظ ''كان الله ولم يكن شئ غيره'' روایت کیا۔[۳۸]

اور علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے ''فتح الباری'' میں فرمایا: ''وفي روايه غير البخاري: ولم يكن شئ معه''[۳۹]

---

[۳۰] ایضاً۔

[۳۱] الجامع الصغیر، جز۲، صفحہ۱۴۲، حرف المیم۔

[۳۲] جامع ترمذی، جلد۲، صفحہ۷۳،۷۴ ''أبواب صفة القيامة، باب (بعدباب ماجآء في صفة اواني الحوض)''

[۳۳] ایضاً۔

[۳۴] سید گیسو دراز:۔ محمد حسینی (متوفی ۸۲۵ھ): جواہر العشاق شرح رسالہ غوث اعظم (اردو ترجمہ از: احمد حسین خان) (ناشر: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور ۱۹۸۸ء) صفحہ۸۹، بیان شرح (الاتحاد لايعبر بلسان المقال)

[۳۵] الفتاویٰ الحدیثیہ، صفحہ۲۶۸، بیان: مطلب حدیث ''كان الله ولم يكن معه شئ''

[۳۶] الدیار البکری:۔ حسین بن محمد بن الحسن، الامام: (تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس) (موسسۃ شعبان للنشر والتوزیع، بیروت، رجب ۱۲۸۳ھ) جلد اول، صفحہ۱۷، بیان: الفرق بین النبی والولی والساحر۔

[۳۷] صحیح البخاری:۔ جلد۲، صفحہ۱۱۰۳، کتب الرّد على الجهميه وغيرهم التوحيد''

[۳۸] ایضاً... جلد اول، صفحہ۴۵۳، کتب بدأ الخلق، باب: ماجآء في قول الله: وهو الّذي يبدؤا الخلق ثم يعيده وهو اهون عليه۔

[۳۹] ابن حجر عسقلانی:۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری (۸۸۹ھ-۹۷۴ھ) (المطبعۃ المصریہ۔ مصر ۱۳۴۸ھ) جلد۲، صفحہ۲۲۱، کتاب، بدأ الخلق، شرح حدیث ''كان الله ولم يكن ...الخ''

Marfat.com

(٦) ”ألمرء مع من أحب“

(دفتر اول:مکتوب ۲۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمہ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے اسے امام بخاری، مسلم، ترمذی اور احمد بن حنبل وغیرہم نے مرفوعاً روایت کیا۔

چنانچہ امام بخاری اپنی صحیح میں لکھتے ہیں: ”حدثنا بشر بن خالد قال حدثنا محمد بن جعفرعن شعب عن سلمن عن أبی وائل عن عبداللّٰہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم:انہ قال:المرءُ مع من احب“ ۴۰

امام مسلم اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ: ”حدثنا عثمان بن أبی شیبہ واسحق بن ابراھیم قا ل اسحق انا وقال عثمان ناجریر عن الأعمش عن أبی وائل عن عبداللّٰہ قال جآءَ رجلٌ الیٰ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم،فقال یا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کیف تریٰ فی رجلٍ أحب قوماً ولمّا یلحق بھم قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم المرء مع من أُحب“ ۴۱

امام ترمذیؒ اپنی جامع میں فرماتے ہیں: ”حدثنا محمود بن غیلان نا یحییٰ بن آدم نا سفیان عن عاصم عن زر بن حُبیش عن صفوان بن عسال فقال جآء اعرابی جھواری الصوت فقال:یامحمد:الرجل یحب القوم ولما یلحق ھو بھم،فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم المرء مع من أحب“ ۴۲

اور امام احمد اپنی مسند میں لکھتے ہیں: ”ثنا عبدالرحمن ثنا سفیان عن الأعمش عن أبی وائل عن أبی موسیٰ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم :المرء مع من أحب“ ۴۳

(٧) ”کلتا یدیہ یمین“

(دفتر اول:مکتوب ۲۲)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا ہے۔ البتہ یہ ایک قطعہٴ حدیث ہے کہ جسے امام مسلم علیہ الرحمۃ نے اپنی صحیح میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بیان کیا، آپ فرماتے ہیں: ”حدثنا ابو بکرأبی شیبہ وزھیر بن حرب وابن نمیر قالو انا سفیان بن عینیہ عن عمر یغی ابن دینار عن عمر بن أوس عن عبداللّٰہ ابن عمروقال نمیر وأبوبکر یبلغ بہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وفی حدیث زھیر قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:ان المقسطین عنداللّٰہ علیٰ سنابرنورٍ عن یمین الرّحمٰن عزوجل و کلتا یدیہ یمینٌ الّذین یعدلون فی حکمھم واھلیھم وماولوا“ ۴۴

علامہ خطیب تبریزیؒ نے اسے مشکوٰۃ المصابیح میں بیان کیا اور فرمایا کہ اسے امام مسلمؒ نے روایت کیا ہے۔ ۴۵ (یہ حدیث صحیح ہے)

(٨) ”اتقوا من مواضع التھم“

(دفتر اول:مکتوب ۲۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بحیثیت ”کلام صادق“ (سچی بات) ذکر کیا۔ اور مکتوبات کے بعض نسخوں میں لفظ ”مِن“ موجود نہیں۔ ۴۶

اسے ملا علی قاریؒ نے ”اسرار المرفوعۃ“ میں ذکر کیا اور فرمایا: ”ھو معنی قول عمر رضی اللّٰہ عنہ:من سلک

---

۴۰ بخاری:محمد بن اسماعیلؒ بن ابراھیم (۱۹۴ھ-۲۵۶ھ) ”صحیح البخاری“ (نور محمد اصح المطابع،کراچی ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء) جلد۲،صفحہ۹۱۱، کتاب:الادب،باب: ”علامۃ الحب فی اللّٰہ“

۴۱ نیشاپوری:۔ مسلم بن حجاج،الامام (متوفی ۲۶۱ھ) ”صحیح مسلم“ (قدیمی کتب خانہ،کراچی۔الطبعۃ الثانیہ ۱۹۵۶ء/۱۳۷۵ھ) جلد۲،صفحہ۳۳۲،کتاب:البرّ والصّلۃ،باب:المرء مع من أحب۔

۴۲ جامع ترمذی،جلد۲،صفحہ۶۴،أبواب الزّھد،باب:المرء مع من أحب۔

۴۳ مسند امام احمد بن حنبل:۔ جلد۴،صفحہ۳۹۵،حدیث: أبی موسیٰ الأشعری رضی اللّٰہ عنہ۔

۴۴ صحیح مسلم:۔جلد۲،صفحہ۱۲۱،کتاب الامارۃ،باب:فضیلۃ الامیر العادل وعقوبۃ الجائر والحث علی الرّق بالرّعیہ والنھی عن ادخال المشقۃ علیھم۔

۴۵ مشکوٰۃ المصابیح:۔ صفحہ۳۲۱،کتاب الامارۃ والقضاء،فصل اوّل۔

۴۶ اسکی تصریح مولانا نور احمد امرتسریؒ نے دفتر دوم (۲) میں مکتوب ۱۶ کے حاشیہ پر کی ہے۔

Marfat.com

مسائلك التّهم أتّهم ''۴۷

لیکن امام غزالی نے ''احیاء علوم الدین'' میں مرفوعاً بیان کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ''فقال النبی صلی اللہ علیه وسلم :اتقوموا ضع التھم ''۴۸

البتہ علامہ عراقی نے اسکی تخریج میں عدم واقفیت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: ''لم أجد له أصلاً ''۴۹

علامہ عجلونیؒ نے اسے مشہور احادیث میں ذکر کیا اور فرمایا: ''رواه الخرائطی فی مکارم الأخلاق مرفوعاً بلفظ:من اقام نفسه مقام التّهم فلا یلؤمنّ اساء الظّن به ''۵۰

لیکن امام غزالیؒ نے اس متن خرائطی کو بحیثیت قول عمر رضی اللہ عنہ ذکر کیا۔ ۵۱

البتہ امام بیہقیؒ نے ''شعب الایمان'' میں بعض صحابہ رضوان اللہ عنہم سے موقوفاً بلفظ: ''ومن عرض نفسهٗ للتّهم فلا یومنّ الّا نفسهٗ '' روایت کیا۔ ۵۲

مگر امام مناویؒ نے ''کنوز الحقائق' میں بلفظ 'اتقوا مواضع التّهم '' ذکر کیا اور تصریح کی کہ اسے امام بخاریؒ نے تاریخ میں بیان کیا ہے۔ ۵۳

اور امام ابواللیث سمرقندیؒ نے اپنی کتاب ''بستان العارفین'' میں اسی معنی کی ایک حدیث نقل کی، چنانچہ فرمایا: ''روی عن النّبیّ صلی اللہ علیه وسلم:من کان یؤمن باللہ والیوم الأخر فلا یقفن مواقف التهم ''۵۴

پھر علامہ زمخشریؒ نے اسے بلفظِ سمرقندی اپنی تفسیر کشاف میں دو مقامات پر ذکر کیا۔ ۵۵

پس علامہ علی قاری کا اسے قول عمر رضی اللہ عنہ کا معنی قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ لفظاً و معناً مرفوعاً مروی ہے اگرچہ ضعیف ہی ہو۔

(۹) وردفی الحدیث القدسی: **''ألا طال شوق الابرار الیٰ لقائی وأنا الیهم لأ شد شوقاً''** (دفتر اول: مکتوب ۲۶)

اس حدیث قدسی کو علامہ واعظ کاشفی علیہ الرحمہ نے اپنی ''تفسیر حسینی میں بعینہٖ ذکر کیا مگر مخرج بیان نہیں کیا۔ ۵۶

امام غزالی علیہ الرحمۃ نے اسے اسرائیلیات میں سے ذکر کیا تو اپنی کتاب ''احیاء العلوم میں فرمایا: ''قال أبو الدّرداء لکعب (رضوان اللہ علیهم)أخبرنی عن أخصّ اٰیة یعنی فی التوراة فقال:یقول اللہ تعالیٰ:طال شوق الابرار الی لقائی وانی الیٰ لقائهم لأشد شوقاً ''۵۷

---

۴۷ علی قاری: ملا نورالدین، علی بن محمد بن سلطانؒ (۱۰۱۴ھ متوفی) ''اسرار لمرفوعۃ فی لأ خبار الموضوعۃ'' (دارالامانۃ، بیروت، لبنان۔ ۱۳۹۱ھ/۱۹۸۱ء) صفحہ ۸۰، حدیث ۱۰۔

۴۸ احیاء علوم الدین، جلد ۳، صفحہ ۳۶، کتاب شرح عجائب القلب، بیان: تفصیل مداخل الشیطان الیٰ القلب۔

۴۹ أیضا برحاشیہ..........

۵۰ العجلوانی:۔ اسماعیل بن محمد (المتوفی ۱۱۶۴ھ) کشف الخفاء ومزیل الألباس عما اشتهر من الأحادیث علی السنة النّاس، (موسّسۃ الرّسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء) جلد اول، حرف لأ لف، حدیث (اتقوا مواضع التهم)

۵۱ احیاء علوم الدین۔ جلد ۲، صفحہ ۲۰۲، کتاب: آداب الأُلفه والأخوة والصبحة، باب (۳) فی حق المسلم۔

۵۲ شعب الایمان:۔ جلد ۶، صفحہ ۳۲۳، باب حسن الخلق فصل: ترك الغضب، حدیث ۸۳۴۵، بروایت سعید بن مسیّبؒ۔

۵۳ مناوی:۔ عبدالرؤف (متوفی ۱۰۳۱ھ) ''کنوز الحقائق'' (المکتبہ اسلامیہ، لائلپور، رمضان ۱۳۹۴ھ) جلد اول، صفحہ ۷، حرف لأ لف۔

۵۴ سمرقندی:۔ ابواللیث، الشیخ نصر بن محمد بن ابراہیم ''بستان العارفین'' (المطبعۃ العامرہ الشرفیہ۔ مصر ۱۳۲۲ھ) صفحہ ۹۰، باب ۶۴، (النهی عن التعرض للتهمة)

۵۵ زمخشری: ابوالقاسم، جاراللہ محمود بن عمر (۴۶۷ھ۔ ۵۳۸ھ) ''الکشاف عن الحقائق التنزیل'' (نشر أدب الحوزة، ایران) جلد ۳، صفحہ ۵۵۸، سورۃ احزاب، آیت ۵۶ (ان اللہ و ملٰئکتهٗ یصلون علی النبی) کی تفسیر اور جلد ۲ صفحہ ۴۷۸، سورہ یوسف آیت ۵۱۔

۵۶ تفسیر حسینی، پارہ ۲۵، رکوع ۷، سورۃ الذخرف، آیت ۱۷ (یطاف علیهم بصحافٍ وّاکوابٍ وما تشتهیه الأنفس وتلذّ الاعین) کی تفسیر کے تحت... صفحہ ۷۹۱۔

۵۷ احیاء علوم الدین، جلد ۴، صفحہ ۳۲۴، کتاب: المحبتة والشوق والأنس والرّضا، بیان: محبة اللہ للعبد۔

Marfat.com

لیکن امام ابوشجاع دیلمیؒ نے اپنی کتاب ''الفردوس'' میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہوئے فرمایا: ''يقول الله تعالىٰ: شوق الأبرار الى لقائى وأنا اليهم لأ شدّ شوقاً'' [٥٨]

البتہ امام غزالی علیہ الرحمۃ نے احیاءِ علوم الدّین میں تحریر فرمایا کہ: ''بقوله عليه الصلوٰة والسّلام حكاية عن ربّه عزوجل: لقد طال شوق الأبرار الىٰ لقائى وأنا أليهم أشد شوقاً'' [٥٩]

اور علامہ عراقیؒ نے تخریج احیاء میں اس کا مخرج کتاب الفردوس بیان کی، چنانچہ فرمایا: ''لم اجد له اصلًا الآنّ صاحب الفردوس خرجه من حديث أبى الدّردآء ولم يذكرله ولده فى الفردوس أسنادًا'' [٦٠]

لیکن اس حدیث کا معنیٰ ایک دوسری حدیث قدسی سے ماخوذ ہے کہ جیسے امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''حدثنا محمد بن عبدالرحيم قال حدثنا أبو زيدسعيدبن الربيع الهروى قال حدثنا شعبه عن قتادة عن انس رضى الله عنه عن النّبى صلى الله عليه وسلم يرويه عن ربه قال: اذ تقرب العبد الّى شبرًا تقربت اليه ذراعًا واذا تقرب ألىّ ذراعًا تقربت منه باعًا واذا أ تانى مشيئاً أتيت هرولة'' [٦١]

(١٠) ''النّدم توبة''

(دفتر اوّل: کتوب ٣٢)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا ہے، البتہ یہ حدیث مرفوع ہے اسے امام بخاری علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب ''التاریخ الکبیر'' علامہ ابن حبانؒ نے کتاب ''الثقات'' ابن ماجہؒ نے ''سنن'' احمد بن حنبلؒ نے ''مسند'' خطیب بغدادیؒ نے ''جامع'' حکیم ترمذیؒ نے ''نوادر الاصول'' امام بیہقیؒ نے ''شعب الایمان'' ابونعیمؒ نے ''حلیۃ الاولیاء'' طبرانیؒ نے ''المعجم الکبیر والمعجم الصغیر'' جبکہ امام حاکمؒ نے ''مستدرک'' میں روایت کیا۔

چنانچہ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ''مورق بن سخيت البصرى ناأبو هلال الرّاسى نامحمد بن سيرين عن ابى هريرة رضى الله عنه عن النّبى صلى الله عليه وسلم: ألنّدم توبة'' [٦٢]

علامہ ابن حبانؒ نے بروایت حذیفہ رضی اللہ عنہ ذکر کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ''حدثنا الحسن بن محمد اسد بضمّ الصّلح ثنا ابراہيم بن فهد ثنا علىّ بن أبى طالب البزّاز عن الوقاصى عن مكحول عن حذيفة رضى الله عنه عن النّبى صلى الله عليه وسلم: النّدم توبة'' [٦٣]

امام ابن ماجہؒ نے اپنی سنن میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا، چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''حدثنا هشام بن عمار ثنا سفيان عن عبدالكريم الجزرى عن زياد بن أبى مريم عن ابن معقل قال: دخلت مع ابى على عبدالله فسمعته يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: النّدم توبة، فقال له ابى: انت سمعت النّبى صلى الله عليه وسلم يقول: النّدم توبة، قال نعم'' [٦٤]

امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی ''مسند'' میں فرمایا: ''ثنا سفيان عن عبدالكريم قال أخبرنى زياد بن أبى مريم عن عبدالله

---

٥٨ الدّیلمی:۔ ابوشجاع، شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ، الحافظ (٤٤٥ھ۔٥٠٩ھ) ''الفردوس بماثور الخطاب'' (دارالکتب العلمیہ بیروت، لبنان۔ الطبعۃ الاولیٰ ١٤٠٦ھ/١٩٨٦ء) جلد ٥، صفحہ ٢٤٠، حدیث ٨٠٦٧۔

٥٩ احیاءِ علوم الدّین، جلد ٣، صفحہ ٩، کتاب: ''شرح عجائب القلب'' بیان: خاصیت قلب الانسان۔

٦٠ ایضاً برحاشیہ ....

٦١ صحیح البخاری، جلد ٢، صفحہ ١١٢٥، کتاب: ردّ الجھمیۃ، باب: ذکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم ''وروایته عن ربّه''

٦٢ بخاری:۔ ابوعبداللہ، محمد بن اسماعیل بن ابراہیم (متوفی ٢٥٦ھ/٨٦٩ء) ''التاریخ الکبیر'' (داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، ١٣٦١ھ) جلد ٨ صفحہ ٥١، جزء ٤، قسم ثانی (٢) باب الواحد، بیان: ٢١١٨ (مورق بن تخیت بصری)

٦٣ ابن حبان، ابوحاتم، محمد (متوفی ٣٥٤ھ/٩٦٥ء) (مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدرآباد، ١٣٩٣ھ) جلد ٨، صفحہ ٢٦١، بیان: ''علی بن طالب البزّار''

٦٤ سنن ابن ماجہ:۔ جلد ٢، صفحہ ٣٢٠، حدیث ٤٢٥٢، کتاب الزھد، باب: ''ذکر التوبہ''

Marfat.com

بن معقل بن مقرن قال دخلت مع أبی علی عبداللّٰہ بن مسعود فقال أنت سمعت النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول :النّدم توبۃ،قال نعم وقال مرّۃ سمعت یقول :النّدم توبۃ'' [۶۵]

علامہ خطیب بغدادیؒ اپنی کتاب ''الجامع لأخلاق الراوی وآداب السّامع ''میں لکھتے ہیں:'' حدثنی أبو القاسم الازھری ناالقاضی أبو نعیم عبدالملک عن أحمد بن نعیم بن عبدالملک الستر آبادی ناالقاضی أبو عمر محمد بن محمد بن اسحاق السّراج بجرجان قال سمعت أبی یقول سمعت سلیمان بن مطر یقول:أتینا ابن عینیۃ لیحدثنا فأبٰی وامتنع فھجمنا دارہٗ فلمّا وقع بصرہ علیًا قال ویحکم دخلتم داری بغیر اذنی وقد حدثنا الزھری عن سھل بن سعد الساعدی عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم أنّہ قال:من أطلع فی دار قوم بغیر اذنھم ففقعو اعینہ فلاقصاص ولادیۃ،فقلنا ندمنا یاأبامحمد فقال:لقد حدّثنا عبدالکریم الجزری عن عبداللّٰہ بن معقل عن عبداللّٰہ بن مسعود قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :النّدم توبۃ'' [۶۶]

علامہ حکیم ترمذی اپنی کتاب ''نوادرالأصول'' میں حضرت ابوسعید انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:'' التّائب من الذّنب کمن لا ذنب لہ والنّدم توبۃ'' [۶۷]

امام بیہقیؒ اپنی کتاب شعب الأیمان میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔''أخبر جناح بن نذیر بن جناح أنا ابو جعفر محمد بن علی بن دحیم نا احمد بن حازم بن أبی غذرہ أنا ابو نعیم وعلی بن حکیم قالا:أنا شریک عن عبدالکریم عن زیادبن الجراح عن عبداللّٰہ بن معقل قال:دخلت مع أبی علیٰ عبداللّٰہ بن مسعود فسمعتہ یقول :سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول:النّدم توبۃ'' [۶۸]

امام ابونعیمؒ نے حلیۃ الأولیاء میں بروایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کیا، چنانچہ فرمایا:'' حدثنا محمد بن علی ثنا الحسین بن محمد بن حماد ثنا المسیّب بن واضح ثنا یوسف بن اسباط عن مالک بن مغول عن منصور عن خثیمۃ عن ابن مسعود عن النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم:قال النّدم توبۃ'' [۶۹]

بعدازاں آپ لکھتے ہیں کہ:'' غریب من حدیث منصور ورواہ عن مالک جمانہ'' [۷۰]

امام طبرانیؒ نے اپنی کتاب ''المعجم الکبیر'' میں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا، چنانچہ آپ فرماتے ہیں:'' حدثنا محمود بن الفرج الاصبھانی عن اسماعیل بن عمر والبجلی عن قیس بن الربیع عن عاصم بن کلیب عن أبیہ عن وائل بن حجر أنّ النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال:النّدم توبۃ'' [۷۱]

لیکن ایک دوسرے مقام پر بروایت أبی سعید انصاری رضی اللہ عنہ ذکر کیا، چنانچہ فرمایا:'' حدثنا ابراھیم بن دحیم ثناأبی وحدثنا الحسین بن اسحاق التتسری ثنا دحیم أبن أبی فدیک ثنا یحییٰ بن أبی خالد عن أبی سعد الأنصاری عن أبیہ انّ

---

[۶۵] مسند احمد بن حنبل: جلد اول، صفحہ ۳۷۶، بیان:''مسند عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''۔

[۶۶] خطیب بغدادی؛ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت (۳۹۲ھ۔۴۶۳ھ) ''الجامع لأخلاق الراوی وآداب السامع'' (مکتبۃ المعارف، ریاض ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء) جلد ۲، صفحہ ۴۹، حدیث ۱۱۴۵ بیان:''استحباب التّحدیث والتکفیر لمن خلف أن لا یحدث''

[۶۷] حکیم ترمذی:۔ أبوعبداللہ محمد (متوفی ۲۵۵ھ) ''نوادرالأصول فی معرفۃ احادیث الرّسول'' (دارصادر، بیروت (نسخہ ۱۲۹۳ھ کا عکس)) صفحہ ۲۳۹، الاصل الرابع المأتان (۲۰۴) ''فی حال التّائب واتباع الذنب بالحسنۃ''

[۶۸] شعب الأیمان، جلد ۵، صفحہ ۳۸۶، شعبہ ۴۷/باب:''فی معالجۃ کل ذنب بالتوبۃ'' حدیث ۷۰۳۲۔

[۶۹] حلیۃ الأولیاء، جلد ۸، صفحہ ۲۵۱، بیان: ۴۰۱: یوسف بن أسباط۔

[۷۰] أیضا..............................

[۷۱] المعجم الکبیر، جلد ۲۲، حدیث ۱۰۱، بیان: وائل بن حجر، ذکر:''کلیب بن شھاب أبو عاصم عن وائل بن حجر''

Marfat.com

رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال:النّدم توبة والتائب من الذّنب کمن لاذنب لهٗ''[۷۲]

البتہ آپ نے اپنی کتاب ''المعجم الصغیر'' میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا، چنانچہ آپ لکھتے ہیں:'' حدثنا احمد بن محمد بن العباس بن مهران البصری أبو عبداللّٰه حدثنا ابراهیم ابن فهد حدثناموزق بن سخیت أبو هلال عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ''ألنّدم توبة''[۷۳]

اور بعدازاں فرمایا:''لم یروه عن أبی هلال الاّ مورق بن سخیت ولم یروه عن محمد بن سیرین الا أبوهلال محمد بن سلیم وصالح المری''[۷۴]

اور امام حاکمؒ نے مستدرک میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:''أخبرنا الحسین بن الحسن بن أیوب ثنا أبو حاتم الرّازی (وحدثنا)ابوالنّضر الفقیه وابو الحسن الغندی(قالا) ثنا عثمان بن سعید الدارمی ثنا عثمان بن صالح السّهمی ثنا عبداللّٰه بن وهب عن یحییٰ بن أیوب عن حمید الطویل قال قلت لأنس بن مالك رضی اللّٰه عنه أسمعت النّبی صلی اللّٰه علیه وسلم یقول: النّدم توبة،قال نعم''[۷۵]

بعدازاں امام حاکم فرماتے ہیں:''هذا حدیث علی شرط الشخین ولم یخرجاه''[۷۶] (یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۱) فرمودہ صلی اللہ علیہ وسلم:''أن اللّٰه لیؤید هذا الدّین بالرجل الفاجر'' (دفتر اول:مکتوب ۳۳)

اس حدیث نبوی علی صاحبها الصلوٰۃ والسّلام کو امام دارمی، بخاری ومسلم علیہم الرحمۃ نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا، چنانچہ امام دارمی اپنی سنن میں لکھتے ہیں:''أخبرنا الحکم بن نافع أنا شعیب عن الزهری أخبرنی سعید بن المسیّب أن أبا هریرة رضی اللّٰه تعالیٰ قال:أن النّبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال:ان اللّٰه لیؤیّد هذا الدین بالرجل الفاجر''[۷۷]

امام بخاری نے اپنی صحیح میں فرمایا:''حدثنا حبان قال أخبرنا عبداللّٰه قال اخبرنا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیّب عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه قال شهدنا مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم خیبر،....فقال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قم یا بلال فأذّن لا یدخل الجنة الاّ نفس مسلمة فان اللّٰه یؤید هذا الدین بالرجل الفاجر''[۷۸]

اور امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں:''حدثنا محمد بن رافع وعبدبن حمید جمیعاً عن عبدالرزاق قال ابن رافع ثنا عبدالرزاق قال أنا معمر عن الزهری عن ابن المسیّب عن أبی هریرة قال شهدنا مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم حنیناً.....ثم امر بلالاً فنادیٰ فی الناس انّه لا یدخل الجنة الامؤمن فأن اللّٰه لیؤید هذا الدّین بالرّجل الفاجر''[۷۹]

البتہ امام غزالی علیہ الرحمۃ نے اسے احیاء العلوم میں بغیر ذکر مخرج مرفوعاً بعینہٖ نقل کیا ہے۔[۸۰]

---

[۷۲] المعجم الکبیر، جلد۲۲، صفحہ۳۰۶، حدیث۷۷۵، بیان:''من یکنی أبا سعد'' ذکر:''أبو سعد الخیر الأنصاری''

[۷۳] امام: ابوالقاسم، سلمان بن احمد، طبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) ''المعجم الصغیر'' (دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء) جلداوّل، صفحہ۶۹، باب:''من إسمه أحمد''

[۷۴] أیضاً..........................

[۷۵] مستدرک حاکم: جلد۴، صفحہ۲۴۳، کتاب''التوبه والأ بابه، بیان:النّدم توبة''

[۷۶] أیضاً..........................

[۷۷] سنن دارمی: جلد۲، صفحہ۱۵۸، کتاب:السیر، باب:''ان اللّٰه لیؤید هذا الدین بالرجل الفاجر''

[۷۸] صحیح البخاری: جلد۲، صفحہ ۹۷۷، جزء۲۷، کتاب القدر، باب:''العمل بالخواتیم''

[۷۹] صحیح مسلم: جلداوّل، صفحہ۷۲، کتاب:لأ یمان، باب:غلظ تحریم قتل الانسان نفسه وان من قتل نفسه بشئی عذب به فی النار...الخ۔

[۸۰] احیاء علوم الدّین، جلداول، صفحہ۴۸، کتاب العمل، باب:۴، بیان:آفات المناظرة

Marfat.com

(۱۲) ''انّ اشدالنّاس عذاباً یوم القیمة عالمٌ لم ینفعه اللّٰه بعلمه''

(دفتر اوّل: مکتوب ۳۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا، البتہ امام بیہقیؒ نے شعب الأیمان اور علامہ ابن عدی نے کامل میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا جبکہ امام طبرانی نے المعجم الصغیر اور علامہ ابن عبدالبر نے جامع بیان العلم میں بمعمولی اختلاف متن ذکر کیا، البتہ علامہ متقی نے کنز العمال میں بلفظہٖ نقل کرنے کے بعد تصریح کی کہ اسے ابن عساکر نے تاریخ میں روایت کیا ہے۔

چنانچہ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں: ''أخبرنا أبو ذكريا بن أبي اسحق أنا أبوبكر احمد بن سلمان الفقيه ثنا جعفر الصائغ ثنا الوليد بن صالح عثمان بن مقسم وأخبرنا أبو محمد بن يوسف أنا أبو فراس اسحق بن ابراهيم المالكي بمكّة ثنا عبدالعزيز بن أبي رجا ثنا يونس بن عبدالأعلىٰ أنا ابن وهب أخبرني يحيٰ بن سلام عن عثمان بن مقسم عن سعيد المقبري عن ابي هريرة رضي الله عنه انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ان اشد الناس عذاباً يوم القيمة عالم لم ينفعه الله بعلمه'' ۸۱

اور علامہ ابن عدی اپنی کتاب ''الكامل في ضعفاء الرجال'' میں لکھتے ہیں: ''حدثنا محمد بن هارون البرقي قال حدثنا أبوطاهر واحمد بن سعيدالمقبري عن أبي هريرة رضي الله عنه انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: انّ اشدّالنّاس عذاباً يوم القيمة عالم لم ينفعه الله بعلمه'' ۸۲

جبکہ امام طبرانی ''المعجم الصغیر'' میں روایت کرتے ہیں کہ: ''حدثنا طاهربن عبدالله البابستري حدثنا علي بن موسىٰ بن مروان الرّازي حدثنا عبدالله بن عاصم الحماني حدثنا عثمان بن مقسم البرسي عن سعيد المقبري عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انّ اشدّ النّاس عذاباً يوم القيمة عالم لم ينفعه الله بعلمه'' ۸۳ یہ حدیث غریب ہے۔

امام طبرانیؒ نے ذکرِ حدیث کے بعد فرمایا: ''لم يروه عن المقبري الاعثمان البرسي'' ۸۴

اور علامہ ابن عبدالبر ''جامع بیان العلم'' میں لکھتے ہیں: ''ذكر ابن وهب قال حدثني عثمان بن مقسم البرسي عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: انّ من اشدّ النّاس عذاباً يوم القيمة عالماً لا ينفعه الله بعلمه'' ۸۵

علامہ علی متقیؒ نے اسے ''کنز العمال'' میں بلفظہٖ ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابن عساکر نے تاریخ میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ ۸۶

امام سیوطیؒ نے ''الجامع الصغیر'' میں بلفظ (أشد النّاس عذاباً عندالله يوم القيمة عالم لم ينفعه علمه) ذکر کیا اور

---

۸۱ شعب الایمان: جلد ۲، صفحہ ۲۸۵، شعبہ ۱۸، باب: فی نشر العلم، حدیث ۱۷۷۸۔

۸۲ أبو احمد عبداللہ ابن عدی الجرجانی (۲۷۷ھ تا ۳۶۵ھ) ''الکامل فی ضعفاء الرجال'' (دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت) جلد ۵، صفحہ ۱۸۰۷، بیان: عثمان بن مقسم أبو سلمة البرسي، بصري۔

۸۳ المعجم الصغیر، جلد اول، صفحہ ۱۸۳، بیان: من اسمه طاهر

۸۴ أیضاً ....

۸۵ أبو عمر یوسف ابن عبدالبر (متوفی ۴۶۳ھ) ''جامع بيان العلم وفضله'' (دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان) جزء اول، صفحہ ۱۶۲، ذکر: ''استفادہ رسول الله صلى الله عليه وسلم من علم لا ينفع وسؤاله العلم النافع''

۸۶ علی المتقی بن حسام الدین (متوفی ۹۷۵ھ) ''کنز العمال'' (موسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء) جزء ۱۰، صفحہ ۲۰۸، کتاب العلم، باب ۲: ''آفات العلم ووعيد من لم يعمل بعلمه'' حدیث ۲۹۰۹۹۔

Marfat.com

فرمایا کہ: اسے بیہقی نے شعب الایمان، ابن عدی نے کامل اور طبرانی نے المعجم الصغیر میں روایت کیا اور یہ حدیث ضعیف ہے۔ ۸۷

امام غزالی نے اسے احیاء العلوم میں مرفوعاً بعینہٖ ذکر کیا ۸۸، اور امام عراقی نے تخریج احیاء میں فرمایا: ''رواہ الطبرانی فی الصغیر والبیہقی فی شعب الایمان من حدیث أبی ہریرة بأسنادٍ ضعیف'' ۸۹ (یہ حدیث ضعیف ہے)

(۱۳) ''نوم العلماء عبادة'' (دفتر اول: مکتوب ۳۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا، البتہ دفتر سوم میں بحیثیت خبر بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''در خبر آمدہ است نوم العلماء عبادة'' ۹۰

یہ الفاظ مجدد حدیث ''نوم العالم عبادة'' کی طرف اشارہ ہے کہ جسے ملا علی قاریؒ نے اپنی کتاب ''اسرار المرفوعہ'' میں بیان کیا اور اسکی رفعیت کی نفی کرتے ہوئے فرمایا: ''لا اصل له فی المرفوع هكذا'' ۹۱

لیکن امام غزالی نے اسے اپنی کتاب ''احیاء علوم الدین'' میں مرفوعاً بیان کیا۔ قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: نوم العالم عبادة ونفسه تسبیح'' ۹۲

اور علامہ عراقی علیہ الرحمۃ نے تخریج احیاء میں فرمایا: ''المعروف فیه الصّائم دون العالم'' ۹۳ امام عبدالروف مناوی نے ''کنوز الحقائق'' میں امام غزالیؒ کی کتاب ''احیاء علوم الدین'' کے حوالہ سے بیان کیا۔ ۹۴

البتہ علامہ ابو شجاع دیلمیؒ نے ''فردوس الأخبار'' میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ذکر کیا مگر بلفظ: ''نوم العالم عبادة ونفسه تسبیح وعمله مضاعف ودعاؤه مستجاب وذنبه مغفور'' ۹۵

امام بیہقیؒ نے ''شعب الأیمان'' میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے مرفوعاً روایت کیا مگر لفظ ''العالمؒ'' کی جگہ ''الصّائم'' اور لفظ ''نفسه'' کی بجائے ''صمتهٗ'' ذکر کیا، چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''أخبر نا ابو الحسین علی بن محمد بن علی بن الحسین الکاشانی الهروی قدم علینا أبو عبداللّٰه محمد بن العباس العصمی املاء نا ابو علی احمد بن محمد بن رزین [فیما أنتخب] علیه ابو الفضل الشهید أن ادریس بن موسیٰ حدثهم نا سهیل بن خاقان ناخلف بن یحییٰ العبدی عن عنبسة بن الواحد القرشی حدثنا عبدالمالك عن عمیر عن عبداللّٰه بن أبی أوفیٰ قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نوم الصّائم عبادة وقمتهٗ تسبیح وعملهٗ مضاعف ودعاؤهٗ مستجاب وذنبهٗ مغفور'' ۹۶

اور علامہ سیوطیؒ نے اس روایت بیہقیؒ کو ضعیف قرار دیا۔ ۹۷

---

۸۷ الجامع الصغیر، جلد اول، صفحہ ۴۱، حرف الألف۔

۸۸ احیاء العلوم الدین، جلد اول، صفحہ ۵۹، کتاب العلم، باب ۶ (آفات العلم وبیان علامات علماء الاخرة والعلماء السوء)

۸۹ أیضاً .... برحاشیہ بیان: تقدیم کتب۔

۹۰ مکتوبات امام ربانی، دفتر سوم مکتوب ۱۷۔

۹۱ اسرار المرفوعة فی الأخبار الموضوعة، صفحہ ۳۷۴، حدیث ۵۶۴۔

۹۲ احیاء علوم الدین: جلد اول، صفحہ ۳۴۳، کتاب ترتیب الاوراد۔

۹۳ أیضاً .... برحاشیہ۔

۹۴ کنوز الحقائق: جلد ۲، صفحہ ۱۳۱، حرف النون۔

۹۵ فردوس الأخبار: جلد ۵، صفحہ ۷، حدیث ۶۹۹۹۔

۹۶ شعب الأیمان: جلد ۳، صفحہ ۴۱۵، شعبہ ۲۳، باب: فی الصیام / فصل اخبار وحکایات فی الصیام، حدیث ۳۹۳۷۔

۹۷ الجامع الصغیر: جلد ۲ صفحہ ۱۸۷، حرف النون۔

Marfat.com

البتہ علامہ ابونعیمؒ نے اس حدیث ''نوم الصائم ...الخ '' کو اپنی کتاب ''حلیۃ الأولیاء'' میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا چنانچہ فرمایا: ''حدثنا محمد بن الحسین بن محمدبن الحسین الجندی قال ثنا ابو زرعة أحمد بن موسیٰ المکّی قال ثنا علی بن حرب قالا ثنا جعفر بن احمد بن بهرام قال ثناعلی بن الحسن عن أبی ظبیة عن کرزبن برة عن الربیع بن خثیم عن(عبداللّٰه) ابن مسعود(رضی اللّٰه عنه)قال :قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: نوم الصّائم عبادة ونفسهٗ تسبیح ودعاؤهٗ مستجابٌ'' ۹۸

علامہ سہروردیؒ لکھتے ہیں: ''ولهذا ورد:نوم العالم عبادة ونفسهٗ تسبیح'' ۹۹ (یہ ضعیف ہے)

(۱٤) ''کل میسر لما خلق له''

(دفتر اول: مکتوب ۳۸)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ اسے امام مسلم علیہ الرحمۃ نے اپنی صحیح میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''حدثنا یحییٰ بن یحییٰ انا حماد بن زید الضّبی نا مطرف عن عمران بن حصین قال قیل یا رسول اللّٰه أعُلِمَ اهل الجنة من اهل النّار،قال نعم قال قیل ففیم یعمل العاملون قال:کلّ میسر لماخلق له'' ۱۰۰

جبکہ امام بخاری اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں: ''حدثنا شعبة قال حدثنا یزید الرشك قال سمعت مطّرف بن عبدالله بن الشخیر بحدث عن عمران بن حصین قال قال رجلٌ یا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم :أیعرف اهل الجنة من اهل النّارَ قال:نعم قال فلم یعمل العاملون ،قال:کل یعمل لما خلق له أولما یسر له '' ۱۰۱

فصل دوم (فارسی ترجمہ)

(۱) ''فردائے قیامت سیاہی ایشاں را بخون شہدائی سبیل اللہ وزن خواہد کرد''

(دفتر اول: مکتوب ۳۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث ذکر کیا البتہ یہ حدیث مشہور ہے۔ اسے علامہ علی متقیؒ نے ''کنز العمال'' میں بلفظ: ''إذا کان یوم القیمة یوزن دم الشهدآء بمداد العلماء فیرجح مداد العلماء علی دم الشهداء '' ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابن النجارؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے (مرفوعاً) روایت کیا ہے۔ ۱

امام غزالیؒ نے ''احیاء علوم الدین'' میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مقطوعاً ذکر کیا کہ: ''یوزن مداد العلماء بدم الشّهداء فیرجح مدادالعلماء بدم الشّهداء'' ۲

علامہ ابن عبدالبرؒ نے ''جامع بیان العلم'' میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''قرأت علیٰ خلف بن القاسم أن أحمد بن ابراهیم بن عطیه الحدادحدثه قال حدثنا أحمد بن محمد بن موسیٰ بن عیسیٰ قال حدثنا محمد بن عبداللّٰه بن المستیز قال حدثنا أبو عصمة بن النعمان البلخی قال حدثنا اسمٰعیل بن أبی زیادعن أبی

۹۸ حلیۃ الاولیاء: جلد ۵، صفحہ ۸۳، بیان: ۲۹۳، کرز بن وبرة الحارثی۔

۹۹ عوارف المعارف: صفحہ ۱۷۴، باب ۴۲، ذکر الطعام وما فیه من المهلمة والمفسدین۔

۱۰۰ صحیح مسلم: جلد ۲، صفحہ ۳۳۴، کتاب القدر، باب: کیفیة خلق الادمی فی بطن امّه وکتابة رزقه وجله وعمله وشقاوته وسعادته۔

۱۰۱ صحیح البخاری: جلد ۲، صفحہ ۹۷۶، کتاب القدر، باب: جفّ القلم علیٰ عِلمِ اللّٰه۔

۱ کنز العمال: جزء ۱۰، صفحہ ۱۷۳، کتاب العلم، باب اول (الترغیب)، حدیث ۲۸۸۹۹۔

۲ احیاء علوم الدین: جلد اول، صفحہ ۸، کتاب العلم، باب اول، بیان: فضیلة العلم۔

Marfat.com

یونس القشیری عن سماك بن حرب عن أبی الدرداء قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:یوزن یوم القیامة مداد العلماء ودم الشهداء'' ۳

امام غزالیؒ نے ''احیاء علوم الدین'' میں بلفظ ابن عبدالبر مرفوعاً بیان کیا۔ ۴

اور علامہ عراقیؒ نے اسکی تخریج میں فرمایا:''أخرجه ابن عبدالبر من حدیث أبی الدرداء مرفوعاً بسندٍ ضعیف'' ۵

علامہ ابن جوزیؒ نے ''العلل المتناهیه'' میں بروایت حضرت نعمان بن بشیرؓ ذکر کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:''أنا ابن ناصر قال أنا محمد بن ابراهیم قال انا محمد بن الفضل قال أخبر نا ابن مردویه قال نا عبدالله بن ابراهیم الجرجانی قال نا ابراهیم بن یومرد قال نا احمد بن بهرام قال نا سهل بن عبد الكریم عن یعقوب القمی عن هارون بن عنتره عن الشعبی قال خطبنا النعمان بن بشیر فقال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول:یؤذن مداد العلماء مع دم الشهداء یرجح مدادالعلماء علیٰ دم الشهداء'' ۶

اور بعدازاں فرمایا:''هذا لا یصح۔اما هارون بن عنتره فقال ابن حبان :لا یجوز الاحتجاج به یروی المناكیر التی یسبق إلی القلب أنه المعتمد لها ویعقوب القمی ضعیفٌ'' ۷

علامہ ابن جوزیؒ نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً بھی روایت کیا۔ چنانچہ آپ رقمطراز ہیں:''نا محمد بن علی بن ثابت قال أخبرنی الحسن ابن أبی طالب قال نا أبو بكر محمد بن جعفر بن العباس قال نا محمد بن الحسن العسكری قال نا العباس بن یزید البحرانی قال نا اسماعیل بن علیة قال نا ایوب عن نافع عن ابن عمر رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم :وزن حبر العلماء بدم الشهداء فرجح علیهم'' ۸

اور بعدازاں فرمایا:''هذاالحدیث لا یصح عن رسول الله صلی الله علیه وسلم'' ۹

علامہ أبوبکر احمد بن علی بن ثابتؒ نے ''تاریخ بغداد'' میں (باسناد ومتن مذکورہ بالا) روایت کیا اور فرمایا:''رجاله كلهم ثقات غیر محمد بن الحسنی'' ۱۰

علامہ سیوطیؒ نے ''الجامع الصغیر'' میں خطیب بغدادی کے حوالہ سے ذکر کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔ ۱۱

اور علامہ مناویؒ نے اسکی شرح میں فرمایا:''هكذا عند الدیلمی فی مسنده والحدیث یشرح بعضه بعضاً'' ۱۲

علامہ سیوطیؒ نے بلفظِ خطیبؒ ''الدرر المنتثرة'' میں بھی ذکر کیا۔ ۱۳ پھر الجامع الصغیر میں بلفظ:(یوزن یوم القیامة مداد العلماء ودم الشهداء فیرجح مداد العلماء علی دم الشهداء) نقل کیا اور فرمایا کہ اسے شیرازیؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ، مرھبیؒ نے حضرت عمران

---

۳ جامع بیان العلم: جزء اوّل، صفحہ ۳۰،۳۱: باب: تفضیل العلماء علی الشهداء۔

۴ احیاء علوم الدین: جلد اوّل، صفحہ ۶، کتاب العلم، باب اوّل، بیان: فضیلۃ العلم۔

۵ أیضاً بر حاشیہ..................................

۶ العلل المتناهیہ فی الاحادیث الواهیہ، جزء اوّل، صفحہ ۷۷، کتاب العلم، باب: وزن حبر العلماء بدم الشهداء، حدیث ۸۵۔

۷ أیضاً..................................

۸ أیضاً..........صفحہ ۷۷، حدیث ۸۳۔

۹ أیضاً..................................

۱۰ تاریخ بغداد: جلد ۲، صفحہ ۱۳۹، بیان: ۶۱۸، (محمد بن الحسن الدعاالاصم)

۱۱ الجامع الصغیر: جلد ۲، صفحہ ۱۹۵، حرف الواؤ۔

۱۲ عبدالروف مناوی: (متوفی ۱۰۳۱ھ) فیض القدیر شرح الجامع الصغیر من أحادیث البشیر والنّذیر (دارالفكر للطباعة والنّشر والتوزیع) جلد ۶، صفحہ ۳۶۶، شرح حدیث ۹۶۱۹۔

۱۳ الدرر المنتثرة، صفحہ ۲۳۹۔

Marfat.com

بن حصین رضی اللہ عنہ اور ابن عبدالبرؒ نے ''العلم'' میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔[۱۴] اور یہ حدیث بھی ضعیف ہے۔ [۱۵]

البتہ علامہ عجلونیؒ نے ''کشف الخفاء'' میں فرمایا: ''اسانیده ضعيفة لكن يقوى بعضها بعضاً'' [۱۶]

[۱۴] الجامع الصغیر، جلد۲، صفحہ۲۰۵، حرف الیاء۔

[۱۵] ایضاً........................ ....

[۱۶] کشف الخفاء: جلد۲، صفحہ۵۴۳، حدیث۳۲۹۱۔

Marfat.com

باب دوم

فصل اوّل (عربی متن)

(۱) ”نقل عن الصّديق الاكبر رضى الله عنه أنه رأى قارئًا يقرأ القرآن فيبكى قال: ”هكذا كنّا نفعل ولكن قست قلوبنا“ (دفتر اول: مکتوب ۲۶)

اسے شیخ شہاب الدین سہروردیؒ ”عوارف المعارف اور امام غزالی علیہ الرحمۃ نے ”احیاء علوم الدّین“ میں ذکر کیا۔ چنانچہ شیخ سہروردیؒ لکھتے ہیں: ”من هذا القبيل قول أبى بكر رضى الله عنه هكذا كنّا حتٰى قست قلوبنا، لمّا رأى الباكى يبكى عندقرأة القرآن“ [۱]

اور امام غزالیؒ فرماتے ہیں: ”الصّديق رضى الله عنه حيث رأى الأعراب يقدمون فيسمعون القرآن ويبكون فقال: كنا كما كنتم ولكن قست قلوبنا“ [۲]

فصل دوم (فارسی ترجمہ)

(۱) روزے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

نماز بامداد را بجماعت گذارند بعد از فراغ از صلوٰۃ درقوم نگاہ کردند، شخصے را از اصحابِ خود آں وقت نیافتند فرمودند کہ فلانی بجماعت حاضر نشد، حاضراں عرض کردند کہ او اکثر شب بیداری باشد محتمل کہ دریں وقت خوابش بردہ باشد، فرمودند کہ اگر تمام شب خواب میکرد و نماز بامداد را بجماعت می گذارد بہتری بود۔
(دفتر اول: مکتوب ۲۹)

اسے امام مالکؒ نے ”مؤطا“ میں روایت کیا چنانچہ فرماتے ہیں: عن ابن شهاب عن أبى بَكرِ بنِ سُلَيمانَ بْنِ أَبِى حَثْمَةَ أَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ رضى الله عنه فَقَدَ سُلَيمانَ بنَ أَبِى حثمة فى صلوٰةِ الصُّبحِ وأَنّ عمرابن الخطاب غَدَا إِلَى السُّوقِ ومَسْكَنُ سليمانَ بَينَ والسُّوقِ والمسجد النبوى فَمَرَّ عَلَى الشِّفَا أُمِّ سُلَيمانَ، فقالَ لَهَا لَمْ أَرسليمان فِى الصُّبحِ؟ فَقَالَت: إِنَّه بَاتَ يُصلِّى فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ، فقال عُمُررضى الله عنه: لَأَنْ أَشْهَدَصَلوٰةَ الصُّبحِ فِى الجَمَاعَةِ أَحَبُّ إِلَيَّ أن أَقُوْمَ لَيْلَةً۔ [۳]

---

[۱] عوارف المعارف: صفحہ ۱۱۷، باب ۲۲ (القول فى السّماع ترفعًا واستغناءً)

[۲] احیاء علوم الدّین: جلد ۲، صفحہ ۳۰۳، کتب (آداب السّماع والوجد) باب ۳ (آثار السّماع وآدابه) مقام ثالث۔

[۳] مؤطا الامام مالک: صفحہ ۱۳۸، کتب صلوٰۃ الجماعۃ۔ باب (ماجاء فى العتمة والصبح) حدیث ۷۔

Marfat.com

باب سوم

فصل اوّل (عربی متن)

(۱) ''إنّ الدّنیا مزرعة الاخرة''

(دفتر اول: مکتوب ۲۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اپنے اس قول میں دنیا کو آخرت کی کھیتی قرار دیا۔ یہ حدیث مشہور (الدنیا مزرعة الاخرة) کی طرف اشارہ ہے جسے علامہ عین القضاۃ ہمدانیؒ ''تمہیدات'' ''غوث الاعظم'' ''الفتح الربانی'' اور نجم الدین رازیؒ نے ''مرصاد العباد'' میں مرفوعا بلا اسناد ذکر کیا۔ [۱]

امام ماوردی علیہ الرحمۃ ''ادب الدنیا والدین'' میں لکھتے ہیں: ''قال عیسیٰ بن مریم علیه السّلام :الدّنیا قنطرة فاعبروها ولا تعمروها'' [۲] جبکہ علامہ ابوشجاع دیلمیؒ نے ''فردوس الأخبار'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلا اسناد روایت کیا کہ: ''الدنیا قنطرة الأخرة فاعبروها ولا تعمروها وان اللّٰه عزوجل خلق الدّنیا للعمل والحرب والأخرة للبقاء والجزاء والعقاب'' [۳]

البتہ امام عبدالرؤف مناویؒ نے ''کنوز الحقائق'' میں مسند الفردوس کے حوالہ سے بلفظ (الدّنیا مزرعة الأخرة) ذکر کیا۔ [۴]

امام غزالیؒ ''احیاء علوم الدین'' میں لکھتے ہیں: ''بقوله علیه الصلوة والسّلام:الدّنیا مزرعة الأخرة'' [۵] اور علامہ عراقیؒ نے اسکی تخریج میں فرمایا: ''لم أجد بهذا اللّفظ مرفوعاً وروی العقیلی فی الضعفاء وأبو بکر بن لال فی مکارم الاخلاق من حدیث طارق بن شمیم :نعمت الدار الدّنیا لمن تزوّدمنها لآخرته ،الحدیث واسناد ضعیف'' [۶]

امام عقیلی رحمۃ اللہ علیہ ''الضعفاء الکبیر'' میں لکھتے ہیں: ''حدثنا احمد بن یحییٰ الحلوانی قال حدثنا یحییٰ بن ایوب المقابری قال حدثنا عبدالجبار بن وهب قال حدثنا سعد بن طارق عن ابیه قال قال رسول اللّٰه صلی الله علیه وسلم:نعمة الدار الدنیا لمن تزوّدفیها لاخرته ما یرضیٰ به ربه وسبّت الدارالدنیا لمن صرعتهٗ من اٰخرته وقصرت به عن رضا ربه فاذا قال العبد قبح اللّٰه الدنیاقالت الدنیاقبح اللّٰه أعصا نا للربّ'' [۷] اور بعد ازاں فرمایا: ''عبدالجبار بن وهب مجهول أیضاًوحدیثه غیر محفوظ'' [۸] لیکن امام حاکم نے یہ روایت میں ذکر کی چنانچہ آپ لکھتے ہیں: حدثنا احمد بن کامل القاضی ثنا ابو جعفر بن أبی عثمان الطیالسی ثنا یحییٰ بن ایوب ثنا عبدالجبار بن وهب أنباسعد بن طارق عن ابیه رضی اللّٰه عنه قا ل قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نعمت الدّار الدّنیا لمن تزود منها لأخرته حتی یرضی ربه عزوجل وبئست الدار المن صدته عن اٰخرته وقصرت به عن رضاء ربه واذا قال العبد قبحّ الله الدنیا قالت الدنیا قبح الله اعصا نا لربه'' [۹]

---

[۱] تمہیدات: صفحہ ۱۹۳، بیان ۲۵۱، تمہید ۸ (اسرار قرآن و حکمت خلقت انسان)، الفتح ربانی والفیض الرحمانی، صفحہ ۱۲۹، مجلس ۴۰، ایضاً: صفحہ ۱۹، مجلس ۴، مرصاد العباد: صفحہ ۶۲، باب سوم، فصل دوم (در بیان حکمت تعلق روح بقلب)، ایضاً: صفحہ ۳۸، باب دوم۔

[۲] ادب الدنیا والدین، صفحہ ۱۱۵، باب ۳: ادب الدین، بیان: (ریاض النفس علیٰ ترک الدنیا)

[۳] فردوس الأخبار، جلد ۲، صفحہ ۲۵۱، فصل: (الدنیا......) حدیث ۲۹۲۳۔

[۴] کنوز الحقائق: جلد اول، صفحہ ۱۳۲، حرف الدال، فصل: فی المحلی بال۔

[۵] احیاء علوم الدین، جلد ۴، صفحہ ۱۹، کتاب التوبہ، الرکن الثانی فیما عندالتوبه۔

[۶] ایضاً برحاشیہ...

[۷] الضعفاء الکبیر: جلد ۳، صفحہ ۸۹، بیان ۱۰۶۰ (عبدالجبار بن وہب)۔

[۸] ایضاً...

[۹] مستدرک حاکم: جلد ۴، صفحہ ۳۱۳، کتاب الرقاق، بیان: (استعد للموت قبل نزول الموت)

Marfat.com

اور بعد ازاں فرمایا: "هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه" [۱۰]

البتہ امام ذھبیؒ نے فرمایا: "بل منكر و عبدالجبار لا يعرف روى عنه يحيىٰ ابن ايوب العابد" [۱۱]

امام سخاویؒ نے "المقاصد الحسنہ" میں بلفظ: (الدّنيا مزرعة الآخرة) ذکر کیا اور فرمایا: "لم أقف عليه مع ايراد الغزالي له في الاحياء وفي الفردوس بلا سند عن ابن عمر مرفوعاً: الدّنيا قنطرة الآخرة فاعبروها ولا تعمروها، وفي الضعفاء للعقيلي ومكارم الاخلاق لا بن لال من حديث طارق بن شميم رفعهٗ نعمة الدّار الدّنيا لمن تزودمنها الأخرته الحديث وهو عند الحاكم في مستدركه وصحّحه لكن تعقبه الذهبي بانه منكرٌ قالَ وعبدالجبار يعني رأويه لا يعرف" [۱۲] مگر ملّا علی قاری فرماتے ہیں: "معناه صحيح يقتبس من قوله تعالىٰ (من كان يريد حرث الآخره نز د له في حرثه)" [۱۳]

(۲) "فانّ المرء مع من أحبّ" (دفتر اول: مکتوب ۲۴)

حضرت مجدّد علیہ الرحمۃ کا یہ قول، حدیث نبوی (المرء مع من أحبّ) کی طرف اشارہ ہے کہ جسے امام بخاری و مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے "صحیحین" میں بروایت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ذکر کیا۔ جبکہ امام ترمذیؒ نے "جامع" میں بروایت حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ اور امام احمد بن حنبلؒ نے "مسند" میں حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔

چنانچہ امام بخاری فرماتے ہیں: "حد ثنا بشر بن خالد قال حدثنا محمد بن جعفر عن شعبة عن سلمٰن عن أبي وائل عن عبداللّٰه عن النّبي صلى اللّٰه عليه وسلم انّهٗ قال: المرء مع من احب" [۱۴]

امام مسلم لکھتے ہیں: "حدثنا عثمان بن أبي شيبه واسحق بن ابراهيم قال اسحق انا وقال عثمان ناجرير عن الأعمش عن أبي وائل عبداللّٰه قال جا رجل الىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول اللّٰه، كيف ترى في رجل أحب قوما ولما يلحق بهم قال رسول الله صلى اللّٰه عليه وسلم: المرء مع من احب" [۱۵]

امام ترمذی روایت کرتے ہیں: "حدثنا محمود بن غيلان نا يحيىٰ بن آدم نا سفيان عن عاصم عن زر بن جيش عن صفوان بن عسال فقال جاء رجل جهوارى الصوت فقال يا محمد: الرّجل يحب القوم ولما يلحق هو بهم فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: المرء مع من احب" [۱۶]

اور امام احمدؒ بیان کرتے ہیں: "ثنا عبدالرحمن ثنا سفيان عن الأعمش عن ابي وائل عن ابي موسىٰ عن النّبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: المرء مع من احب" [۱۷]

(۳) "فانّهم نجوم الهدايه" (دفتر اوّل: مکتوب ۲۵)

حضرت مجدّد علیہ الرحمۃ نے اپنے اس قول میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کو ھدایت کے ستارے قرار دیا۔ آپ کا یہ فرمان، حدیث

---

[۱۰] أیضاً..........

[۱۱] أیضاً برحاشیہ..........

[۱۲] المقاصد الحسنہ: حرف الذّال، حدیث ۴۹۷۔

[۱۳] اسرار المرفوعہ: صفحہ ۱۹۹، حرف الذّال، حدیث ۲۰۵، (الدّنيا مزرعة الاخرة)

[۱۴] صحیح البخاری: جلد ۲، صفحہ ۹۱۱، کتاب الأدب، باب (علامة الحب في اللّٰه)۔

[۱۵] صحیح مسلم: جلد ۲، صفحہ ۳۳۲، کتاب البر والصلہ، باب (المرء مع من احبّ)۔

[۱۶] جامع ترمذی: جلد ۲، صفحہ ۶۴، ابواب الزھد، باب (المرء مع من احبّ)۔

[۱۷] مسند احمد بن حنبل: جلد ۴، صفحہ ۳۹۵، حدیث أبي موسىٰ الأشعري رضي اللّٰه عنه۔

Marfat.com

(أصحابی كالنجوم بايّهم اقتديتم اهتديتم) کی طرف اشارہ ہے کہ جسے قاضی عیاضؒ ''کتاب الشفاء'' میں اور ابونصر طوسی نے ''کتاب اللمع'' میں مرفوعا بلفظہٖ مگر بلا مخرج بیان کیا۔ [١٨]

البتہ علامہ ابن عبدالبر نے ''جامع بیان العلم'' میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''حدثنا أحمد بن عمر قال حدثنا عبد بن احمد حدثنا علی بن عمر قال حدثنا القاضی احمد بن كامل قال حدثنا عبداللّٰه بن روح قال حدثنا سلام بن سليم قال حدثنا الحارث بن غصين عن الاعمش عن أبی سفيان عن جابر قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم أصحابی كالنّجوم بأيّهم اقتديتم اهتديتم ،(قال أبو عمر):هذاالاسناد لاتقوم به حجّة لانّ الحرث بن غصين مجهول'' [١٩]

راقم الحروف کہتا ہے کہ: امام ابن حبانؒ نے ''حارث بن غصین'' کو ثقات میں ذکر کیا۔ [٢٠] لیکن موجودہ دور کے محقق علامہ البانی نے اس روایت ابن عبدالبر کو موضوع قرار دیا، وہ لکھتے ہیں: ''موضوع :رواه ابن عبدالبّر فی "جامع العلم" (٩١/٢) وابن حزم فی "الاحكام" (٨٢/٢) من طريق سلام بن سليم قال الحارث بن غصين عن الأعمش عن أبی بن سفيان عن جابر مرفوعاً به۔

وقال ابن عبدالبّر: "هذا الاسناد لاتقوم به حجة لان الحارث بن غصين مجهول"

وقال ابن حزم: " هذا روايه ساقطة ،ابو سفيان ضعيفٌ والحارث بن غصين هذا هو أبو وهب الثقفی وسلام بن سليمان يروی الاحاديث الموضوعة وهذا منها بلا شك، قلت (يعنی البانی)الحمل فی هذا الحديث علیٰ سلام بن سليم ويقال ابن سليمان وهوالطويل أولیٰ فانّه مجمع علی ضعفه بل قال ابن خراش :كذّابٌ۔وقال ابن حبان:روی احاديث موضوعة وأما أبو سفيان فليس ضعيفًا كما قال ابن حزم بل ہو صدوق كما قال الحافظ فی التقريب وأخرج له مسلم فی صحيحه۔

والحارث بن غصين مجهول كما قال ابن حزم و كذا قال ابن عبدالبر وان ذكره ابن حبان فی الثقات ولهذا قال احمد:لا يصحّ هذا الحديث كما فی المنتخب لابن قدامة'' [٢١]

راقم الحروف (مطالی) کہتا ہے کہ علامہ البانی نے: ''سلام بن سلیم'' کو ''ابن سلیمان'' سمجھ کر وضع حدیث کا حکم لگا دیا۔ حالانکہ اسنادِ ابن عبدالبر میں مذکورہ روای ''سلام بن سلیم'' ثقہ ہے۔

امام ذہبیؒ ''میزان اعتدال'' میں لکھتے ہیں: ''سلام بن سليم ابو الاحرص الحنفی الكوفی صدوق ثقة وغيره اثبت منه روی عن أدم بن علی والأسود (بن قيس)وزياده بن علاقة،وسماك وعنه ابن مهدی والحسن بن الربيع وقتيبة وهنّاد وخلق۔قال ابن أبی خيثمه عن ابن معين :ثقة متقن وقال ابن مهدی:هو ا ثبت من شريك...الخ'' [٢٢]

البتہ امام احمدؒ نے انکی طرف ''کثرتِ خطا'' کی نسبت کی۔ [٢٣] اور امام احمدؒ کا ''لا يصحّ'' کہنا اس روایت کے ضعیف ہونے کی دلیل تو ہوسکتی ہے، موضوع کی نہیں۔ پھر امام ابن عبدالبر نے اس سند کے حجت نہ ہونے کی وجہ 'حارث بن غصین' کا مجہول ہونا قرار دیا نہ کہ ''سلام بن سلیم'' اور ''حارث'' کو ابن حبان نے ثقات میں شمار کیا۔ محدثین نے اسے فضائل میں قبول کیا۔ امام ابن حجر مکیؒ ''الصواعق المحرقه'' میں لکھتے ہیں: ''روی الدارمی

---

[١٨] کتاب الشفاء باحوال المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: جلد٢، صفحہ١٨٨، باب٣ (تعظیم امرہ) فصل٣، مقدمہ اللمع فی التصوف، صفحہ١٢٠، کتاب الصحابہ۔

[١٩] جامع بیان العلم: جلد٢، صفحہ٩٠، ٩١، ذکر (الکلام علی حدیث: أصحابی کالنجوم)

[٢٠] کتاب الثقات، جلد٨، صفحہ١٨١، بیان: الحارث بن غصین أبو وھب۔

[٢١] سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ والموضوعہ: جلد اول، صفحہ٧٨، ٧٩، حدیث٥٨۔

[٢٢] میزان اعتدال: جلد٢، صفحہ١٧٦، بیان٣٣٤٣ (سلام بن سلیم)

[٢٣] أیضا.............صفحہ١٧٧.........................

Marfat.com

وابن عدی وغیرہما انّہ صلی اللہ علیہ وسلم:قال أصحابی کالنجوم بایّہم اقتدیتم اھتدیتم ''[۲۴]

لیکن امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''سنن'' میں حضرت عون بن عبداللہ سے باختلاف متن روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''أخبرنا یزید عن مسعود عن عون بن عبداللہ قال:ماأحب أن اصحاب النّبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یختلفوا فانھم لواجتمعوا علی شئی فترکہ رجلٌ ترک السّنۃ ولو اختلفوافأخذرجلٌ بقول أحدٍ أخذبالسنّۃ''[۲۵]

البتہ امام ابن عدیؒ نے ''الکامل'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ''ثنا الحسین بن عبداللہ القطان ثنا أیوب الوزان ثنا غسّان بن عبید ثنا حمزۃ الجزری عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ علیہ وسلم :انماأصحابی مثل النجوم فایّھم أخذتم بقولہٖ اھتدیتم''[۲۶]

امام ذھبیؒ نے ''میزان الاعتدال'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (أصحابی کالنجوم فأیّھم أخذتم بقولہ اھتدیتم) اوراسکی سند میں موجود راوی ''حمزۃ'' کے بارے میں فرمایا: ''حمزۃ بن أبی حمزۃ الجزری النصیبی عن ابن أبی ملیکہ ومکحول وطائفہ وعنہ علی بن ثابت وشبابہ وجماعۃ،قال ابن معین:لا یساوی فلسًا،وقال البخاری:منکر الحدیث، وقال الدارقطنی:متروک،وقال ابن عدی:عامۃ مایرویہ موضوعٌ، قلت(یعنی الذھبی)لہ فی جامع الترمذی،تربوا الکتاب''[۲۷]

اورعلامہ جلال الدین سیوطیؒ ''الخائص الکبریٰ'' میں لکھتے ہیں: ''أخرج عبدبن حمید فی مسندہ عن ابن عمررضی اللہ عنہ أنّ النّبی صلی اللہ علیہ وسلم قال:أصحابی مثل النّجوم یھتدی بھا فأیم أخذتم بقولہ اھتدیتم''[۲۸]

امام حجر بن عسقلانیؒ نے ''المطالب العالیہ'' میں مسند عبد بن حمید کے حوالہ سے ذکر کیا اور فرمایا ''فیہ ضعفٌ جدًّا''[۲۹]

امام قضاعیؒ نے ''مسند الشھاب'' میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''أخبرنا ابو الفتح منصور بن علی الأنماطی ثنا أبو محمد الحسن بن رشیق ثنا محمد بن جعفر بن محمد ثنا جعفر یعنی ابن عبدالواحد قال:قال لنا وھب بن جریر بن جازم عن أبیہ عن أبی صالح عن أبی ھریرۃ عن النّبی صلی اللہ علیہ وسلم قال:مثل اصحابی مثل النجوم من اقتدیٰ بشئی منھااھتدیٰ''[۳۰]

لیکن اسناد قضاعی میں ایک راوی ''جعفر بن عبدالواحد'' ہے اسکے بارے میں امام ابن عدیؒ نے فرمایا: ''یسرق الحدیث ویأتی بالمناکیر عن الثقات ''[۳۱] اورامام ذھبیؒ ''میزان الاعتدال'' میں لکھتے ہیں: ''قال الدارقطنی یضع الحدیث ۔وقال أبوزرعۃ: روی أحادیث لاأصل لہٗ ''[۳۲]

علامہ خطیب تبریزیؒ نے ''مشکوٰۃ المصابیح'' میں ذکر کیا، چنانچہ فرمایا: ''عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول سألت ربّی عن اختلاف أصحابی من بعدی فأوحیٰ الیّ یا محمد ان

[۲۴] الصواعق المحرقۃ:صفحہ۲۱۴،الخاتمہ فی بیان اعتقاد اھل السنّۃ والجماعۃ فی الصحابہ وفی قتال معاویہ وعلی رضوان اللہ علیھم اجمعین۔

[۲۵] سنن الدارمی،جلداول،صفحہ۱۲۲،مقدمہ،باب۵۲(اختلاف الفقہا)خبر۶۳۵۔

[۲۶] الکامل فی ضعفاء الرجال: جلد۲،صفحہ۷۸۵،ذکر(من اسمہ حمزۃ)بیان:(حمزۃ بن أبی حمزۃ النصیبی یضع الحدیث)

[۲۷] میزان الاعتدال: جلداوّل،صفحہ۶۰۷،بیان:۲۲۹۹(حمزۃ بن أبی حمزۃ)

[۲۸] الخصائص الکبریٰ: جلد۲،صفحہ۲۶۶،باب(ماشرف بہ اولادہ وازواجہ وآل بیتہ وأصحابہ وقبیلۃ من اجلہ صلی اللہ علیہ وسلم)۔

[۲۹] المطالب العالیہ،جلد۴،صفحہ۱۴۶،باب(فضل الصّحابہ والتّابعین علی الاجمال)حدیث۴۱۹۴۔

[۳۰] مسندالشھاب: جلد۲،صفحہ۲۷۵،بیان۸۳۷(مثل اصحابی مثل النجوم)حدیث۱۳۴۶(باب۲،جز۱۰،من الکتب)

[۳۱] الکامل فی ضعفاء الرجال،جلد۲،صفحہ۵۷۶،ذکر(جعفر بن عبدالواحد الھاشمی)

[۳۲] میزان الاعتدال: جلداوّل،صفحہ۴۱۳،بیان۱۵۱۱(جعفر بن عبدالواحد الھاشمی)

Marfat.com

أصحابك عندی بمنزلة النجوم فی السمآء بعضها أقوی من بعض ولكل نور فمن أخذ بشیء مما ہم علیه من اختلافهم فهو عندی علی ہدیً،قال وقال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم أصحابی کالنجوم بایّہم اقتدیتم اهتدیتم (رواه رزین)''۳۳

علامہ سیوطی نے ''الجامع الصغیر'' میں بلفظ ''سألت ربی فیما تختلف فیه أصحابی من بعدی فأوحیٰ الیّ یا محمد انّ أصحابك عندی بمنزلة النجوم فی السمآء بعضها أضوأ من بعض فمن أخذ بشیء مما ہم علیه من اختلافهم فهو عندی علی ہدیً ''ذکر کیا اور فرمایا:''(رواه) السجزی فی الابانه وابن عساکر عن عمر رضی اللّٰه عنه ''۳۴ پھر آپ نے اسے ضعیف قرار دیا۔۳۵

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''صحیح'' میں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (النجوم امنة للسمآء فإذا ذهبت النجوم اتی السمآء ما توعد وأنا امنة لأصحابی فاذا ذهبت أنا أتی أصحابی مایوعدون واصحابی امنة لامتی فإذا ذهب أصحابی أتی امتی مایوعدون) روایت کیا۔۳۶

علامہ ابن حجر عسقلانی نے ''تلخیص الحبیر'' میں بلفظ (أصحابی کالنجوم بایّہم اقتدیتم اهتدیتم) ذکر کرنے کے بعد فرمایا۔

''رواه عبدبن حمید فی مسنده من طریق حمزة النّصیبی عن نافع عن ابن عمر وحمزة ضعیف جدًا ورواه الدارقطنی فی غرائب مالك من طرق جمیل بن زید عن مالك عن جعفر بن محمد عن ابیه عن جابر وجمیل لایعرف ولا أصل له فی حدیث مالك ولا من فوقه، وذکره البزّار من روایة عبدالرحیم بن زید العمی عن أبیه عن سعید بن المسیّب عن عمر رضی اللّٰه عنه و عبدالرحیم کذابٌ ومن حدیث انس رضی اللّٰه عنه أیضاً واسنادهٗ واهی ورواه القضاعی فی مسند الشهاب له من حدیث الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریره رضی اللّٰه عنه وفی اسناده جعفر بن عبدالواحد الهاشمی وهو کذّاب۔ورواه ابو ذر الهروی فی کتاب السنة من حدیث مندل عن جویبر عن الضحاك بن مزاحم منقطعًا وهو غائت الضعف۔قال ابو بکر البزّار هذاالکلام لم یصحّ عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم وقال ابن حزم هذا خبرٌ مکذوبٌ موضوعٌ باطلٌ وقال البیهقی فی الاعتقاد عقب حدیث أبی موسیٰ الأشعری الّذی أخرجه مسلم بلفظ:النجوم أمنة اهل السماء فاذا ذهبت النجوم اتی اهل السماء مایوعدون وأصحابی أمنة لامتی فاذاذهب أتی امتی مایوعدون قال البیهقی :روی فی حدیثٍ موصُول باسنادٍ غیر قویٍ یعنی حدیث عبدالرحیم العمی وفی حدیث منقطع یعنی حدیث الضّحاك بن مزاحم:مثل أصحابی کمثل النّجوم فی السمآء من أخذ بنجمٍ منها اهتدی،قال والّذی روینا ههنا من الحدیث الصحیح یؤدّی بعض معناه''۳۷

بعدازاں علامہ عسقلانی علیہ الرحمۃ نے صحابہ کرام رضی اللہ علیہم کی ستاروں سے مشابہت کی تائید کرتے ہوئے فرمایا:''صدق البیهقی هویؤدّی صحّة التشبیه للصّحابة بالنّجوم خاصّة ،أما فی الاقتداء فلا یظهر فی حدیث أبی موسیٰ نعم یمکن ان یتلمح ذلك من معنی الاهتداء بالنجوم وظاهر الحدیث انّما هو اشارة الی الفتن الحادثة بعد انقراض عصر

۳۳ مشکوٰۃ المصابیح، صفحہ ۵۵۴، ابواب المناقب، مناقب صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین فصل ثالث۔

۳۴ الجامع الصغیر، جلد ۲، صفحہ ۲۸، حرف السین۔

۳۵ ایضاً.........

۳۶ صحیح مسلم: جلد ۲، صفحہ ۳۰۸، کتاب الفضائل، باب (أنّ بقاء النبی صلی اللّٰه علیه وسلم امان لأصحابه وبقاء اصحابه امانٌ لامّة)

۳۷ تلخیص الحبیر فی تخریج الأحادیث الرّافعی الکبیر: صفحہ ۱۹۰، کتاب القضاء، باب (أدب القضاء) حدیث ۲۰۹۸۔

Marfat.com

الصحابة من طمس السنن وظهور البدع ونشور الفجور فی اقطار الأرض ـ واللّٰه المستعان'' ۳۸

(٤) ''لان الدّنیا والاٰخرۃ ضرتان أن رضیت احدٰھما سخطت الاخرٰی''

(دفتر اول: مکتوب ۳۲)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کا یہ قول حدیث (الدّنیا والآخرۃ ضرّتان فبقد رما ترضیٰ احداھما تسخط الاخرٰی) کی طرف اشارہ ہے کہ جسے امام غزالیؒ نے ''احیاء علوم الدین'' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا۔ ۳۹

جبکہ امام ماوردیؒ نے ''أدب الدنیا والدین'' میں حضرت وہب بن منبہؒ سے مقطوعاً بلفظ: (مثل الدّنیا والأخرۃ مثل ضرّتین ان أرضیت إحد ھما اسخطت الأُخرٰی) روایت کیا۔ ۴۰

امام عبداللہ بن مبارکؒ نے ''کتاب الزھد'' میں فرمایا ''أخبر نا رباح بن یزید قال حدثنی عبدالعزیز بن حوارن قال سمعت وھب بن منبہ یقول: مثل الدّنیا والاٰخرۃ کمثل رجلٍ لہٗ ضرتان ان ارضیٰ احداھما سخطت الاخرٰی'' ۴۱

امام ابوجعفر عقیلیؒ نے یہ روایت ابن مبارک، انہی اسناد سے ''الضعفاء الکبیر'' میں نقل کی۔ ۴۲ البتہ امام حاکمؒ ''مستدرک'' قضاعیؒ ''مسند الشھاب'' ابن حبانؒ ''صحیح'' اور بیہقیؒ نے ''شعب الایمان'' میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ ''من أحب دنیا ہ أضرّ باٰخرتہ ومن أحب اٰخرتہ أضرّ بدنیاہ فـ ثروا مایبقی علی مایفنی'' روایت کیا۔ ۴۳

---

۳۸ أیضاً حوالہ سابق ۳۷ نمبر..........

۳۹ احیاء علوم الدین: جلد ۳، صفحہ ۲۰۸، ۲۰۹، بیان: ذم الدنیا۔

۴۰ ادب الدنیا والدین: صفحہ ۱۱۶، باب ۳، (ادب الدین) بیان (ریاضۃ النفس علی ترک الدنیا)۔

۴۱ کتب الزھد: لابن مبارک، صفحہ ۲۱۰، جزو ۴، باب (طلب الحلال) حدیث ۵۹۴۔

۴۲ کتاب الضعفآء الکبیر: جلد ۳، صفحہ ۱۱، بیان ۹۶۵، (عبدالعزیز بن حوران)۔

۴۳ مستدرک حاکم: جلد ۴، صفحہ ۳۱۹، کتاب الرقاق، بیان (انّ فتنۃ امّتی المال)۔ مسند الشھاب: جلد اول، صفحہ ۲۵۸، بیان ۲۹۲، حدیث ۴۸۔ صحیح ابن حبان: جلد ۲، صفحہ ۴۱۸، کتب البر والاحسان، باب الفقر، حدیث ۷۰۹۔ شعب الأیمان: جلد ۷، صفحہ ۲۸۸، شعبہ ۷۱، باب (الزھد وقصر الأمل) حدیث ۱۰۳۳۷۔

فصل دوم (فارسی ترجمہ)

(۱) ''نماز پنجگانہ را در وقتِ اوّل ادا نمایند اِلّا عشاء زمستاں کہ تا ثلثِ شب تاخیر دراں مستحب است''

(دفتر اول: مکتوب ۳۷)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کا یہ قول دو باتوں پر مشتمل ہے۔ (۱) نماز پنجگانہ اوّل وقت میں ادا کرنا (۲) موسم سرما میں نماز عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کرنا۔

شرط اوّل: ۔ حدیث ابن عمر سے ماخوذ جسے امام ترمذیؒ نے ''جامع'' میں مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''حدثنا احمد بن منیع نا یعقوب بن الولید المدنی عن عبداللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الوقت الاوّل من الصّلوٰۃ رضوان اللہ والوقت الأخر عفو اللہ'' ۱

اور حضرت ام فروہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے فرمایا: ''حدثنا ابو عمار الحسین بن حریث نا الفضل بن موسیٰ عن عبداللہ بن عمر العمری عن القاسم بن غنّام عن عمّتہ ام فروہ وکانت ممّن بایع النّبی صلی اللہ علیہ

---

۱ جامع ترمذی: جلد اوّل، صفحہ ۴۲، ۴۳، ابواب الصلوٰۃ، باب (ماجاء فی الوقت الاوّل من الفضل)

Marfat.com

وسلم قال سئل النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ایّ الاعمال افضل؟قال الصلوٰۃ لاوّل وقتھا ''[۲] امام ترمذی نے اس روایت کی حیثیت پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا:''حدیث ام فروۃ لا یروی الّا من حدیث عبداللّٰہ بن عمر العمری ولیس ھو بالقوی عند اھل الحدیث واضطربوا فی ھذا الحدیث ''[۳]

شرط ثانی:۔ جہاں تک شرط ثانی یعنی تاخیر عشاء کا تعلق ہے تو یہ حدیث ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ ہے جسے امام احمدؒ ''مسند'' حاکمؒ ''مستدرک'' ابن ماجہؒ ''سنن'' اور ترمذیؒ نے ''جامع'' میں مرفوعاً روایت کیا چنانچہ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں:''ثنا یحییٰ أنا عبید اللہ حدثنی ابن أبی سعید عن أبی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :لو لا أن أشقّ علیٰ امّتی لأ مرتھم بالسّواک مع الوضوء ولأخّرت العشاء الیٰ ثلث اللّیل أوشطر اللّیل ''[۴]

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ:''حدثنا علی بن حمشاذ ثنا اسمٰعیل بن اسحٰق القاضی ثنا عازم بن الفضل و(حدثنی)محمد بن صالح بن ھانی ثنا یحییٰ بن محمد بن یحییٰ ثنا عبداللّٰہ بن عبدالوھاب الحجبی، (قالا):ثنا حماد بن زید ثنا عبدالرحمن السراج عن سعید بن أبی سعیدالمقبری عن أبی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :لو لا أن أشق علی امتی لفرضت علیھم السّواک مع الوضوء ولأخرت صلوٰۃ العشاء الی نصف اللّیل ''[۵]

امام ابن ماجہ لکھتے ہیں:''حدثنا أبو بکربن أبی شیبہ ثنا أبو اسامۃ وعبداللّٰہ بن نمیر عن عبیداللّٰہ عن سعید بن أبی سعید عن أبی ھریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:لو لأ أن أشق علیٰ امّتی لا خرت صلوۃ العشاء الیٰ ثلث اللّیل أونصف اللّیل ''[۶]

اورایک دوسرے طریق سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:''حدثنا ھشام بن عمار ثنا سفیان بن عیینۃ عن أبی الزّناد عن الاعرج عن أبی ھریرۃ أنّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:لولأ أن أشق علیٰ امّتی لأ مرتھم بتأ خیر العشاء ''[۷]

امام ترمذیؒ لکھتے ہیں:''أخبر نا ھناد نا عبدۃ عن عبداللّٰہ بن عمر عن سعیدن المقبری عن أبی ھریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:لو لأ أن اشق علیٰ امّتی لأ مرتھم ان یوخرواالعشاء الیٰ ثلث اللیل أونصفہ''[۸]

اور بعدازاں فرمایا:''وفی الباب عن جابربن سمرۃ وجابر بن عبداللّٰہ وأبی برزۃ وابن عباس وأبی سعید ن الخدری وزید بن خالد وابن عمر (قال ابو عیسیٰ) حدیث أبی ھریرۃ حدیث حسن صحیحٌ ''[۹]

---

۲ أیضاً.........صفحہ۴۲۔..

۳ أیضاً.........صفحہ۴۳۔..

۴ مسند احمد بن حنبل: جلددوم صفحہ۲۵۰، بیان:(مسند أبی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ)

۵ مستدرک حاکم: جلداوّل،صفحہ۱۴۶، کتاب الطہارۃ، ذکر:(لولأ أن اشق علیٰ امّتی)۔

۶ سنن ابن ماجہ: جلداوّل،صفحہ۲۲۶، کتاب الصلوٰۃ، باب۸:وقت صلوٰۃ العشاء، حدیث۶۹۱۔

۷ أیضاً.........حدیث۶۹۰۔..

۸ جامع ترمذی: جلداوّل،صفحہ۴۲، أبواب الصلوٰۃ، باب(ما جاء فی تاخیر العشاء الآخرۃ)۔

۹ أیضاً..

Marfat.com

صفحہ۔علامت	تصحیف	تصحیح	صفحہ۔ علامت	تصحیف	تصحیح	صفحہ۔ علامت	تصحیف	تصحیح
ج	الصلوٰۃ	الصلوٰۃ والسلام	۶۱۔ لے	اِذَ	اِذَا	۱۱۸۔ منی	ابنا	انباء
ر	الصلوٰۃ	الصلوٰۃ والسلام	۶۷۔ ترجمہ متن	جو میں	میں جو	۱۱۹۔ ترجمہ متن	واضع	واضح
س	ہمہ ازوست	ہمہ ازوست	۶۹۔ لے	وَبِنُ	وَمَنُ	۱۲۱۔ نفی	نفی	کلمہ لانفی
ش	عبدالباری	عبدالہادی	۷۱۔ لا	رسول اللّٰہ	رسول اللّٰہ صلی	۱۲۲۔ وحدت	وحدت	وحدت الوجود
ش	استغراقی	استغراق		علیہ وسلم	اللّٰہ علیہ وسلم	۱۲۴۔ مہدی	قرب وقیامت	قربِ قیامت
ش	صاحب میں۔	صاحب میں	۷۲۔ لا	اطاعت ہوں	اطاعت گذار ہوں	۱۲۵۔ ۲	زا کے نیچے زیر	ظا کے نیچے زیر
ش	عین فنا باقی۔	عین فنا میں باقی۔	۷۲۔ لا	نافرمانی ہوں گے	نافرمانی کرنے	۱۲۹۔ ۵	اورس کا	اوراس کا
ص	اٹھاروال	اٹھارھواں			والے ہوں گے	۱۲۹۔ ۵	حضرت انس اور	حضرت انس سے
ص	وہو	وھو	۷۴۔ ترجمہ متن	تُنَبِّیءُ	تُنْبِیءُ		طبرانی کبیر	طبرانی نے کبیر
ض	رشتہ جوان	رشتہ دار جوان	۷۴۔ سع	باصر	باصرہ	۱۳۰۔ نے	نے	نَے
ض	اکیواں	اکیسواں	۸۰۔ لے	وجہ ماسویٰ اللہ	وجہ سے ماسویٰ اللہ	۱۳۰۔ نے	میم کی زیر سے،	ن کی زبر سے،
ض	ولائیت	ولایت	۸۲۔ ترجمہ متن	صلوٰۃ والسلام	علیہ الصلوٰۃ والسلام	۱۳۶۔ تطہیر آن	اخلاق رذیلہ سے	اخلاق رذیلہ
ض	الہوں	الہوں سے	۸۲۔ الوجود	الوجود	عزیز الوجود			سے پاک ہونا۔
ط	مجمعل	مجمل	۸۴۔ ترجمہ متن	اِنَّ	اِنُ	۱۳۷۔ بماوارائے	بماوارائے	بماورائے
ع	بیان کہ	بیان میں کہ	۸۴۔ کامل	کامل	ظلمۃ	۱۳۹۔ لے	برکات ہو	برکات ہوں۔
غ	چاہئیں	چاہیے	۸۵۔ ۱۰	امیدواراور آرزو	امیداور آرزو	۱۴۱۔ ترجمہ متن	اس مرتبہ جو کچھ	اس مرتبہ میں جو کچھ
۱۔ بصیرت اول	کتاب الدقاق	کتاب الرِقاق	۸۵۔ تصویٰ	عالیٰ	عالی	۱۴۱۔ لے	عنیئیت	عینیت
۲۔ بصیرت دوم	بصیریت دوم	بصیرت دوم	۸۷۔ لے	صحوتر بیت افعال	صحوترتیب افعال	۱۴۲۔ مقتبس	آموفتن	آموختن
۲۔ بصیرت دوم	ان قلوب	ان کے قلوب	۸۹۔ ۳	نہ مراد	نامراد	۱۴۲۔ ۲	مبرہ	مبرا
۴۔ دیباچہ	یَنْبَغِیْ	یَنْبَغِیْ لَہٗ	۹۲۔ سکاریٰ	سکاریٰ	کلام سکاریٰ	۱۴۳۔ ۳	قولہ نسنان	قولہ نسناس
۴۔ ﴿صہ۲﴾	عبادہٖ	عبادہٖ	۹۲۔ برمفہوم	مفہوم	برمفہوم محمود	۱۴۳۔ فنائی	تقاضل	تفاضل
۵۔	جلّ اعلیٰ	جلّ وعلا	۹۲۔ شان	شان	تقلیدِ شان	۱۴۴۔ ۵	یعنی این	یعنی ان
۵۔ نِرَرۃ	پہلے تینوں حرف	پہلے تینوں حروف	۹۴۔ لے	گورا	گوارا	۱۴۴۔ بیفنا	بیفنا	آن بے فنا
۶۔ ترجمہ متن	والے ہمارے	والے کی۔ ہمارے	۹۵۔ ترجمہ متن	مُحَبَّۃ	مَحَبَّۃ	۱۴۵۔ بعضے	فردانی	فردِانیٰ
۱۰۔ ۴	پس وہ نور کو پہنچاتا	پس وہ نور اس (شخص)	۱۰۴۔ ۵	اختیاری کرنا	اختیار کرنا	۱	مدارس	مدراس
	وہ شخص نہیں پہنچاتا	کی پہچان ہوگا۔ نہ کہ	۱۰۵۔ قلۃ	قلۃ	قلۃ مبالات	۱۱	علامہ حسن	علامہ احمد حسن
		وہ شخص۔	۱۰۵۔ ۳	فقہائے	فقہاء	۱۔	علیہ علیٰ	علیہ وعلیٰ
۱۰۔ وَصَارَت	پوشیدہو گئیں	پوشیدہ ہو گئیں	۱۰۶۔ ترجمہ متن	جس طرح سے نفلی	جس طرح کہ نفلی	۱۔	الصلوٰۃ والسلام	الصلوٰۃ و
۱۱۔ امارات	مارۃ	امارۃ	۱۰۶۔ یابہ	یابہ	یا بہ نیت			التسلیمات
۱۸۔ حقیقت قرآن مجید	تمامکملات	تمام کمالات	۱۰۷۔ لے	نخناء	نحناء	۱۔	رب قالِ	رب قاری/اتال
۱۹۔ لے	اللہ تعالیٰ	اللہ تعالیٰ نے	۱۰۸۔ رابرآوردہ	رابرآوردہ	خودرا برآوردہ	۱۔	فـرـۃ	فروۃ
۲۵۔ ترجمہ متن	عاجز	عاجزی۔	۱۱۰۔ ۵	تا کہ ابتدا	نہ کہ ابتدا	۱۔ ۵	صفحہ ۲۷۴	صفحہ ۲۸۱
۲۷۔ ترجمہ متن	مذکوز	مذکور	۱۱۲۔ ۸	جنبش	حسنش	۱۔ ۸	حرم الیم	حرف الیم
۳۳۔ ۳	اَبی	اُبَی	۱۱۳۔ ترجمہ متن	برہانہ	سبحانہ	۲۔	أخبر	أخبرنا
۳۷۔ ترجمہ متن	تَعَلَ اللّٰہُ	تَعَالَی اللّٰہُ	۱۱۳۔ ـ	قولہ رساند	وضاحت کے لئے	۲۔	الزنار	الزناد
۳۷۔ ترجمہ متن	کَبِیْرًا	کَبِیْرًا			دیکھئے صہ ۱۱۴:۵	۲۔	عمر	عمرو
۳۷۔ ۲	یعنی کسی طرح	یعنی کس طرح	۱۱۵۔ ترجمہ متن	نا قابل	ناقل	۲۔	جعفر البغدادی	جعفربن محمد
۳۸۔ ولودبالجملہ	ولودبالجملہ	وَلَوْبِالْجُمْلَہ	۱۱۷۔ نصوص	فصلوں	فصُوں			البغدادی
۵۱۔ ۲	یُرَہٗ	غَیْرَہٗ	۱۱۷۔ ترسائی	آتش پرست	آتش پرست کے	۲۔	بقیہ	بقیۃ
۵۵۔ مُنَوَّرِالمَلُون	مُنَوَّ ر	مُنَوَّرَ		کے لئے۔	لئے بولا جاتا ہے	۲۔ ۹	صفحہ ۲۷۴	صفحہ ۲۸۱
۶۰۔ ۳	پیش او	پیش اور	۱۱۸۔ ۴	علوم معارف	علوم ومعارف	۳۔	صلی اللّٰہ	علیہ وسلم
۶۰۔ ۷	مُقِلَّب	مُقَلَّب	۱۱۸۔ ۹	صغیہ	صیغہ	۳۔	الاحزان	متواصل الاحزان

Marfat.com

صفحہ۔ علامت		تصحیف	تصحیح
۳۔		خدیجه	خدیجة
۳۔		أخبر	اخبرنا
۳۔		ولأ	الأ
۳۔		کتبه	کتبه ثنا
۳۔		الهندی	النهدی
۳۔		عمرو	عمر
۳۔		عن	ابن
۴۔		عن	ابن
۴۔		النبی	رسول الله
۴۔		سلمان	سلیمان
۵۔		۱۳ھ	۳۱ھ
۵۔		ولقد علی	ولقد أتَت علی
۵۔		دبار	دَیّار
۵۔		حصین انی	حصین قال انی
۵۔		[illegible]	اذجاء ه
۵۔		روایه	روایة
۵۔	ع۳۲	۲۳ھ	۳۲ھ
۶۔		شعب	شعبة
۶۔		سلمن	سلیمان
۶۔		جیش	حُبیش
۶۔		فقال	قال
۶۔		جهواری	جهوری
۶۔		نا سفیان	انا سفیان
۶۔		وسلم	وسلم قال:
۶۔		شیبه	شیبة
۶۔		عمر	عمرو
۶۔		یغی	یعنی
۶۔		وقال	وقال ابن
۶۔		منابر	منا برمن
۶۔	ع۳۳	الرّق	الرّفق
۶۔	ع۳۳	بالرّعیه	بالرّعیة
۷۔		یلؤمن	یَلُوْمَنَّ
۷۔		فلا یلؤمن	فَلَایَلُوْمَنَّ
۷۔		بعیہ	بعینہ
۷۔	ع۱	الأنفه	الألفة
۸۔		شوق	طال شوق
۸۔		ألیهم	الی لقائهم
۸۔		بیان کی	بیان کیا
۸۔		أسنادًا	إسنادًا
۸۔		شعبه	شعبة
۸۔		مشیئاً	مشیًا

صفحہ۔ علامت		تصحیف	تصحیح
۸۔		أتیت	أتیته
۸۔		الرّاسی	الراسی
۹۔		سمعت	سمعته
۹۔		السترآبادی	الاسترابادی
۹۔		عن	بن
۹۔		علیًا	علینا
۹۔		غذره	غزرة
۹۔		ختیمة	خیثمة
۹۔		جمانه	جماعة
۹۔		أبی	أبی ح
۹۔		التنسری	التستری
۹۔		دحیم	دحیم ثنا
۹۔		أبن	ابن
۹۔		عن	ابن
۱۰۔		سخیت	سخیت حدثنا
۱۰۔		الغندی	العنزی
۱۰۔		لیؤیّد	یُؤیّد
۱۰۔		قم یا بلال	یا بلال قم
۱۰۔		نفس مسلمة	مومن
۱۰۔		یُؤیّد	لیؤیّد
۱۰۔	۸۰	العمل	العلم
۱۱۔		ذکریا	زکریا
۱۱۔		رجأ	رجاء
۱۱۔		عثمان	ثنا عثمان
۱۱۔		طاهر	الطاهر
۱۱۔		انّ	X
۱۱۔		الله	X
۱۱۔		بعلمه	علمه
۱۱۔		البرسی	البری
۱۱۔	۸۵	استفاده	استعاذه
۱۲۔		ام بیہقیؒ	امام بیہقیؒ
۱۲۔		علینا	علینانا
۱۲۔		بن	بن علی
۱۲۔		عن	بن
۱۲۔		وقمتهٗ	صمته
۱۳۔		قالا	قال
۱۳۔		برة	وبرة
۱۳۔		خشیم	خیثم
۱۳۔		زید الضّبی	عن یزید بن الضبیعی

صفحہ۔ علامت		تصحیف	تصحیح
۱۳۔		قال	فقال
۱۳۔		حدثنا	حدثنا أدم قال
۱۳۔		یوزن	یوم القیامة
۱۳۔		المستیز	المستنیر
۱۳۔		عصمة	عاصم
۱۴۔		علیه وسلم	علیه واله وسلم
۱۴۔		العباس	العباس النجار
۱۴۔		وسلم :	وسلم:قال
۱۶۔		بَینَ والسُّوقِ	بَینَ السُّوقِ
۱۶۔		اِلَیَّ	اِلَیَّ بِنْ
۱۶۔	ع	صفحہ ۳۰۳	صفحہ ۲۹۲
۱۷۔		والحرب	الحراب
۱۷۔		تزوّدومنها	تزوّمنها
۱۷۔		واسناد	إسنادهٗ
۱۷۔		ابو	X
۱۷۔		المن	لِمن
۱۷۔		شمیم	أشیم
۱۷۔		قبحّ	قبح
۱۸۔		شمیم	أشیم
۱۸۔		الأخرته	لأخرته
۱۸۔		الحدیث	الحدیث،
۱۸۔		شعب	شعبة
۱۸۔		سلمٰن	سلیمان
۱۸۔		الاعمش	الأعمش
۱۸۔		وائل	وائل عن
۱۸۔		جیش	حُبیش
۱۸۔		رجل جهواری	أعرابی جهوری
۲۰۔		مسعود	المسعودی
۲۰۔		شئی	شیءٍ
۲۱۔		تما	بِمَا
۲۱۔		للّسماء	للسماء
۲۲۔		یزید	زید
۲۲۔		حوارن	جوارن
۲۳۔		عازم	عادم
۲۳۔		الحجیبی	الحجبی
۲۳۔		لأ	لا
۲۳۔		عبدالله	عُبَید
۲۳۔		لأ	لا
۱۱۱۔	(۳)	مفتی محمد حسن صاحب	مولانا مفتی محمد حسن صاحب مرحوم مغفور بانی جامعہ اشرفیہ لاہور شرف تلمذ از حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

ذکرِ سعید
جلد اوّل
آستانہ عالیہ حبیبیہ گجرات (شریف) پاکستان